تحریکِ خلافت وترکِ موالات کے دوران گاندھی کے دجل وفریب کا شکار،
بعض مسلمان قائدین کی کوتاہ بینی اوراس کے مضمرات پر ایک چشم کشا تالیف
جو اسلامیانِ ہند کیلئے منارِ نور ثابت ہوئی

# النّور

## دوقومی نظریہ پر ایک مستند تالیف



پروفیسر سید محمد سلیمان اشرف رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

دو قومی نظریہ پر ایک مستند تالیف

# النور

پروفیسر سید محمد سلیمان اشرف علیہ الرحمۃ
صدر شعبۂ دینیات مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

ادارہ پاکستان شناسی لاہور

Marfat.com

کتاب : النُّور
تصنیف : سید محمد سلیمان اشرف
بار اوّل : ۱۳۳۹ھ/۱۹۲۱ء
طبع جدید : شعبان ۱۴۲۹ھ/اگست ۲۰۰۸ء
: (مع مقدمہ)
ضخامت : ۳۲۰ صفحات
تعداد : گیارہ سو
مطبع : اصغر پرنٹنگ پریس، لاہور
ناشر : ادارۂ پاکستان شناسی، ۲/۲۴ سوڈھیوال کالونی، ملتان روڈ، لاہور-۵۴۵۰۰
فون: ۷۴۱۴۸۶۲
قیمت : ۳۳۰ (تین صد تیس روپے)

ڈسٹری بیوٹرز

اورینٹل پبلی کیشنز، تجمل ٹاور، میلارام، دربار مارکیٹ، گنج بخش روڈ، لاہور
فون: ۷۲۱۳۵۷۸
خان بک کمپنی، ۳ کورٹ اسٹریٹ، لوئر مال، لاہور
فون: ۷۳۲۵۴۶۳
دارالعلوم نعیمیہ، دستگیر بلاک نمبر ۱۵، فیڈرل بی ایریا، کراچی
فون: ۶۳۲۴۲۳۶

Marfat.com

# فہرس


| | | |
|---|---|---|
| مقدمہ | سید نور محمد قادری | 5 |
| تکمیل مقدمہ | ظہور الدین خاں | ۳۶ |
| النور | سید محمد سلیمان اشرف | ۷۹ |

(فہرست اندر ملاحظہ فرمائیں)


Marfat.com

# عکسِ نوادر


۱- تاریخی رسالہ 'النفس الفکر فی قربان البقر' (۱۲۹۸ھ) از امام احمد رضا، مطبوعہ بریلی طبع دوم۔۱۹۲۱ء......عکس سرورق ۲۶

۲- 'النفس الفکر'......عکس صفحہ ۱۹ (مراسلہ محررہ مئی ۱۹۱۱ء از مسلم لیگ ضلع بریلی برائے استفتاء در مسائلِ بندش قربانی گاؤ) ۲۷

۳- رسالہ 'الرشاد' (۱۹۲۰ء) مصنفہ پروفیسر سیّد محمد سلیمان اشرف، مطبوعہ علی گڑھ......عکس سرورق ۳۳

۴- حدیث میں تحریف اور 'الرشاد' کا صفحہ ۲۵ کا عکس ۳۴

۵- رسالہ 'المحجۃ المؤتمنہ فی آیۃ الممتحنہ' (۱۳۳۹ھ) از امام احمد رضا، مطبوعہ بریلی ۱۹۲۱ء......عکس سرورق ۴۹

۶- 'المحجۃ المؤتمنہ'......عکس صفحہ ۲ (مراسلہ پروفیسر مولوی حاکم علی، اسلامیہ کالج لاہور بابت استفتاء در مسئلہ ترکِ موالات) ۵۰

۷- النور۔ نسخہ مطبع مسلم یونیورسٹی انسٹی ٹیوٹ علی گڑھ (۱۹۲۱ء) ۷۹

نقشہ سلطنتِ عثمانیہ زمانہ عروج (۱۹۰۸ء) ۲۰۸

نقشہ سلطنتِ عثمانیہ دورِ زوال (۱۹۲۰ء) ۲۰۹


Marfat.com

# مقدمہ

(۱)

پہلی عالمی جنگ میں ترکی کی عثمانیہ حکومت نے جرمنی کا ساتھ دیا اور المناک شکست سے دو چار ہوئی، عوام پر بے پناہ مصائب ٹوٹے اور یہ خطرہ پیدا ہو گیا کہ اتحادی، ترکی کے حصے بخرے کر کے مسلمان حکومت کا اس علاقہ سے نام ونشان تک مٹا دیں گے۔ چنانچہ ۱۹۱۹ء کے آغاز میں بمبئی کے دو مسلمان تاجروں سیٹھ احمد صدیق کھتری اور سیٹھ عمر سوبانی نے تحفظِ خلافت، تحفظِ اماکن مقدسہ اور مظلوم ترکوں کی امداد واعانت کے لئے بمبئی میں ایک مقامی انجمن بنام ''خلافت کمیٹی'' قائم کی۔ اس مختصر سی خلافت کمیٹی کو آل انڈیا سطح پر قائم کرنے کا خیال سب سے پہلے حضرت مولانا عبدالباری فرنگی محلی کو پیدا ہوا اور انہوں نے اس مقصد کے لئے آل انڈیا مسلم کانفرنس کا اجلاس لکھنؤ میں طلب کیا۔ ۱؎

جناب سردار علی صابری اپنے ایک مضمون ''مولانا قیام الدین عبدالباری فرنگی محلی'' میں فرماتے ہیں:۔

> ''...... حضرت باری میاں کا ایک اور عظیم غیر فانی کارنامہ یہ ہے کہ بمبئی کی چھوٹی سی خلافت کمیٹی کو جو محض ایک مقامی جماعت تھی ''آل انڈیا مجلسِ خلافت'' کی پُرعظمت شکل میں تبدیل کر دیا۔ باری میاں جنگِ عظیم کے خاتمے پر ترکوں کے المناک مصائب سے بہت متاثر تھے، انہوں نے مظلوم ترکوں کی حمایت میں آواز بلند کرنے کے لئے پہلے ایک انجمن قائم کرنی چاہی، لیکن جب بمبئی میں چند ہمدردانِ اسلام نے ''خلافت کمیٹی'' کے نام سے ایک انجمن قائم کر لی تو باری میاں کو یہ نام پسند آیا اور اسے ''آل انڈیا'' بنانے کی جدوجہد شروع کر دی۔ اس مقصد کے لئے حضرت باری میاں نے مسلم عمائد واکابر کی ایک کانفرنس لکھنؤ میں طلب کی جس میں شرکت کے لئے ہندوستان کے مختلف حصوں سے نمایندے آئے تھے۔

۱؎ روزنامہ ''جنگ'' راولپنڈی ۷/جون ۱۹۷۴ء بعنوان: ''مولانا عبدالحامد بدایونی''



Marfat.com

لکھنؤ کی اس آل انڈیا مسلم کانفرنس میں بمبئی کی خلافت کمیٹی کو ہندوستان کی مرکزی جماعت بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔ کانفرنس میں یہ بھی طے ہوا کہ آل انڈیا مجلس خلافت کا مرکزی دفتر بمبئی میں رکھا جائے اور اس کی تنظیم کے لئے مولانا شوکت علی بمبئی بھیجے گئے ...... نوزائیدہ مجلس خلافت کی سب سے پہلی شاخ لکھنؤ میں قائم ہوئی تھی اور حضرت باری میاں نے اس کی صدرات کا منصب سید ممتاز حسین بیرسٹر کو تفویض کیا تھا''۔ [1]

خلافت کمیٹی کی بنیاد تو ۲۲ ستمبر ۱۹۱۹ء کو رکھی گئی، لیکن اس سے پہلے ''جلیانوالہ باغ'' فائرنگ کی وجہ سے پبلک میں عام بے چینی اور حکمرانوں کے خلاف نفرت کا شدید لاوا ابل رہا تھا۔ آگے جانے سے قبل اگر جلیانوالہ فائرنگ اور اس سے وابستہ مظالم کا بھی سرسری مطالعہ کر لیا جائے تو بہتر ہوگا۔

عالمی جنگ شروع ہوتے ہی برعظیم میں انگریزوں نے سخت رویہ اختیار کر لیا۔ ۱۹۱۵ء میں پنجاب کے کاشتکاروں میں بے چینی پھیلی۔ پنجاب میں دہشت پسندوں کی انقلابی کارروائیاں شدت اختیار کر گئیں۔ اس کے علاوہ امریکہ اور کینیڈا سے ملک بدر کئے جانے والے سکھوں نے ہندوستان واپس پہنچ کر مظاہروں کا سلسلہ شروع کر دیا۔ انگریزی حکومت کو خدشہ پیدا ہو گیا کہ برعظیم میں بے چینی، مظاہرے اور دہشت پسندوں کی انقلابی کارروائیاں کہیں عام بغاوت کی شکل اختیار نہ کر لیں، اس خوف کے پیش نظر ۱۹۱۷ء میں ''رولٹ کمیشن'' کا تقرر کیا گیا جس کا مقصد سیاسی مجرموں کے خلاف تادیبی کارروائی کے بارے میں سفارشات تیار کرنا تھا۔

رولٹ کمیشن نے جو سفارشات پیش کیں ان کے متعلق جسٹس جاوید اقبال تحریر فرماتے ہیں:۔

''رولٹ کمیشن نے سیاسی مجرموں کے خلاف تادیبی کارروائی کے سلسلہ میں جو سفارشات انگریزی حکومت کو پیش کیں، اُن میں انتظامیہ اور پولیس کو ناواجب اختیارات دیئے گئے تھے۔ پولیس جسے چاہے بغیر وارنٹ کے گرفتار کر سکتی تھی۔ عدالتی حکم کے بغیر جس مکان کی تلاشی لینی چاہے لے سکتی تھی اور سیاسی مجرموں کے لئے سخت اور منتقمانہ سزائیں تجویز کی گئی تھیں۔ بالآخر ان سفارشات نے رولٹ

---

[1] روزنامہ ''جنگ'' راولپنڈی ۱۹ جنوری ۱۹۷۱ء، ص ۳



Marfat.com

ایکٹ کی صورت اختیار کی جو شدید مخالفت کے باوجود ۱۸/ مارچ ۱۹۱۹ء کو پاس ہو گیا۔'' ل

اس ایکٹ کے پاس ہوتے ہی ہندوستان میں ہڑتالیں اور مظاہرے شروع ہو گئے، جلسوں اور جلوسوں کا غیر مختتم سلسلہ شروع ہو گیا۔ ۱۳/ اپریل ۱۹۱۹ء کو امرتسر کے جلیانوالہ باغ میں ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں ہندو، مسلمان اور سکھ کثیر تعداد میں شریک ہوئے۔ جنرل اوڈوائر نے بے دردی سے اس جلسہ پر فائرنگ کا حکم دیا اور سیکڑوں انسانوں کو موت کی نیند سلا دیا۔ جلیانوالہ کے سانحہ کے فوراً بعد گورنر پنجاب مائیکل اوڈوائر نے پنجاب میں مارشل لا نافذ کر دیا اور اس مارشل لا میں پنجاب کے شریف اور بے گناہ شہریوں کے ساتھ دنیا کے عیار ترین حکمرانوں نے جو وحشیانہ اور انسانیت سوز سلوک کیا اُس کی ایک جھلک ڈاکٹر عاشق حسین بٹالوی کے قلم سے ملاحظہ کیجئے:۔

'' ...... اُس (مائیکل اوڈوائر) نے لاہور، قصور، امرتسر، گجرات، گوجرانوالہ، شیخوپورہ، لائل پور (فیصل آباد) وغیرہ میں مارشل لا جاری کر کے مظالم کی وہ آگ برسائی جس کی مثال ہندوستان کی تاریخ میں صرف ۱۸۵۷ء کا کشت وخون ہی پیش کر سکتا ہے۔ ان مظالم کے ذکر سے سینکڑوں نہیں ہزاروں صفحات سیاہ ہو چکے ہیں۔ چودہ چودہ برس کے بچوں کو ٹکٹکی میں باندھ کر کوڑوں سے پیٹا گیا۔ کم از کم بیس کوڑوں کی سزا مقرر تھی۔ حالانکہ بڑے سے بڑے سخت جان کی کھال چھے (۶) کوڑوں کے بعد اُدھڑ جاتی ہے اور وہ بے ہوش ہو جاتا ہے۔ ہر ہر محلے سے چُن چُن کر معززین کو گھروں سے نکالا گیا اور برہنہ سر برہنہ پا ہتھکڑیاں اور بیڑیاں ڈال کر بازاروں میں پھرایا گیا تاکہ کھلے بندوں اُن کی تذلیل ہو۔ جو لوگ اپنی قابلیت کی بنا پر آئندہ ہائی کورٹ کے جج اور صوبے کے وزیر بننے والے تھے انہیں گورا فوج کے سپاہیوں سے پٹوا کر پھانسی کے مجرموں کی کوٹھریوں میں بند کیا گیا۔ مئی کی گرمی میں لاہور کے کالجوں کے طلبہ کو حکم دیا گیا کہ اپنے سروں پر اپنے بستر اُٹھا کر دن میں چار مرتبہ سولہ میل کا فاصلہ طے کر کے آئیں اور یونین جیک کو سلامی دیں۔ لاہور کے تمام باشندوں کو حکم مل گیا کہ اپنی موٹر کاریں، سائیکلیں، بجلی کے پنکھے اور بجلی کے لیمپ فوج کے حوالے کر دیں۔ سکول کے بچوں کو ہر روز دھوپ میں کھڑے ہو کر، ایک

---

ل زندہ رُود (جلد دوم) از جاوید اقبال، مطبوعہ شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور ۱۹۸۱ء، ص ۲۴۳



Marfat.com

فوجی افسر کے سامنے، یہ کہنا پڑتا تھا: ''حضور! ہم نے کوئی قصور نہیں کیا۔ ہماری توبہ! آئندہ بھی ہم سے کوئی خطا سرزد نہیں ہوگی۔''

ایک پوری برات کو جس میں دُولھا بھی شامل تھا بلا وجہ پکڑ کر کوڑوں سے پٹوا ڈالا گیا۔ ریل گاڑیوں پر سفر کی ممانعت کر دی گئی اور سوا اُن لوگوں کے جن کو فوجی حکّام پاس عنایت کرتے تھے اور کوئی شخص سفر نہیں کر سکتا تھا۔ عورتوں کی کُھلے مُنھ بے حرمتی کی گئی۔ ایک گلی مقرر کی گئی جس میں سے ہر شخص کو پیٹ کے بل رینگتے ہوئے گزرنا پڑتا تھا۔ اُوپر گورا فوج کا سپاہی بندوق کا کُندا اس کی پُشت پر مارتا رہتا۔ شہر کے بعض معزّز اور سربرآوردہ لوگوں کے مکانوں پر مارشل لا کے احکام کے اشتہار چسپاں کر دیئے جاتے تھے اور حکم تھا کہ اگر کسی نے اِس اشتہار کو پھاڑ دیا تو مالکِ مکان کو گرفتار کر لیا جائے گا۔ چنانچہ صاحبِ خانہ کو محض اپنی عزت و ناموس کی حفاظت کے لئے دن بھر اپنے مکان سے باہر دیوار کے قریب کھڑے رہنا پڑتا تھا تاکہ کوئی شخص اشتہار کو ہاتھ نہ لگائے۔ لاہور میں سر فضلِ حسین، خلیفہ شجاع الدّین اور پیر تاج الدّین جیسے اصحاب کے مکانوں پر بھی اس قسم کے اشتہار چسپاں کئے جاتے تھے اور انہیں تمام دن مکان سے باہر کھڑے رہنے کی ذلّت برداشت کرنا پڑتی تھی۔

دیال سنگھ کالج کی بیرونی دیوار پر کسی نامعلوم شخص نے ایک اشتہار لگا دیا جس کا مضمون فوجی حکّام کے نزدیک قابلِ اعتراض تھا۔ اِس جُرم کی پاداش میں کالج کے پرنسپل کو گرفتار کر لیا گیا اور بالآخر اُس غریب کو ڈھائی سو روپے جُرمانہ ادا کر کے رہائی حاصل کرنا پڑی۔

حُکم صادر ہو گیا کہ جُونہی کوئی انگریز نظر آئے مقامی باشندوں کا فرض ہے کہ فوراً تانگے سے اُتر کر کھڑے ہو جائیں اور جھک کر سلام کریں۔ ایک پچیس فٹ لمبے اور بارہ فٹ چوڑے کمرے کے اندر مئی کے مہینے میں پچیس آدمیوں کو بند کر دیا گیا جہاں وہ ہفتہ بھر مقید رہے اور بول و براز کے لئے بھی باہر نکلنے کی اجازت نہیں تھی۔ قصور میں منادی کر دی گئی کہ جو لوگ ۱۰ر اپریل ۱۹۱۹ء سے پہلے یا اس تاریخ کے بعد شہر سے باہر چلے گئے تھے اگر چار روز کے اندر واپس نہ آئے تو اُن کی



Marfat.com

جائیدادیں (جائدادیں) ضبط کرلی جائیں گی۔

جب فوجی عدالتوں کے سامنے مقدمات پیش ہونے لگے تو صفائی کی طرف سے کسی وکیل کو پیروی کرنے کی اجازت نہیں ملتی تھی ملزموں کو پھانسی اور عمرقید کے علاوہ مشکل ہی سے کوئی اور سزا ملتی تھی۔قصور میں ستائیس آدمیوں کو پھانسی اور تیرہ کو عمر قید کی سزا ہوئی۔ گوجرانولہ میں محض اس جُرم میں کہ پٹوار خانہ کو آگ لگادی گئی تھی پانچ آدمیوں کو پھانسی اور دس کو حبس دَوام کی سزا ہوئی۔امرتسر میں چونتیس کو پھانسی اور پندرہ کو حبسِ دَوام کی سزا ملی۔اسی طرح لاہور میں امرتسر ایسے شہروں سے لے کر چھوٹے چھوٹے قصبوں تک میں سزاؤں کی وہ بھرمار ہوئی کہ اُس کی مثال پہلے کبھی نہ دیکھی گئی تھی۔ایک شخص کو محض اس جرم میں کہ اس نے ایک پولیس افسر کو مخاطب کرکے کہا تھا کہ ''تم ہمارے بھائی ہو ہم تمہارے بھائی ہیں۔آؤ ہمارے ساتھ مل جاؤ'' حبسِ دوام کی سزا ملی۔'' [1]

جلیانوالہ باغ کے قتل عام اور اس کے بعد مارشل لا کے دور میں پبلک کے ساتھ اِس سلوک کی وجہ سے پورے ہندوستان میں تمام قوموں (مسلمان، ہندو، سکھ) میں غم وغصہ اور نفرت کی لہر دوڑی ہوئی تھی۔اسی اَثناء میں ترکی کی شکست نے مسلمانوں کو زیادہ ہی متأثر کردیا اور انہوں نے تحفظِ خلافت اور مظلوم ترک عوام کی امداد کے لئے ''مجلسِ خلافت'' ۲۲ رستمبر ۱۹۱۹ء کو لکھنؤ میں قائم کرلی اور اس پر جلتی کا کام اس ہنگامی معاہدۂ صلح نے کیا جو جرمنی اور اُس کے حلیفوں کی شکست کے بعد اتحادیوں نے عارضی طور پر ترکی سے کیا اور اس میں طے پایا۔

۱-ترکی اپنی تمام افواج برخاست کردے گا۔

۲-اس کے جنگی جہاز فاتحین ضبط کرلیں گے۔

۳-ملک کی ریلوں کی نگرانی اور کنٹرول کا اتحادیوں کو حق ہوگا۔

۴-ایشیائے کوچک اور عرب میں سرحدوں کے تعین کے علاوہ اندرونِ ملک کا انتظام ترکی ہی کے اختیار میں ہوگا۔ [2]

---

[1] اقبال کے آخری دوسال از عاشق حسین بٹالوی، مطبوعہ آئینۂ ادب، لاہور ۱۹۷۸ء۔اشاعت سوم، ص ۱۰۱-۱۰۴ بحوالہ مظالم پنجاب کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ (۱۹۲۰ء)

[2] علی برادران مرتبہ سید رئیس احمد جعفری، مطبوعہ محمد علی اکیڈمی لاہور ۱۹۶۳ء، ص ۲۳۳



Marfat.com

سانحۂ جلیانوالہ باغ، ترکی کی شکست اور ہنگامی معاہدۂ صلح کے بعد ہندوستان میں مسلمانوں کے جابجا احتجاجی جلسے ہوئے جن میں قابلِ ذکر حسبِ ذیل ہیں:۔

| | |
|---|---|
| مدراس میں بصدارت سیٹھ یعقوب حسن | ۱۷ / جنوری ۱۹۱۹ء |
| لکھنؤ میں بصدارت مولانا قیام الدین عبدالباری فرنگی محلی | ۲۶ / جنوری ۱۹۱۹ء |
| لکھنؤ میں آل انڈیا مسلم کانفرنس | ۲۲ / ستمبر ۱۹۱۹ء |
| دہلی میں بصدارت مسٹر فضل الحق | ۲۳ / نومبر ۱۹۱۹ء [1] |

ان میں سے آل انڈیا مسلم کانفرنس میں خلافت کمیٹی قائم کی گئی اور دہلی کا جلسہ ''خلافت کانفرنس'' کے نام سے منعقد ہوا۔ دہلی کے جلسہ سے پہلے مسلمان لیڈروں نے محسوس کیا کہ ''اگر ہندو بھائیوں خصوصاً مسٹر گاندھی کو اعتماد میں لے لیا جائے اور وہ ہمارے ساتھ تعاون کریں تو ہمارے مطالبات اور پروگرام کو اس سے تقویت ملے گی۔'' چنانچہ مسلمان اکابر نے اس سلسلے میں اپنی کوششیں تیز کر دیں۔ قاضی محمد عبدالغفار اپنی تصنیف ''حیاتِ اجمل'' میں ـــــ کانگریس اور خلافت کا اتحاد ـــــ کے زیرِ عنوان تحریر فرماتے ہیں کہ

> ''جب پنجاب کے مظالم کی خونچکاں داستان ہندوستان کے ہندو مسلمانوں کے دلوں کو بے چین کر رہی تھی اُسی زمانہ میں خلافت اور اماکنِ مقدسہ کا مسئلہ بھی مسلمانوں کے لئے سخت تردّد کا باعث بن گیا تھا۔ اماکنِ مقدسہ اور خلیفہ کے متعلق برطانوی وزراء کے تمام وعدے جھوٹے ثابت ہو چکے تھے اور صلح کانفرنس کی جو خبریں ہندوستان آ رہی تھیں اُن سے واضح ہوتا تھا کہ نہ تو ترکوں کے لئے آزادی اور عزت کا کوئی راستہ کھلا رکھا گیا ہے اور نہ جزیرۃ العرب کے متعلق برطانوی حکومت کے وعدوں کے پورا کئے جانے کے کوئی آثار ظاہر ہوتے ہیں۔ اب عام مسلمانوں اور اُن کے لیڈروں کو یقین ہو گیا تھا کہ اگر انتہائی قربانیاں نہ کی گئیں تو ان مسائل کا خاتمہ بہت بُری طرح ہوگا۔ شوکت علی اور محمد علی ہنوز چھنڈواڑہ میں نظر بند تھے، مولانا ابوالکلام آزاد بھی مقیّد تھے۔ مسلمان لیڈروں میں صرف ڈاکٹر انصاری، حکیم صاحب اور مولانا عبدالباری ہی ایسے تھے جو مہاتما گاندھی، مسٹر تلک اور بعض دوسرے لیڈروں سے ان مسائل کے متعلق مشورے کر رہے تھے۔ مہاتما گاندھی اس

[1] علی برادران مرتبہ سیّد رئیس احمد جعفری، مطبوعہ محمد علی اکیڈمی لاہور ۱۹۶۳ء، ص ۱۳۳، ۱۳۴



Marfat.com

بات پر آمادہ تھے کہ خلافت کے مسئلہ کو ہندو مسلمانوں کا مشترکہ مسئلہ بنا کر خلافت اور مظالمِ پنجاب اور آزادیِ وطن، سب کے لئے ایک ہی محاذ جنگ قائم کیا جائے۔'' ۱

مسلمان عمائد اور گاندھی مندرجہ بالا تجویز پر متفق ہو گئے اور ۲۳ نومبر ۱۹۱۹ء کے جلسہ خلافت میں مہاتما گاندھی کی سربراہی میں ہندو لیڈر بھی شریک ہوئے۔ مسٹر فضل الحق نے خطبہ صدارت پڑھا اور خطبہ میں ہندوستان کی غیر مسلم اقوام سے تائید حاصل کرنے کی مصلحت پر زور دیا۔ کانفرنس کے ریزولیوشنوں میں مشہدِ مقدس اور دیگر مقاماتِ مقدسہ میں اتحادی افواج کی زبردستیوں اور مظالم پر احتجاج کیا گیا اور مسلمانوں کو ہدایت کی گئی کہ

ا۔ وہ جشنِ صلح میں شریک نہ ہوں اور اس کے خلاف جلسے کریں۔

ب۔ مسٹر گاندھی کے مشورے کے مطابق مسلمان، حکومت سے عدم تعاون کریں۔

ج۔ اگر صلح کانفرنس کا فیصلہ مسلمانوں کی منشا کے مطابق نہ ہو تو ولایتی مال کا بائیکاٹ کیا جائے۔

د۔ مسٹر گاندھی اور ان دوسرے ہندو لیڈروں کا شکریہ ادا کیا گیا، جنہوں نے تحریکِ خلافت میں مسلمانوں کے ساتھ اشتراکِ عمل منظور کیا تھا۔ ۲

یہ تجاویز، خلافت کانفرنس منعقدہ ۲۳ نومبر کو منظور کی گئیں اور اس سے اگلے دن یعنی ۲۴ نومبر کو مجلسِ خلافت اور کانگریس کا مشترکہ اجلاس زیرِ صدارت مسٹر گاندھی منعقد ہوا جس میں ممتاز ہندو لیڈر شریک ہوئے۔ ''مہاتما گاندھی نے اپنی تقریر میں مسئلہ خلافت کے تمام پہلوؤں پر ایک پُر مغز تقریر کی اور مسلمانوں کو یقین دلایا کہ خلافت کے مسئلہ میں مسلمانوں کے ساتھ اُن کے ہندو بھائی ہر طرح آمادۂ رفاقت ہیں۔ مہاتما گاندھی نے ہندوؤں سے درخواست کی کہ ''وہ اُس وقت تک جشنِ صلح میں شریک نہ ہوں جب تک انہیں اس بات کا پورا اطمینان نہ دلایا جائے کہ سلطنتِ عثمانیہ کے بٹوارے اور خلافت کے برقرار رکھنے میں مسلمانوں کے جذبات کا پورا لحاظ رکھا جائے گا۔'' ۳

## (۲)

خلافت کا تحفظ اور بقا مسلمانوں کے لئے ایک دینی فریضہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس لئے

---

۱ حیاتِ اجمل مرتبہ قاضی محمد عبدالغفار، مطبوعہ علی گڑھ ۱۹۵۰ء۔ انجمن ترقی اُردو (ہند) ص ۲۰۹

۲ علی برادران مرتبہ سید رئیس احمد جعفری، مطبوعہ لاہور ۱۹۶۳ء۔ اشاعت اوّل ص ۲۳۴

۳ حیاتِ اجمل مرتبہ قاضی محمد عبدالغفار، مطبوعہ علی گڑھ ۱۹۵۰ء۔ اشاعت اوّل ص ۲۱۰ اور ۲۱۱



Marfat.com

آگے جانے سے پہلے مناسب ہے کہ اس مسئلہ پر بھی روشنی ڈال لی جائے کہ ''مسلمانوں کے لئے خلافت کی بقا اور تحفظ کیوں ضروری ہے''؟ مولانا سید سلیمان اشرف زیرِ نظر کتاب میں مسئلہ خلافت پر بحث کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی ذات کو حق سُبحانہٗ نے خاتم النبیین فرما کر ہمیشہ کے لئے نبوت کا دروازہ بند فرمادیا، اب محال قطعی ہے کہ کوئی دوسرا نبی یا رسُول ہو۔ اسی طرح شریعتِ محمدیؐ کو خاتم الشرائع اور ہر پہلو سے کامل وتمام فرما کر اس سے آگاہ کردیا کہ قیامت تک یہی شریعت قائم رہے گی کسی نئی شریعت کا نزول نہ ہوگا۔

پس ایک ایسی شریعت جسے قیامت تک دنیا میں قائم رکھنا تھا اُس کے لئے اس کی ضرورت تھی کہ اس خاکدانِ عالم میں جہاں فرزندِ آدم بستے ہیں نہ کہ ملک وفرشتہ اس کی حفاظت اس طرح کی جائے کہ مذہب کا بازو سیاست سے قوی کردیا جائے۔

یہ ایک حقیقت واقعی ہے کہ جو مذہب اپنی حفاظت نہیں کرسکتا یا اپنی مامون زندگی کے لئے طاقت روا نہیں رکھتا اُس کا وجود محالاتِ عادیہ میں سے ہے ایسا مذہب فلسفۂ خیال سے زیادہ مرتبہ نہیں رکھتا۔ وہ ہاتھ جس میں اخلاقِ حسنہ کی کتاب ہو محفوظ وفائدہ بخش اُسی وقت ہوگا جب کہ دوسرے ہاتھ میں خونچکاں شمشیر بھی نظر آرہی ہو[1]۔ مذہب اسلام پاکیزہ سے پاکیزہ تر اخلاق کی ہمیں تعلیم بھی دیتا ہے اور پھر ارتکابِ جرائم پر حد وتعزیر سے سدِّ بابِ عصیاں بھی کرتا ہے، اِس کی تبلیغ کے یمین ویسار، سیف وسنان، میمنہ ومیسرہ بن کر حمایت وحفاظت میں ساتھ ساتھ چلتے ہیں، قلبِ سلیم کے لئے تذکیر وموعظت ہے اور مفسدین واعداء کے لئے تیغ جوہردار ؎

آں کہ میگویند آں بہتر زِ حُسن
یارِ ما ایں دارد و آں نیز ہم

اسلام کے محفوظ و مامون رہنے کے لئے تین اصول قرار دیئے گئے۔ پہلا اصل یہ تھا کہ مسلمانوں کا کوئی مرکز ہونا چاہئے، دوسرا اصل یہ تھا کہ مرکزی مقام کا ایک امیر ہونا چاہئے، تیسرا اصل یہ تھا کہ مرکزی مقام پر ایسی قوت مجتمع رہے کہ کوئی

---

[1] علامہ اقبال نے بھی درج ذیل اشعار میں غالباً اسی جانب اشارہ کیا ہے:

گفت گر از رازِ من داری خبر — سوئے ایں شمشیر وایں قرآں نگر!
ایں دو قوّت حافظِ یک دیگر اند — کائناتِ زندگی را محور اند!



Marfat.com

بد اندیش نظر اُٹھا کر دیکھنے کی جرأت بھی نہ کرے۔

حرمین شریفین یعنی مکہ معظمہ اور مدینہ طیبہ زادہما اللہ شرفاً وتعظیماً مرکزِ اسلام قرار پائے، جزیرۃ العرب کے شمول سے مرکزی مقام کا استحفاظ تصرف اغیار سے پورا کر دیا گیا۔ ذاتِ مقدس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مقامِ مرکزی کے امیر اور مسلمانوں کے (کی) ہر طرح کی حاجتوں کا ماوا و ملجا۔ سارے کلمہ گو مسلمان مرکزی مقام اور امیر مرکز کے خادم و مطیع قرار پائے۔

کتب احادیث وسیر کے جاننے والوں سے یہ امر مخفی نہیں کہ شریعت کی روشنی اُسی ذاتِ پاک سے تھی، تزکیۂ نفس اسی روح پرور کے انفاسِ قدسیہ سے تھا۔ میدانِ جنگ میں وہ سپہ سالار تھا، انتظاماتِ ملکی میں ایک بڑا مدبّر سلطان تھا، نزاعات باہمی ومناقشات کے فیصلہ میں ایک بے نظیر حاکمِ عادل تھا۔

غرض کہ مسلمانوں کی کوئی ضرورت وحاجت ایسی نہ تھی، جس میں بجز اپنے پیغمبر کے کسی اور طرف وہ متوجہ ہوتے۔ جب یہ مجمع الانوار عہد ختم ہو گیا اور پیغمبر نے اپنی اُمت سے پردہ کیا تو تعلیم گاہ نبوت کے ارشد تلامذہ یعنی خلفاءِ اربعہ کا زمانہ نوبت بہ نوبت اسی جامعیت کے ساتھ اُمتِ محمدی کی نگہبانی کرتا رہا۔

ہاں جب بنواُمیہ کا عہد آیا تو اُس وقت بارگاہِ خلافت میں یہ جامعیت باقی نہ رہی۔ معاش خلیفہ کی بارگاہ میں لے جاتا، معاد ائمہ اہل بیت کے آستانوں پر حاضر کرتا تھا اور مسائلِ شرعیہ کے لئے محدثین وفقہاء کا حلقۂ درس تھا۔

یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ خلیفۃ المسلمین کی اطاعت وخدمت اُس وقت بھی ائمہ دین وعامۂ مسلمین نے اپنے اوپر واجب ہی سمجھی جس وقت کہ بارگاہِ خلافت سے جامعیت مٹ چکی تھی ...... سلطنتِ ترکی اس وقت تک مسلمانانِ عالم کی طرف سے اُن کے سارے فرائض جو تحفظِ دین سے متعلق تھے ادا کرتی تھی، مرکزی مقام جس کی خدمت فرضِ کفایہ ہے سلطنتِ ترکی ہی نے اسے اپنے ذمہ لے لیا تھا۔ ساری دنیا اپنے قصر وایوان، باغ وراغ کے تعمیر وتزئین میں مصروف تھی، لیکن سلطنتِ عثمانیہ کا تاجدار بیت اللہ ومدینۃ الرسول کی خدمت میں مشغول تھا"۔ [1]

---

[1] شور۔ از سید محمد سلیمان اشرف، مطبوعہ علی گڈھ ۱۳۳۹ھ/۱۹۲۱ء، ص ۱۶۸-۱۷۱



Marfat.com

''یہ مسئلہ بالکل قطعی ہے کہ نصبِ امام اُمت پر واجب ہے، شرائطِ امام میں تو البتہ گروہِ مسلمین کا اختلاف پایا جاتا ہے، لیکن نصبِ امام کے واجب ہونے میں کسی کا بھی اختلاف نہیں۔ رہی قوت دفاعی اُس کا ہمہ وقت موجود رکھنا فرض ہے اس سے تو کسی کو بھی اختلاف نہیں۔

اسی جگہ ایک اور مسئلہ بھی سمجھ لیجئے خلافت بمعنی نیابتِ نبی جسے امامتِ کُبریٰ کہتے ہیں بعد امام حسن علیہ السّلام حضرت عمر بن عبدالعزیز میں پائی گئی۔ ان نفوسِ قُدسیہ کے سوا جس قدر خلفاءِ بنواُمیہ یا بنوعباس میں گزرے ان میں سے کسی کی بھی خلافت امامتِ کُبریٰ کے معنی میں نہ تھی، یہ سب اسلام کے (کی) قوت دفاعی تھے، انہیں خلیفہ جو کہا جاتا تھا اور ان کی اطاعت جو ضروری سمجھی جاتی تھی وہ محض اسی وجہ سے کہ شمشیرِ اسلامی کے یہ محافظ تھے اور حرمین شریفین کے خادم مرکزی مقام کی سیادت اور خدمت وحفاظت اِن سے متعلق تھی۔ جب خلفائے عباسیہ کا عہد تمام ہو گیا اور یہ نعمت باسعادت خاندانِ عثمان میں آئی تو اب مسلمانوں پر ان کی اطاعت واجب ہوئی۔ یہ مسئلہ نہ تو اجتہادی ہے نہ اس میں ظن واحتمالات کی گنجائش ہے بلکہ یہ قطعی ویقینی اور ضروریات دین میں سے ہے کہ مسلمانوں پر حرمین شریفین کی خدمت فرض ہے اور ایسی قوت کا قائم رکھنا جو اعدائے اسلام کو ان مقاماتِ مطہرہ سے دفع کر سکے یہ بھی فرض ہے......

جنگ یورپ نے جب کہ اسلام کی قوتِ دفاعی کو فنا کر دیا تو اب مسلمانوں پر یہ فرض ہو گیا کہ اُس قوت کو وہ پیدا کریں...... یہ ایسا فرض نہیں جو کسی خاص خطہ پر بسنے والے مسلمانوں ہی کا فرض ہو۔ یورپ نے خود ہی سلطنتِ عثمانیہ کو پارہ پارہ کر کے یہ تحریک عام عالمِ اسلامی میں پیدا کر دی کہ جو مسلمان جہاں کہیں بھی ہے اپنے اس فرض کے (کی) ادائیگی کے لئے آمادہ ہو جائے۔''[1]

''النور'' کے مندرجہ بالا اقتباسات کے ساتھ اگر سر آغا خاں مرحوم اور سید امیر علی مرحوم کے اُس مشترکہ خط کا بھی مطالعہ کر لیا جائے تو مزید دلچسپی اور معلومات کا موجب ہوگا، جو انہوں نے عصمت پاشا مرحوم کو اُس وقت لکھا جب عصمت پاشا اور مصطفٰے کمال پاشا مرحوم کی جماعت

---

[1] النور ص ۱۷۳-۱۷۴



Marfat.com

کامیاب وکامران ہو چکی تھی اور وہ خلافت کو ہمیشہ کے لئے ترکی سے ختم کرنے کے متعلق سوچ رہے تھے اور ان کے اس ارادے سے برعظیم کے مسلمانوں میں اضطراب کی لہر دوڑ گئی تھی۔اس خط کے مطالعہ سے یہ بھی واضح ہو جائے گا کہ یہ مسئلہ مسلمانانِ عالم کے لئے کس قدر دینی اہمیت رکھتا تھا، مذکورہ خط ملاحظہ ہو:۔

''یورایکسی لینسی!

''جدید ترکی کے پرانے دوست ہونے کی حیثیت سے اس کی موجودہ امنگوں کا جو بحیثیت آزاد ملک ہونے کے ہیں پورا احترام کرتے ہوئے ہم آپ کی اجازت سے اعلیٰ قومی اسمبلی کی توجہ اس بے چینی کی طرف مبذول کرانا چاہتے ہیں جو سُنّی مسلمانوں میں خلیفۃ المسلمین کی موجودہ غیر یقینی حیثیت کی وجہ سے ہے۔ ہمیں یہ دیکھ کر بڑا افسوس ہوا کہ اسلام باوجود ایک زبردست اخلاقی اور اتحادی طاقت ہونے کے سُنّی مسلمانوں کے ایک بہت بڑے طبقہ میں اپنا اثر کھو رہا ہے، اس کی وجہ خلیفہ کی عزت وتکریم میں کمی ہے۔ مصلحتاً ہم چند حقائق کی طرف مخصوص اشارہ نہیں کرتے، لیکن ان کی صحت سے انکار کرنا کسی کے بس کی بات نہیں۔

(۱) مسلمانوں کی جماعت میں جیسا کہ بخوبی واضح ہے روحانی سرداری ایک زنجیر ہے جو تمام پیرؤں (پیروؤں) کو اسلام کے حلقہ میں جمع رکھتی ہے۔ جب خلیفہ پر باہر کی طاقتوں نے یورش کی تو مسلمانانِ عالم میں غم وغصہ کی لہر دوڑ گئی۔ ہندوستان کے مسلمانوں نے ترکوں کی مدد کی اور ان سے ہمدردی ظاہر کی، وہ یہ سمجھتے تھے کہ ترکوں کی جدوجہدِ آزادی میں ساتھ دینے کے معنی یہ ہیں کہ وہ بھی اس ادارہ کی بقا کے لئے لڑ رہے ہیں جو عالمِ اسلام کے اتحاد کا مظہر ہے۔ ان بُرے دنوں میں ہم مسلسل ترکوں کی جدوجہد میں ان کی مدد کرتے رہے۔ ترکی اور اطالیہ کی جنگِ طرابلس سے برطانوی مسلمانوں کی ایک جماعت ترکوں کی دشواریوں اور مصیبتوں کو دور کرنے میں لگی رہی۔ لہٰذا ہمیں امید ہے کہ ہمارے مشاہدات وتجاویز آں جناب کی حکومت ہمدردی سے سنے گی۔ یہ ایسا مسئلہ ہے جس میں ہم تمام مسلمان عالم کے ساتھ بہت دل چسپی لیتے ہیں۔

(۲) ہمارے ان جملوں سے ہرگز یہ مراد نہ لی جائے کہ ہم عوام کے نمائندوں کی طاقت اور ان کے اختیارات میں کوئی کمی چاہتے ہیں۔ ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ



Marfat.com

سُنّی دنیا کی مذہب کی سرداری کو شریعت کے مطابق بدستور رکھا جائے۔ ہماری رائے میں خلیفہ کی تکریم میں کوئی کمی یا ترکی کی سیاست میں سے ان کا مکمل اخراج اسلام کے انتشار کے مترادف ہے جس کے معنی یہ ہوئے کہ عملاً وہ دنیا میں ایک اخلاقی قوت نہ رہے گا۔ ہمیں یقین ہے کہ یہ ایسی چیز ہے جو نہ تو اعلیٰ قومی اسمبلی اور نہ اس کے صدر غازی مصطفےٰ کمال پاشا پسند کرتے ہیں۔

(۳) ہمارے خیال میں خلیفۃ المسلمین، اہل سنت و جماعت کے اتحاد کا مظہر ہیں۔ یہ حقیقت کہ وہ ترک ہیں اور ترکی قوم کے بانی کی اولاد ہیں ترکوں کو اسلامی اقوام میں ایک ممتاز مقام دیتی ہے۔

(۴) چودہ صدیوں سے اہل سنت و جماعت کا یہ عقیدہ رہا ہے اور ہم اس پر یقین رکھتے ہیں کہ اس مسئلہ پر اجماعِ اُمّت ہے کہ خلیفہ یعنی نائب الرسول، اہل سنت و جماعت کے امام کے ہیں اور وہ ایک لڑی ہیں جس میں وہ منسلک ہیں۔ مسلمانوں کے دماغ سے یہ صوفیانہ خیال بغیر دنیائے اسلام میں ایک ہنگامہ برپا کیے دور نہیں کیا جاسکتا۔

(۵) یور ایکسی لینسی! غالباً ہمیں یہ یاد دلانے کی ضرورت نہیں کہ جب خلیفہ کے پاس کوئی دنیاوی اقتدار نہ تھا اس وقت بھی بڑے بڑے بادشاہ اور سرداران سے ''فرمان'' حاصل کرتے تھے۔ یہ فرمان انہیں اس علاقہ پر حکومت کرنے اور امامت کرنے کی اجازت دیتے تھے۔ اگر دنیا میں اسلام کو بحیثیت ایک عظیم اخلاقی قوت کے باقی رہنا ہے تو خلیفہ کا مرتبہ کسی صورت میں بھی... کم نہیں ہونا چاہیے۔

(۶) ان وجوہ کی بنا پر ہم ترکی کے سچے دوست کی حیثیت سے بصد ادب اعلیٰ قومی پارلیمان اور اس کے عظیم اور دوراندیش راہنما سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ خلافت کو اُن بنیادوں پر باقی رکھیں جن سے مسلمانوں کو بھروسا اور عزت حاصل ہو تا کہ اسلام کی مذہبی اور اخلاقی بنیادیں استوار رہیں اور اس طرح سلطنت ترکی کو خاص قوت اور عزت حاصل ہو۔

ہم ہیں یور ایکسی لینسی آپ کے فرماں بردار خادم

(دستخط) آغا خاں (دستخط) امیر علی'' [۱]

[۱] پرنس آغا خاں مرتبہ محمد امین زبیری، مطبوعہ اسماعیلیہ ایسوسی ایشن کراچی۔ طبع اول ۱۹۵۱ء، ص ۱۵۴-۱۵۷



Marfat.com

''النور'' کے اقتباسات اور مندرجہ بالا تاریخی خط کے مطالعہ سے مسئلۂ خلافت کی سیاسی و دینی اہمیت واضح ہو جاتی ہے اور یہ کہ اس مسئلہ پر صرف اہل سنت و جماعت ہی نہیں بلکہ اہل تشیع اور وہابیہ بھی متفق تھے۔ اس لئے جب ترکی کو شکست ہوئی اور اہالیان ترکی کو بے پناہ مصائب و مظالم سے واسطہ پڑا تو برعظیم کے مسلمانوں کے لئے ایک ایسی مجلس کا قائم کرنا ناگزیر ہو گیا جو خلافت کے تحفظ اور مظلومین ترکی کی امداد کے لئے اپنی تمام مساعی بروئے کار لائے۔ چنانچہ ان ہی وجوہات کی بنا پر ''مجلس خلافت'' لکھنؤ میں قائم ہوئی اور دہلی کے اجلاس میں مسٹر گاندھی سے گفت وشنید کے بعد مسلمانوں کے اہم ترین مطالبہ وفرض دینی کو بحال اور قائم رکھنے کے لئے مشرکین ہند کی طرف ہاتھ بڑھایا گیا اور اسی اجلاس میں یہ فیصلہ بھی کیا گیا کہ'' اگر حکومت مسلمانوں کے مطالبات منظور نہ کرے تو حکومت سے عدم تعاون کیا جائے۔''

دہلی اجلاس کے ایک ماہ بعد دسمبر ۱۹۱۹ء میں کانگریس اور مجلس خلافت کا مشترکہ اجلاس، امرتسر میں منعقد ہوا جس میں فیصلہ کیا گیا کہ

> ''مسئلہ خلافت اور جزیرۃ العرب کے متعلق مسلمانوں کے مطالبات پیش کرنے کے لئے بہ سرکردگی مسٹر محمد علی ایک وفد انگلستان بھیجا جائے۔ خلافت فنڈ قائم کیا جائے اور اس کے لئے دس لاکھ روپیہ جمع ہو''۔ [۱]

مجوزہ وفد کے انگلستان روانہ ہونے سے قبل ہندو مسلمانوں پر مشتمل ایک وفد ۱۹ر جنوری ۱۹۲۰ء کو وائسرائے سے ملا تا کہ وہ مطالبات جو وفد برطانیہ کے وزیر اعظم کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہے پہلے اُن کے بارے میں وائسرائے ہند سے بات چیت کی جائے اور اُس کی اخلاقی مدد حاصل کی جائے۔ اس وفد میں مندرجہ ذیل حضرات شامل تھے۔

| | |
|---|---|
| ۱-مسٹر گاندھی | ۲-سیٹھ چھوٹانی (جان محمد) |
| ۳-مولانا ثناءاللہ امرتسری | ۴-مولانا ابوالکلام آزاد |
| ۵-مفتی کفایت اللہ | ۶-مولانا حسرت موہانی |
| ۷-مسٹر سید حسین (ایڈیٹر اخبار انڈیپنڈینٹ، الہ آباد) | ۸-مولانا عبدالباری فرنگی محل |
| ۹-حکیم اجمل خاں | ۱۰-ڈاکٹر سیف الدین کچلو |

---

[۱] علی برادران مرتبہ سید رئیس احمد جعفری مطبوعہ لاہور ۱۹۶۳ء، ص ۲۳۴



Marfat.com

| | |
|---|---|
| ۱۱- ڈاکٹر مختار احمد انصاری | ۱۲- مولانا محمد علی |
| ۱۳- مولانا عبدالماجد بدایونی | ۱۴- سید ظہور احمد |
| ۱۵- مولانا فاخر الہ آبادی | ۱۶- سید سلیمان ندوی |
| ۱۷- آغا محمد اشرف قزلباش اور | ۱۸- راجہ صاحب محمود آباد [۱] |

وفد نے جو ایڈریس وائسرائے کو پیش کیا اُس میں سلطنتِ ترکیہ کی سالمیت اور خلیفہ کی حیثیت سے سلطان ٹرکی حاکمیت برقرار رکھنے کی ضرورت جتائی گئی اور اس پر اصرار کیا گیا کہ ''یہ لوازمِ اسلام میں سے ہے کہ دینی اور دنیوی حیثیت سے خلافت کا وجود مسلسل قائم رہے۔''

وفد نے یہ بھی کہا کہ

''اگر حکومتِ برطانیہ نے اپنے تمام وعدے حرف بحرف پورے نہ کئے تو اُس کو ایسا سخت اخلاقی دھکا لگے گا کہ بڑے سے بڑے زرخیز علاقے اور عظیم ترین سیاسی نفع سے بھی اس کی تلافی نہ ہو سکے گی اور پھر اخلاقی وقار کی بربادی اس کو اس وجہ سے گراں گزرے گی کہ اس اعلانِ شاہی کی قلعی کھل جائے گی جو جنابِ والا کے پیش رو وائسرائے نے ٹرکی کے ساتھ جنگ شروع ہونے پر کیا تھا''۔ [۲]

وائسرائے کا جواب مایوس کن تھا، اس پر وفد میں شامل حضرات نے ایک بیان شائع کیا کہ

''اگر معاہدۂ صلح کی شرائط مسلمانوں کے مذہب اور جذبات کے خلاف ہوئیں تو حکومتِ برطانیہ کے ساتھ مسلمانوں کی وفاداری اس کا تحمل نہ کر سکے گی۔ اس کے بعد یہ مطالبہ کیا کہ جزیرۃ العرب اُن حدود کے ساتھ جو اسلامی روایات کی رُو سے معیّن ہیں اور اسلام کے مقدس مقامات خلیفہ کے اختیار و انتظام میں رہنے چاہئیں اور وہ تمام وعدے پورے کئے جائیں، جو مسلمانوں سے وزیراعظم برطانیہ نے کئے ہیں۔'' [۳]

اس کے بعد خلافت کانفرنس کا تیسرا اجلاس فروری ۱۹۲۰ء میں بمبئی میں منعقد ہوا جس میں انگلستان کو روانہ ہونے والے مجوزہ وفد پر اظہارِ اعتماد کا ریزولیوشن منظور ہوا، مطالبات ضابطے کے ساتھ متعین کئے گئے اور حکومت برطانیہ کو متنبہ کیا گیا کہ

---

[۱] علی برادران، ص ۶۳۴، پاکستان ناگزیر تھا۔ از سید حسن ریاض، مطبوعہ کراچی ۱۹۹۲ء۔ اشاعت ششم، ص ۸۸

[۲] علی برادران، ص ۶۳۴ اور ۶۳۵

[۳] علی برادران، ص ۶۳۵



Marfat.com

''اس مطالبے میں اگر کوئی کمی کی گئی تو اس سے نہ صرف مسلمانوں کے عمیق ترین مذہبی جذبات کو صدمہ پہنچے گا بلکہ اُن اعلانات اور مواعید صالحہ کی بدیہی بے حرمتی اور خلاف ورزی ہوگی جو اتحادی اور اُن کی حلیف دول کے نمائندہ ماہرینِ سیاست نے اُس وقت کئے تھے جب وہ مسلمان قوم اور مسلمان سپاہ کی تائید و مدد حاصل کرنا چاہتے تھے۔ یہ مطالبہ صرف مسلمانوں ہی کا نہیں ہے بلکہ ملک کی پوری ہندو آبادی اس میں ان کے ساتھ شریک ہے۔ اگر غلط فیصلہ کیا گیا تو اس کے نتائج اچھے نہ ہوں گے۔'' [1]

چنانچہ بمبئی کے اجلاس کے فیصلہ کے مطابق مسلمانوں کا ایک نمائندہ وفد، اوائل مارچ ۱۹۲۰ء میں انگلستان کے وزیرِاعظم لائیڈ جارج سے گفتگو کرنے کے لئے لندن پہنچا۔ امیر وفد مولانا محمد علی جوہر اور باقی ممبران درج ذیل حضرات تھے۔

| | |
|---|---|
| ۱-سید سلیمان ندوی | ۲-ابوالقاسم صاحب |
| ۳-سید حسین | ۴-حسن محمد حیات |
| ۵-محمد شعیب قریشی اور | ۶-عبدالرحمٰن صاحب صدیقی [2] |

مولانا محمد علی جوہر نے بڑی قابلیت اور بے باکی سے وفد کے مطالبات، برطانیہ کے عمائدین اور وزیرِاعظم لائیڈ جارج کے سامنے پیش کئے، لیکن وزیرِاعظم بڑے رکھائی سے پیش آئے، انہوں نے تمام وعدوں اور یقین دہانیوں کو بالائے طاق رکھتے ہوئے بڑی ڈھٹائی اور بے حیائی سے کہا:۔

''ترکوں کے ساتھ اُن سے مختلف اصولوں پر معاملہ نہیں کیا جاسکتا جو مسیحی ملکوں کے ساتھ برتے گئے ہیں۔ ترکیہ کو ترکی سرزمین پر دنیوی اختیار برتنے کی اجازت ہوگی مگر وہ علاقے اُس کے قبضے میں نہیں چھوڑے جائیں گے جو ترکی نہیں ہیں۔'' [3]

وفد کے ساتھ جو کچھ انگلستان میں ہوا اس سے برعظیم کے مسلمانوں کو بہت زیادہ روحانی اور ذہنی تکلیف ہوئی۔ مجلسِ خلافت کی اپیل پر ۱۹/مارچ ۱۹۲۰ء کو ''یومِ غم'' منایا گیا۔ حضرت علامہ اقبال اس وفد کے برطانیہ جانے کے حق میں نہیں تھے، اس کی ناکامی پر انہوں نے مندرجہ ذیل

---

[1] علی برادران، ص ۲۳۵

[2] علی برادران، ص ۲۳۵

[3] ''پاکستان ناگزیر تھا'' از سید حسن ریاض، مطبوعہ شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ کراچی یونیورسٹی، کراچی ۱۹۹۲ء۔ اشاعت ششم، ص ۹۱



Marfat.com

اشعار بعنوان ''دریوزۂ خلافت'' لکھے جو اس وقت، بانگِ درا میں شامل ہیں۔

اگر ملک ہاتھوں سے جاتا ہے جائے | تو احکامِ حق سے نہ کر بے وفائی
نہیں تجھ کو تاریخ سے آگہی کیا؟ | خلافت کی کرنے لگا تو گدائی!
خریدیں نہ ہم جس کو اپنے لہو سے | مسلماں کو ہے ننگ وہ پادشائی!
''مرا از شکستن چناں عار ناید | کہ از دیگراں خواستن مومیائی''

وفد ابھی یورپ ہی کا دورہ کر رہا تھا کہ اتحادیوں کے نمایندے فرانس کے شہر سان رومیو میں جمع ہوئے اور فیصلہ کیا کہ حسبِ ذیل شرائط پر ترکی سے صلح کی جائے اور خلیفہ ترکی کو طوعاً و کرھاً اِس نازیبا اور ذلت آمیز معاہدہ پر دستخط کرنے پڑے۔

(۱) سلطان اتحادیوں کی حمایت کے ساتھ قسطنطنیہ میں حکومت کرے گا۔

(۲) اتحادیوں کو یہ حق ہے کہ آبناؤں پر قبضہ کرلیں اور یہ بھی کہ ایشیائی ٹرکی کے کسی حصے پر قابض ہو جائیں۔

(۳) آرمینیہ کی ایک نئی دولت (حکومت) قائم کی جائے گی جس میں مندرجہ ذیل صوبے داخل ہوں گے:

مشرقی اناطولیہ، ارض روم، دان، تبلس، ترابزون اور ارزنجان۔ اس دولت کی حدود ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی مدد سے قائم کی جائیں گی۔

(۴) ٹرکی، عرب کے متعلق اپنے تمام دعوؤں سے دست بردار ہوگا۔

(۵) شام کی حکمبرداری فرانس کو، عراق اور اردن کی برطانیہ کو دی جائے گی۔

عدیسہ اٹلی کو، سمرنا اور مغربی اناطولیہ یونان کو عنایت کیا گیا۔ [۱]

یہ ذلت آمیز شرائط مئی ۱۹۲۰ء میں مرتب کی گئیں، لیکن اس معاہدہ پر دستخط سلطان ترکی نے بامرِ مجبوری ۲۰/اگست ۱۹۲۰ء کو سیورے کے مقام پر کئے اور اس طرح یہ معاہدہ ''معاہدہ سیورے'' کے نام سے مشہور رہا، جب اِس معاہدہ کی تفصیلات اخبارات کے ذریعہ ۱۴/مئی کو ہندوستان میں پہنچیں تو مسلمانوں میں غم و غصہ اور اضطراب اور بے چینی کی لہر دوڑ گئی کیونکہ اوائل جنگ میں برطانیہ کے تمام ذمہ دار لیڈر مسلمانوں سے یہ وعدہ کر چکے تھے کہ

''ہم اس لئے نہیں لڑ رہے ہیں کہ ترکی کو اُس کے دارالسلطنت سے محروم کر

---

[۱] علی برادران (مرتب) رئیس احمد جعفری، سید۔ مطبوعہ اشرف پریس لاہور ۱۹۶۳ء، ص ۱۳۶



Marfat.com

دیں یا اسے ایشیائے کوچک اور تھریس کی زرخیز زمینوں سے محروم کر دیں۔ ہم سلطنتِ ترکی کے قیام و بقا (تحفظ) کو اس کے وطن کو اور اس کے دارالحکومت کو چیلنج نہیں کرتے۔'' [1]

''معاہدۂ سیورے'' کی دفعات شائع ہونے کے بعد خلافت کمیٹی کا بمبئی میں ۲۸ رمئی ۱۹۲۰ء کو جلسہ ہوا جس میں طے پایا کہ ''مسلمانوں کے مقاصد کی تکمیل کا واحد ذریعہ عدمِ تعاون ہے۔ مسٹر گاندھی کو تحریکِ عدمِ تعاون کا لیڈر قرار دیا گیا۔ تمام تمغے اور خطابات حکومت کو واپس کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔'' [2]

تحریکِ عدمِ تعاون یا دوسرے لفظوں میں ترکِ موالات، گاندھی کی راہنمائی میں ۲۸ رمئی ۱۹۲۰ء کو شروع ہوئی۔ بعد میں سول نافرمانی بھی پروگرام میں شامل کر لی گئی۔ عدالتوں کا بائیکاٹ کیا گیا۔ رضا کار بھرتی کئے گئے۔ پرنس آف ویلز کی آمد پر احتجاجی جلوس نکالے گئے، ہڑتالیں کی گئیں، خطابات اور تمغے واپس کئے گئے اور انتخابات کا بائیکاٹ کیا گیا۔۔۔ لیکن فروری ۱۹۲۲ء میں پیش آنے والے ''چوراچوری'' کے سانحہ کو بہانہ بنا کر اس تحریک کے ڈکٹیٹر مسٹر گاندھی نے بیک جنبشِ قلم سب کئے پر پانی پھیر دیا اور تحریک کو اُس وقت بند کرنے کا اعلان کر دیا جب یہ کامیابی سے ہم کنار ہو رہی تھی۔

خلافت کمیٹی ستمبر ۱۹۱۹ء میں لکھنؤ میں قائم ہوئی اور فروری ۱۹۲۲ء میں مسٹر گاندھی کے مذکورہ اعلان کے بعد اس کی سرگرمیاں عملاً ختم ہو گئیں، لیکن دو سالوں میں عصرِ حاضر کے سب سے بڑے ''شاطر'' اور ''عیار'' ہندو کی ذہانت اور مسلمان اکابر کی سادہ لوحی سے جو کچھ مسلمانوں پر بیت گئی وہ ایک دلدوز اور المناک داستان ہے۔ مسلمانوں کے ایک عظیم مذہبی شعار ''قربانی'' کو مسلمان لیڈروں ہی کی مدد سے بند کرانے کی کوششیں کی گئیں۔ لاکھوں مسلمان ہجرت کر کے تباہ و برباد ہو گئے، ان کی دولت، عزت، ناموس سب کچھ لیڈروں کی عاقبت نااندیشی کی بھینٹ چڑھ گیا۔ مسلمانوں کے تعلیمی ادارے تباہ و برباد کر دیئے گئے اور گاندھویت کے زیرِ اثر اسلام کے اصولوں اور احکام کی قولاً و فعلاً توہین کی گئی، لیکن اس افراتفری کے دور میں بھی چند مردانِ حق ایسے موجود تھے

[1] ہسٹری آف دی کانگریس بحوالہ ''اقبال کا سیاسی کارنامہ'' از محمد احمد خاں، مطبوعہ اقبال اکادمی پاکستان، لاہور۔ طبع اول ۱۹۷۷ء، ص ۳۷

حیات قائداعظم از چودھری محمد سردار محمد خاں۔ پبلشرز یونائیٹڈ لاہور۔ طبع ثانی ۱۹۴۹ء، ص ۱۵۰

[2] علی برادران مرتبہ سید رئیس احمد جعفری، مطبوعہ لاہور ۱۹۶۳ء، ص ۲۳۶ (ملخصاً)



Marfat.com

جنہوں نے اپنی دینی بصیرت سے کام لے کر مسلمان لیڈروں اور عوام کو بڑے درد اور سوز سے آگاہ کیا کہ جس راستہ پر آپ جارہے ہیں وہ مکہ کو نہیں بلکہ ''گاندھستان'' کو جاتا ہے — تاریخ کا یہ باب بڑا تفصیل طلب ہے۔ آئندہ صفحات میں ہم مسئلہ قربانی، تعلیم، ہجرت اور اسلامی اصولوں واحکام کے خلاف بیانات پر علیحدہ علیحدہ روشنی ڈالتے ہیں۔

## مسئلہ قربانی

گائے ہندو کے لئے معبود کی حیثیت رکھتی ہے، لیکن اس کے برعکس مسلمان کے لئے اس کی قربانی اور ذبیحہ مذہبی شعار کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس لئے جب بھی مسلمان گائے کو ذبح کرتا ہے تو ہندو سمجھتا ہے کہ چھری گائے کے گلے پر نہیں میرے گلے پر چل رہی ہے اور وہ مسلمان کے خون کا پیاسا ہو جاتا ہے، وہ ذبیحہ کو گائے کُشی کے نام سے پکارتا ہے اور زبردستی، منت، خوشامد اور عیاری اور مکاری یعنی ہر حیلے اور بہانے سے مسلمان کے اس مذہبی شعار کو بند کرانے کی کوشش کرتا ہے۔ اُسے اس سے غرض نہیں کہ گائے ہندو کی دل آزاری کے خیال سے چوراہے پر ذبح کی گئی ہے یا اُس کی دل آزاری سے بچنے کے لئے ایک پوشیدہ اور محفوظ جگہ پر کی گئی ہے۔ اُسے جب بھی اور جیسے بھی موقع ملتا ہے وہ اس سے بھرپور فائدہ اُٹھاتا ہے۔ مثلاً:

شاہ شجاع الملک اور رنجیت سنگھ کے مابین جو معاہدہ ۲۵ رجون ۱۸۳۸ء کو بمقام شملہ طے پایا اس کی ایک شق یہ بھی تھی کہ

> ''جن اوقات میں رنجیت سنگھ اور شاہ شجاع کا لشکر ایک ہی جگہ مقیم ہو وہاں گائے کاٹی نہ جائے گی۔'' [1]

اس شق سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ رنجیت سنگھ نے شاہ شجاع الملک کی کمزوری سے فائدہ اُٹھا کر ذبیحہ گاؤ کی ممانعت کی حدود کو کابل تک پھیلا دیا۔

اب اُن کوششوں کا اختصار سے ذکر کیا جاتا ہے جو اہل ہنود کی طرف سے اور ان کے ہمنوا و ہم زبان بدنام کنندۂ نکونامے چند، قسم کے عاقبت نااندیش مسلمان لیڈروں نے تسلسل کے ساتھ جنگ آزادی ۱۸۵۷ء سے لے کر تشکیلِ پاکستان اور اس کے بعد بھی جاری رکھی ہیں، ملاحظہ فرمائیں۔

---

[1] ''سرحد اور جدوجہد آزادی'' از اللہ بخش یوسفی مطبوعہ نفیس اکیڈمی کراچی ۱۹۸۹ء۔ اشاعت دوم، ص ۶۰



Marfat.com

(۱) ۱۸۸۰ء

۱۲۹۸ھ/۱۸۸۰ء میں ہندوؤں نے بکمال تدلیس وتلبیس ایک استفتاء مرتب کیا اور اسے فرضی ناموں سے برعظیم کے تمام بڑے بڑے شہروں میں فتوی کے لئے علماءِ کرام کی خدمت میں روانہ کیا۔ علمائے حق جن کا فریضۂ حیات ہی اسلام اور اہلِ اسلام کی خدمت ہے، ہندوؤں کے ناپاک عزائم اور مقاصد کو بھانپ گئے اور انہوں نے دلائلِ عقلیہ نقلیہ سے ثابت کیا کہ ذبیحہ گاؤ کے متعلق اہلِ ہنود کا ادّعا اور خدشات باطل اور بے بنیاد ہیں۔ اس سلسلہ میں علامہ محمد فاروق چڑیاکوٹی، مولانا احمد رضا خاں بریلوی اور مولانا عبدالحی فرنگی محلی رحمۃ اللہ علیہم کے فتاوے بڑے جامع اور مدلل ہیں۔ ذیل میں ہم اہلِ ہنود کی طرف سے جاری کئے اس استفتاء اور مولانا بریلوی کے فتوی کو درج کرتے ہیں۔

**استفتاء**۔ ''کیا فرماتے ہیں علمائے دینِ مذہب حنفیہ اس مسئلہ میں کہ گاؤکشی کوئی ایسا امر ہے جس کے نہ کرنے سے کوئی شخص دینِ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے یا اگر کوئی (شخص) معتقدِ اباحتِ ذبح ہو مگر کوئی گائے اُس نے ذبح نہ کی ہو یا گائے کا گوشت نہ کھایا ہو، ہر چند کہ اکل (کھانا) اُس کا جائز جانتا ہے، تو اُس کے اسلام میں کوئی (کچھ) فرق نہ آئے گا اور وہ کامل مسلمان رہے گا۔

گاؤکشی کوئی واجب فعل ہے کہ جس کا تارک گناہگار ہوتا ہے یا اگر کوئی شخص گاؤکشی نہ کرے صرف اباحتِ ذبح کا دل سے معتقد ہو تو وہ گناہگار نہ ہوگا، جہاں بلا وجہ اِس فعل کے ارتکاب سے ثورانِ فتنہ وفساد اور مفضی بہ ضررِ اہلِ اسلام ہو اور کوئی فائدہ اس فعل پر مرتب نہ ہو اور عملداری اہلِ اسلام بھی نہ ہو تو وہاں بدیں وجہ اس فعل سے کوئی باز رہے تو جائز ہے یا یہ کہ بلا سبب ایسی حالت میں بقصدِ اثارتِ فتنہ وفساد ارتکاب اِس کا واجب ہے اور قربانی اونٹ کی بہتر ہے یا گائے کی؟ بیّنوا توٗجروا۔

از مراد آباد شوال ۱۲۹۸ھ'' [۱]

اب وہ ایمان افروز جواب ملاحظہ ہو جو مولانا احمد رضا خاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی طرف سے دیا گیا۔

(الف) گاؤکشی اگرچہ بالتخصیص اپنے نفسِ ذات کے لحاظ سے واجب نہیں، نہ

---

۱؎ انفس الفکر فی قربان البقر: (۱۲۹۸ھ) از امام احمد رضا، مشمولہ رسائل رضویہ جلد دوم (مرتب) عبدالحکیم اختر شاہجہانپوری، مطبوعہ لاہور ۱۹۷۶ء، ص ۲۱۵۔ فتاوی رضویہ، جلد ۱۴، ص ۵۴۵ اور ۵۵۰



Marfat.com

اُس کا تارک باوجودِ اعتقادِ اباحت بنظرِ نفسِ ذاتِ فعل گنہگار نہ ہماری شریعت میں کسی خاص شے کا کھانا بالتعیین فرض، مگر ان وجوہ سے صرف اس قدر ثابت ہوا کہ گاؤکشی جاری رکھنا واجب لعینہ اور اُس کا ترک حرام لعینہ نہیں یعنی ان کے نفسِ ذات میں کوئی امر ان کے واجب یا حرام کرنے کا مقتضی نہیں، لیکن ہمارے احکامِ مذہبی صرف اسی قسم کے واجبات ومحرمات میں منحصر نہیں، بلکہ جیسا ان واجبات کا کرنا اور ان محرمات سے بچنا ضروری وحتمی ہے، یوں ہی واجبات ومحرمات لغیرہا میں بھی امتثال واجتناب اشد ضروری ہے، جس سے ہم مسلمانوں کو کسی طرح مفر نہیں اور اُن سے بالجبر باز رکھنے میں بے شک ہماری مذہبی توہین ہے جسے حکّام وقت بھی روا نہیں رکھ سکتے۔ ہم ہر مذہب وملّت کے عقلاء سے دریافت کرتے ہیں کہ اگر کسی شہر میں بزورِ مخالفین، گاؤکشی قطعاً بند کردی جائے اور بلحاظِ ناراضیِ ہنود اس فعل کو کہ ہماری شرع ہرگز اس سے باز رہنے کا ہمیں حکم نہیں دیتی، یک قلم موقوف کیا جائے، تو کیا اس میں ذلّتِ اسلام متصوّر نہ ہوگی، کیا اس میں خواری ومغلوبیِ مسلمین نہ سمجھی جائے گی، کیا اس وجہ سے ہنود کو ہم پر گردنیں دراز کرنے اور اپنی چیرہ دستی پر اعلیٰ درجہ کی خوشی ظاہر کر کے ہمارے مذہب واہلِ مذہب کے ساتھ شماتت کا موقع ہاتھ نہ آئے گا۔ کیا بلا وجہ وجیہہ اپنے لئے ایسی دنائت (دنایت) وذلّت اختیار کرنا...... ہماری شرع مطہر جائز فرماتی ہے؟ حاشا وکلا...... ہرگز نہیں...... نہ یہ متوقع کہ حکّامِ وقت صرف ایک جانب کی پاسداری کریں اور دوسری طرف کی توہین وتذلیل روا رکھیں۔ سائل لفظ ترک لکھتا ہے، یہ صرف مغالطہ اور دھوکا ہے، اُس نے 'ترک' اور 'کف' میں فرق نہ کیا، کسی فعل کا نہ کرنا اور بات ہے اور اُس سے بالقصد باز رہنا اور بات۔ ہم پوچھتے ہیں کہ اس رسم سے جس میں صدہا منافع ہیں، یک قلم امتناع آخر کسی وجہ پر مبنی ہوگا اور وجہ سوا اس کے کچھ نہیں کہ ہنود کی ہٹ پوری کرنا اور مسلمانوں...... کے اسبابِ معیشت میں کمی یا تنگی کردینا۔'' [1]

(ب) باقی رہا سائل کا یہ کہنا کہ ''اس فعل کے ارتکاب سے ثورانِ فتنہ وفساد ہو۔'' ہم کہتے ہیں جن مواضع میں مثل بازار وشارع عام وغیرہما گاؤکشی کی قانوناً ممانعت

---

[1] انفس الفکر فی قربان البقر از امام احمد رضا مطبوعہ بریلی ۱۹۲۱ء۔ بار دوم، مشمولہ رسائلِ رضویہ (جلد دوم) مرتبہ عبد الحکیم اختر شاہجہان پوری۔ لاہور طبع اوّل ۱۹۷۶ء، ص ۲۱۸-۲۱۹، فتاوی رضویہ، ج ۱۴، ص ۵۵۳



Marfat.com

ہے وہاں جو مسلمان گائے ذبح کرے گا البتہ اثارتِ فتنہ وفساد اُس کی طرف منسوب ہو سکتی ہے اور وہ قانوناً مجرم قرار پائے گا اور اس امر کو ہماری شرع مطہر بھی روا نہیں رکھتی ...... اور جہاں قانوناً ممانعت نہیں وہاں اگر شورانِ فتنہ وفساد ہو گا تو لاجرم ہنود کی جانب سے ہو گا اور جرم اُنہیں کا ہے کہ جہاں ذبح کرنے کی اجازت ہے وہاں بھی ذبح نہیں کرنے دیتے ...... اور اگر ایسا ہی خیال ہنود کے فتنہ وفساد کا شرع ہم پر واجب کرے گی تو ہر جگہ کے ہنود کو قطعاً اس رسم کے اُٹھا دینے کی سہل تدبیر ہاتھ آئے گی جہاں چاہیں گے فتنہ وفساد برپا کریں گے اور بزعمِ جُہال شرع ہم پر ترک واجب کردے گی اور اس کے سوا ہماری جس رسمِ مذہبی کو چاہیں گے اپنے فتنہ وفساد کی بنا پر بند کرادیں گے ...... بالجملہ خلاصۂ جواب یہ ہے کہ بازار وشارع عام میں جہاں قانوناً ممانعت ہے براہِ جہالت ذبح گاؤ کا مرتکب ہونا بے شک مسلمانوں کو توہین وذلت کے لئے پیش کرنا ہے کہ شرعاً حرام اور اس کے سوا جہاں ممانعت نہیں وہاں سے بھی باز رہنا اور ہنود کی بے جا ہٹ بجار کھنے کے لئے یک قلم اِس رسم کو اُٹھا دینا ہرگز جائز نہیں۔''[1]

...... یہ بات تو تھی ۱۸۸۰ء کی، اب آگے چلئے۔

(۲) ۱۹۱۱ء

۱۳۲۹ھ/۱۹۱۱ء میں ہندوؤں نے ہندوستان سے گاؤکشی بند کرانے کے لئے ازسرِ نو کوششیں تیز کردیں، گورنمنٹ کو عرضداشت پیش کی کہ گاؤکشی سے ہماری دل آزاری ہوتی ہے اس پر قانوناً پابندی لگائی جائے۔ اُن کی اِس عرضداشت پر کانگریسی ذہن کے مسلمان لیڈروں نے بھی مہرِ تصدیق ثبت کردی تو آل انڈیا مسلم لیگ کی بریلی شاخ کے جائنٹ سیکرٹری سید عبدالودود نے ہندوؤں اور مسلمان نیشنلسٹ لیڈروں کے مشترکہ ناپاک عزائم کو ناکام بنانے کے لئے مسلم لیگ کی طرف سے ایک استفتاء مرتب کیا اور اظہارِ حق کے لئے علماءِ کرام کی خدمت میں بھیجا۔ مولانا احمد رضا خاں صاحب، مولانا امجد علی صاحب اعظمی مصنف ''بہارِ شریعت'' اور مولانا نواب میرزا خاں کی طرف سے ذبیحہ گاؤ کے مذہبی شعار کی تائید اور غیروں کے ناپاک منصوبوں کے خلاف زوردار فتوے جاری ہوئے۔ ذیل میں مسلم لیگ کا استفتاء اور مولانا بریلوی کا جواب ملاحظہ ہو۔

---

[1] رسائل رضویہ جلد دوم (مرتب) عبدالحکیم اختر شاہجہان پوری، لاہور۔ طبع اول ۱۹۷۶ء، ص ۲۲۲-۲۲۳
فتاویٰ رضویہ، جلد ۱۴۔ رضا فاؤنڈیشن، لاہور ۱۹۹۸ء، ص ۵۵۷-۵۵۸



Marfat.com

الحمد للہ

گاؤکشی کے معاملہ میں مفصل تحقیقات اور ہندؤں کا دفع شبہات

مسمّی بنام تاریخی

# اَنفسُ الفِکر

فی

# قربانِ البقر

مُصنّفہ

امام اہلسنت مجدد دین وملت حامی سنت ماحی بدعت اعلیحضرت مولٰنا مولوی مفتی شاہ احمد رضا خاں صاحب

قادری برکاتی نوّر اللہ مرقدہ

باہتمام واشاعت جناب مولٰنا مولوی امجد علی صاحب اعظمی قادری

مطبع اہل سنت وجماعت بریلی میں طبع ہوا

ایک ہزار جلد

قیمت ۵ر

بار دوم

سرورق : رسالہ "انفس الفکر فی قربان البقر" از امام احمد رضا مطبوعہ بریلی اشاعت دوم ۱۹۲۱ء


Marfat.com

مسئلہ از مسلم لیگ ضلع بریلی مرسلہ سید عبد الودود جوائنٹ سکریٹری لیگ مذکور [illegible] جمادی الاولیٰ ۱۳۳۹ھ
[illegible]

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس بارے میں کہ آج کل اہل ہنود کی طرف سے نہایت سخت کوشش اس امر کی ہو رہی ہے کہ ہندوستان سے گاؤکشی کی رسم موقوف کرادی جائے اور اس غرض سے انہوں نے ایک بہت بڑی عرضداشت گورنمنٹ میں پیش کرنے کے لیے تیار کی ہے جس پر کروروں باشندگان ہندوستان کے دستخط کرائے جارہے ہیں بعض ناعاقبت اندیش مسلمان بھی اس عرضداشت پر ہندوؤں کے کہنے سننے سے دستخط کر رہے ہیں ایسے مسلمانوں کی بابت شرع شریف کا کیا حکم ہے اور اس مذہبی رسم کے جو شعائر اسلام میں سے ہے بند کرانے میں مدد دینے والے گنہگار اور عند اللہ مواخذہ دار ہیں یا نہیں۔ بینوا الجواب بالتفصیل واللہ یہدی من یشاء الی سواء السبیل۔

## الجواب

گائے کی قربانی شعائر اسلام سے ہے قال اللہ تعالیٰ والبدن جعلنٰھا لکم من شعائر اللہ اونٹ گائے بیل ہم نے ان کو کیا تمہارے لیے اللہ کی نشانیوں سے مسلمانوں کو ہندوؤں کے ساتھ اس معاملہ کے انسداد میں شرکت ناجائز وحرام ہے واللہ تعالیٰ اعلم




کتبہ عبید النبی نواب مرزا
عفی عنہ بجاہ المصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

فی الواقع گاؤکشی ہم مسلمانوں کا مذہبی کام ہے جس کا حکم ہماری پاک مبارک کتاب کلام مجید رب الارباب میں متعدد جگہ موجود ہے اس میں ہندوؤں کی امداد اور اپنی مذہبی مضرت میں کوشش اور قانونی آزادی کی بندش نہ کرے گا مگر وہ جو مسلمانوں کا بدخواہ ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔

فقیر احمد رضا قادری غفرلہ




تاریخی فتویٰ انفس الفکر فی قربان البقر کا صفحہ ۱۹

Marfat.com

**استفتاء**۔ ’’کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرعِ متین اس بارے میں کہ آج کل ہنود کی طرف سے نہایت کوشش اِس امر کی ہورہی ہے کہ ہندوستان سے گاؤکشی کی رسم موقوف کرا دی جائے اور اِس غرض سے اُنہوں نے ایک بہت بڑی عرضداشت گورنمنٹ میں پیش کرنے کے لئے تیار کی ہے جس پر کروڑوں باشندگانِ ہندوستان کے دستخط کرائے جارہے ہیں۔ بعض ناعاقبت اندیش (عاقبت نااندیش) مسلمان بھی اس عرضداشت پر ہندوؤں کے کہنے سننے سے دستخط کررہے ہیں۔ ایسے مسلمانوں کی بابت شرعِ شریف کا کیا حکم ہے؟ اوراس مذہبی رسم کے جو شعائرِ اسلام میں سے ہے بند کرانے میں مدد دینے والے گناہگار اور عنداللہ مواخذہ دار ہیں یانہیں؟‘‘ [۱]

**جواب اعلیٰ حضرت بریلوی**۔ ’’فی الواقع گاؤکشی ہم مسلمانوں کا مذہبی کام ہے جس کا حکم ہماری پاک مبارک کتاب کلام مجید ربّ الارباب میں متعدد جگہ موجود ہے، اس میں ہندوؤں کی امداد اوراپنی مذہبی مضرت میں کوشش اور قانونی آزادی کی بندش نہ کرے گامگروہ جومسلمانوں کا بدخواہ ہے۔‘‘ [۲]

(۳) ۱۹۱۳ء

(۱) مشیر حسین قدوائی نے اخبار ’’لیڈر‘‘ ۵؍نومبر ۱۹۱۳ء/۵؍ذوی الحجہ ۱۳۳۱ھ میں اپنے ایک مضمون میں لکھا کہ

’’مسلمانوں کو ازخود اجودھیا میں گائے کی قربانی بند کردینی چاہئے کیونکہ اجودھیا ہندوؤں کا مقدس تیرتھ ہےاور وہاں گایوں کے ذبح ہونے سے اُن کی سخت دل آزاری ہوتی ہے۔ گائے کے بجائے بکروں کی قربانی کا آسانی سے انتظام کیا جاسکتا ہےاور ایک فنڈ قائم کیا جاسکتا ہے جس سے مسلمانوں کواس زائد خرچ میں مدد دی جاسکتا ہے جوگایوں کی بجائے بکریوں یا بھیڑوں کی قربانی دینے سے اُن کو برداشت کرنا پڑے گا‘‘۔ [۳]

---

۱۔ انفس الفکر فی قربان البقر از امام احمد رضا، مطبوعہ مطبع اہل سنت وجماعت بریلی ۱۳۳۹ھ/۱۹۲۱ء۔ اشاعت دوم، ص ۱۹

۲۔ انفس الفکر فی قربان البقر از امام احمد رضا، مطبوعہ بریلی ۱۹۲۱ء۔ بار دوم، ص ۱۹

۳۔ ہندو مسلم اتحاد پر کھلا خط مہاتما گاندھی کے نام (۱۹۲۰ء) از محمد عبدالقدیر، مطبوعہ مطبع مُسلم یونیورسٹی علی گڑھ ۱۹۲۵ء۔ اشاعت دوم، ص ۱۶، بحوالہ اخبار ہمدرد ۱۶؍نومبر ۱۹۱۳ء۔ نوٹ: محمد مقتدیٰ خاں شروانی (ناشر) کے بقول، اس رسالہ کے حقیقی مصنف جناب عزیز الدین بلگرامی (علی گڑھ) ہیں۔ دیکھیے: فہرست ذخیرۂ کتب حکیم محمد موسیٰ امرتسری، مخزونہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور۔ ۱۹۹۶ء، جلد اوّل، ص ۶۷۲ (ظہور)



Marfat.com

ب۔ مسٹر مظہر الحق نے فرمایا:

''میں اس امر سے پورے طور پر متفق ہوں کہ مسلمان کانپور اور اجودھیا میں گائے کی قربانی کرنے سے محترز رہیں۔'' [1]

(۴) ۱۹۱۹ء

ا۔ ''بقر عید (۱۳۳۷ھ) کے موقع پر مولوی فضل الحسن حسرتؔ موہانی نے خود کنار پور جا کر یہ کوشش کی کہ وہاں کے مسلمان ہندوؤں کی خاطر سے گاؤ کی قربانی ہمیشہ کے لئے ترک کر دیں۔'' [2]

ب۔ ''دسمبر ۱۹۱۹ء میں آل انڈیا مسلم لیگ نے ڈاکٹر مختار احمدؐ انصاری کی سعی اور تحریک سے یہ رزولیوشن پاس کیا کہ مسلمانوں کو چاہیئے کہ ہندوؤں کے جذبات کا لحاظ کریں اور گائے کی قربانی از خود ترک کر دیں۔'' [3]

(۵) ۱۹۲۰ء

ا۔ خواجہ حسن نظامی نے ''رسالہ ترک گاؤ کشی'' میں لکھا۔ ''ہندو ہمارے پڑوسی ہیں اور گاؤ کشی سے اُن کی دل آزاری ہوتی ہے لہٰذا ہم گائے کی قربانی نہ کریں اور اس کے عوض دوسرے جانوروں کی قربانی کافی سمجھیں۔'' [4]

ب۔ مولانا شاہ سلیمان صاحب پھلواری نے گاؤ کشی بند کرو کے زیر عنوان لکھا کہ

''میں اعلان کرتا ہوں جیسا کہ میں نے پچھلے سال (یعنی ۱۹۲۰ء میں) کیا تھا کہ ہندو بھائیوں کی طرف سے کسی مطالبہ یا مداخلت سے پہلے ہی مسلمانوں کو بجائے گائے کے بکریاں اور بھیڑیں قربانی کرنی چاہئیں۔'' [5]

ج۔ جناب حکیم اجمل خاں صاحب نے امرتسر میں بحیثیت صدر مسلم لیگ اپنے خطبہ میں ارشاد کیا کہ

''گاؤ کشی کا ذکر ہم لوگ عرصہ سے اشاروں اور استعاروں میں کرتے رہے

---

[1] ہندو مُسلم اتحاد پر کُھلا خط مہاتما گاندھی کے نام (۱۹۲۰ء) از محمد عبدالقدیر، مطبوعہ علی گڑھ ۱۹۲۵ء، ص ۱۷
[2] ایضاً: ص ۱۷
[3] ایضاً: ص ۱۷ ، بحوالہ انڈین ریویو جنوری نمبر، ص ۲۲
[4] رسالہ ترک گاؤ کشی از خواجہ حسن نظامی، مطبوعہ دتی پرنٹنگ ورکس، دہلی ۱۹۲۰ء، ص ۲۰
[5] روزانہ پیسہ اخبار لاہور، ۱۰ اگست ۱۹۲۱ء، ص ۴، کالم ۳



Marfat.com

ہیں، لیکن اب وقت آ گیا ہے کہ اس مسئلہ کا زیادہ صفائی اور زیادہ وضاحت کے ساتھ ذکر کیا جائے تا کہ ہم کسی معقول نتیجہ تک پہنچ سکیں۔ ہمارے ہندو بھائیوں نے جو طریقے گاؤکشی کے انسداد کے اختیار کئے تھے وہ بعض صورتوں میں بہت زیادہ قابل اعتراض تھے اور وہ قدرتی طور پر حصول مدعا میں ناکامیاب ثابت ہوئے۔ اب کہ ہندو اور مسلمان ایک نئے دور سے گذرے (گزرے) ہیں اور اُن کے اختلافات مٹ مٹا کر اتحاد کی صورتیں اختیار کر رہے ہیں...... ان دونوں قوموں میں وہ اسپرٹ پیدا ہوگئی ہے جو صرف گاؤکشی ہی کے مسئلہ کے لئے نہیں بلکہ بہت سے اختلافی مسائل کے حل کرنے کے لئے ایک مضبوط بنیاد کا کام دے گی......

ہمارے ہندو بھائیوں نے ایک عرصہ سے ہر جگہ اتحاد کا ہاتھ ہماری طرف بڑھانے میں پیش دستی کی ہے جس کے لئے ہم اُن کے شکر گزار ہیں...... اب ہم مسلمان بحیثیت ایک شریف قوم کے اس کا جواب سوائے (سوا) اس کے اور کچھ نہیں دے سکتے کہ زیادہ جوش اور سرگرمی کے ساتھ اپنا ہاتھ اُن کی طرف بڑھائیں...... مجھ سے اگر سوال کیا جائے کہ اس مسئلہ کی طرف عملی قدم کس طرح اٹھانا چاہئے تو میں سب سے پہلے یہ مشورہ دوں گا کہ ہندوؤں کے مقدس شہروں سے جیسے کاشی، اجودھیا، متھرا اور بندرابن ہیں اس کا آغاز کیا جائے اور ان شہروں میں جس قدر جلد ممکن ہو دوسرے جانوروں کی قربانی کو اختیار کیا جائے اور اسی کے ساتھ ساتھ دوسرے شہروں میں بھی اس کوشش کا آغاز کیا جائے۔''[1]

اس خطبہ میں حکیم صاحب نے قربانی کی مذہبی حیثیت پر بھی بحث کی ہے اور رواروی میں ایک حدیث پاک میں تحریف تک کر گئے۔ مقصد صرف یہ ثابت کرنا تھا کہ ''اسلام میں گائے کی بجائے بھیڑ کی قربانی زیادہ افضل ہے اور یہ کہ اسلامی احکام میں گائے کی قربانی کہیں بھی صراحتاً لازم نہیں ہے''۔[2]

حکیم صاحب کے پیش نظر جو ہدف تھا، اس لحاظ سے ان کی حکمت یہی تقاضا کرتی تھی کہ گائے کی قربانی ترک کرنے پر اسلامیانِ ہند کو آمادہ اور قائل کیا جائے۔ عرب میں عمومی طور پر بھیڑ

---

[1] حیات اجمل مرتبہ قاضی محمد عبد الغفار، ص ۲۱۴-۲۱۶

[2] ایضاً، ص ۲۱۵



Marfat.com

اور دُنبے کی قربانی کا چلن ہے۔ ایک عام مسلمان بھی مالی استعداد رکھتا ہو تو بکرے یا دُنبے کی قربانی کو ترجیح دیتا ہے، لیکن کم حیثیت مسلمانوں کو کم پیسے خرچ کر کے قربانی کا جو موقع مل سکتا ہے، اسے محض ہندو کی خوشنودی کے لیے ترک کرنا، سیاسی قائدین کی مصلحت تو ہو سکتا ہے، دینی احکام کے مطابق نہیں۔

ہمارے نزدیک ظلم یہ ہوا کہ ہندوؤں کی دل جوئی کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد میں تحریف تک کر ڈالی۔ حدیث شریف کے الفاظ یہ ہیں۔

"ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا رایتم ھلال ذی الحجة واراد احدکم ان یضحی فلیمسک عن شعرہ واظفارہ۔"[1]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو ذی الحجہ کا چاند دیکھے اور قربانی کا ارادہ کرے تو وہ بال کٹوانا اور ناخن تراشنا چھوڑ دے۔

اب اس میں "بالشاۃ" یعنی بھیڑ یا بکری کا اضافہ کرنے کی جسارت حکیم صاحب جیسی شخصیت کو ہرگز زیب نہ دیتا تھا، جس پر مولانا سید سلیمان اشرف تو سکتے میں آ گئے، چنانچہ انہوں نے صاحب موصوف سے بذریعہ مراسلہ نہایت نیازمندانہ طور پر سوال کیا کہ حضرت ام سلمہ سے مروی روایت کس کتاب سے آنجناب نے نقل فرمائی، ادھر سے جواب نہ ملنے پر مولانا سلیمان اشرف، حکیم صاحب کے دولت کدہ پر دہلی بہ نفس نفیس دو مرتبہ حاضر ہوئے، لیکن ملاقات کی کوشش بار آور نہ ہوئی۔ ازاں بعد سید صاحب نے بعض حضرات اہل علم جن کا حکیم صاحب کے ہاں آنا جانا تھا ان کی خدمت میں پیغام بھیجا کہ حدیث شریف میں جو غلطی ہو گئی ہے اُس کی تصحیح کی طرف حکیم صاحب کو توجہ دلائیے، لیکن سید سلیمان اشرف صاحب کی یہ کوشش بھی بے اثر رہی۔ مزید برآں مختلف مواقع پر علماء سیاسی سے بالمشافہ عرض کیا گیا کہ ترک قربانی گاؤ کی تحریک فتنۂ عظیمہ ہے۔ خدارا ہنود کی خاطر مسلمانی کا گلا نہ گھونٹئے۔ دیکھئے حدیث میں جعل و تحریف تک کی نوبت آ گئی، تین مہینے گزر گئے اور کوئی اعلان نہیں کرتا ہے کہ اصل حدیث میں لفظ شاۃ نہیں ہے، غلطی سے لکھا گیا ہے۔[2] الغرض سید صاحب کی ان کوششوں کا علماء مؤسسین اتحاد ہندو مسلم پر کوئی اثر نہ ہوا، انہوں نے اعراض کیا اور مسلسل سکوت اختیار کئے رکھا تو آپ نے مسلمانوں کو امر حق سے آگاہ

---

[1] الارشاد۔ از محمد سلیمان اشرف، مطبوعہ مطبع انسٹی ٹیوٹ علی گڑھ کالج ۱۳۳۹ھ/۱۹۲۰ء، ص ۲۶

[2] دیکھئے۔ النور از سید محمد سلیمان اشرف، مطبوعہ علی گڑھ ۱۹۲۱ء، ص ۱۸-۲۰، ۲۱۶ اور ۲۳۳



Marfat.com

کرنے کے لیے زیرِنظر کتاب ''النور'' کی تصنیف سے پہلے رسالہ ''الرَّشادؔ'' لکھا جس میں یہ واضح کیا کہ ہمارے سیاسی لیڈرانِ قوم ''ہندو مسلم اتحاد'' کے خیال کو چمکانے اور برادرانِ وطن کی دلنوازی کے لئے کن کن طریقوں سے آج سُنّتِ ابراہیمی کو مٹانے کے لئے کمربستہ ہو گئے ہیں۔ اور مسلمانوں کی سب سے بڑی جماعت آل انڈیا مسلم لیگ نے ڈاکٹر مختار احمد انصاری کی تحریک اور حکیم اجمل خاں صاحب کی سعی سے یہ رزولیوشن پاس کر دیا کہ ''ہمیں ہندوؤں کے جذبات کا خیال کر کے گائے کی قربانی یک قلم موقوف کر دینا چاہیے''۔

امر واقعہ یہ ہے کہ حدیث کی کسی ایک کتاب میں بھی شاۃ کا کہیں ذکر تک نہیں ہے۔ اس لئے ''الرَّشادؔ'' میں مولانا سید سلیمان اشرف نے مسلم شریف، ابن ماجہ، ابوداؤد، نسائی، جامع ترمذی، سنن، مسند احمد بن حنبل میں قربانی سے متعلق روایات کو یکجا کر دیا ہے۔ چنانچہ اس جانب اشارہ کرتے ہوئے ''مقامِ تحریف'' کے زیرِ عنوان فرماتے ہیں:

''مسلم شریف کی ساری روایتیں نقل کر دی گئیں اس میں ہر شخص تلاش کرے کہ بکری کہاں ہے۔'' [۲]

آگے چل کر سلیمان اشرف رقمطراز ہیں:

''کتب احادیث میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے جس قدر روایتیں بیان

---

[۱] تحریکِ خلافت و ترکِ موالات پر کام کرنے والوں کے لیے اس کا مطالعہ لازمی ہے۔ تاریخ کے اس باب کو محفوظ کرنے کے لیے یہ نایاب رسالہ مکتبہ رضویہ، لاہور نے ۱۹۸۱ء میں سید نور محمد قادری کے پیش لفظ کے ساتھ شائع کر دیا تھا۔ علامہ حکیم محمد حسین عرشی امرتسری (۱۸۹۲ء - ۱۹۸۵ء) نے ماہنامہ فیض الاسلام راولپنڈی، نومبر ۱۹۸۱ء میں الرَّشاد پر تفصیلی تبصرہ کرتے ہوئے آخر میں لکھا کہ ''مؤلف (سلیمان اشرف صاحب) اپنے مقصد میں پوری طرح کامیاب ہیں۔ ہندو ذہن آج بھی وہی ہے جو ۲۱-۱۹۲۰ء میں تھا۔ آج بھی مسلمانوں پر وہی (بلکہ زیادہ) مظالم جاری ہیں اور جاری رہیں گے جب تک کہ مسلمانانِ عالم صحیح معنی میں مسلمان بن کر اپنے حقوق اقوامِ عالم سے نہ منوالیں۔ اس رسالے کی اشاعت پورے برصغیر میں ہونی چاہیے لیکن ہندو اس کلمہ حق کو برداشت نہیں کر سکیں گے''۔

ہمارے موجودہ حکمرانوں نے کانگریسی مُلّاؤں کی ریت زندہ کرتے ہوئے، بھارتی نیتاؤں کی خوشنودی کے لیے کیا کیا پاپڑ نہیں بیلے؟ ...... کشمیر کے معاملہ میں اپنے دیرینہ جائز موقف سے مسلسل پسپائی اور اقوامِ متحدہ کی قراردادوں تک سے دست برداری کے باوجود کیا حاصل ہوا۔ اب یہ بات کوئی راز نہیں رہی کہ ہماری سرحدوں کے اندر خلفشار اور مغربی سرحدی علاقہ میں شورش برپا کرنے کے لیے ''را'' سرگرم عمل ہے اور دہشت گردی کے لیے اسلحہ بھارت سے براستہ افغانستان فراہم ہو رہا ہے۔ ڈاکٹر محمد باقر مرحوم نے سچ ہی کہا تھا ''ہمیں اس بات کا جائزہ لینا چاہیے کہ آج مشرکینِ ہند سے روابط قائم کر کے ہم کہاں کھڑے ہیں؟ (ظہور)

[۲] الرَّشاد۔ از محمد سلیمان اشرف، مطبوعہ علی گڑھ ۱۹۲۰ء، ص ۲۶



Marfat.com

فَاتَّبِعُوْنِیْ اَھْدِکُمْ سَبِیْلَ

# الرشاد

نوشتہ

فقیر محمد سلیمان اشرف

باہتمام محمد مقتدی خاں شروانی

مطبع انسٹی ٹیوٹ علی گڈھ کالج میں طبع ہوا ۱۳۳۹ھ ۱۹۲۰ء

(آدم جی پیر بھائی منزل کالج سے شایع ہوا)

---

سرورق: رسالہ "الرشاد" از پروفیسر سید محمد سلیمان اشرف، مطبوعہ علی گڑھ ۱۹۲۰ء

Marfat.com

مذہب کو چھوڑنا اور غیر مفتیٰ بہ قول کو اس اطمینان وسکون سے بیان کرنا کیا
حمایت دین ہے کیا اس سے قربانی کی اہمیت کم کر کے دکھانا مقصود نہیں ہے
حیرت افزا ستم تو یہ ہے کہ ایک حدیث حضرت ام سلمہ سے روایت کی جاتی ہے
اور اس سے یہ ثابت کیا جاتا ہے کہ عرب میں بکری کی قربانی کا رواج تھا
حدیث پوری نقل نہیں کی گئی اس لئے کہ پھر مدعا کا ثابت ہونا مشکل تھا عوام الناس
بھی کھٹک جاتے کہ یہ الفاظ حدیث نہیں خطبہ صدارت کی عبارت یہ ہے۔

**نقل کردہ حدیث کی حیثیت**

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ان رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا رایتم هلال ذی الحجة و
اراد احدکم ان یضحی بالشاة الخ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے یہ ارشاد فرمایا کہ جب تم عید الضحیٰ کا چاند دیکھو اور تم میں سے کوئی بکری کی قربانی کرنی چاہے الخ
اس حدیث سے صاف طور پر یہ معلوم ہوتا ہے کہ عرب میں علی العموم بکری کی قربانی کا رواج تھا!!

یہ حدیث جلیل بجز امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے ایک جماعت کثیر محدثین سے مروی
ہے لیکن کسی روایت میں لفظ بالشاة یعنی بکری کا نہیں پایا جاتا۔

**(۱) روایت صحیح مسلم**

امام مسلم صحیح مسلم شریف میں اسی حدیث جلیل کے لئے
ایک باب منعقد کرتے ہیں۔

باب نھی۔ مَنْ دَخَلَ عَلَيْهِ عَشْرُ ذِي الْحِجَّةِ وَهُوَ مُرِيدُ التَّضْحِيَةِ أَنْ يَأْخُذَ
مِنْ شَعْرِهِ أَوْ أَظْفَارِهِ شَيْئًا یعنی اس باب میں اس مسئلہ کا بیان ہے کہ عشرہ ذی الحجہ
جبکہ ایسے شخص کو ملے جو قربانی دینے کا ارادہ رکھتا ہے تو اسے قربانی دینے سے
قبل ناخن تراشنا اور اصلاح بنانا نہ چاہیے۔
اس میں کوئی تخصیص گائے اونٹ اور بھیڑ بکری کی نہیں صاحب قربانی یعنی



Marfat.com

کی گئی ہیں اُن سب کو میں نے جمع کر دیا...... لیکن لفظ ''بالشاۃ'' یعنی بکری جو (حکیم صاحب کے خطبۂ صدارت میں) مایۂ دلیل اور دار و مدار بر بان ہے اُس کا کہیں نام نہیں۔'' [1]

مذکورہ رسالہ میں ستر (۷۰) سے زائد ذیلی عنوانات قائم کر کے مولانا سلیمان اشرف نے عقلی اور نقلی دلائل سے حلال جانوروں (گائے سمیت) کے ذبح و قربانی کو نہایت خوش اسلوبی سے ثابت کر دکھایا ہے اور ذبح گاؤ کے خلاف ہندوؤں کے مسلمانوں پر مظالم بھی کھول کھول کر بیان کیے ہیں اور خود ہنود کی مقدس کتابوں سے ثابت کیا ہے کہ ان میں ذبح گاؤ کے خلاف کوئی حکم نہیں، بلکہ عہد قدیم میں خود ہندو ذبح گاؤ کے مرتکب ہوتے رہے ہیں۔ ''الرشاد'' ۱۳۳۹ھ/۱۹۲۰ء میں مطبع انسٹی ٹیوٹ علی گڑھ اور مطبع خادم التعلیم لاہور سے یکے بعد دیگرے طبع ہوا۔ مولانا سید سلیمان اشرف نے مسلمانانِ ہند کی راہنمائی کے لئے ''الرشاد'' کے کم و بیش تین ہزار نسخے اپنی جیب خاص سے لیڈرانِ قوم کے علاوہ مختلف شہروں اور قصبات تک میں مفت تقسیم کئے۔ یہ تالیف جہاں مولانا کی ایک اعلیٰ علمی کاوش ہے وہیں اس نازک اور پُر آشوب دور میں ہندو کے دام تزویر کے اسیر علماء کی جانب سے شعائرِ اسلام سے روگردانی کی مہم کے تار و پود بکھیرنے کے لئے اور اسلامی احکام واضح کرنے میں مددگار ثابت ہوئی۔ ان مساعی سے اس طرح ہندوستان میں مسلمانوں کا یہ دینی رکن اور عظیم شعار ذبح و قربانی گاؤ جسے اہل ہنود نے گاؤکشی کا نام دے دیا تھا، مصون و محفوظ ہو گیا اور پھر تقسیم برعظیم پاک و ہند کے زمانہ تک یہ فتنہ نہ ابھرا۔

[1] الرشاد۔ از محمد سلیمان اشرف، مطبوعہ علی گڑھ ۱۹۲۰، ص ۲۶



Marfat.com

# تکمیلِ مقدمہ

## ظہورالدین خاں امرتسری

پروفیسر سیّد محمد سلیمان اشرف علیہ الرحمہ (۱۸۷۸ء-۱۹۳۹ء) کا رسالہ "الرّشاد" جو ۱۹۲۰ء میں علی گڑھ اور لاہور سے شائع ہوا تھا، پاکستان میں پہلی بار ۱۹۸۱ء میں سیّد نور محمد قادری مرحوم (۱۳ مئی ۱۹۲۵ء تا ۱۵ نومبر ۱۹۹۶ء) کے گرانقدر "دیباچہ" کے ساتھ طبع ہوا تو قادری صاحب موصوف نے "دیباچہ" کے آخر میں یہ نوید سُنائی کہ مکتبۂ رضویہ، لاہور جناب سیّد سلیمان اشرف کی ایک اور تالیف النّور بہت جلد شائع کر رہا ہے۔ یہاں اس بات کا تذکرہ ضروری ہے کہ ۱۹۶۸ء کے لگ بھگ قاضی عبدالنبی کوکب مرحوم (م-۱۹ر جنوری ۱۹۷۸ء) بھی "النّور" کو تحریکِ پاکستان کی گم شدہ کڑیاں (یا تحریکِ پاکستان کا ایک فراموش شدہ باب) کے عنوان سے شائع کرنے کا عزم کر چکے تھے۔

"الرّشاد" چھپنے کے بعد قادری صاحب مرحوم نے "النّور" کا مقدمہ لکھنا شروع کر دیا، اس سلسلہ میں راقم حروف ۱۹۸۲ء میں ان کے دولت کدہ پر بھی حاضر ہوا جو ضلع منڈی بہاءُالدین کے ایک دور افتادہ گاؤں چک ۱۵ شمالی میں واقع ہے، یہاں پر آپ کا کتب خانہ بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ برعظیم کی تحریکوں پر قادری صاحب کی گہری نظر تھی۔ النّور کے "مقدمہ" کے زیرِ نظر صفحات قادری صاحب کی موضوع پر گرفت اور نظریہ پاکستان کے ساتھ ان کی اٹوٹ وابستگی پر دلیل ہیں۔ مگر افسوس خالق حقیقی کے بلاوے نے انہیں تکمیل کار کی مہلت نہ دی۔

"النّور" کی اشاعت[1] کی مزید تاخیر سے بچنے کے لئے حضرت مولانا حکیم محمد موسیٰ صاحب

---

[1] جناب شفیق صدیقی مرحوم کی کتاب حیات علامہ شبیر احمد عثمانی کا دوسرا ایڈیشن احقر کے بسیط مقدمہ کے ساتھ شائع ہوا جس میں "النّور" کے بعض حوالہ جات درج تھے تو مختلف اطراف سے "النّور" کا تقاضا ہونے لگا۔ چنانچہ کھلابٹ، ہری پور سے جناب ذوالحج قادری، راقم کے نام اپنے مراسلہ مورخہ ۲۴ر جولائی ۲۰۰۳ء میں لکھتے ہیں:-

"حیات شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد عثمانی" کتاب پر آپ کا تحریر کردہ مقدمہ پڑھا لاجواب و بے مثال ہے ماشاءاللہ..... آپ نے علامہ سلیمان اشرف بہاری رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب "النّور" کے حوالہ جات سے کتاب کے مقدمہ کو مزید چار چاند لگا دیئے ہیں۔ خط لکھنے کی ضرورت بھی اس لئے محسوس ہوئی ایک تو اتنی اچھی معلومات دینے پر اور دوسرے علامہ مذکور صاحب کی کتاب "النّور" کے لئے"



Marfat.com

مرتسری مرحوم ومغفور (م-۱۹۹۹ء) نے یہ رائے دی تھی کہ ''مقدمہ'' کے انہی صفحات کو قادری
صاحب کا تبرک جانیں اور کتاب شائع کر دیں۔ یہی وجہ ہے کہ مسئلہ قربانی کے علاوہ ۲۱-۱۹۲۰ء
میں پیش آنے والے دیگر مسائل جیسے تعلیم ،ہجرت اور ہندو مسلم یگانگت کی خاطر اسلامی احکام اور
اصولوں کی خلاف ورزیوں کا ذکر قادری صاحب کے ''مقدمہ'' میں نہ آ سکا۔

کاش! قادری صاحب اس مقدمہ کی تکمیل کر پاتے اور جملہ امور کا احاطہ انہی کے قلم سے ہو
جاتا ،لیکن یہ تو اب ممکن نہیں رہا۔ اب یہی راہ عمل باقی رہ جاتی ہے کہ ضروری عنوانات مثلاً تعلیم ،
ہجرت وغیرہ پر دستیاب مواد کی روشنی میں کچھ عرض کیا جائے۔ قادری صاحب مرحوم کے مقدمہ میں
کوئی پیوند لگا کر اُس کے حُسن کو گہنانے کی بجائے ''تکمیلِ مقدمہ'' کے عنوان سے راقم الحروف اپنی
سی کوشش کر رہا ہے۔ اُمید ہے قارئین محترم میری کم مائیگی اور کمزوریوں سے درگزر فرمائیں گے۔

گزشتہ صفحات میں قادری صاحب مرحوم کے قلم سے اگرچہ مسئلہ قربانی (جسے ہندو گاؤکشی
کا نام دیتا ہے) کا ذکر آ چکا۔ اس دور کا ذکر کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار
(م-۲۰۰۷ء) نے بھی اپنی تالیف ''مولانا ظفر علی خاں ،حیات ،خدمات وآثار'' میں مسٹر گاندھی کی
کتاب ''تلاش حق'' کے حوالہ سے ''گنور کھشا'' کا تذکرہ کیا ہے جیسا کہ خلافت کمیٹی کے اجلاس
دہلی منعقدہ ۲۳ر نومبر ۱۹۱۹ء کی ایک نشست کی صدارت گاندھی جی نے کی تھی۔ اس اجلاس میں
سوامی شردھانند اور کچھ اور ہندو رہنما بھی شریک تھے۔ متذکرہ اجلاس میں مسلمان لیڈروں اور علما کی
''فراخدلی'' کا ذکر کرتے ہوئے گاندھی جی ''تلاش حق'' میں لکھتے ہیں۔ ''مولانا عبدالباری صاحب
نے اپنی تقریر میں کہا: ''خواہ ہندو ہماری مدد کریں خواہ نہ کریں ،مسلمانوں کو اپنے برادرانِ وطن کے
جذبات کا لحاظ کر کے گاؤکشی ترک کر دینا چاہئے'' اور ایک زمانے میں واقعی یہ حالت تھی کہ معلوم
ہوتا تھا کہ مسلمان گاؤکشی بالکل موقوف کر دیں گے۔'' اس دور کے عینی شاہد اور تحریک پاکستان کے
ممتاز راہنما مولانا عبدالحامد بدایونی (م-۱۹۷۰ء) فرماتے ہیں:

''علی برادران اور مسلم زعماء نے ابنائے وطن کے اتحاد کی خاطر اس زمانہ میں
جو رواداریاں برتیں وہ اپنی حدود سے بھی متجاوز ہو گئی تھیں۔ لاکھوں روپیہ خرچ کر
کے گاندھی جی کی لیڈری چمکائی گئی۔ مجھے یاد ہے کہ ہمارے یہاں کے پوسٹروں کے

''مولانا ظفر علی خاں ،حیات ،خدمات وآثار'' از پروفیسر غلام حسین ذوالفقار ،ڈاکٹر۔ سنگ میل پبلی کیشنز ،لاہور۔ طبع
اول ۱۹۹۳ء ،ص ۱۶۳ ،بحوالہ ''تلاش حق'' ،جلد دوم (اردو ترجمہ) ڈاکٹر سید عابد حسین ،مطبوعہ جامعہ ملیہ دہلی ،ص ۳۰۹



Marfat.com

عنوانات اس وقت یہ تھے:

''مولانا عبدالباری کا فتوی اور گاندھی جی کا حکم'' [1]

پروفیسر محمد مسعود احمد صاحب لکھتے ہیں۔ ''۱۹۱۹ء اور ۱۹۲۰ء کے نازک دور میں مسٹر گاندھی نے نہ صرف مسلمانوں کی بلکہ مسلم علماء کی بھی قیادت کی، سب نے آنکھیں بند کر کے ان کی متابعت کی اور اس طرف سے غافل ہو گئے کہ جن مقاصد کے لئے مسٹر گاندھی کوشاں تھے وہ مسلمانوں کے مقاصد سے مختلف تھے، مگر یہ بات جوش و جذبے کے ماحول میں سمجھ میں آنے والی نہ تھی اس لئے مسٹر گاندھی نے بڑی دانائی اور حکمت سے جذبات کے دھارے کو اس سمت موڑ دیا، جو ان کی منزل کا پتا دیتی تھی، انہوں نے حصولِ مقاصد کے لئے جو ذرائع اختیار کئے وہ مسلمانوں نے نہایت تشکر و امتنان کے ساتھ قبول کئے اور یہ نہ سمجھا کہ یہ ذرائع جہاں مسٹر گاندھی کو ان کے مقاصد سے قریب تر لے جا رہے ہیں وہاں مسلمانوں کو ان کے مفادات سے دور تر لے جا رہے ہیں'' [2]۔ چنانچہ مسٹر گاندھی کے مقاصد میں سے ایک منشا و مقصد، اسلامی اسکولوں، کالجوں کے تعلیمی بائیکاٹ (Boycott، ترک موالات) کی تعمیل بھی تھی۔ اس لئے پہلے ہم مسئلہ تعلیم پر بات کریں گے اور ازاں بعد مسئلہ ہجرت پر۔

## مسئلہ تعلیم

بیسویں صدی کے آغاز میں جب مختلف حقوق کے نام پر آزادی اور تحریکِ خلافت وغیرہ کے نام سے تحریکیں چلنے لگیں تو مسلمانوں کی اجتماعی اور دینی زندگی سے متعلق کئی طرح کے مسائل پیدا ہوئے، اس وقت بعض لیڈر نما مولوی وقت کے دھارے میں بہ گئے اور انہوں نے محض سیاسی مصلحتوں کے تابع ہو کر مختلف توجیہیں کیں۔ ان مسائل میں (۱۹۲۰ء میں) مسئلہ ترک موالات سرفہرست تھا۔ فتوے جاری ہوئے کہ مسلمان اپنے بچوں کو اسلامیہ کالجوں وغیرہ میں پڑھانا چھوڑ دیں۔ زیر نظر کتاب اسی دور کی یادگار ہے، جس نے صحیح سمت میں مسلمانوں کی رہنمائی کا کام دیا۔ مذکورہ تحریک کے جذباتی اور ہنگامی دور [3] میں جمعیت العلماءِ ہند کے راہنما اور بعض دوسرے لیڈر

---

[1] خطبہ صدارت پاکستان کانفرنس، منعقدہ ۳۰ راگست ۱۹۴۱ء (بمقام رائے کوٹ ضلع لدھیانہ) از مولانا عبدالحامد قادری بدایونی، مطبوعہ نظامی پریس بدایوں، ص ۱۴

[2] مسعود احمد، پروفیسر ڈاکٹر محمد۔ تحریکِ آزادئ ہند اور السواد الاعظم، مطبوعہ لاہور، طبع اول ۱۹۷۷ء، ص ۱۱۱

[3] حاشیہ کے لیے دیکھئے صفحہ ۳۹



Marfat.com

تحریکِ ترکِ موالات کو کامیاب بنانے کی غرض سے اسلامیہ کالج علی گڑھ اور اسلامیہ کالج لاہور کو بند کرانا چاہتے تھے، لیکن صرف مسلمانوں کے نظمِ تعلیم کو تہ و بالا کرنے اور سلسلۂ تعلیم کو ملیا میٹ کروانے میں کیا راز پوشیدہ تھا۔ یہ آپ مشتاق حسین فاروقی کی زبانی سنئے۔

''ہندو لیڈران کو یہ بات نہ بھاتی تھی کہ اِکّا دُکّا مسلمان بھی کسی سرکاری عہدہ پر نظر آئے۔ مگر کچھ بس نہیں چلتا تھا، کہ جس یونیورسٹی کی بدولت مسلمان تعلیم پا کر کچھ اسامیاں پُر کر لیتے تھے، اس کو بند کرا سکیں۔ تحریک ہٰذا میں ان کو یہ موقع مل گیا اور انہوں نے انگریزی تعلیم کے بائیکاٹ پر زور دیا۔ اسکولوں اور کالجوں کے طالب علموں کو تعلیم پانے سے روکنے کی تجویز منظور کی۔ لیکن اس میں کیا راز مضمر تھا، صرف یہی کہ علی گڈھ مسلم یونیورسٹی کو توڑ دیا جائے تا کہ ہندوستان میں کوئی واحد مسلم درس گاہ باقی نہ رہے۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا اور باوجودے کہ تعلیمی بائیکاٹ کا حکم عام تھا۔ ہندو یونیورسٹی پر آنچ نہ آنے دی گئی''۔ [1]

---

(حاشیہ صفحہ ۳۸)

[3] ''روزانہ پیسہ اخبار'' (لاہور) مجریہ ۳؍ دسمبر ۱۹۲۰ء میں صفحہ اول پر 'اہالیان ترکِ موالات کے معتقدات و عملیات' کے عنوان سے ایک طویل نظم شائع ہوئی جو اسی دور کی یاد دلاتی ہے۔ چند اشعار ہدیۂ ناظرین ہیں:-

پوچھا جو تارکینِ موالات سے کہ آپ — کیوں کر بنائے ترکِ موالات اُٹھائیں گے
کہنے لگے کہ یہ کوئی مشکل عمل نہیں — باتوں ہی باتوں میں ہم اسے کر دکھائیں گے
دو چار ہندوؤں کو بنائیں گے رہنما — گاندھی کو ساتھ لے کے پھر آندھی اُٹھائیں گے
مسجد میں ہندوؤں کو بلا کر سنیں گے پند — منبر پہ دیوتا کو ہم چڑھائیں گے
چھیڑیں گے ابتدا میں خلافت کا مسئلہ — دیکھیں گے مشکلیں تو اسے بھول جائیں گے
چندہ وصول کر کے خلافت کے نام سے — یوروپ کی سیر کر کے مزے ہم اُڑائیں گے
آ کر وہاں سے ڈالیں گے ہجرت کا غلغلہ — ہر طرح پٹیاں جہلا کو پڑھائیں گے
پابندیاں طریقہ تعلیم میں جو ہیں — آزاد اس سے قوم کو اپنی بنائیں گے
ہے عام کالجوں میں جو تعلیم کا رواج — چھوڑیں گے اس کو نفع نہ کچھ اس سے پائیں گے
ڈالیں گے ترکِ درس کی اس طرح داغ بیل — شاہی مدد سے پہلے پہل ہاتھ اُٹھائیں گے
مشقِ عمل کی ہو گی علی گڈھ سے ابتدا — لے کر خدا کا نام گھر اپنا جلائیں گے
پنجاہ سالہ سعی جو ہے ''پیرِ قوم'' کی — ہم نوجوان خاک میں اس کو ملائیں گے

(حاشیہ صفحہ ختم ہذا)

[1] ''مسلمان اور کانگریس - اتحادِ مسلم و مشرک پر شریعت اسلام کا حکم مبین'' (مرتب) مشتاق حسین فاروقی، محمد۔ مطبوعہ مراد آباد سنہ ندارد، ص ۳



Marfat.com

مسلمانانِ ہند کی تعلیمی پس ماندگی کا پس منظر جاننے کے لئے بعض کانگریسی علما کے فتاویٰ پر ایک نظر ڈالنا ضروری معلوم ہوتا ہے۔ ابوالکلام آزاد کا کلام دیکھئے:

''احکامِ شرعیہ کی رُو سے کسی مسلمان طالب علم کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ کسی سرکاری یا ایسے کالج میں تعلیم حاصل کرے جو سرکار سے امداد قبول کرتا ہو اور سرکاری یونیورسٹی سے ملحق ہو''۔ [1]

مفتی محمد کفایت اللہ دہلوی نے فرمایا:

''تمام مسلمان عاقل بالغ طلبہ پر خواہ وہ قومی مدرسوں کے طالب علم ہوں یا سرکاری مدرسوں کے، فرض ہے کہ وہ ایسے مدارس سے جن کا تعلق گورنمنٹ کے ساتھ ہے علٰحدہ ہو جائیں اور اس علٰحدگی میں ان کو اپنے والدین کی اجازت لینی ضروری نہیں۔ بلکہ والدین کی ممانعت پر عمل کرنا جائز نہیں۔'' [2]

مولوی احمد سعید، ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے فتویٰ ترکِ موالات کی رو سے سرکاری ملازمت کو حرام قرار دیا اور اسکول، کالج اور یونیورسٹی کی تعلیم کے بائیکاٹ پر زور دیتے ہوئے یوں ارشاد کیا:

''...... تعلیم کو موالات سے مستثنیٰ کرنا سخت ترین حماقت ہے۔ کیونکہ سب سے بڑی معاونت دشمنانِ دین کی ملازمت ہے اور ملازمت سرکار کا اصلی سبب سکولوں اور کالجوں کی تعلیم اور یونیورسٹی کی ڈگریاں ہیں ...... مسلمان سرکاری ملازمت سے جب ہی محفوظ رہ سکتے ہیں کہ ان کو اس تعلیم سے بچا لیا جائے کہ جس کی وجہ سے ملازمت کرنے کے قابل ہوں ...... میری رائے میں مسلمانوں پر ترکِ موالات فرض ہے۔ اور ان کو اس فریضہ پر عمل کرنے کے لیے فوراً سرکاری تعلیم سے علٰحدہ ہونا قطعاً فرض ہے۔'' [3]

یہاں یہ بات ذہن نشین رہے کہ اسلامیہ کالج علی گڑھ تو شروع ہی سے (تحریک کے ابتدائی

---

[1] ''ترکِ موالات پر علمائے کرام دیوبند، سہارنپور، فرنگی محل لکھنؤ، دہلی و بدایوں وغیرہ کے فتاوٰے'' شائع کردہ شعبہ تبلیغ، پراونشل خلافت کمیٹی، صوبہ آگرہ و میرٹھ ۱۹۲۰ء۔ ص ۱۱، مشمولہ اخبار خلافت، یکم نومبر ۱۹۲۰ء
''تحریک عدم تعاون اور احکام دین مبین'' (فتاویٰ علماء کرام)، مطبوعہ مجلس خلافت پنجاب لاہور ۱۹۲۰ء ص ۱۲

[2] ترکِ موالات پر علمائے کرام دیوبند، سہارنپور، فرنگی محل لکھنؤ، دہلی و بدایوں وغیرہ کے فتاوٰے، مطبوعہ سیّد المطابع، میرٹھ ۱۹۲۰ء، ص ۱۱

[3] تحریک عدم تعاون اور احکام دین مبین (علماء کرام کے فتاویٰ)، شائع کردہ مجلس خلافت پنجاب لاہور ۱۹۲۰ء، ص ۱۱-۱۲



Marfat.com

ں میں مسلم یونیورسٹی محض کالج تھی لیکن دسمبر ۱۹۲۰ء میں مکمل یونیورسٹی بن گئی )۔مولوی محمود حسن احب اور ان کے ہم نوا علما کی نظر میں بری طرح سے کھٹکتا تھا اور ان کی دلی خواہش تھی کہ کسی رح اس تعلیمی مرکز کو ڈھا دیا جائے۔ آخر تحریکِ ترکِ موالات کے دوران انہیں یہ موقع میسر گیا تو انہوں نے اسلامیہ کالج علی گڑھ اور اسلامیہ کالج لاہور کو نیست و نابود کرنے کے لئے اپنی رینہ خواہش کا یوں اظہار فرمایا:

"علی گڑھ کی ابتدائی حالت میں علماء متدینین نے علی العموم اس قسم کی تعلیم سے (جو از سرتا پا گورنمنٹ کے رنگ میں رنگی ہوئی ہے ) روکا مگر بدقسمتی کہ وہ رُک نہ سکی۔ اب جب کہ اس کے ثمرات و نتائج آنکھوں سے دیکھ لئے تو قوم کو اُس سے بچانا بادبداہتہ ایک ضروری امر ہے طلبہ کے والدین دیکھ بھال کر اور سمجھانے پر بھی اُسی تعلیم پر زور دیں اور مذہبی تعلیم سے مانع ہوں تو طلبہ کو ضروری ہے کہ لوجہ اللہ تعلیم مذہبی اور اسلام کی خدمت گزاری کے لیے سعی کریں۔"[1]

نیز مولانا محمود حسن نے صفر ۱۳۳۹ھ/ اکتوبر ۱۹۲۰ء میں مسلم کالج علی گڑھ کے طلبہ کے والات کا جواب دیتے ہوئے فرمایا:

"...... امید ہے کہ میری معروضات سے آپ کو اپنے سوالات کا جواب مل جائے گا۔ اور علی گڑھ کالج کی عمارتوں اور کتب خانہ کی حفاظت کے ساتھ ساتھ یہ خیال بھی آپ کے دل کو دستک دے گا کہ قسطنطنیہ، شام، فلسطین اور عراق کی قیمت سے ان چیزوں کی قیمت کو کیا نسبت ہے۔"[2]

چنانچہ پروفیسر انوار الحسن صاحب شیرکوٹی کے بقول ...... طلبہ میں حضرت شیخ الہند کے فتویٰ سے بہت جوش پیدا ہوا اور اکثر لڑکوں نے یونیورسٹی کا بائیکاٹ کر دیا"[3]۔ گویا گاندھی جی کے مرتب کردہ پروگرام ترکِ موالات پر عمل درآمد شروع ہو چکا تھا۔ مولانا حسین احمد "نقشِ حیات" میں

---

[1] ترکِ موالات پر علمائے کرام دیوبند، سہارنپور، فرنگی محل لکھنؤ، دہلی و بدایوں وغیرہ کے فتاوے، مطبوعہ میرٹھ ۱۹۲۰ء، ص ۴، مشمولہ "تحریکاتِ ملی تحریکات کے آئینے میں مسلمانانِ پاک و ہند کی سیاسی جدوجہد کی سرگزشت"۔ مجلہ علم و آگہی (خصوصی شمارہ ۸۳-۱۹۸۲ء) کراچی، گورنمنٹ نیشنل کالج، ص ۴۳۶

[2] شیخ الہند مولانا محمود حسنؒ دیوبندی۔ ایک سیاسی مطالعہ مؤلفہ ابوسلمان شاہجہانپوری، ڈاکٹر۔ مجلس یادگار شیخ الاسلام، کراچی طبع دوم۔ ۱۹۹۴ء، ص ۹۰، مشمولہ "حضرت شیخ الہند کے فتوے"

[3] انوار الحسن شیرکوٹی، پروفیسر محمد۔ "خطباتِ عثمانی" مطبوعہ لاہور ۱۹۷۲ء۔ حاشیہ ص ۳۸



Marfat.com

لکھتے ہیں: ''مہاتما گاندھی کی رائے قبولیت عامہ حاصل کر چکی تھی۔ حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ سے ترکِ موالات کے متعلق طلباء (طلبہ) یونیورسٹی نے فتویٰ حاصل کر لیا تھا جس میں حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے ترک موالات کی تمام دفعات میں کانگریس کی موافقت کی تھی اور تمام مسلمانوں اور طلباء مسلم یونیورسٹی کو زوردار مشورہ دیا تھا کہ وہ اس پر عمل کریں۔'' [1]

یاد رہے کہ ''ڈاکٹر ضیاء الدین جو اس زمانے کے وائس چانسلر تھے انہوں نے کچھ عرصے کے لئے یونیورسٹی بند کر دی۔ اس اثناء میں طلبہ کے والدین کو وائس چانسلر کی طرف سے خطوط موصول ہوئے کہ اگر آپ کا لڑکا یونیورسٹی میں آ کر تعلیم حاصل کرنا چاہے اور اسٹرائک میں حصہ نہ لے تو آ جائے ورنہ نہیں۔ چنانچہ پھر دوبارہ یونیورسٹی کھل گئی۔'' [2]

سید نور محمد قادری مرحوم رقمطراز ہیں:

''مولانا محمود حسن کے فتاوے، ابوالکلام اور مولانا محمد علی کی تقریریں اور خطبات آخر میں رنگ لائے۔ ڈاکٹر انصاری اور مولانا محمد علی جوہر کی زیر سرکردگی ''مجاہدین'' کی ایک عظیم فوج نے علی گڑھ کالج پر ہلّہ بول دیا۔ خدا بھلا کرے مولانا حبیبُ الرحمٰن خان شروانی، مولانا سید سلیمان اشرف اور ڈاکٹر سر ضیاء الدین مرحوم کا کہ ان کی بلند ہمتی اور مساعیٔ عظیم سے کالج مکمل شکست و ریخت سے بچ گیا۔'' [3]

اس پس منظر اور تناظر میں جناب محمد علی چراغ لکھتے ہیں:

''تحریکِ ترکِ موالات کے دور میں ڈاکٹر ضیاء الدین احمد، علی گڑھ یونیورسٹی کے وائس چانسلر تھے۔ اس تحریک کے حوالے سے مولانا محمد علی جوہر نے ڈاکٹر ضیاءُ الدّین احمد سے ملاقات کی اور اساتذہ اور طلبہ علی گڑھ یونیورسٹی کو ترکِ موالات اور کانگرس میں شامل ہونے کا مشورہ دیا اور حکومت کی امداد بند کرانے کی رائے دی۔ ''لیکن اس موقع پر ڈاکٹر محمد ضیاء الدین احمد نے مولانا محمد علی جوہر اور ان کے رفقاء کو حضرت مولانا احمد رضا خاں کے فتوے کی ایک کاپی دکھائی اور کہا کہ اس فتوے کی موجودگی میں ہم یونیورسٹی اور طلبہ و اساتذہ کے بارے میں یہ اقدام کیسے کر سکتے

---

1. حسین احمد مدنی، مولانا۔ ''نقشِ حیات'' جلد دوم۔ بیت التوحید، کراچی س۔ ن، ص ۲۷۳
2. محمد انوار الحسن شیرکوٹی (مرتب) خطباتِ عثمانی۔ نذر سنز، لاہور۔ طبع اوّل ۱۹۷۲ء۔ حاشیہ ص ۳۸
3. نور محمد قادری، سید۔ ''اعلیٰ حضرت بریلوی کی سیاسی بصیرت'' مطبوعہ لاہور ۱۹۷۵ء، ص ۲۲



Marfat.com

ہیں۔اگر آپ اس فتوے کے جواب میں کوئی مدلل بیان پیش کردیں تو ہم آپ کے اشارہ (ارشاد) کی تعمیل کے لئے تیار ہیں ورنہ معذور ہیں''۔ لیکن اس فتوے کا جواب ممکن نہ ہو سکا (ممکن نہ ہوا)۔اس طرح ایک مختصر عرصہ کے لئے مسلمانوں کی جذباتی رو کے باعث علی گڑھ یونیورسٹی مقفل رہی لیکن مجموعی طور علی گڑھ یونیورسٹی متحدہ قومیت اور ترکِ موالات کے سیلاب کی زد میں آنے سے محفوظ رہی اور ڈاکٹر محمد ضیاء الدین احمد ایک مردِ آہن کی طرح اپنے راست موقف پر ڈٹے رہے۔'' ؎۲

آگے بڑھنے سے پہلے ضروری ہے کہ مذکورہ دور کے ہندو اور مسلم تعلیمی تناسب کا ذکر کردیا جائے۔سید سلیمان اشرف رقمطراز ہیں:

''ہندوستان میں جس قدر کالج یا اسکول سرکاری ہیں اگرچہ نام و تنخواہ کا اُن کا تعلق سرکار سے ہے لیکن دراصل اُن کا فیض ہندوؤں کے لئے مخصوص ہو گیا ہے، اختیارات وغیرہ کہیں بلاواسطہ اور کہیں بواسطہ چوں کہ ہندوؤں ہی کے ہاتھوں میں ہیں اس لئے تمتعات بھی اسی قوم کے حصے میں ہیں۔ سارے ہندوستان میں مسلمانوں کے صرف تین کالج ہیں علی گڑھ، لاہور اور پشاور۔

اس وقت ہندوستان میں مجموعی تعداد کالجوں کی ایک سو پچیس (۱۲۵) ہے تین مسلمانوں کے اور ایک سو بائیس (۱۲۲) ہندوؤں کے ان میں سے اگر سرکاری کالجوں کو جن کی تعداد کل چونتیس (۳۴) ہے الگ کر لیجئے جب بھی اٹھاسی (۸۸) کالج خاص ہندوؤں کے رہ جاتے ہیں ان میں بائیس (۲۲) کالج ایسے ہیں جس (جن) میں گورنمنٹ کی امداد قطعاً شامل نہیں اور چھیاسٹھ (۶۶) ایسے کالج ہیں جن

---

؎۱ یہاں یہ بات سامنے رہنا چاہئے کہ پروفیسر انوار الحسن صاحب نے ''خطباتِ عثمانی'' میں جہاں شیخ الہند کے مذکورہ بالا فتوے کی ناکامی کا اقرار دبے لفظوں میں کیا ہے وہاں پروفیسر موصوف پر یہ حقیقت بھی آشکارا ہوئی جو اس وقت جمعیت العلماءِ ہند کے لیڈروں پر منکشف نہ ہو پائی تھی۔ چنانچہ پروفیسر صاحب خطبات کے صفحہ ۲۱، ۲۲ پر رقمطراز ہیں کہ

''مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کو بند کرنے اس کا بائیکاٹ کرنے کے لئے مولانا محمد علی جوہر نے زور لگایا، لیکن خدا بھلا کرے ڈاکٹر ضیاء الدین مرحوم کا کہ انہوں نے مسلم یونیورسٹی کو سنبھالے رکھا۔ بنارس یونیورسٹی جس کے کرتا دھرتا پنڈت مدن موہن مالوی (مالویہ) تھے انہوں نے کسی کو اپنے پاس پھٹکنے نہ دیا۔ ان میں ہندو ذہنیت کام کر رہی تھی۔''

؎۲ محمد علی چراغ۔ ''اکابرین تحریک پاکستان''۔ سنگ میل پبلی کیشنز، لاہور۔ طبع اول ۱۹۹۰ء، ص ۲۶۱



Marfat.com

میں گورنمنٹ کی امداد جاری ہے تین اور اٹھاسی کی نسبت ذرا (زرا) غور سے ملاحظہ کیجئے۔ پھر تعلیم کے ملیامیٹ کردینے کا فیصلہ کیجئے۔ سارے کالجوں میں مجموعی تعداد ہندوستانی طلبہ کی چھیالیس ہزار چار سو سینتیس (۴۶۴۳۷) ہے جن میں سے مسلمان طلبہ چار ہزار آٹھ سو پچھتر (۴۸۷۵) ہیں، ہندو طلبہ کی تعداد اکتالیس ہزار پانچ سو باسٹھ (۴۱۵۶۲) ہے۔

کہا جاتا ہے کہ ہندو چوبیس (۲۴) کروڑ اور مسلمان سات کروڑ ہیں اس تناسب سے جب کہ مسلمانوں کے تین کالج تھے ہندوؤں کے بارہ ہوتے۔

مسلمان طلبہ کی تعداد کالجوں میں چار ہزار تھی۔ تو ہندو سولہ ہزار ہوتے لیکن جب کہ واقعہ نمونۂ عبرت پیش کر رہا ہو تو سلسلہ تعلیم کو تہ و بالا کرنے میں کس کا نقصان ہے۔

جس قوم کی تعلیمی حالت یہ ہو کہ سات کروڑ میں سے صرف چار ہزار مشغول تعلیم ہوں اُس قوم کا یہ ادّعا اور ہنگامہ کہ اب ہمیں تعلیم کی حاجت نہیں اگر خبط وسودا نہیں تو اور کیا ہے۔'' [1]

''النُور'' کے مصنف نے مندرجہ بالا اقتباسات میں اُس دور کے مسلمانانِ ہند کا تعلیمی میدان میں پس ماندگی کا نقشہ جن الفاظ میں کھینچا ہے، اس سے واضح ہوتا ہے کہ متحدہ ہندوستان میں مسلمان جو خود تعلیمی لحاظ سے اس قدر پس ماندہ تھے تو ایسے میں انہیں تعلیم کی مشعل سے اپنے راستے کو منور کرنا چاہئے تھا یا نہیں؟ لیکن علی گڑھ سے ناکامی کے بعد تحریک ترک موالات کے قائدین نے اب لاہور کا رخ کیا۔ یہاں نشانہ 'اسلامیہ کالج' تھا۔ پروفیسر محمد صدیق تحریر فرماتے ہیں کہ یہ دور اسلامیہ کالج کی تاریخ کا نہایت نازک اور آزمائش کا دور تھا۔ کیونکہ اس تحریک کے پروگرام میں (جیسا کہ ابتدا میں ذکر آچکا) نہ صرف انگریزی ملازمتوں سے علٰحدگی بلکہ یونیورسٹی سے ملحق تعلیمی درس گاہوں سے بھی مقاطعہ پر زور دیا گیا تھا اور سرکاری امداد قبول نہ کرنا بھی اس کی ایک شق تھی۔

چنانچہ ۱۹/اکتوبر ۱۹۲۰ء کو لاہور میں بصدارت مولانا عبدالقادر قصوری، صدر خلافت کمیٹی پنجاب ایک بہت بڑا جلسہ ہوا، جس میں مولانا ابوالکلام آزاد، مولانا محمد علی جوہر، مولانا شوکت علی، گاندھی جی، سوامی ست دیو، ڈاکٹر سیف الدین کچلو، آغا صفدر، پنڈت رام بھجدت، لالہ دُونی

---

[1] سلیمان اشرف، سید محمد۔ ''النور'' مطبوعہ مطبع مسلم یونیورسٹی انسٹی ٹیوٹ علی گڑھ ۱۳۳۹ھ/۱۹۲۱ء، ص ۱۹۶-۱۹۷



Marfat.com

چند، شریمتی سرلا دیوی، مولانا سید داؤد غزنوی، ڈاکٹر محمد عالم، ملک لعل خاں اور مولوی غلام محی الدین قصوری نے شرکت کی اور تحریکِ ترکِ موالات کے حق میں تقریریں کیں۔ انہوں نے اپنی تقریروں میں اس بات پر زور دیا کہ تمام طلبہ کو اسلامیہ کالج سے تعلق توڑ لینا چاہئے یا پھر کالج کو یونیورسٹی سے الحاق توڑ کر گورنمنٹ کی تیس ہزار روپیہ سالانہ گرانٹ سے دست کش ہو جانا چاہئے۔[1] مذکورہ اجلاس میں جو تقاریر ہوئیں ان کا خلاصہ درج ذیل ہے۔

سوامی ست دیو ایم۔اے نے اپنی طویل تقریر کو ان الفاظ پر ختم کیا:

''پنجاب کے لوگو میں تم سے ہاتھ جوڑ کر کہتا ہوں کہ ترکِ موالات کا کام پنجاب سے شروع کرو۔''[2]

مولانا محمد علی جوہر نے اپنے پُر جوش خطاب میں کہا:

''...... کبھی وقت تھا کہ تم تعلیم کی طرف آتے بھی نہ تھے اور آج ایسے محبِ تعلیم بن رہے ہو کہ خدا اور رسول کو بھی اس کی خاطر قربان کرنے کو تیار ہو۔ یہ وہ شرک ہے جس کے بدلے میں تمہارا ٹھکانا دوزخ ہے۔''[3]

تقریر کے آخر میں مولانا نے یوں اپیل کی:

''ہم بیرسٹروں، وکیلوں، کونسل کے سُورماؤں، کالج کے ٹرسٹیوں کو کہتے ہیں کہ وہ تمام اپنی اپنی مصروفیتیں چھوڑ دیں۔ مؤکلین، وکیلوں کو چھوڑ دیں۔ رائے دہندگان کونسلوں کے امیدواروں کو چھوڑ دیں، طلبہ کالج و سکول چھوڑ دیں۔''[4]

مولانا ابوالکلام آزاد نے جلسۂ عام کو خطاب کرتے ہوئے کہا:

''میں بحیثیت ایک مسلمان ہونے کے جسے خدا کے فضل سے شریعتِ اسلامی کی کچھ بصیرت دی گئی ہے، کہتا ہوں کہ ایک مسلمان پر حُبِ وطن کے لحاظ سے،

---

[1] پروفیسر مولوی حاکم علی رحمہ اللہ۔ از پروفیسر محمد صدیق۔ مکتبہ رضویہ، لاہور۔ طبع اول ۱۹۸۳ء، ص ۷۹

[2] روزنامہ ''زمیندار'' لاہور، ۲۱ر اکتوبر ۱۹۲۰ء۔ ص ۴، کالم ۱

[3] تحریکاتِ ملی۔ ''مجلہ علم و آگہی'' (۱۹۸۲-۸۳ء) کراچی، گورنمنٹ نیشنل کالج، مشمولہ مضمون ''تعلیم اور ترکِ موالات'' از ڈاکٹر ابو سلمان شاہجہان پوری، ص ۳۷ بحوالہ تقاریرِ مولانا محمد علی، حصہ اول، میرٹھ، قومی دارالاشاعت، ۱۹۲۱ء، ص ۴۴

[4] روزنامہ ''زمیندار'' لاہور، ۲۱ر اکتوبر ۱۹۲۰ء۔ ص ۲، کالم ۲



Marfat.com

کے ساتھ کی جارہی ہے۔ مذکور نے ۲۰ ر اکتوبر ۱۹۲۰ء کی جنرل کونسل کی کمیٹی میں تشریف لاکر اطلاق یہ کر دیا کہ جب تک اسلامیہ کالج لاہور کی سرکاری امداد بند نہ کی جائے اور یونیورسٹی سے اس کا قطع الحاق نہ کیا جاوے (جائے) تب تک انگریزوں سے ترکِ موالات نہیں ہوسکتی اور اسلامیہ کالج کے لڑکوں کو فتوی دے دیا کہ اگر ایسا نہ ہو تو کالج چھوڑ دو، لہٰذا اس طرح سے کالج میں بے چینی پھیلا دی کہ پھر پڑھائی کا سخت نقصان ہونا شروع ہوگیا۔ علامہ مذکور کا یہ فتوی غلط ہے، یونیورسٹی کے ساتھ الحاق قائم رہنے سے اور امداد لینے سے معاملت قائم رہتی ہے نہ کہ موالات جس کے معنی محبت کے ہیں نہ کہ کام کے، جو کہ معاملت کے معنی ہیں۔ مذکور کی اس زبردستی سے اسلامیہ کالج تباہ ہو رہے ہیں (رہا ہے)۔ مذکور، مولوی محمود الحسن صاحب (اصلی نام محمود حسن ہے)، مولوی عبدالحی صاحب تو دیوبندی خیالات کے ہیں زبردستی فتوے اپنے مدعا کے مطابق دیتے ہیں لہٰذا میں فتوے دیتا ہوں کہ یونیورسٹی کے ساتھ الحاق اور امداد لینا جائز ہے۔ میرے فتوے کی تصحیح ان اصحاب سے کرائیں جو دیوبندی نہیں مثلاً مؤید ملت طاہرہ حضرت مولانا مولوی شاہ احمد رضا خاں قادری صاحب بریلوی علاقہ روہیلکھنڈ اور مولوی اشرف علی صاحب تھانوی ممالک مغربی وشمالی۔''[1]

اس فتویٰ کو مع ایک خط کے جو درج ذیل ہے مولانا احمد رضا خاں صاحب کی تصدیق وتصحیح کے لئے روانہ کیا:

''... مؤید ملت طاہرہ مولانا وبالفضل اولٰنا جناب شاہ احمد رضا خاں صاحب دام ظلہم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

پشت ہٰذا پر کا فتویٰ مطالعہ گرامی کے لیے ارسال کر کے التجا کرتا ہوں کہ دوسری نقل کی پشت پر اس کی تصحیح فرما کر احقر نیاز مند کے نام بواپسی ڈاک اگر ممکن ہو سکے (ممکن ہو) یا کم از کم دوسرے روز بھیج دیں۔ انجمن حمایت اسلام کی جنرل کونسل کا

---

[1] احمد رضا خاں، امام۔ المحجۃ المؤتمنۃ فی آیۃ الممتحنۃ (۱۳۳۹ھ)، شائع کردہ جماعت رضائے مصطفیٰ بریلی۔ بار اول ۱۹۲۰، ص ۲



Marfat.com

مسلمانو! بغور سنو اور انصاف غور و انصاف سے ایک نگاہ دیکھو پھر تمہارا ایمان جو بتائے

بحمدہ تعالیٰ

# حالات دائرہ پر دو ضروری فتوے

پہلا فتویٰ دربارۂ معاملت مجردکہ سوا مرتد ہر کافر سے جائز

دوسرا فتوے مسمّے بنام تاریخی

# المحجة المؤتمنة في آية الممتحنة ۱۳۳۹ھ

جس میں دونوں پر آیۂ کریمہ سورۂ ممتحنہ کا نہایت نفیس و جلیل بیان اور اس فتوے کے سوالات میں تحقیق اور اس بارے میں ائمہ حنفیہ کا مسلک اور یہ کہ موالات مطلقاً کسی کافر سے جائز نہیں اور یہ کہ وداد و اتحاد ہنود کو مسلمانوں کا جانا اور اونکو بے استعانت اور اونہیں معاد و حلیف بنانا اور اونکو مساجد میں لیجانا خصوصاً واعظ بنانا یہ سب حرام قطعی ہیں مسئلہ استعانت کی وہ تحقیق جلیل کہ اسی فتوے کا خاصہ ہے نیز ترک تعاون و امداد مدارس پر اجمالی کلام بحث

ازافادات

مجدد مأۃ حاضرہ مؤید ملت طاہرہ اعلیحضرت عظیم البرکۃ امام اہلسنت شیخ الاسلام والمسلمین طال بقاہم

(باہتمام مولوی حسنین رضا خاں صاحب)

مطبع حسنی بریلی میں چھپا اور جماعت مبارکہ رضائے مصطفےٰ نے اپنے صرف سے شائع کیا

بار اول ... ماجد

قیمت ۱۲/

سرورق: رسالہ المحجۃ المؤتمنۃ مصنفہ امام احمد رضا مطبوعہ بریلی ۱۹۲۱ء

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

نحمدہٗ ونصلی علٰی رسولہ الکریم ؕ

## مسئلہ مرسلہ مولوی حاکم علی صاحب بی۔اے حنفی نقشبندی مجددی پروفیسر سائنس اسلامیہ کالج لاہور ۱۴ صفر سنہ ۱۳۳۹ھ

اللہ تعالےٰ نے ہمیں کافروں اور یہود و نصاریٰ کیساتھ تولی سے منع فرمایا ہے مگر ابوالکلام زبردستی تولی کے معنی معاملت اور ترک موالات کو ترک معاملت "نان کوآپریشن" قرار دیتے ہیں اور یہ صریح زبردستی ہے جو اللہ تعالےٰ کے کلام پاک کے ساتھ کی جارہی ہے مذکور نے ۲۰۔ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء کی جنرل کونسل کی کمیٹی میں تشریف لاکر اطلاق یہ کردیا کہ جبتک اسلامیہ کالج لاہور کی سرکاری امداد بند نہ کیجائے اور یونیورسٹی سے اسکا قطع الحاق نہ کیا جاوے تب تک انگریزوں سے ترک موالات نہیں ہوسکتی اور اسلامیہ کالج کے لڑکوں کو فتویٰ دیدیا کہ اگر ایسا نہو تو کالج چھوڑدو لہذا اسطرح سے کالج میں بھینی پھیلادی کہ پھر پڑھائی کا سخت نقصان ہونا شروع ہوگیا علامہ مذکور کا یہ فتوےٰ غلط ہے یونیورسٹی کے ساتھ الحاق قائم رہنے سے اور امداد لینے سے معاملت قائم رہتی ہے نہ کہ موالات جسکے معنی محبت ہیں نہ کہ کام کے جو کہ معاملت کے معنی ہیں مذکور کی اس زبردستی سے اسلامیہ کالج تباہ ہورہے ہیں مذکور۔ مولوی محمود الحسن صاحب۔ مولوی عبدالحی صاحب تو دیوبندی خیالات کے ہیں زبردستی فتوے اپنے مدعا کے مطابق دیتے ہیں لہذا میں فتوےٰ دیتا ہوں کہ یونیورسٹی کے ساتھ الحاق اور امداد لینا جائز ہے میرے فتوےٰ کی تصحیح اون اصحاب سے کرائیں جو دیوبندی نہیں مثلاً مؤید ملت طاہرہ حضرت مولانا مولوی شاہ احمد رضا خاں قادری صاحب بریلوی علاقہ روہیلکھنڈ۔ اور مولوی اشرف علی صاحب تھانوی ممالک مغربی و شمالی

رسالہ "المحجۃ المؤتمنۃ" کا صفحہ ۲ (مولوی حاکم علی کے تاریخی مرسلہ کا متن)

اجلاس بروز اتوار بتاریخ ۳۱/ اکتوبر ۱۹۲۰ء کو منعقد ہونا ہے۔ اُس میں یہ پیش کرنا ہے (کہ) دیو بندیوں اور نیچریوں نے مسلمانوں کو تباہ کرنے میں کوئی تامل نہیں کیا ہے، ہندوؤں اور گاندھی کے ساتھ موالات قائم کر لی ہے اور مسلمانوں کے کام میں روز ھا (رُوڑا) اٹکانے کی ٹھان لی ہے۔ للہ عالِم حنفیہ کو ان کے ہاتھوں سے بچائیں اور عنداللہ ماجور ہوویں (ہوں)۔"

نیاز مند دعا گوے

حاکم علی، بی۔اے، موتی بازار لاہور

۲۵/ اکتوبر ۱۹۲۰ء" [1]

امام احمد رضا نے اس فتویٰ کی تصدیق فرمائی اور لکھا کہ ایسی امداد جو مشروط نہ ہو جائز ہے۔ نیز آپ نے مستند دینی حوالوں سے فتویٰ دیا اور مسلمانوں کو اجازت دی کہ وہ اپنے دین کی حفاظت کرتے ہوئے اسلامیہ کالج میں تعلیم جاری رکھیں اور سرکاری ملازمتیں بھی کرتے رہیں، اس فتویٰ کو انجمن حمایت اسلام کی جنرل کونسل میں پیش کیا گیا۔ مولانا احمد رضا کے فتویٰ سے یہ عظیم درس گاہ اغیار کے دست بُرد سے ہمیشہ کے لئے محفوظ ہو گئی اور سرکاری ملازمتوں پر مامور مسلمان بے روزگار ہونے سے محفوظ رہے اور مسلمانوں کے تعلیمی ادارے تباہ ہونے سے بچ گئے۔ بعد میں مسلم یونیورسٹی اور اسلامیہ کالج کے نونہالوں نے تحریک پاکستان میں بھرپور حصہ لیا۔ کیونکہ بقول محمد علی چراغ ...... "ڈاکٹر ضیاء الدین احمد نے اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خاں بریلوی کی قیادت میں قائداعظم کے موقف کی تائید کرتے ہوئے مسلم یونیورسٹی کو ندوۃ العلماء، دیوبند اور جامعہ ملّیہ کی طرح متحدہ قومیت کی سازش سے بچا کر مسلم لیگ اور قائداعظم کی حمایت کے لئے یونیورسٹی کے اساتذہ اور طلبہ کا رجحان جداگانہ مسلم قومیت (دوقومی نظریہ) کی طرف کر کے تحریکِ پاکستان پر مرکوز کیا۔" [2]

مسئلہ تعلیم کے بعد مسئلۂ ہجرت پر اظہارِ خیال سے پہلے ہم اس امر کا تذکرہ ضروری سمجھتے ہیں کہ بعض قلم کار تحریکِ ترکِ موالات کے مضر اثرات پر کھل کر کچھ کہنے سے کتراتے ہیں۔ شاید ان کے پیشِ نظر، یہ مصلحت رہتی ہو کہ کچھ "بڑے لوگ" اس تحریک کی حمایت کی غلطی میں

---

[1] المحجۃ المؤتمنۃ فی آیۃ الممتحنۃ۔ از امام احمد رضا، مطبوعہ مطبع حسنی بریلی ۱۹۲۰ء، ص ۲

[2] اکابرین تحریک پاکستان، مطبوعہ لاہور ۱۹۹۰ء، ص ۶۱ تا ۶۲



Marfat.com

نمایاں نظر آتے ہیں۔

تحریکِ خلافت اور ہندو کانگریس میں بیک وقت شامل رکن رکین، چودھری خلیق الزماں مرحوم (۱۸۸۹ء-۱۹۷۳ء) نے اپنی ضخیم تصنیف "شاہراہِ پاکستان" میں ان کوششوں کا ذکر تو کہیں نہیں کیا، جن سے مسلم قومیت کو فروغ ملا (جس کا ذکر اوپر آ چکا) البتہ فاضل مصنف نے خاص سوچ کے زیرِ اثر جہاں حامیانِ دینِ متین کو اپنی تنقید کا نشانہ بنایا ہے وہیں تحریکِ خلافت کے خاتمہ کے دس بارہ برس بعد (یعنی ۱۹۳۱-۳۲ء) تک کے عرصہ کو انہوں نے بھیانک دور سے تشبیہ دیتے ہوئے اس دوران میں کسی تنظیم کی بصیرت تلاش کرنے کو "بے معنی" قرار دیا ہے۔ ایسا بودا استدلال کم از کم ایک وقائع نویس کو زیب نہیں دیتا۔

ظاہر ہے ایسی تحریروں سے عام قاری کوئی واضح نتیجہ اخذ نہیں کر سکتا اور نہ ہی کما حقہ، ان مساعی سے باخبر ہو سکتا ہے جن کی بدولت اِس پُرفتن دور میں مسٹر گاندھی اور ان کے رفقاء کی فریب کاری سے مسلمانانِ ہند کو آگاہی ہوئی اور بعد ازاں یہی شعور تحریکِ پاکستان کے جذبہ صادقہ میں ڈھل کر نتیجہ خیز بنا۔

جیسا کہ اوپر عرض کیا گیا کہ بعض وقائع نگار محض ذاتی وجوہ کی بنا پر تاریخ (تحریکِ خلافت و ترکِ موالات کے اس پُر آشوب دور) کو صحیح رنگ میں پیش نہیں کرتے۔ چنانچہ سید سلیمان ندوی (۱۸۸۴ء-۱۹۵۳ء) نے "یادِ رفتگاں" میں مولانا سید سلیمان اشرف کی تصانیف شمار کراتے وقت عمداً "النور" اور "الرشاد" کا ذکر تک نہیں کیا[1] ہے کیونکہ مولانا ندوی مرحوم کا تب اپنا رجحان اغلباً ان تحریکوں کی جانب تھا۔ ندوہ کے فاضل بزرگ محمد فضل قدیر ظفر ندوی (۱۸۹۸ء-۱۹۸۱ء) جو خود بھی مذکورہ تحریکوں میں شامل رہے ہیں، نے اپنے ایک انٹرویو میں جہاں مسلمانوں کی جانب سے ترکِ موالات کے دوران گاندھی جی کو دیے جانے والے متعدد خطاب والقاب کا ذکر کیا ہے وہاں یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ مدرسہ دیوبند کی طرح ندوہ (اس وقت اگرچہ سیّد سلیمان ندوی ندوۃ العلماء کے ناظم تھے) نے بھی گاندھی گردی روکنے اور اس پُر آشوب دور میں ملیّ تشخص اجاگر کرنے کے لئے کچھ نہیں کیا۔ چنانچہ ظفر ندوی مرحوم نے مذکورہ انٹرویو میں تحریک کے دنوں میں دارالعلوم (ندوۃ العلماء لکھنؤ) میں مسٹر گاندھی کی آمد کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے کہ ترکِ موالات کے زمانہ میں "عوام کا بھولا پن تو تھا ہی، لیکن تعجب ہے کہ خواص، جو اندر سے باہر سے قطعی مجسم کھدر بن

---

[1] دیکھئے۔ سلیمان ندوی، سیّد: "یادِ رفتگان"، مجلس نشریاتِ اسلام کراچی ۱۹۸۳ء، ص ۱۹۱



Marfat.com

گئے ۔وہ بھی قومی تخصص سے تہی دامن ہو گئے۔''[1] انا للہ ......

بہرکیف مسئلۂ ترکِ موالات کی ماہیت سمجھنے اور تحریک کے اس باب پر کام کرنے والوں کے لئے پیش نظر کتاب کے علاوہ تاریخی رسالہ المحجۃ المؤتمنۃ فی آیۃ الممتحنۃ (۱۳۳۹ھ) کا مطالعہ لازمی ہے۔ یہ پورا رسالہ محقق سید رئیس احمد جعفری ندوی نے اپنی کتاب ''اوراق گم گشتہ'' مطبوعہ لاہور ۱۹۶۸ء میں شامل کر دیا ہے۔

## مسئلۂ ہجرت

سنہ ۱۹۲۰ء میں ہندوستانی مسلمانوں کی ہجرت افغانستان کے حوالہ سے پروفیسر ڈاکٹر معین الدین عقیل نے اپنے مضمون (تحریک ہجرت) میں لکھا ہے کہ

''ہندوستان میں اسلام کے محفوظ رہنے یا نہ رہنے کا مسئلہ ہمیشہ علماء کے پیش نظر اس وقت سے اہمیت کا حامل رہا ہے جب سے کہ شاہ عبدالعزیز (۱۷۴۶ء-۱۸۲۳ء) نے انگریزوں کے ماتحت ہندوستان کے دارالحرب ہونے کے بارے میں اپنا مشہور فتویٰ جاری کیا تھا۔ ان کے خیال میں جب کافر کسی اسلامی ملک پر قابض ہو جائیں اور اس ملک کے مسلمانوں کے لئے یہ ممکن نہ رہے کہ وہ ان کو اس سے باہر نکال سکیں یا ان کو باہر نکالنے کی کوئی امید نہ رہے اور کافروں کی طاقت میں یہاں تک اضافہ ہو جائے کہ وہ اپنی مرضی سے اسلامی قوانین کو جائز یا ناجائز قرار دیں اور کوئی انسان اتنا طاقتور نہ ہو جو کافروں کی مرضی کے بغیر ملک کی مال گزاری پر قبضہ کر سکے اور مسلمان باشندے اس امن و امان سے زندگی بسر نہ کر سکیں جیسا کہ وہ پہلے کرتے تھے تو یہ ملک سیاسی اعتبار سے دارالحرب ہو جائے گا ...... یہ اس دور کے حالات میں ایک عالمانہ نقطۂ نظر تھا جس نے ان لوگوں کے شعور کو بیدار کیا تھا جو غیر اسلامی قوانین کو رائج کرنے والے غیر

---

[1] انٹرویو فضل قدیر ظفر ندوی مجھ۔ از مقبول جہانگیر، مشمولہ ماہنامہ ''سیارہ ڈائجسٹ'' لاہور، نومبر ۱۹۷۷ء

نوٹ: بحوالہ انٹرویو میں فضل قدیر ندوی نے جمعیۃ العلماء ہند کے جلسۂ عام بتاریخ ۱۴ رجب ۱۳۳۹ھ/۲۴ مارچ ۱۹۲۱ء منعقدہ بریلی کا ذکر کیا ہے جو ابوالکلام آزاد کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں پروفیسر سید سلیمان اشرف نے ابوالکلام آزاد سے مسئلہ ترکِ موالات، ذبیحہ گاؤ پر پابندی اور کانگریس سے الحاق و اتحاد کے موضوع پر مکمل کر اپنے موقف کا اظہار فرمایا۔ اجلاس کی کارروائی اور سید صاحب کی جلسۂ عام میں کی جانے والی تقریر کا متن اسی دور میں ''روداد مناظرہ'' کے نام سے قادری پریس بریلی میں چھپ کر جماعت رضائے مصطفےٰ کی جانب سے شائع ہو گیا تھا، یہ اہم دستاویز ۱۹۸۰ء اور ۱۹۹۶ء میں مکتبۂ رضویہ لاہور نے ''ابوالکلام آزاد کی تاریخی شکست'' کے عنوان سے شائع کر دی۔ (ظہور)



Marfat.com

مسلموں کے ماتحت رہنے پر مجبور کر دیئے گئے تھے۔" [1]

یہاں اس بات کا بھی دھیان رہے کہ جس کی جانب ڈاکٹر عقیل صاحب نے (محولہ مضمون میں) آگے چل کر قارئین کی توجہ مبذول کروائی ہے۔ جیسا کہ موصوف لکھتے ہیں:

"انگریزی عہد میں ہندوستان کے دارالحرب یا دارالاسلام ہونے کا مسئلہ[2] علماء میں اختلافِ رائے کا مظہر رہا ہے۔ دارالحرب کے مسئلہ کا حل زیادہ تر جہاد یا ہجرت میں تلاش کیا گیا ہے...... شاہ عبدالعزیز نے اگر انگریزوں کے ماتحت ہندوستان کے دارالحرب ہونے کے بارے میں اپنا فیصلہ دیا تو اس کا مطلب یہ تھا کہ ہندو مرہٹوں کے ماتحت ہندوستان کو دارالاسلام ہی کی حیثیت حاصل تھی۔" [3]

ہندوستانی مسلمانوں نے ۱۹۲۰ء میں ہجرت کی تحریک عین اس وقت شروع کی جب تحریکِ خلافت اپنے عروج پر تھی۔ یہ تحریک ان کے شدید جذباتی ہیجان کا نتیجہ تھی اور اس کے پسِ پشت یہ احساس موجزن تھا کہ برطانیہ کے ماتحت ہندوستان میں اسلام محفوظ نہیں ہے۔ چنانچہ اس جذباتی کیفیت کے پیشِ نظر بعض مسلمان علما کے ساتھ ہندوؤں نے بھی یہ کہنا شروع کر دیا کہ ہندوستان چونکہ ایک طرح کے دارالحرب کا درجہ اختیار کر چکا (حالانکہ درحقیقت ایسا نہیں تھا) ہے، اس لئے موجودہ حالات میں مسلمانوں پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ انہیں اب ہندوستان چھوڑ کر اسلامی ملک افغانستان چلے جانا چاہئے۔ اس ضمن میں علما نے فتوے جاری کئے۔ تحریکِ ترکِ موالات کے

---

[1] تحریکاتِ ملی، مجلہ علم و آگہی، کراچی (۸۳-۱۹۸۲ء) مرتبین ابو سلمان شاہجہانپوری، ڈاکٹر۔ انصار زاہد، پروفیسر ڈاکٹر۔ فصیح الدین، ڈاکٹر مشمولہ مضمون بعنوان "تحریک ہجرت" از معین الدین عقیل، ڈاکٹر۔ ص ۱۹۸ و ۱۹۹

[2] "بعض علمائے محققین کی اس میں یہ تحقیق ہے کہ ہندوستان من کل الوجوہ نہ دارالحرب ہے نہ دارالاسلام بلکہ بین بین ہے ......" (اشرف علی تھانوی، مولانا۔ "تحذیر الاخوان عن الربوٰا فی الہندوستان"۔ اشرف المطابع تھانہ بھون، سنہ ندارد، حاشیہ ص ۹) و نیز شیخ الہند محمود حسن صاحب سے مسٹر برن نامی ایک انگریز نے ہندوستان کی نسبت دریافت کیا" کہ ہندوستان دارالحرب ہے یا دارالاسلام؟ مولانا نے فرمایا کہ علماء نے اس میں آپس میں اختلاف کیا ہے۔ اس نے کہا کہ آپ کی کیا رائے ہے؟ مولانا نے فرمایا: میرے نزدیک دونوں صحیح کہتے ہیں، اس نے تعجب سے کہا: یہ کیوں کر ہو سکتا ہے؟ مولانا نے فرمایا کہ دارالحرب دو معنوں میں استعمال کیا جاتا ہے، اور حقیقت میں یہ دونوں اس کے درجات ہیں جن کے احکام جدا جدا ہیں۔ ایک معنی کی حیثیت سے اس کو دارالحرب کہہ سکتے ہیں اور دوسرے کے اعتبار سے نہیں کہہ سکتے۔" (مدنی، مولوی حسین احمد۔ "سفرنامۂ شیخ الہند"، مطبوعہ مکتبہ محمودیہ، لاہور ۱۹۷۴ء۔ ص ۱۶۶)

[3] "تحریکاتِ ملی، تحریکات کے آئینے میں مسلمانانِ پاک و ہند کی سیاسی جدوجہد کی سرگزشت"۔ مجلہ علم و آگہی کراچی (خصوصی شمارہ ۸۳-۱۹۸۲ء) ص ۱۹۹-۲۰۰، مشمولہ معین الدین عقیل، ڈاکٹر۔ مضمون "تحریکِ ہجرت"



Marfat.com

کارکن جناب ظہیر الاسلام فاروقی اپنی تصنیف ''مقصدِ پاکستان'' میں تحریک ہجرت کے باب میں لکھتے ہیں کہ یہ ایک دینی، سیاسی تحریک تھی جو تحریک عدم تعاون یا تحریکِ ترک موالات ہی کی ایک شاخ تھی، فاروقی صاحب نے مسئلۂ ہجرت کے بارے میں مولانا ابوالکلام آزاد کے ''مشہور و معروف فتویٰ'' کا متن بھی نقل کیا ہے جو درج ذیل ہے:

''تمام دلائل شرعیہ، حالات حاضرہ، مصالح اُمت اور مقتضیات پر نظر ڈالنے کے بعد میں پوری بصیرت کے ساتھ اس اعتقاد پر مطمئن ہوگیا ہوں کہ مسلمانانِ ہند کے لئے بجز ہجرت اور کوئی چارۂ شرعی نہیں۔ اُن تمام مسلمانوں کے لئے جو (اس وقت) ہندوستان میں سب سے زیادہ (بڑا) اسلامی عمل انجام دینا چاہیں ضروری ہے کہ وہ ہندوستان سے ہجرت کر جائیں۔ اور جو لوگ یکایک ہجرت نہیں کر سکتے وہ مستعد مہاجرین کی خدمت و اعانت اس طرح انجام دیں گویا وہ خود ہجرت کر رہے ہیں۔ یعنی اصل عمل جواب (شرعاً) درپیش ہے، ہجرت ہے۔ اس کے سوا کوئی نہیں۔'' [1]

مزید لکھتے ہیں:

''اس قسم کا فتویٰ مولانا عبدالباری فرنگی محل کی طرف سے بھی شائع ہوا اور علی برادران نے پورے جوش و خروش سے اس کی تائید کی۔'' [2]

مسٹر ایم۔ کے گاندھی، جو تحریک خلافت کے آغاز ہی میں اس میں شامل ہو گئے تھے، تحریک ہجرت کے حامی تھے اور انہوں نے کبھی منظر عام پر اس کی مخالفت نہیں کی۔ ہندوؤں کے لئے ترکِ موالات کی طرح تحریکِ ہجرت مفید اور سیاسی طور پر اہم تھی، لیکن مسلمانوں [3] کے لئے نہایت

---

۱ ظہیر الاسلام فاروقی۔ ''مقصدِ پاکستان'' مجلس اخوۃ اسلامیہ پاکستان، لاہور ۱۹۸۱ء، ص ۱۷۹ بحوالہ مہر، غلام رسول۔ ''تبرکاتِ آزاد'' ص ۲۰۳-۲۰۴

۲ ظہیر الاسلام فاروقی۔ ''مقصدِ پاکستان'' لاہور، طبع اول ۱۹۸۱ء، ص ۱۷۹ بحوالہ خلیق الزماں، چودھری۔ ''تو میشن تھیوری'' ص ۵۶۸

۳ ''بعض مصنفین، جیسے راجپوت، اے بی ''Muslim League, Yesterday and to day'' (لاہور، ۱۹۴۸ء) ص ۳۲ اور برگس، ایف ایس (Briggs, F.S.) ''The Indian hijrat of 1920'' مشمولہ ''The muslim world'' اپریل ۱۹۳۰ء ص ۱۶۴، یہ سمجھتے تھے کہ تحریکِ ہجرت کے محرک دراصل مسٹر گاندھی تھے۔'' اس تحریک میں گاندھی صاحب نے مسلمانوں کی پیٹھ ٹھونکی تھی۔ اگر مسلمان جا کر واپس نہ آتے تو کم از کم اتنا فائدہ تو ہوتا کہ ان کی آبادی کم ہو جاتی۔'' مولوی فیروز الدین ''داستانِ پاکستان'' (لاہور، ۱۹۴۵ء) ص ۳۰۰'' بحوالہ تحریکاتِ ملی۔ مجلہ علم و آگہی، کراچی (۸۳-۱۹۸۲ء) مشمولہ ڈاکٹر معین الدین عقیل بعنوان ''تحریکِ ہجرت'' حاشیہ ص ۲۱۸



Marfat.com

مضر تھی، کیونکہ اس تحریک کی اسلامی جذباتی تاویل کے باعث سادہ لوگ مسلمان ہجرت کر کے افغانستان جانے لگے۔ ایسے مسلمان مہاجرین نے اونے پونے اپنی املاک ہندو بنیوں کے ہاتھ فروخت کیں اور وہ دشوار گزار راہوں سے ہوتے ہوئے افغانستان پہنچنے لگے۔ کئی مسلمان اپنی نوکریاں، ملازمتیں اور کاروبار بھی چھوڑ گئے، جن پر بالآخر ہندو قوم قابض ہوگئی۔ تحریکِ ہجرت، جسے اپنے حالات کے تقاضوں میں بہر حال ناکام ہونا تھا، صرف چند ماہ کے عرصہ میں اپنے اختتام کو پہنچ گئی۔ چنانچہ روزنامہ پیسہ اخبار (لاہور مورخہ ۸/اپریل ۱۹۲۱ء) نے ''معاملہ ہجرت میں صریح ناکامی'' کے عنوان سے اداریہ میں لکھا، جس کا اقتباس حسب ذیل ہے:

'' خلافت کمیٹی کے علم برداروں نے سب سے پہلے ہجرت کا ڈنکہ بجایا۔ ہزاروں سادہ لوح لیکن ایمان کے پکّے مسلمانوں نے اپنی جائیدادیں (جائدادیں) فروخت کیں، عورتوں کو طلاق دیئے (دیں)، چھوٹے چھوٹے بال بچوں کو بلکتا چھوڑا، بہتوں کی جانیں پشاور اور کابل کے (کی) سڑک پر تلف ہوگئیں[1]۔ بعض منزل مقصود پر پہنچ کر جاں بحق ہوئے۔ بعض واپسی پر راہ میں تباہ ہوئے۔ اکثر کا روپیہ پیسہ لوٹا گیا، جو بچ کر واپس آئے ان میں سے اکثر گداگری کرنے پر مجبور ہوئے۔ اس طرح خلافت کمیٹی نے ہزاروں کلمہ گو مسلمانوں کی شہادت اور بربادی کا ثواب وصول کیا۔

لیا عقل و دیں سے نہ کچھ کام انہوں نے
کیا دین برحق کو بدنام انہوں نے''

پروفیسر سید سلیمان اشرف نے بھی پیش نظر کتاب میں ''علمائے سیاسی کا ہجرت کے متعلق تباہ کن فتویٰ'' کے زیرِ عنوان انہی خیالات کا اظہار کرتے ہوئے رقم کیا:

''ایک نفیر عام ہجرت کی پکار دی گئی اس بانگ بے ہنگام نے سرحدی علاقے اور خطۂ سندھ میں بہت زیادہ اثر کیا، ہزاروں گھر تباہ ہو گئے، ہزاروں عورتیں بے

---

[1] ''ان میں سے ایک خاصی تعداد راستہ ہی میں مختلف امراض اور دیگر وجوہات کے نتیجہ میں جاں بحق بھی ہوئی۔ صوبۂ سرحد سے کابل تک جانے والے راستہ کے اطراف مہاجرین کی قبریں بن گئی تھیں ـــ ''The Times'' ۳۰/نومبر ۱۹۲۰ء، بحوالہ ایضاً۔ ایک عینی شاہد کے مطابق درۂ خیبر قبروں سے اٹا پڑا تھا ـــ رشبروک ولیم، تصنیف مذکور، ص ۱۹'' (بحوالہ ابوسلمان شاہجہانپوری، ڈاکٹر و دیگر (مرتبین) تحریکاتِ ملّی۔ گورنمنٹ نیشنل کالج کراچی کے مجلّہ ''علم و آگہی'' کی ۸۳-۱۹۸۲ء کی خصوصی اشاعت (مقالہ ''تحریکِ ہجرت'' از ڈاکٹر معین الدین عقیل) ص ۲۲۶ و حاشیہ ص ایضاً



Marfat.com

سرپرست رہ گئیں، ہزاروں بچے سایۂ پدری سے محروم کر دیئے گئے، گاؤں کے گاؤں مسلمانوں نے آگ لگا کر خاکستر کر دیئے لاکھوں کی جائدادیں کوڑیوں کے مول ہندوؤں کے ہاتھوں بیچ دی گئیں۔ تقریباً ایک لاکھ مسلمان اپنے دیار و وطن املاک و جائداد سے دست بردار ہو کر نکل کھڑے ہوئے۔" ۲

سلسلۂ کلام جاری رکھتے ہوئے سید صاحب فرماتے ہیں:

"جہاد اور ہجرت ان دونوں اہم و اعظم مسئلوں کو جس طرح اس دور کے علماء سیاسی نے تباہ کیا ہے، تاریخ اسلام اس کی نظیر پیش کرنے سے عاجز ہے، مسلمانانِ ہند کا جو نقصان اس مدلس و کاذب فتوے نویسی سے ہوا دیکھئے اس کی اصلاح کیوں کر ہوتی ہے اور کتنا زمانہ چاہتی ہے۔" ۳

مندرجہ بالا اقتباس میں پروفیسر سید سلیمان اشرف مرحوم نے جہاں مذکورہ ہولناک صورتِ حال کی جانب توجہ مبذول کروائی تھی وہاں ڈاکٹر معین الدین عقیل صاحب نے تحریکِ ہجرت میں مسلمانوں کی ہجرت افغانستان کے اثرات کے بارے میں لکھا کہ "اس تحریک کے داعیوں نے غیر شعوری طور پر ہندوستانی مسلمانوں کو مزید ابتلا میں ڈال دیا۔ اس تحریک سے مسلمانوں کی ایک بہت بڑی تعداد متاثر ہوئی۔" ۴

مذکورہ بالا خطرات کے پیشِ نظر اور برعظیم پاک و ہند کے مسلمانوں کو سیاسی خودکشی سے بچانے کے لئے حضرت احمد رضا خاں بریلوی نے اسلامیانِ ہند کو بروقت آگاہ کیا۔ جناب محمد علی چراغ لکھتے ہیں۔ "اس نازک صورتِ حال میں مولانا احمد رضا خاں بریلوی نے مسلمانوں کی کئی غلط فہمیوں کا ازالہ کیا اور انہیں صحیح اسلامی نقطۂ نظر سے کسی ملک کے دارالحرب ہونے کے بارے میں وقیع اور اہم معلومات فراہم کیں۔" ان کے خیال میں غیر منقسم ہندوستان میں مسلمانوں کا پورا پورا حق تھا۔ انہوں

---

۱ تاریخ کی بعض کتب میں افغانستان ہجرت کرنے والوں کی تعداد اٹھارہ ہزار (۱۸۰۰۰) رقم ہے جو درست نہیں۔ ضیاء الدین احمد برنی "حیاتِ مولانا محمد علی جوہر" مطبوعہ اردو اکیڈمی سندھ کراچی (صفحہ ۱۸۸) میں لکھتے ہیں۔ "صحیح تعداد ہجرت کرنے والوں کی معلوم نہیں ہو سکی لیکن ۵۰ ہزار اور ۱۲ لاکھ کے درمیان ضرور تھی۔ اس پر علیحدہ باب میں بحث کی گئی ہے"

۲ محمد سلیمان اشرف، پروفیسر۔ "النور" مطبوعہ مطبع مسلم یونیورسٹی انسٹی ٹیوٹ علی گڑھ ۱۳۳۹ھ/۱۹۲۱ء، ص ۴۴

۳ محمد سلیمان اشرف، پروفیسر۔ "النور" علی گڑھ۔ اشاعت اول ۱۹۲۱ء، ص ۴۵

۴ ابوسلمان شاہجہانپوری، ڈاکٹر... (مرتبین) تحریکاتِ ملی۔ گورنمنٹ نیشنل کالج کراچی کے مجلہ "علم و آگہی" کا ۱۹۸۲-۸۳ء کا خصوصی شمارہ (مقالہ "تحریک ہجرت" از ڈاکٹر معین الدین عقیل) ص ۲۲۵



Marfat.com

نے ایک ہزار سال سے زیادہ کامیاب حکومت کی تھی۔'' مولانا احمد رضا خاں بریلوی، مسلمانوں کے اس حق سے دستبردار ہونے کے حق میں نہیں تھے۔ اپنے اس موقف کی تائید کے لئے مولانا احمد رضا خاں نے ایک رسالہ ''اعلام الاعلام'' (اعلام الأعلام بانّ ہندوستان دار الاسلام: ۱۳۰۶ھ) بھی لکھا تھا اور یہ واضح کیا تھا کہ ہندوستان ''دار الحرب'' نہیں ہے بلکہ ''دار السلام'' (دار الاسلام) کا درجہ رکھتا ہے۔ اس رسالہ کی جو روح ہے اس سے مترشح ہوتا ہے کہ مولانا احمد رضا خاں ہندوستان پر انگریزوں کے قبضے کو غاصبانہ سمجھتے تھے اور مسلمانوں کو یہ حق دیتے تھے کہ وہ بقدرِ استطاعت ملک کی آزادی کے لئے کوشش کریں۔ ملک کو دراصل دار الحرب قرار دے کر ترکِ موالات (ترکِ وطن) کر جانا ایک طرح کا کمزور احتجاجی عمل تھا اور اس طرح ترکِ موالات کر جانے سے مسلمان عملاً اپنے حق سے دست بردار ہو جاتے تھے۔ ایسی صورتِ احوال ہندو لیڈروں اور کانگرس کے لئے زیادہ سود مند تھی۔ وہ اس طرح حکمران انگریزوں سے کسی طرح کی سودے بازی کر سکتے تھے۔''[1]

پیش نظر کتاب ''النور'' کے مطالعہ سے یقیناً اس دور کی تمام تحریکوں...... خلافت و ترکِ موالات اور ہجرت کا خاکہ سامنے آجاتا ہے۔ ان تحاریک پر بہت کم لکھا گیا ہے۔ خصوصاً ہجرتِ افغانستان کے حوالہ سے تاریخ کی عام کتب میں چند سطور ہی ملتی ہیں۔ تاہم ۱۹۸۶ء میں ''تحریکِ ہجرت (۱۹۲۰ء) ایک تاریخ - ایک تجزیہ'' شرح وسط کے ساتھ اغلباً پہلی کتاب شائع ہوئی جو جناب راجا رشید محمود کی تالیف ہے، جس کے مطالعہ سے جہاں ہجرت کے مقدس نام پر ترکِ وطن کی ترغیب دینے والے سارے کردار سامنے آجاتے ہیں وہاں ان تحریکوں پر جذبات کی شدت اور مذہبی غلو نے جو پردے اب تک ڈال رکھے تھے، بھی سرکتے دکھائی دیتے ہیں۔ آج کا بیدار مورخ تو یقیناً جادۂ مستقیم پر گامزن رہنے والی بلند پایہ ہستیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرے گا اور ان کوششوں کی تحسین کرے گا، جن کی بدولت مسلمانوں کو نقصان پہنچانے اور اسلام کو ہند بدر کرنے کی سازشیں ناکام ہوئیں۔ پروفیسر محمد اسلم، سابق صدر شعبۂ تاریخ پنجاب یونیورسٹی، لاہور لکھتے ہیں:

''تحریکِ ہجرت کے دوران میں ہجرت کا فتویٰ بڑا نامعقول تھا۔ ہندو تو یہی چاہتے تھے کہ مسلمان اس ملک کو ہندوؤں کے حوالے کر کے عرب چلے جائیں۔ میں سچا پکا دیوبندی ہونے کے باوجود کھلے دل کے ساتھ اس حقیقت کا اعتراف کرتا ہوں کہ اس موقع پر مولانا احمد رضا خاں نے بڑی سمجھ بوجھ کا مظاہرہ کیا اور مسلمانوں کو ہجرت اور عدم تعاون سے باز رکھا۔ انہوں نے حاکم علی پرنسپل اسلامیہ کالج لاہور

[1] محمد علی چراغ۔ اکابرین تحریکِ پاکستان۔ سنگ میل پبلی کیشنز لاہور ۱۹۹۰ء، ص ۲۹۰-۲۹۱



Marfat.com

کے استفسار پر بڑے واشگاف الفاظ میں ان کے خط کے جواب میں تحریر فرمایا تھا کہ

ترک موالات اور عدم تعاون کے باوجود انگریزوں سے مدارس کے لئے سرکاری گرانٹ لینے میں کوئی قباحت نہیں ہے۔ انگریز یہ رقم انگلستان سے لا کر ہمارے سکولوں اور کالجوں کو نہیں دیتے۔ بلکہ ہم سے ہی وصول کردہ ٹیکسوں میں سے گرانٹ دیتے ہیں لہٰذا یہ ہماری ہی رقم ہے، جو ہمیں دی جا رہی ہے۔ یہ ان کا ہم پر کوئی احسان نہیں ہے۔ یہ ہمارا حق ہے جو ہمیں مل رہا ہے۔'' [1]

یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ حضرت مولانا احمد رضا خاں صاحب کی طرح قائداعظم نے بھی ...ورہ تحریکوں کی مخالفت کی تھی۔ چنانچہ میاں عبدالرشید نے جو غیر جانبدار مورخ ہیں (روزنامہ نوائے ...ت لاہور، ۸ مئی ۱۹۷۵ء میں) ''برطانوی دور میں برعظیم پاک و بھارت کی مسلم سیاست'' کے زیر ...وان تبصرہ کرتے ہوئے علمائے اہلسنت کی دوراندیشی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے لکھا ہے کہ

'' ...... قائداعظم کی طرح انہوں نے بھی ترک موالات اور تحریکِ ہجرت کی مخالفت کی۔ یہ ملک ہمارے بزرگوں نے اپنا خون دے کر حاصل کیا تھا۔ ہم کیوں یہاں سے ہجرت کریں''۔ ان میں سے ایک نے کہا اور بعد میں حالات نے ثابت کیا کہ ان کا موقف درست تھا۔ تحریک ترک موالات اور ہجرت سے مسلمانوں کو

---

[1] محمد اسلم، پروفیسر۔ ''تحریک پاکستان''۔ ریاض برادرز، لاہور۔ طبع اول ۱۹۹۵ء، ص ۲۰۵-۲۰۶

[2] اس سلسلہ میں عصرِ حاضر سے مثالیں دی جا سکتی ہیں کہ دارالحرب کا تصور کس قدر غیر اسلامی اور سیاسی بصیرت ...ے عاری تھا۔ فلسطین پر صیہونیوں کے قبضہ کے بعد فلسطینیوں سے ان کے گھر بار بھی چھینے گئے اور فلسطین سے ...نہیں دھکیلا گیا، لیکن انہوں نے ہجرت کا سہارا لینے کی بجائے بندوق بدست ہو کر فلسطین کی مقدس زمین کو آزاد کرانے کے لئے جدوجہد جاری کر رکھی ہے۔

افغانستان پر جس طرح امریکہ اور اس کے اتحادیوں نے جارحیت کر کے افغانیوں کو مقہور و مجبور کر کے غلام بنانے کی کوشش کی ہے مگر انہوں نے ہجرت کرنے کی بجائے جہاد کا رستہ اختیار کیا ہے۔ اور اب ہمارے سامنے مقدس عراق کی مثال ہے کہ جس بہیمیت اور جارحیت سے سرزمین عراق پر قبضہ کیا گیا اور جس قدر ان کی تذلیل ہو سکتی تھی وہ بھی کی جا رہی ہے، لیکن انہوں نے ہجرت کر کے، ترک موالات کرنے کی بجائے جہاد اور فدائین کا رستہ اختیار کیا ہے اور نتیجہ ظاہر ہے کہ ویت نام سے امریکہ کو فرار اختیار کرنے کے لئے راستہ مل گیا تھا، مگر عراق کی سرزمین سے ہزیمت کے ساتھ بھاگنے کا کوئی راستہ نہیں ہے اور فلسطین پر قابض یہودیوں اور امریکیوں کا مقدر اہل عراق نے مخدوش کر کے رکھ دیا ہے۔ متحدہ ہندوستان میں ترک موالات کے نجیر علماء، اور عراقی فدائین کے تقابل سے علامہ اقبال کے اس شعر سے بخوبی پتہ چلتا ہے کہ وہ (موالاتی علماء) مسلمان کی موت سے کس قدر خائف تھے۔

کافر کی موت سے بھی لرزتا ہو جس کا دل
کہتا ہے کون اسے کہ مسلماں کی موت مر!



Marfat.com

سراسر نقصان پہنچا اور ملکی سیاست پر ہندوؤں کی گرفت مضبوط ہوئی۔"

الغرض یہ تحریک ہجرت ہماری ملی تاریخ کے ایک ہنگامی اور جذباتی دور کا ایک سبق آموز واقعہ ہے جس کی تہ تک پہنچے بغیر ہم اس دور کی صحیح صورت حال سے آگاہ نہیں ہو سکتے۔ پروفیسر ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار صاحب کا خیال ہے کہ تحریک ہجرت کے بارے میں اکثر مصنفین کے ہاں ابھی تک کچھ کنفیوژن پایا جاتا ہے اس لئے موصوف فرماتے ہیں۔"اس ہجرت کے آغاز و انجام پر روشنی ڈالنا اور اس کی حقیقت تک پہنچنا ازبس ضروری ہے۔" [1]

## اسلامی احکام اور اصولوں کی خلاف ورزی

مولانا سید سلیمان اشرف نے اپنی تصانیف خصوصاً زیر نظر کتاب میں خلافت کی اہمیت کو شرح و بسط کے ساتھ بیان کیا ہے۔ مسئلہ خلافت کے ساتھ تمام مسلمانوں کو ہمدردی تھی۔ مولانا موصوف اسی موقف پر گامزن تھے، انہوں نے خلافت کی تائید وحمایت صراحت کے ساتھ کی تھی، لیکن ان کو تشویش اس بات پر تھی کہ تحریکِ خلافت کے دوران کانگریس، ہندو مسلم اتحاد کی تخم ریزی نہایت خطرناک طریقے سے کر رہی تھی۔ تحریکِ خلافت میں شامل کانگریسی عناصر یہ منصوبے رکھتے تھے کہ خلافت کے ادارہ کو قائم رکھنے کے جوش میں بھرے ہوئے مسلمانوں کو ہلاکت کی ایسی وادیوں میں پھینک دیا جائے کہ ان کی قوت اور سنگت ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے۔ ترکِ موالات کی اگلی صفوں میں بھی مسلمانوں کو لانے کی کوشش کی جا رہی تھی۔ بقول ڈاکٹر ابو سلمان شاہجہانپوری، ترکِ موالات ۱۹۲۰ء کا سب سے اہم ملی مسئلہ تھا۔ نان کوآپریشن کے عنوان سے مولانا سید سلیمان اشرف نے ترکِ موالات پر پیش نظر کتاب میں تفصیل سے روشنی ڈالی ہے، جس سے مسئلہ ترکِ موالات کی ماہیت سمجھ میں آجاتی ہے۔ بقول سید محمد فاروق القادری:

"برصغیر کی تاریخ میں تحریک خلافت اور ترکِ موالات کو اچھی طرح جاننا اور سمجھنا اس دور میں اور بھی ضروری ہو گیا ہے کہ بعد میں قیام پاکستان اس کے اسباب اور عوامل کی ساری عمارت انہی تحریکوں کے فہم وادراک پر استوار ہوئی ہے۔" [2]

تحریک خلافت مسلمانوں کے لئے خالصتاً مذہبی تحریک تھی، کیونکہ وہ ترکی "خلافتِ عثمانیہ"

---

[1] دیکھیے۔"تحریک ہجرت ۱۹۲۰، پس منظر و پیش منظر" مولفہ پروفیسر ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار۔ بزم اقبال، لاہور۔ طبع اوّل ۱۹۹۷، ص ۳-۴

[2] ماہنامہ کنزالایمان لاہور، نومبر ۱۹۹۴ء۔ تحریکِ خلافت وترکِ موالات نمبر، ص ۱۶



Marfat.com

کو قائم و دائم دیکھنا چاہتے تھے۔ تحریک خلافت بڑے نیک اور پاکیزہ مقاصد لے کر اٹھی، ان مقاصد میں سلطنت ترکی کی بحالی کے علاوہ مقامات مقدسہ و مآثر شریفہ کی حفاظت بھی شامل تھے۔ ان مقاصد کا تعلق براہ راست مسلمانوں سے تھا۔ برعظیم کی دوسری اقوام کو مذکورہ مقاصد سے کوئی سروکار نہ تھا۔ اس طرح مسٹر گاندھی کو ترکی خلافت اور ترکی سلطنت سے کیا ہمدردی ہو سکتی تھی۔ تحریک خلافت تحریک ترک موالات کی اساس تھی تحریک ترک موالات کے دوران میں گاندھی جی کی جانب سے تحریک خلافت کی جس انداز میں حمایت کی گئی، مسلمانوں نے سمجھا کہ گاندھی جی اسلام کے اس ستون کی حمایت کر رہے ہیں حالانکہ ایسا نہیں تھا، جو شخص اسلام ہی کا مخالف ہو وہ خلافت تحریک کی حمایت کیسے کرے گا؟ خلافت کے تحفظ اور عدم تحفظ سے ان کا کوئی تعلق نہیں تھا۔ اگر ہم یہاں ڈاکٹر ظہیر علی صدیقی صاحب کی کتاب ''مولانا محمد علیؒ اور جنگِ آزادی'' سے ایک اقتباس نقل کرتے چلیں تو یہ حقیقت عیاں ہو جائے گی کہ تحریک ترک موالات کو ۱۹۲۰ء میں مسٹر گاندھی نے اپنے سیاسی اغراض و مقاصد کے تحت شروع کیا تھا۔ چنانچہ جناب صدیقی رقم طراز ہیں:

> ''۱۹۲۰ء میں ناگپور میں کانگریس کا اجلاس ہوا۔ اس کے لئے مولانا شوکت علی کے کہنے پر مسودہ گاندھی جی نے ریل میں مرتب کیا تھا۔ لیکن خلافت کانفرنس میں ترکِ موالات کی تجویز منظور ہو چکی تھی۔ جواہرلال نہرو نے لکھا ہے:
>
> ''۱۹۲۰ء میں سیاسی تحریک اور خلافت کی تحریک نے ساتھ ساتھ قوت پکڑی۔ دونوں ایک ہی راستے پر چلنے لگیں۔ آخر جب کانگریس نے گاندھی جی کا ترکِ موالات کا پُرامن اصول تسلیم کر لیا، تو دونوں بالکل مل گئیں۔ خلافت کمیٹی پہلے ہی یہ اصول تسلیم کر چکی تھی۔'' [۱]

آگے جانے سے پہلے میاں عبدالرشید کی رائے ملاحظہ ہو، لکھتے ہیں:

> ''پاک و ہند کے مسلمانوں کی جدوجہد آزادی کو پوری طرح سمجھنے کے لئے مسٹر گاندھی کو سمجھنا ضروری ہے۔ شروع میں مسٹر گاندھی، کانگریس میں صفِ دوم کے لیڈر شمار ہوتے تھے، مگر انہوں نے مسلمانوں کی خالص اسلامی تحریک خلافت میں شامل ہو کر اسے اس طرح استعمال کیا کہ یہاں کے صفِ اول کے لیڈر بن گئے

---

۱ ظہیر علی صدیقی، ڈاکٹر۔ مولانا محمد علیؒ اور جنگ آزادی، سندھ ساگر اکادمی، لاہور ۱۹۹۹ء، ص ۹۸-۹۹



Marfat.com

اور جب تک زندہ رہے یہاں کی سیاست پر چھائے رہے...... تحریک خلافت بنیادی لحاظ سے پان اسلامزم کے حق میں تھی اس لئے اصولاً نیشنلزم کے خلاف تھی، مگر گاندھی جی نے بڑی چابکدستی سے اسے یہاں کے مسلمانوں میں نیشنلزم پھیلانے کے لئے استعمال کیا۔ دوسرے انہوں نے اس تحریک کے ذریعہ اگر چہ بظاہر ہندو مسلم اتحاد کا نعرہ لگایا، لیکن بباطن اس اتحاد کو پارہ پارہ کیا کیونکہ اس تحریک سے پہلے اگر چہ کانگریس میں مسلمان بھی شامل تھے مگر وہ اپنے آپ کو ہندوؤں ہی کی نمائندہ جماعت کہتی تھی۔'' [1]

ہندوستان کی تاریخ میں ہندو ہمیشہ مسلمانوں اور اسلام کا دشمن رہا ہے اور اس نے مسلمانوں کو مٹانے کے لیے کوئی دقیقہ کبھی فروگزاشت نہیں کیا۔'' بالخصوص غیر ملکی غلامی کے تاریک دور میں جب مسلمانوں کی تمام تر سرگرمیاں تقریباً مسجدوں کی چار دیواریوں تک محدود ہو کر رہ گئی تھیں اور مسلمان توحید و رسالت کی اس امانت کو اپنے سینوں سے لگائے حکمران قوم کے لرزہ خیز مظالم برداشت کر رہے تھے، ہندو کی اسلام دشمنی کا جذبہ اور زیادہ قوی ہو چکا تھا۔ وہ اجتماعی سطح پر مسلمانوں کو نقصان پہنچانے اور اسلام کو ہند بدر کرنے کے لئے صبح و شام طرح طرح کی سازشوں اور ریشہ دوانیوں میں مصروف رہتے تھے، سیاسی سطح پر انہوں نے متحدہ قومیت کا ڈھونگ، کانگرس کی مدد سے اپنے تمام وسائل سے شروع کیا اور مسلمانوں میں یہ تأثر پھیلانا شروع کیا کہ درحقیقت مسلمان اور ہندو ایک ہی قوم ہیں اور ہندوستان میں صرف ایک قوم آباد ہے جسے ہندوستانی کہتے ہیں۔ یہ ہندو سامراجیت کی نہایت گہری سازش تھی۔ وہ چاہتے تھے کہ مسلمان بحیثیت قوم ختم ہو جائیں اور ہندو اکثریت کا ایک بے اثر ضمیمہ بن کر رہ جائیں۔'' [2] مولانا سید سلیمان اشرف نے النور کے ابتدائی صفحات میں جہاں ۱۸۵۷ء سے اپنے دور تک کی، ہندو لیڈروں کی شاطرانہ سیاست کا سرسری جائزہ لیا ہے وہیں اہل ہنود کی بعض اسلام دشمن کارروائیوں اور مسلمانوں پر ان کے مظالم اور جفا کاریوں کی جانب بھی اشارہ کیا ہے، لیکن اہل ہنود کی ان ناپاک کوششوں کا کس حد تک اسلامیانِ ہند پر اثر مرتب ہوا، مولانا موصوف نے لکھا:

''اشاراتِ صدر سے صرف اس قدر ثابت کرنا ہے کہ ہندو مسلمانوں کے شعارِ دین

---

[1] روزنامہ نوائے وقت، کالم نور بصیرت

[2] ماہنامہ ''مسلمہ'' (مجلۃ المکتبۃ العلمیہ لاہور) نظریۂ پاکستان نمبر (خصوصی شمارہ جون تا اگست ۱۹۷۰ء) ص ۶، مشمولہ مضمون از عنایت عارف بعنوان ''نظریۂ پاکستان کے تاریخی پس منظر پر ایک نظر''



Marfat.com

کی توہین اور ارکانِ مذہبی کے نیست و نابود کرنے میں اپنی پوری جسمانی، مالی اور دماغی قوت گوناگوں طور پر صرف کرنے میں پچاس برس سے مسلسل ساعی و کوشاں ہیں، لیکن علمائے کرام اور عامۂ مسلمین آج تک اُن کے دامنوں میں پناہ لینے سے اظہارِ بیزاری کرتے رہے۔"[1]

نیز بقول عنایت عارف ...... "مسلمان سوادِ اعظم نے اسلام کا پرچم ہمیشہ بلند رکھا کیونکہ یہ قیقت کسی تشریح کی محتاج نہیں تھی کہ ہندوستان جیسے وسیع و عریض ملک میں اسلام ہی مسلمانوں کی اہ و سلامتی کا ضامن ہو سکتا تھا۔ اسلام کی عظمتِ عظمیٰ سے محروم ہو کر ان کے لئے پورے ندوستان میں کہیں کوئی جائے پناہ باقی نہ رہتی۔" لیکن تاریخ آزادیٔ ہند کا یہ دردناک پہلو ہے کہ ۱۹۱ء میں متذکرہ صورت حال یکسر بدل چکی تھی جب تحریکِ خلافت کے دوران ہندو مسلم اتفاق کے جوش میں اسلامی خصائص کو مٹایا جانے لگا، اسلام کی بنیادی تعلیمات سے انحراف شروع ہو گیا ور کفر کی بیباکی سے حمایت کی جانے لگی، اس دور میں مسلمانوں کی عصبیت اس طرح فنا کر دی گئی کہ معاشرتی و تمدنی امور کا کیا ذکر دینی امور میں کفار کی تقلید کمال ارادت و عقیدت سے ہونے لگی یہاں تک کہ ہندوؤں کے متعلق احادیث و آیاتِ قرآنیہ پیش کی جانے لگیں جن سے مسلمانوں کے کان کبھی آشنا نہ ہوئے تھے۔ اسلامی اصولوں اور احکام کی خلاف ورزی کی تفصیل ذیل میں ملاحظہ فرمائیں آپ دیکھیں گے کہ ایسی ہندو پرستی کا سُراغ تو اکبری دور میں بھی نہیں ملتا۔

۱۔ کفار ہند کو اہلِ کتاب قرار دیا گیا۔

۲- اپنے ناموں کے ساتھ پنڈت لکھوایا، مجمعوں میں اپنے مسلمان ہونے کا انکار کیا اور یہ دعا کی گئی کہ اگر میں کوئی مذہب تبدیل کروں تو سکھوں کے مذہب میں داخل ہوں۔

۳- مسلمانوں نے ہندوؤں کی ٹکٹیاں کاندھوں پر اٹھائیں، ارتھیوں کو کندھا دیا اور ان کے ساتھ "رام رام ست" کہتے ہوئے مرگھٹ تک گئے۔

۴- ہنود سے یک رنگی کے لئے پیشانیوں پر قشقے لگائے۔

ع قشقہ بھی کیا ترکِ مُسلمانی کی

۵- سیوا سمتی کے پرتلے گلوں میں ڈالے۔

۶- دسہرے میں شریک ہوئے، سنکھ (ناقوس) بجائے۔

[1] محمد سلیمان اشرف، سید۔ النور، اشاعت اول علی گڑھ ۱۹۲۱ء، ص ۳



Marfat.com

۷- ہندوؤں کی جانب سے یہ تجویز پیش کی گئی کہ مسلمان، رام چندر جی کی لیلا رچائیں اور ہندو محرم منائیں، مسلمان رضا کاروں نے رام لیلا کا بندوبست کیا۔

۸- گنگا و جمنا (عبادت گاہِ مشرکین) کی زمین کو مقدس زمین کہا گیا اور

۹- اس سرزمین پر ترک چڑھ آئیں تو ہم اُن پر بھی تلوار اُٹھالیں۔

ع ''گر تُرک آیند تیغ گیریم بدست''۔

۱۰- دین الٰہی کی طرح ایسا نیا دین نکالنے کی فکر کی گئی جو مسلم اور ہندو کا امتیاز اُٹھا دے اور جس میں سنگم و پریاگ[۱] (معابد مشرکین) ایک مقدس علامت قرار پائے۔

۱۱- مشرکین کی موت پر سوگ منایا گیا۔

۱۲- مشرک میت کے لئے مسجدوں میں دعائے مغفرت[۲] کی گئی۔

۱۳- مسجدوں میں مشرکوں کی تعزیت کے لئے جلسوں کا انعقاد کیا گیا۔

۱۴- مسلمان مقرر ویدوں کے منتروں سے تقریر کا آغاز کرتے اور ہندو بزرگوں کی تعریف کرتے۔

۱۵- تین نعرے بیک زبان پکارے جاتے، نعرۂ تکبیر ہندوؤں کی زبان پر جاری ہوتا، بندے ماترم مسلمان پکارتے، ست سری اکال کی طویل اور گمبھیر گونج میں تینوں قوموں (ہندو، مسلمان اور سکھ) کی آوازیں شامل ہوتیں۔

۱۶- نیز مسلمان اور ہندو یہ نعرہ بلند کرتے

مندر میں اذاں دلوادیں گے مسجد میں ناقوس بجادیں گے

۱۷- مسلمانوں نے مندروں میں دعائیں مانگیں۔ مسلمان خود مندروں میں گئے، مساجد چھوڑ کر وہاں نمازیں پڑھیں۔

---

۱۔ الہ آباد کے نزدیک وہ مقام جہاں دریائے گنگا و جمنا ملتے ہیں، تیسرے دریائے سرسوتی کا سنگم زمین کے نیچے مخفی طور پر ہے اور ہندو اس جگہ کو متبرک و مقدس سمجھتے ہیں۔ ہر بارہ سال کے بعد وہاں زبردست میلہ لگتا ہے جس کو کنبھ کا میلہ کہا جاتا ہے (حاشیہ ''تنقیدات وتعاقبات'' ص ۱۱۰، ''ہندی اُردو لغت'' ص ۱۷۸ اور ۲۰۵)

۲۔ بال گنگا دھر تلک کی موت کے غم میں بروز دسواں جامع مسجد میں ننگے سر جمع ہو کر اس کے لئے دعاء و فاتحہ اور مغفرت کے لئے اشتہار تقسیم کیا گیا۔ مدیر معارف سید سلیمان ندوی نے مسٹر تلک کے انتقال پر شذرات میں تعزیت کی ہے اور اس کو افسوس ناک قرار دیا ہے (دیکھئے۔ تحریک آزادیٔ ہند اور السواد الاعظم، مطبوعہ لاہور ۱۹۷۷ء۔ ص ۱۳۰ بحوالہ معارف (اعظم گڑھ) ستمبر ۱۹۲۰، ص ۱۶۲ اور محمد جمیل الرحمن: پاسبان مذہب و ملت (تحقیقات تا...یہ) مطبوعہ بریلی ۱۹۲۰، ص ۳۱)



Marfat.com

۱۸- ہندوؤں نے مسلمانوں کو چندن کا ٹیکہ لگایا۔

۱۹- ہندو اور مسلمان ایک ہی مٹکے سے پانی پیتے کہ بعض جگہ ایک دوسرے کا جھوٹا پانی پیا۔

۲۰- ستیہ گرہ کے دن مسلمانوں نے مہاتما گاندھی کے حکم سے روزہ رکھا۔

۲۱- قرآن کریم کی توہین کی گئی، وید کو الہامی کتاب تسلیم کیا۔

۲۲- قرآن مجید کو رامائن کے ساتھ ایک ڈولے میں رکھ کر مندر میں لے جا کر دونوں کی پوجا کرائی گئی۔

۲۳- اللہ عزوجل کو رام اور خدا کی قسم کی جگہ رام دوہائی کہنا جائز بتایا گیا۔

۲۴- ایک ڈولہ (جسے ''سنگاسن'' کہتے ہیں) میں قرآن کریم اور گیتا کو رکھ کر جلوس نکالے گئے، جس میں بھجن گاتے، ڈھول وجھانجھ بجاتے مسلمان شریک ہوئے۔

۲۵- حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کرشن کا خطاب دیا گیا۔

۲۶- مسلمانوں نے ہولی کھیلی۔

۲۷- ہولی کے سوانگ میں، ہندوؤں سے اتحاد بنائے رکھنے کی خاطر، معظمانِ اسلام کی توہین و تحقیر سُنی گئی۔ گنگا پر پھول اور بتاشے چڑھائے گئے۔ رام لچھمن پر پھولوں کا تاج رکھا گیا، بتوں پر ریوڑیاں چڑھائی گئیں، ہار پھولوں سے انہیں آراستہ کیا گیا۔

۲۸- ہندو لیڈروں کو مختلف مساجد میں لے گئے، منبروں پر بٹھایا۔[۱]

۲۹- دہلی کی جامع مسجد میں سوامی شردھانند[۲] جیسے دشمنِ اسلام کو منبرِ رسول پر بٹھا کر تقریر کرائی گئی[۳]

---

[۱] ''خاص خانہ اور توحید کے مکان (یعنی مساجد) میں مبلغ کی حیثیت سے خود کو سربلندی بخشا اس صدی (گزشتہ صدی) کے مدعیان اسلام کا خاصہ ہے۔'' (محمد سلیمان اشرف، سید۔ ''الرشاد'' مطبوعہ علی گڑھ ۱۹۲۰ء، ص ۱۶)

[۲] یہ وہی شخص ہے جس نے ارتداد کی مہم چلائی اور بالآخر دہلی میں ایک مسلمان عبدالرشید نے اس کو قتل کر دیا۔

[۳] ''یہ اپنی نوعیت کا غیر معمولی اور نادر واقع تھا۔ جامع مسجد میں بھگوے کپڑوں میں ملبوس کسی (غیر مسلم) ستیاسی کا مسلمانوں سے خطاب کرنا ...... ایسا نہ کبھی اس سے قبل دیکھنے سننے میں آیا تھا، نہ اس کے بعد کبھی ایسا ہوا''۔ (مالک رام۔ ''کچھ ابوالکلام آزاد کے بارے میں'' مطبوعہ لاہور ۱۹۹۲ء، ص ۱۰۴)

کہا جاتا ہے کہ تاریخ اپنے آپ کو دہراتی ہے۔ بھارت کے مشہور صحافی اور کالم نگار جناب خوشونت سنگھ لکھتے ہیں۔ ''اس وقت کی یاد تو ابھی (اب) بھی تازہ ہی ہے۔ جب مسلمانوں نے سوامی شردھانند جیسے ہندوؤں کو جامع مسجد (دہلی) کے اندر سے اپنی تقریبات کو خطاب کرنے کے لئے مدعو کیا تھا۔ ایک وقت تھا۔ جب مسجدوں کے پاس سے ہندو اور سکھوں کا جلوس نکلتا تھا، تو سد بھاؤنا کا اظہار کرنے کے لئے مسلمان ان کو مالائیں پہناتے تھے۔ میں نے گورونانک کے جنم دن پر ایک ایسا جلوس بھی دیکھا ہے۔ جس کی قیادت سب کی سب مسلمان لڑکیوں کے ایک بینڈ سے کی گئی تھی''۔ (روزنامہ ''ہند سماچار'' جالندھر، ۱۱/۱ اکتوبر ۱۹۸۶ء، ص ۳، کالم ۱-۲)



Marfat.com

وہاں اس کی تصویریں کھینچوائیں جس کے فوٹو لے کر ہندو مبلغ یو۔ پی کے طول و عرض میں پھیل گئے اور دُور افتادہ علاقوں میں جا کر ہزاروں مسلمانوں کو یہ دھوکا دیا کہ دیکھو سوامی جی مسجد کے منبر پر اس لئے بیٹھے ہیں کہ تمام مسلمان ہندو ہو گئے ہیں۔ اِن تصاویر کو دیکھ کر بہت سے مسلمان اسلام سے منحرف ہو گئے۔

۳۰- گاندھی جی کی تصویروں اور بتوں کو گھر پر آویزاں کیا گیا۔

۳۱- ہنود کو خوش کرنے کی خاطر گائے کی بجائے بکری کی قربانی کا فتویٰ دیا گیا۔

۳۲- گائے کا گوشت کھانا گناہ ٹھہرایا گیا اور کھانے والوں کو کمینہ بتایا گیا۔

۳۳- گائے کی قربانی کو مثل سؤر کہا گیا۔

۳۴- قربانی نہ چھوڑنے والے مسلمانوں کی ناحق تکفیر کی گئی اور ان کے ذبیحہ کو ممنوع قرار دیا گیا۔

۳۵- گائے کی قربانی کی ممانعت کے فتاوے اونٹوں کی پشت پر سے تقسیم کئے گئے۔

۳۶- ہزاروں مسلمانوں نے قربانی گاؤ سے احتراز کیا۔ مسلمانوں نے مسلمانوں سے گائیں چھین کر ہندوؤں کو دے دیں۔ قصابوں کو ذبیحہ گاؤ سے روکا گیا۔ رضا کاروں نے چُھری کے نیچے سے قربانی کی گایوں کو چھڑایا اور اگر ہو چکی تو اس کو بے کار کر دیا۔

۳۷- نیز قربانی کی گایوں کو زبردستی چھین کر ان کو گئوشالہ پہنچایا گیا۔

۳۸- ہندوؤں کی خوشنودی کو (معاذ اللہ) رضاءِ الٰہی سے تعبیر کیا گیا۔

۳۹- جن مشرکوں نے گائے کے پیچھے مسلمانوں کو بے دردی سے قتل کیا جلایا، اتحادِ ہنود منانے کے لئے اُن کی رہائی کے لئے درخواستیں دی گئیں، اُن کی رہائی کے لئے رزولیوشن پاس کئے گئے۔

۴۰- مسلمانوں کو ناحق قتل کرنے والوں کو مسلمان لیڈروں نے سزا سے بچایا۔

۴۱- مہاتما گاندھی کی جے پکاری گئی، گئو ماتا کی جے بلند کی گئی۔

۴۲- یہ بھی کہا گیا کہ "زبانی جے پکارنے" سے کچھ نہیں ہوتا، بلکہ ہندو بھائیوں کی رضا میں خدا کی رضا بتایا گیا۔

۴۳- گاندھی کو یقینی بھائی بتایا گیا اور اس عمل کو نیکی میں شمار کیا گیا۔

۴۴- جہاں قرآن و حدیث میں بسر کی ہوئی عمر کو بت پرستی پر نثار کیا گیا وہیں مسٹر گاندھی کو پیش رو تسلیم کر کے اپنے کو ایک کافر کا پس رو بتایا گیا۔ چنانچہ ایک جلیل القدر عالم نے کہا ؎



Marfat.com

عمر یکہ بآیات واحادیث گزشت رفتے وثار بت پرستی کردی

۴۵- مسٹر گاندھی کو ''مہاتما'' کا خطاب دیا گیا۔ خدمتِ دیں کی بدولت گاندھی کے مرتبہ کو تسلیم کیا گیا۔

وہ مرتبہ گاندھی کو ملا خدمتِ دیں سے مُسلم کو بھی ہے رشک کہ کافر نہ ہوا تھا [۲]

۴۶- گاندھی کو 'روحانی فرشتہ' قرار دیا گیا۔

۴۷- بعد رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم، گاندھی جی ہی کے احکام کی متابعت کو ضروری سمجھا گیا۔

ع ''بعد از نبی بزرگ توئی قصہ مختصر''

۴۸- جہاں تحریکِ ترکِ موالات کو سیاسی مفتیوں کی جانب سے ایمانیات کا درجہ دیا گیا وہاں جمعیت العلما کی جانب سے ان کی بات نہ سُننے والوں کو کافر، منکر و منافق، یزیدی، ملعون اور جہنمی تک کے خطابات سے نوازا گیا۔

۴۹- اسلامی درس گاہوں کی بندش کا مقابلہ کرنے والوں کو بدنام کرنے کی غرض سے بعض مسلم راہنماؤں پر قادیانی ہونے کی تہمت لگائی گئی۔

۵۰- ترکِ موالات کے پروگرام کو کامیاب بنانے کے لیے اخبار و رسائل میں جھوٹی خبروں کی اشاعت کرائی گئی تھی کہ ملتِ اسلامیہ کے بہی خواہ رہنماؤں کی جانب سے من گھڑت مراسلے شائع کروائے۔

۵۱- فتویٰ ترکِ موالات کی ضبطی پر علما نے مہاتما گاندھی سے مشورہ واستصواب کیا کہ ہمیں اب کیا کرنا چاہیے؟

ع آگے تمہارے رنگ کسی کا نہیں جما

۵۲- بار بار اس بات کا اعلان کیا گیا کہ ''گاندھی مستحق نبوت تھا'' اور

۵۳- یہ کہا گیا کہ ''اگر نبوت ختم نہ ہوتی تو گاندھی نبی ہوتا۔''

۵۴- یہ بھی کہا گیا کہ امام مہدی کی جگہ امام آخر الزماں امام گاندھی کا ظہور رہا ہے۔

---

[۱] مہاتما کے معنی ہیں ''روحِ اعظم'' جو خاص لقب سیدنا جبریل امین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا ہے۔ مشرک کو اس سے تعبیر کرنا صریح مخالفت خدا اور رسول ہے۔

[۲] روزنامہ زمیندار، لاہور ۱۷ رنومبر ۱۹۲۰ء

گاندھی سے عقیدت نے آنکھ پر ایسی ٹھیکری رکھی کہ اسلام اور کفر کا امتیاز تک نظر سے اوجھل ہو گیا۔ اور اخبارات کے صفحاتِ اول پر ایسے شرمناک اشعار چھپنے لگے۔ (ظہور)



Marfat.com

۵۵- مزید کہا گیا کہ خدا نے مسٹر گاندھی کو مسلمانوں کے لئے مذکر بنا کر بھیجا، قدرت نے ان کو سبق پڑھانے والا مدبّر کر کے بھیجا ہے۔

۵۶- گاندھی کو مسیحا، دلوں کا حاکم اور مردہ قوم کو جلانے والا، آب حیواں (آب حیات) پلانے والا، بے کسوں کا حامی اور یاور، گمراہوں کا رہبر، رحمتِ داور اور پاک دل کہہ کر اس کی مدح کی گئی۔

۵۷- نیز انہیں مرد پختہ کار، حق اندیش، باصفا، مرد میداں اور درویش خُو کے القاب دیے گئے۔

۵۸- جمعہ کے خطبہ اردو میں خلفاءِ راشدین اور امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے بجائے گاندھی کو ''مقدس ذات''، ''پاکیزہ خیالات''، ''ستودہ صفات'' قرار دے کر اس کی تعریف کی گئی۔

۵۹- حتیٰ اُس کی تعریف کو مثل ثناءِ الٰہی ٹھہرایا گیا کہ ''خاموشی از ثناءِ تو حدِ ثناءِ تست''۔

۶۰- خلافت ترک کے منکر کو کافر و خارج از اسلام کہا گیا، لیکن خلافتِ صدیق و فاروق کے منکروں کو مسلمان جانا۔

۶۱- یہ بھی کہا گیا کہ حبل اللہ (خدا کی رسی) کو مضبوطی کے ساتھ پکڑنے سے اگر دین نہیں تو دنیا ہمیں ضرور مل جائے گی۔ [1]

بات تحریکِ خلافت سے چلی اور کہاں تک پہنچی؟ — مسٹر گاندھی کی سیاست کی ساحری نے مسلمانوں کو کس حد تک مسحور کر دیا، ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ان کی سوچنے کی قوت ہمیشہ کے لئے سلب ہو چکی ہے اور اس وقت مسلمانوں میں ایک قسم کا جنوں سا پھیل گیا تھا، اس نے خود ہندوؤں کو بھی حیرت و استعجاب میں ڈال دیا کیونکہ بقول موہن لعل بھٹناگر، ایڈیٹر درپن (لاہور) ''مسلمانوں نے مہاتما جی پر وہ اعتبار اور یقین دکھلایا کہ دنیا دنگ رہ گئی۔ مہاتما جی خلافت کے لیڈر اور خلافت کمیٹی کے رہبر بن گئے [2]۔'' چودھری سردار محمد خاں لکھتے ہیں۔ ''اگر گاندھی جی تحریکِ خلافت کی قیادت نہ کرتے تو کانگریس مضبوط کیسے ہوتی۔ مسلم لیگ کی ساکھ کیسے بگڑتی۔ ان کے سامنے تو یہ پروگرام تھا جس میں انہیں پوری کامیابی ہوئی۔ مسلمان کے سامنے اب کوئی سیاسی نصب العین نہ تھا اس کے سامنے کوئی منزل نہ تھی۔ وہ منتشر لوگوں کا ایک آوارہ گروہ تھا، جو اپنی قومی وحدت کھو چکا تھا۔ وہ صرف ہندوؤں کے رحم و کرم پر تھا۔ در حقیقت گاندھی جی نے ہندوؤں کے لئے وہ کام کیا جو

[1] فہم اسلام کی ''شان'' ملاحظہ فرمایئے کہ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کے قول پر شک و شبہہ کا اظہار کر رہے ہیں اور ''ایمان'' پھر بھی قائم ہے۔ (ظہور)

[2] ماہنامہ ''درپن'' لاہور۔ کانگریس نمبر دسمبر ۱۹۲۲ء، جلد ۱ شمارہ ۷، ص ۲۲۶



Marfat.com

ان کے ہزاروں رہنما بھی نہ کر سکے، نہ صرف یہ بلکہ خود مسلمانوں کے ہاتھوں مسلمانوں کی مرکزیت کو فنا کروایا، مسلمان کی قومی وحدت اور ملی تشخص پارہ پارہ ہوا، یہ وہ زمانہ ہے جہاں سے ہمارے لاتعداد بھائی کعبہ سے منہ موڑ کر سمائے وارد ھا کے الہامات پر یقین کر کے اسلام اور کفر کے غیر فطری امتزاج سے رسوائے عالم متحدہ قومیت کا خمیر تیار کرتے نظر آتے ہیں۔ مسلمانانِ ہند کے سب سے بڑے دانا دشمن مسٹر موہن داس کرم چند گاندھی نے ان کے جسد قومی میں ایسا زہر بھرا جس کا اثر ابھی تک (آج تک) مکمل طور پر زائل نہیں ہو سکا۔'' کیوں کہ ڈاکٹر معین الدین کے بقول ...... ہندوستانی مسلمانوں میں اپنی قومیت کے تعلق سے شکوک وشبہات اسی وقت کی یادگار ہیں اور بقول چودھری خلیق الزمان ...... تحریکِ خلافت کے خاتمہ کے بعد کچھ لوگ کانگریس کی طرف اس عقیدہ کے ساتھ ڈھل آئے کہ مسلمانوں کا ہندوستان میں تحفظ صرف نیشنلزم میں ہے، نیز ڈاکٹر وحید قریشی کے بقول ...... بعض کانگریس کے تصورِ وطنیت کو اپنا کر نیشنلسٹ مسلمان کہلانے میں فخر محسوس کرتے تھے ...... معاشرتی زندگی کا یہ تضاد مسلمانوں کو عجیب وغریب صورتِ حال سے دوچار کر چکا تھا، تعلیم یافتہ مسلمان دو حصوں میں بٹ چکے تھے۔

تحریکِ خلافت جس نہج پر چل نکلی تھی اس کا نتیجہ یقینی طور پر مسلمانوں کے لیے ناقابل برداشت نقصان کا باعث تھا۔ مسلمانوں نے ہندوستان پر سات سو (۷۰۰) سے زائد سال تک حکمرانی کی تھی۔ ہزاروں علما، اس خاک ہند سے پیدا ہوئے لیکن ان طویل مدہ سال میں ایسی کوئی مثال ڈھونڈے سے نہیں ملتی کہ علماء نے ہندوؤں کو مسلمانوں کا رہبر بنا دیا ہو۔ کوئی بتائے کہ کس صدی کے علماء نے کفارِ ہند کو اہلِ کتاب قرار دیا؟ یہ ہندو پرستی تو انہی مدعیانِ علم کے لیے مخصوص تھی جنھوں نے مذکورہ دور میں مشرکینِ ہند سے یگانگت کی خاطر، اسلامی خصوصیات وامتیازات کو مٹا ڈالا، طرح طرح کی خرافات اپنائیں اور اسلامی شعائر کو بند کرنے کی کوششیں کیں۔ جمعیۃ العلماء کے جری فاضلوں نے ہندوؤں سے وداد واتحاد کے جواز پر آیات چسپاں کرنا شروع کر دیں، خلافتِ اسلامیہ قائم کرنے کے لیے کانگرس سے امیدیں وابستہ کیں اور ہندو کی حمایت کو اپنا شعار بنا لیا، اور اس طرح مسلمانوں کو بحیثیت قوم برباد کر کے رکھ دیا۔ مسلمان، اُنہیں بطور مسلم راہنما، اپنا خیر خواہ سمجھتے تھے۔ اگر ہندو ان کا واسطہ اختیار نہ کرتے تو مسلمان ہرگز اُن کے جال میں نہ پھنستے۔ ان پر اعتماد اور بھروسا ہی مسلمانوں کو لے ڈوبا۔ ترکی کی حمایت اور حرمین طیبین کی اعانت

---

۱؎ سردار محمد خاں، چودھری۔ حیاتِ قائداعظم، مطبوعہ لاہور ۱۹۴۹ء ص ۱۶۸-۱۸۱ (ملخصاً)



Marfat.com

کے نمائشی مرثیے پڑھ پڑھ کر یہ لوگ خیر خواہیٔ اسلام اور دردِ ملت کا یقین دلاتے اور اُن کے اعتبار کا خون کر کے ہندوؤں کی خواہشیں پوری کرتے رہے۔[1]

الغرض ہندو مسلم اتحاد کے پردے میں، گاندھی کی نقاب پوش سیاست نے جو گُل کھلائے اس کے نتیجے میں مسلم لیڈروں کا 'کفر و کافر میں ادغام' عمل میں آیا، یہ تھا گاندھی جی کے اتحاد کا نتیجہ جس کے متعلق وہ کہتے تھے کہ ایسا موقع شاید ایک صدی میں بھی ہاتھ نہ آئے گا۔ گاندھی نے اس کا بھرپور فائدہ اٹھایا۔ وہ اتحاد کو ادغام میں بدل کر متحدہ قومیت کا خمیر تیار کر چکے تھے۔ بعض مسلمان زعما، عملاً ہندو تہذیب کی غلامی کے راستے پر گامزن ہو چکے تھے اور مسلم عوام اس سیلاب میں بہہ نکلے ـــــ ''گاندھی بھگت ہو کر تقویٰ و دیانت، حیا و غیرت، عقل و انسانیت سب گنگا بُرد ہو گئے''۔ مسٹر گاندھی نے مسلمانوں کو سیاسی، دینی اور تہذیبی اعتبار سے قلاّش کر کے رکھ دینے کے جو منصوبے تیار کیے، اس میں نام تو خلافت کا تھا اور کام سوراج کا تھا۔ گاندھی نے کس دور اندیشی سے مسلمانوں کو اپنا اور اپنے مذہب کا گرویدہ بنالیا۔ بہت کم زعما، اس دور میں چلائی جانے والی تحریکات کے مضمرات اور ہندو قیادت کے اصل ارادوں سے بروقت آگاہ ہو سکے۔

مولانا سلیمان اشرف نے نہ صرف تحریراً بلکہ تقریراً بھی مسلمانانِ ہند کی رہنمائی کا فریضہ بطریق احسن سرانجام دیا اور مذکورہ طوفانی اور ہیجانی دور میں اس انجام سے بچانے کی پوری سعی کی، جس سے گاندھی کی گہری سیاست انہیں دوچار کرنا چاہتی تھی۔ دریں حالات خصوص مسلمانوں پر یہ واضح کیا جانا ضروری تھا کہ ''متحدہ قومیت'' کا تصور محض سیدھا سادہ تصور نہ تھا، اس کی جڑیں بہت گہری تھیں ـــــ دراصل دو فلسفوں کا کھلا تصادم تھا ـــــ ''شرارِ بولہبی''، ''چراغِ مصطفوی'' سے آمادۂ پیکار تھا ـــــ ایک طرف ''فلسفہ گاندھی'' تھا تو دوسری طرف ''فلسفہ محمدی'' (علیٰ صاحبہا الصّلوٰۃ والسّلام) ـــــ

ایسے میں مولانا سید سلیمان اشرف نے مسٹر گاندھی کی ''مہاتمائیت'' کا طلسم توڑ کر، مسلمانوں کو سیاسی خودکشی سے بچایا، ان کے ایمانوں کو اندرونی اور بیرونی حملوں سے محفوظ رکھا۔ وہ زیرِ نظر کتاب میں اسلام اور مسلمانوں کی زبوں حالی پر ماتم فرماتے ہیں، جس سے ان کے قلبی کرب کا انداز ہوتا ہے۔ نیز جمعیۃ العلما کے سیاسی مفتیوں، اکابر اور لیڈران، جو ہندوؤں سے

---

[1] دیکھیے۔ حامد رضا خاں قادری، مفتی الشاہ محمد۔ خطبۂ صدارت جمعیت عالیہ آل انڈیا سُنی کانفرنس، مطبوعہ مطبع اہلسنّت بریلی۔ بار اوّل ۱۳۴۳ھ/ ۱۹۲۵ء



Marfat.com

محبت اور دوستی کا دم بھرتے تھے، کے بیسیوں اقوال و افعال (جن کا ذکر اوپر کیا گیا) پر طنز کے بھرپور وار کرتے ہیں۔ ذیل میں "النور" سے کچھ اقتباسات دیکھئے:

"اے سرمستان بادۂ لیڈری ذرہ (زرا) ہوش میں آکر ہمیں بتاؤ کہ تم سوراج[1] کے لئے اُٹھائے گئے تھے یا خلافت کے لئے تم نے ہندوؤں (ہندوؤں) کو آمادہ کیا تھا، تم اسلام کے نشر و تبلیغ کا علم لے کر بڑھے تھے یا کفر و شرک کی حکومت قائم کرنے کی غرض سے یہ لشکر آرائی کی گئی تھی، اسلام کی حقانیت اور ارکان اسلام کا غیر مسلم کو گرویدہ بنانا تمہارا نصب العین تھا یا خود کفر و شرک کے جال میں پھنس کر، آزادیِ ہند کا ترانہ سُنانا مقصود و مطلوب تھا۔"[2]

آگے چل کر، مسٹر گاندھی کی مکر آمیز پالیسی اور تحریکِ خلافت کے مسلم لیڈروں کی اپنی منزلِ مقصود سے بے خبری پر مولانا سلیمان اشرف یوں نوحہ کناں ہیں:

"لا الٰہ الا اللہ، گاندھی نے کس حُسنِ تدبیر سے مسلمانوں کو اپنا اور اپنے مذہب کا غلام بنالیا۔ ایک برس بھی گزرنے نہ پایا، جو حمایت خلافت سے نہ صرف ہندو دست کش ہو گئے بلکہ اُس عیارانہ چال سے خود مسلمانوں ہی کے ہاتھوں نے مسئلہ خلافت کو دھکے دے کر پسِ پشت ڈال دیا۔ خلیفۃ المسلمین اور امیر المومنین کی جگہ گاندھی کو دی گئی، اب یہ مدعیان اسلام اسی کی کوشش کر رہے ہیں کہ جہاں تک ہو سکے گاندھی کی مُحبت و عظمت سے کوئی قلب مومن خالی نہ رہنے پائے۔

کوئی امام مہدی علیہ السلام کا مثیل کہتا ہے، کوئی یہ کہتا ہے کہ نبوت اگر ختم نہ ہوگئی ہوتی تو گاندھی نبی ہوتا، یعنی نبوت کے ماتحت جو سب سے بڑا رتبہ و منصب ہو سکتا ہے وہ گاندھی کا ہے، کوئی اپنے کو پسرو گاندھی کا کہتا ہے اور اسلام کی نجات کا اسی کے ہاتھوں سے یقین رکھتا ہے۔

مسلمان اپنی (اپنے) کانوں سے سُنتے ہیں، آنکھوں سے اخبارات میں یہ مضامین دیکھتے ہیں، پڑھتے ہیں، پھر بھی عالم وجد و تواجد میں آکر واہ ہمارے

---

[1] سُوراج یا سُوَراجیہ۔ اپنا راج۔ حکومتِ خود اختیار۔ ہوم رول۔ (قائد اللغات، ص ۵۹۵)
گاندھی جی کو اس اصطلاح پر بے حد اصرار تھا۔ (ظہور)

[2] محمد سلیمان اشرف۔ النور، مطبوعہ علی گڑھ ۱۳۳۹ھ/۱۹۲۱ء، ص ۴۶



Marfat.com

لیڈرو، شاباش ہمارے لیڈروں کی رٹ لگائے جاتے ہیں۔'' ۱

اس کے بعد مولانا سید سلیمان اشرف، مسلمانوں کو جھنجھوڑتے ہوئے، ان کی توجہ اس جانب مبذول کرواتے ہیں کہ ان کے لیڈروں نے کس طرح اپنے طرزِ عمل سے، کانگریس جو پہلے ایک بے جان جسم کی مانند تھی، ہنود کو تحریکِ خلافت میں شامل کر کے، کانگریس میں جان ڈال دی کیونکہ مسلمانوں کے مذہبی ولولے نے کانگرس کی عدم تعاون کی تحریک کو اتنی قوت دی کہ '' کانگرس نے ایک سال میں وہ کچھ کر دکھایا، جو ہندو کانگرس چالیس سال میں بھی نہیں کر سکی تھی۔'' چنانچہ آپ مذکورہ صورتِ حال کی جانب اشارہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''فرزندانِ اسلام!...... ہندوؤں نے تمہارے لیڈروں کے ساتھ ہاں میں ہاں ملا کر کس سہولت و نرمی سے آہستہ آہستہ اُنہیں اپنے نقطۂ خیال پر اُتار لیا، لفظ سواراج جس سے لاکھوں کان آج تک نا آشنا تھے، خلافت کے عوض کس جوش سے وہ ہر ایک زبان پر جاری ہے۔ گاندھی جس کا نام تک پانچ برس قبل ہندوستان کے کسی مسلمان کے علم میں بھی نہ تھا، خلیفۃ المسلمین کی جگہ آج اُس کے تقدس و عظمت کے فسانے کس کمال عقیدت سے مستورات تک میں کہے جاتے ہیں۔'' ۲

مولانا سلیمان اشرف نے زیر نظر کتاب میں جہاں خلافت کمیٹی کے زعماء اور اس دور میں چلنے والی تحریکوں (خلافت و ترک موالات) کے سربر آوردہ حضرات کے منفی کردار کا ذکر کیا ہے۔ وہیں جمعیۃ العلماء (مسلمانوں کے علماء کی جمعیت) کے فضلائے یگانہ، جنہیں اپنی مجالس کو کفار و مشرکین سے پاک کر کے اسلامی احکام پر عمل پیرا ہو کر اصول اسلام کی پاسداری کرنی تھی اور مسلمانوں کی رہنمائی کا فریضہ سرانجام دینا تھا، انہوں نے بوجوہ مذکورہ محرمات و کفریات کے ارتکاب پر سکوت اختیار کیا اور اس جانب توجہ مبذول کروانے کے باوجود ٹس سے مس نہ ہوئے۔ یہاں اس بات کا تذکرہ بھی ضروری ہے کہ ہندو پریس نے اپنی مطلب برآری اور ''متحدہ ہندی قومیت'' کے پرچار کے لئے جمعیۃ العلماء کے سرکردہ حضرات کو بھاری بھرکم خطابات سے نواز کر اندھا کر دیا جبکہ وہ سیاسی بصیرت اور فراستِ مومنانہ سے تو وہ پہلے ہی یکسر خالی تھے۔ چنانچہ مولانا سید سلیمان اشرف' علمائے سُو کی ہندو پرستی'' کے زیرِ عنوان تحریر فرماتے ہیں کہ

---

۱ النور، ص ۴۶-۴۷

۲ النور، ص ۴۷-۴۸



Marfat.com

''ان علماء کا کیا ذکر خود اُس عالم کو لیجئے جسے لیڈروں نے شیخ الہند کا لقب دے کر ایک عجیب و غریب ہستی ثابت کیا ہے۔ اُس کے قلم میں بھی یہ قوت نہ تھی کہ وہ مسلمانوں کو اُن افعال خبیثہ کی شناعت و معصیت بتا سکے...... قشقہ لگایا گیا، علماءِ سیاسی خاموش رہے، کافر کی ٹکنکی اُٹھائی گئی، علماءِ سیاسی خاموش رہے۔ کافر کا ماتم سروپا برہنہ ہو کر کیا گیا، علماءِ سیاسی خاموش رہے۔ رام لچھمن پر پھولوں کا تاج رکھا گیا، علماءِ سیاسی خاموش رہے۔ گاندھی کی جے پکاری گئی، گئو ماتا کی جے بلند کی گئی، علماءِ سیاسی خاموش رہے۔ حدّ یہ کہ گاندھی کو کہا گیا کہ 'اگر نبوۃ ختم نہ ہوتی تو گاندھی نبی ہوتا'، علماءِ سیاسی اب بھی خاموش رہے۔ اس خاموشی سے شیخ الہند بھی مستثنیٰ نہ ہو سکے۔ اگرچہ خادمانِ اسلام تقریراً و تحریراً انہیں اعمال کفریہ پر بیدار بھی کرتے رہے، لیکن پھر بھی کسی عالم سیاسی میں اتنی جرأت نہ ہوئی، جو وہ چالیس اعمال و اقوال کفریہ میں سے کسی ایک کے متعلق بھی اپنے قلم کو جنبش دیتا، تا آنکہ بماہ نومبر (۱۹ ر تا ۲۱ ر نومبر) ۱۹۲۰ء دہلی میں جلسہ جمعیۃ العلماء منعقد ہوا، وہاں یہ مسائل کسی نے پیش بھی کئے، لیکن یہ کہہ کر کہ مصلحت وقت اس کی مقتضی نہیں بات ٹال دی گئی، حالاں کہ اُس اجلاس کی کرسیِ صدارت ایک عالم ہی کی نشست کا فخر رکھتی تھی۔'' [1]

الغرض مولانا سید سلیمان اشرف نے مسلمانوں کے دلوں میں گاندھی کی عظمت و محبت پیدا کرنے والے لیڈروں کا بھرپور تعاقب کیا ہے اور یہ بتایا ہے کہ مذہب کی حقیقت اور وقعت ان کے نزدیک کس قدر تھی، دین و مذہب کا نام کیوں لیا جاتا تھا، ہنود کے ساتھ انہیں کیسی عقیدت و ارادت تھی۔ چونکہ علما کا یہ انبوہ حقیقت پسندی کی جانب مائل نہ ہوا اور شریعتِ اسلام کا حکم سُنانے اور جادۂ مستقیم پر گامزن رہنے والوں پر نوع نوع کی الزام تراشی پر اتر آیا، جب اس سے بھی نہ بن آئی، تو پھر اپنی حرکات و سکنات پر گرفت کرنے والوں پر 'تکفیر' کا حربہ آزمایا۔ چنانچہ درج ذیل اقتباس میں مولانا موصوف نے ''النور'' میں جہاں واقعات و کیفیات کی تصویر کشی کر کے مستقبل کی تاریخ سے سوال کیا ہے وہیں مسلمانوں کو ناحق کافر ٹھہرانے والوں کی خبر لی ہے۔ ایک ایک لفظ سے مولانا کی دردمندی اور ملی حمیت جھلکتی نظر آتی ہے۔

''...... ایمان سے کہئے یہ جمعیۃ العلماء ہے یا اُمتِ گاندھی کا حلقہ، یہ اسلام اور

---

[1] سلیمان اشرف، سید محمد۔ النور، ص ۱۵۱-۱۵۲



Marfat.com

شارع علیہ السّلام کی طرف اللہ کے بندوں کو دعوت دے رہی ہے یا گاندھی کی نبوت تسلیم کرا رہی ہے۔ یہ حضرات اسلام کی دردمندی میں انگریزوں سے لڑنا چاہتے ہیں یا دین گاندھی کے (کی) حمایت میں۔ پھر اگر کسی نے ان کی بات نہ سُنی تو کافر، منافق، یزیدی، ملعون اور جہنمی کیوں کر ہوا۔

لیڈرانِ قوم آج اخبار و جرائد تمہارے ہاتھوں میں ہیں جسے چاہو گالیاں دو، کافر کہو، حق کو باطل اور باطل کو حق کہو اور چھاپ کر شائع کرو۔ اس وقت تو تمہاری بات بن آئی ہے، مخلوق اندھی ہوگئی ہے، لیکن ایک وقت آئے گا اور ساری حقیقت عریاں ہو جائے گی۔'' [1]

سیّد سلیمان اشرف نے اپنی تحاریر و تقاریر سے جس نازک اور پُر فتن دور میں اسلامیانِ ہند کی راہنمائی کا فریضہ سرانجام دیا، ان کو بلا خوف لومۃ لائم مشرکینِ ہند (کانگریس) کے ساتھ مسلمانوں کے اختلاط و اتحاد کے خطرناک نتائج سے آگاہ کیا اور علماء کو ان کی ملّی ذمہ داریوں کا احساس دلایا، وہ ان کی بالغ نظری، علمی ثقاہت اور سیاسی بصیرت کا بیّن ثبوت ہے۔ قومیں محض حال مست یا مستقبل کے خوابوں میں زندہ نہیں رہتیں، ان کا ماضی ان کی پہچان اور راہ نمائی کا ایک مؤثر ذریعہ ہوتا ہے۔ خوددار و بیدار قومیں اپنے ماضی کی سنہری روایات کو از بر رکھتی ہیں اور نسل جدید کی جانب منتقل کرتی رہتی ہیں۔ پروفیسر رشید احمد صدیقی (۱۸۹۶ء - ۱۹۷۷ء) سابق صدر شعبۂ اردو، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی نے اپنی شہرۂ آفاق کتاب ''گنجہائے گرانمایہ'' میں تحریکِ ترکِ موالات میں مولانا سلیمان اشرف کے مُرتسم انمٹ نقوش کا ذکر بڑے دل نشیں پیرایہ میں کیا ہے، لکھتے ہیں۔

''۱۹۲۱ء کا زمانہ ہے، نان کواپریشن (Non-Cooperation) کا سیلاب اپنی پوری طاقت پر ہے، 'گائے کی قربانی'، اور 'موالات' پر بڑے بڑے جیّد اور مستند لوگوں نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کر دیا ہے۔ اُس زمانہ کے اخبارات، تقاریر، تصانیف اور رجحانات کا اب اندازہ کرتا ہوں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کیا سے کیا ہو گیا۔ اُس وقت ایسا معلوم ہوتا تھا کہ جو کچھ ہو رہا ہے اور جو کچھ کہا جا رہا ہے، وہی سب کچھ ہے، یہی باتیں ٹھیک ہیں، ان کے علاوہ کوئی اور بات ٹھیک ہو نہیں سکتی۔ کالج میں عجیب افراتفری پھیلی ہوئی تھی۔ مرحوم مطعون ہو رہے تھے، لیکن نہ چہرہ پر کوئی اثر تھا اور

---

[1] سلیمان اشرف، سیّد محمد۔ النور، ص ۲۲۷



Marfat.com

نہ معمولات میں کوئی فرق ...... کہتے تھے۔'رشید! دیکھو، علما کس طرح لیڈروں کا کھلونا بنے ہوئے ہیں اور لیڈروں نے مذہبی اصول اور فقہی مسائل کو کیسا کیسا گھر گھروندا بنا رکھا ہے۔ میری سمجھ میں اُس وقت ساری باتیں نہیں آتی تھیں ......

بالآخر مولانا نے ان مباحث پر قلم اُٹھایا اور دن رات قلم برداشتہ لکھتے رہتے۔ اکثر مجھے بٹھا کر سناتے اور رائے طلب کرتے۔ میں کہتا۔ 'مولانا میری مذہبی معلومات اتنی نہیں ہیں کہ میں مُحاکمہ کرسکوں۔ آپ جو کہتے ہیں، ٹھیک ہی کہتے ہوں گے'۔ کہتے۔ 'یہ بات نہیں ہے۔ تم پر اس ہڑبونگ کا اثر نہیں ہے اور سمجھتے ہو کہ یہ سیکڑوں علما جو کہتے ہیں، وہ ٹھیک ہے اور میں کالج کا مولوی یوں ہی کہتا ہوں۔ یہ بات نہیں ہے، ہم تم زندہ ہیں تو دیکھ لیں گے کہ کون حق پر تھا اور کون ناحق پر!'

سیلاب گزر گیا، جو کچھ ہونے والا تھا، وہ بھی ہوا، لیکن مرحوم نے اس عہدِ سراسیمگی میں جو کچھ لکھ دیا تھا، بعد میں معلوم ہوا کہ حقیقت وہی تھی، اس کا ایک ایک حرف صحیح تھا۔ آج تک اس کی سچائی اپنی جگہ پر قائم ہے۔ سارے علما سیلاب کی زد میں آ چکے تھے، صرف مرحوم اپنی جگہ پر قائم تھے۔ اِس کا اعتراف کسی نے نہ کیا اور نہ کبھی مولانا نے کہا کہ ہم نے، آپ نے مولانا کی اس خدمت اور قابلیت کا اعتراف کیوں نہیں کیا۔'' [1]

ترکِ موالات اور ہندو مسلم اتحاد کے نتائج کے بارے میں جو کچھ مرحوم نے فرمایا تھا حرف حرف صحیح ثابت ہوا اور یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں ہوگئی۔ سید صاحب کو حق تعالیٰ نے اس بصیرتِ قلبی سے نوازا تھا جس سے بہت سے رہبر محروم تھے۔

تحریکِ ترکِ موالات کو آج پون صدی سے زائد کا عرصہ بیت چکا، النور اس اعتبار سے منفرد ہے کہ یہ تحریکِ خلافت و ترکِ موالات کے دور میں تصنیف ہوئی اور ایک طوفان بلاخیز کے مقابل بر وقت کلمۂ حق کی زوردار صدا بلند ہوئی، اس کی بدولت ہمارا دینی تصلّب قائم رہا، اور اس نے مسلمانانِ برِعظیم پاک و ہند کا اسلامی تشخص اجاگر کرنے میں مدد دی، اس طرح مولانا سلیمان اشرف نے '' جو اسلامی اسپرٹ پیدا کی، اس نے آگے چل کر تحریکِ اسلامی کو قوت بخشی اور وہ اس قابل ہوئی کہ غیر اسلامی اور لادینی تحریکوں کا مقابلہ کر سکے''۔

[1] رشید احمد صدیقی، پروفیسر '' گنج ہائے گراں مایہ'' طبع دار النوادر، لاہور ۲۰۰۶ء، ص ۲۰ و ۲۱



Marfat.com

محمد علی جناح اور علامہ اقبال اگرچہ ترکِ موالات اور تحریکِ ہجرت ایسی جذباتی تحریکوں کے مخالف تھے اور ان کو مسلمانوں کے لیے ہلاکت خیز اور تباہ کن سمجھتے تھے، لیکن اُس وقت گاندھی کے طوفان کے آگے بند باندھنا ہر کسی کے بس میں نہ تھا۔ پروفیسر غلام حسین ذوالفقار نے لکھا ہے کہ گاندھی کے سامنے اب کس کا چراغ جل سکتا تھا؟ لسان العصر اکبر تک کہہ اُٹھے۔

جے ہو تمہاری، اے مرے گاندھی مہاتما | آگے تمہارے رنگ کسی کا نہیں جما [1]

جذبات کے ایسے ہنگامہ خیز زمانہ میں کوئی شخص گاندھی جی اور علی برادران کے خلاف ایک حرف بھی کہنے کی کوئی جرأت نہیں کر سکتا تھا۔ چنانچہ ۲۸ ردسمبر ۱۹۲۰ء کو آل انڈیا نیشنل کانگریس کے سالانہ اجلاس منعقدہ ناگپور (جس میں خلافت کمیٹی کے ارکان کے علاوہ محمد علی جناح اور کانگریسی مسلمان بھی شریک تھے) میں جناح کی جانب سے شوکت علی کو 'مولانا' نہ کہنے اور گاندھی کو 'مسٹر' کہنے اور 'مہاتما' نہ کہنے پر شیم شیم اور غیرت غیرت کے آوازے سُننے پڑے۔ ہندو اور مسلمانوں کے اس ''بے معنی اور پُر جوش مجمع'' نے مسٹر جناح کو اس بات پر ناچار کر دیا کہ وہ 'مسٹر' کے الفاظ واپس لے کر گاندھی کو 'مہاتما' کے لقب سے پکاریں۔ اِن ایام میں حالات کو ناسازگار (کہ یہ دور نہایت پُر خطر اور آتش فشاں سے کم نہ تھا) دیکھ کر مدبّرین پس منظر میں چلے گئے، علاّمہ اقبال بھی اُس وقت خاموش رہے [2]۔ ڈاکٹر معین الدین عقیل لکھتے ہیں: ''اس نہایت اور مؤثر تحریک میں مُسلم ہندوستان کے دو بڑے نام قائداعظم محمد علی جناح اور اقبال اور ان کی جدوجہد کا پہلو نمایاں نہیں ہے [3]۔'' نیز بقول خواجہ رضی حیدر ـــ ''محمد علی جناح نے اِس عرصہ میں کوئی بیان نہیں دیا، بلکہ وہ اپنی بیوی اور نومولود بچی کے ہمراہ سیر و تفریح کی نیت سے لندن چلے گئے جہاں انہوں نے بڑی پُر سکون زندگی گزاری۔ ایک اندازہ کے مطابق خلافت تحریک کا وفد جب انگلستان گیا تو محمد علی جناح بھی لندن میں موجود تھے، لیکن انہوں نے کوئی دلچسپی ظاہر نہیں کی۔'' [4]

قطع نظر ان تمام باتوں کے ۲۰-۱۹۱۹ء سے ۲۶-۱۹۲۵ء تک کا زمانہ تحریکِ خلافت، ترکِ موالات، ہجرت اور فتنہ ارتداد جیسے طوفانوں کا زمانہ تھا اور یہی وہ دور تھا جس میں ملّتِ مسلمہ اور

---

۱ غلام حسین ذوالفقار، پروفیسر ڈاکٹر۔ ''جدوجہد آزادی میں پنجاب کا کردار''، مطبوعہ لاہور ۱۹۹۶ء، ص ۲۳۲
۲ مسعود احمد، پروفیسر ڈاکٹر محمد۔ ''تحریکِ آزادیٔ ہند اور السواد الاعظم''۔ طبع اوّل ۱۹۷۷ء، ص ۱۳۷
۳ معین الدین عقیل، ڈاکٹر۔ ''اقبال اور جدید دُنیائے اسلام''۔ مکتبہ تعمیر انسانیت، لاہور ۱۹۸۶ء، ص ۲۰۸
۴ رضی حیدر، خواجہ۔ ''قائداعظم کے ۷۲ سال''۔ مطبوعہ کراچی ۱۹۷۶ء، ص ۱۵۸



Marfat.com

دوؤں کے درمیان مسلم قومیت اور ہندوستانی قومیت کی نظریاتی جنگ لڑی گئی، مولانا سلیمان
رف اور علمائے احناف نے اس جنگ میں اپنا وزن دو قومی نظریے کے پلڑے میں ڈالا اور اس
رح انہوں نے کمال بصیرت سے کام لیتے ہوئے تحریک پاکستان کے لیے راستہ صاف کیا۔[1]
ت مُسلمہ کی سربلندی کے لیے ۱۹۲۰ء میں کی جانے والی مساعیٔ جمیلہ کی بازگشت آج بھی سُنی جا
تی ہے ـــ ایک حقیقت پسند مورخ اس دور کا تذکرہ کن الفاظ میں کرتا ہے۔ اس کی ایک مثال
ناز قانون دان کے۔ ایل۔ گابا کی کتاب "مجبور آوازیں" کے اس اقتباس میں دیکھیے۔

> "دو قومی نظریہ" جس پر بڑے بحث مباحثے ہوتے رہتے ہیں، آل انڈیا مُسلم لیگ یا آل انڈیا مُسلم کانفرنس یا دیو بند یا جامعہ ملّیہ کی تخلیق نہیں تھا۔ تاریخ شاہد ہے کہ اس نظریے کے مصنف نہ تو محمد علی جناح تھے اور نہ علامہ اقبال۔
>
> دو قومی نظریہ تو ۱۹۲۰ء میں ایک مشہور اور مُسلمہ نظریہ بن چکا تھا۔ اس وقت جناح صاحب کانگریس کے رہنما اور بقول سروجنی نائیڈو "ہندو مسلم اتحاد" کے سفیر تھے۔"

("مجبور آوازیں" مطبوعہ لاہور ۱۹۷۵ء، ص ۱۰)

## حرفِ آخر

زیرِ نظر کتاب یقیناً اپنے عہد کی صحیح تصویر کشی اور حقائق کو محفوظ کرنے کا ذریعہ بنی۔ فاضل مؤلف نے ایک دردمند مسلمان صاحب علم ہونے کا حق ادا کر دیا۔ دو قومی نظریہ کو اسلامیانِ ہند کی زبردست پزیرائی نے کامیابی و کامرانی سے ہمکنار کیا اور پاکستان اللہ کے فضل و کرم سے ایک شاعر کے خواب سے حقیقت ثابتہ کے طور پر منصۂ شہود پر آیا۔

آگ اور خون کا دریا عبور کرنے اور بے پناہ قربانیوں کے بعد حاصل ہونے والی اس مملکت خداداد کی ہم نے کیسی قدر و منزلت کی؟ اس نعمت غیر مترقبہ کی کیسی پاسبانی کی؟ اللہ اور اُس کے محبوب کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ باندھے گئے عہد کی کتنی شرم رکھی؟ ـــ اس کا ایک ثبوت تو وہ المناک سانحہ ہے، جس کی بدولت ملک دولخت ہوا اور اندرا گاندھی کو نظریہ پاکستان کے خلاف دریدہ دہنی کا موقع ملا۔

بدقسمتی سے مسلمان تحریک پاکستان کے معاملہ میں متحد و متفق نہ تھے اور کانگریسی مُلاؤں کی

[1] کوکب، قاضی عبدالغنی، "تحریک پاکستان اور علمائے اہلسنت" مطبوعہ ... ۱۳۹۹ھ/۱۹۷۹ء، ص ۱۱



Marfat.com

زیرِ قیادت ایک بڑا گروہ ہندو کا ہمنوا اور ہمدم تھا۔ یہ لوگ قیامِ پاکستان کے بعد بھی اپنے نظریہ پر اٹل رہے اور پاکستانی سیاست میں سرگرم رہنے اور مفادات کی بندر بانٹ میں حصہ وافر بٹورنے کے باوجود یہ دعویٰ دہرانے پر کبھی نہیں شرمائے کہ ''خدا کا شکر ہے ہم پاکستان بنانے کے گناہ میں شریک نہ تھے''۔

یہ لوگ آج بھی بھارتی نیتاؤں کے ساتھ اپنے روابط کی آبیاری کرتے نظر آتے ہیں۔ ان کی آئے دن کی بھارتی یاترا، وہاں کے ہندو راہنماؤں کے ساتھ پیار کی پینگیں اور اپنے دینی مدارس میں ان مہاشوں کو بطورِ مہمان خصوصی بلانے کے واقعات تو تازہ ترین اخبارات میں موجود ہیں۔ سونیا گاندھی اور دوسرے بھارتی راہنما دارالعلوم دیوبند کی ایک قومی نظریہ کے لیے خدمات کو آج بھی سراہتے اور دھنواد کرتے ہیں۔

لیکن سوال یہ ہے کہ سوادِ اعظم کے علماء و مشائخ کی اس عظیم تحریک کے وارث کہاں ہیں، جن کی بے مثال جدوجہد نے تحریکِ پاکستان کے چراغ کو روشن کرنے کے لیے اپنے لہو کا تیل فراہم کیا تھا؟ —— عامۃ الناس اس لیے موردِ الزام نہیں ٹھہرائے جاسکتے کہ راہنمائی اور راہبری کا فریضہ بہرحال انہی کا کام ہے، جو اس منصب پر فائز ہیں، یہ ایک تلخ اور انتہائی تکلیف دہ حقیقت ہے کہ بلند و بالا شخصیات کی عظیم مسندوں پر بونے اور کوتاہ بین فروکش ہیں جو اپنے مفادات اور جاہ وجلال سے آگے دیکھنے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ بقول حکیم الامت علامہ اقبال ع

زاغوں کے تصرّف میں عقابوں کے نشیمن!

متاعِ کارواں لٹ رہی ہے اور وہ خوابِ خرگوش کے مزے لے رہے ہیں اور شکوہ یہ ہے کہ لوگ بے راہ ہو رہے ہیں۔ اوراد و وظائف، تسبیح و جاپ اپنی جگہ لیکن عمل سے کنارہ کش قوم کسی مثبت نتیجہ کی توقع کیوں کرسکتی ہے۔ ہمارے اہلِ قلم نے تاریخ کے ساتھ ہونے والی اجتماعی زیادتی کا کبھی کماحقہٗ ادراک نہیں کیا۔ جعفر و صادق کو بڑی بے شرمی کے ساتھ سراج الدولہ اور ٹیپو ثابت کیا جارہا ہے، مگر ہمارے لکھنے والے، اس چوری اور سینہ زوری پر صدائے احتجاج بھی بلند نہیں کرتے۔ السّواد اور اُس کے فاضل مؤلف آج بھی زبانِ حال سے تقاضا کرتے ہیں کہ عافیت اور مصلحت کے حجروں سے نکل کر رسمِ شبیری ادا کرنے کا اہتمام کیا جائے۔

شاید کہ اُتر جائے ترے دل میں مری بات



Marfat.com

يَهۡدِيۡ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضۡوَانَهٗ سُبُلَ السَّلَامِ وَيُخۡرِجُهُمۡ مِّنَ الظُّلُمَاتِ اِلَى

# النُّورُ

یعنی

## حالاتِ حاضرہ پر ایک مُصلحانہ نظر

نوشتہ


فقیر محمد سلیمان اشرف عفی عنہ


خدا داند کہ حافظ را غرض چیست

وعلم اللہ حسبی عن سؤالی


باہتمام محمد مقتدیٰ خاں شروانی

در مطبع مسلم یونیورسٹی انسٹی ٹیوٹ علی گڈھ میں ۱۳۳۹ھ ۱۹۲۱ء طبع ہوا

(اور وہیں سے شائع ہوا)

ر اوّل]

[قیمت عمر



Marfat.com

Marfat.com

# فہرست مضامین


| مضمون | صفحہ | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|---|
| انسداد گاؤ کشی کی سابقہ کوششیں | ۱ | جمعیت کا پہلا اجلاس اور فقیر کا التماس | ۲۰ |
| قرآن و مساجد کی بے حرمتی | ۳ | الرشاد در اعتراض کا جواب | ۲۱ |
| کانگریس اور مسلم لیگ کا معاہدہ و مابعد | ۴ | جنگ بلقان اور موقع مناسب کا اتلاف | ۲۲ |
| اتحادیوں اور ہندوؤں کا اتحاد | ؍؍ | واقعۂ پنجاب و دریا دخلافت | ۲۳ |
| اس کے مقابلہ میں مسلمانوں کا طرز عمل | ۵ | خلافت کا نام اور سوراج کا کام | ۲۴ |
| ستم ظریفی | ۶ | ہڑتال کی ایجاد | ۲۵ |
| موجودہ ہادیانِ قوم | ۷ | نان کوآپریشن | ؍؍ |
| مسلمانوں کی سیاسی زندگی کا پہلا دور | ۸ | ایک مغالطہ کا ازالہ | ۲۷ |
| تقلید جامد اور اتباع کورانہ | ۹ | مسلمانوں کی ہیچ میرز لفاظیاں | ۲۸ |
| پہلی منزل | ؍؍ | ہڑتال اور مسٹر گاندھی کی فیلسوفی | ۲۹ |
| تالیفِ قلوب کا سنگ بنیاد | ۱۰ | کانگریس سے مسلمانوں کے اعراض کی وجہ | ۳۰ |
| خلافت کمیٹی کا سنگ بنیاد | ۱۱ | ہندوؤں کی رفتار ترقی کی سمتیں | ۳۱ |
| قومی مجالس کا انعقاد | ۱۲ | سلف گورنمنٹ کا نذرانہ | ۳۲ |
| واقعات اور نتیجہ | ۱۴ | سحر سامری کا کرشمہ | ۳۳ |
| کانگریس کے دو اصول | ۱۵ | حصول غلبہ کی ایک مجرب تدبیر | ۳۴ |
| علمائے سیاسی سے ایک استفسار | ۱۶ | ذوق شہادت | ۳۵ |
| تعلیم و تلقین کا اثر | ۱۸ | خلافت کا رخ سوراج کی طرف | ۳۶ |
| سیلاب مغالطات و تحریفِ حدیث | ؍؍ | عاجزانہ التماس | ۳۷ |


Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
| --- | --- |
| سیاسی علما کا درس فتویٰ | ۳۸ |
| علمائے سیاسی اور لفظ جہاد کی تحقیق | ۳۹ |
| تعین جہاد | ۴۰ |
| علمائے سیاسی اور مسئلہ جہاد کی توہین | ۴۱ |
| جنگ طرابلس و بلقان کے موقع پر ایثار | ۴۳ |
| علمائے سیاسی کا ہجرت کے متعلق تباہ کن فتویٰ | ۴۴ |
| قبل ازیں لفظ جہاد کا اثر | ۴۵ |
| مسلم لیڈروں کا کفر کا فریں ادغام | ۴۶ |
| رہبری کی اقسام | ۴۷ |
| بالعکس معاملہ | ۴۸ |
| وما ظنکم برب العالمین | ۴۹ |
| نان کوآپریشن کا ملمع جامہ | ۵۰ |
| مفہوم نان کوآپریشن کا تدریجی تبدل | ۵۱ |
| نان کوآپریشن کے مختلف ترجمہ | ″ |
| نان کوآپریشن کے لئے شرعی لباس | ″ |
| **نان کوآپریشن** | ″ |
| ملاء اعلیٰ سے علمائے سیاسی کا استغاثہ | ۵۲ |
| ملاء اعلیٰ کا حکم اور علمائے سیاسی کا تسلیم خم | ۵۳ |
| کفار مشرکین اور کفار اہل کتاب میں فرق مراتب | ″ |
| علمائے سیاسی کا اضطرار اور ایک مغالطہ کی ایجاد | ″ |
| تقریر مغالطہ | ۵۴ |
| مغالطہ کا خطرناک نتیجہ | ۵۵ |
| ایک التماس | ۵۶ |
| اسلام کامل و مکمل ہے | ″ |
| سیرۃ خاتم النبیین کا ایک صفحہ | ۵۷ |
| عہد نبوۃ کا آغاز اور اس کا قبائل پر اثر | ″ |
| کفار کی ایذا رسانی | ۵۸ |
| مدینہ طیبہ میں مخالفتوں کا ہجوم | ۵۹ |
| تمام ممکن حالات سے مبلغ اسلام و مسلمین کا مقابلہ | ″ |
| سلاطین سے خطاب | ۶۰ |
| حیات اقدس کا دوسرا رخ | ″ |
| تبلیغ کی بے نظیر شان | ۶۱ |
| ہدایت کا ایک بے مثل واقعہ | ″ |
| حقیقی سجدہ | ۶۲ |
| پیغمبر کی حیات مقدس ہر حالت میں سبق آموز نمونہ ہے | ۶۳ |
| **لفظ ولا کے معنی کی تحقیق** | ۶۴ |
| موالات فی العمل اور موالات صوری کا فرق | ۶۵ |
| غیر مسلم سے موالات ہر حال میں ممنوع ہے | ۶۶ |
| علمائے سوء کی ایک عیاری | ۶۷ |
| تفسیر جلالین | ۶۹ |
| تنویر | ″ |


Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| تفسیر بیضاوی | ۷۰ |
| تفسیر مدارک | ۷۲ |
| تفسیر البحر المحیط ابو حیان اندلسی | ۷۳ |
| تفسیر خازن | ۷۴ |
| تفسیر کبیر | ۷۷ |
| تفسیر ابن جریر | ۷۹ |
| حضرت حاطب کا واقعہ | ۸۲ |
| تنویر | ۸۴ |
| آیۃ لاینھاکم اللہ کی شانِ نزول | ۸۷ |
| تفسیر ابن جریر | ۸۹ |
| ابن جریر کی ناتمام عبارت سے حکیم صاحب کا استدلال | ۹۴ |
| تریدون زینۃ الحیوۃ الدنیا | ۱۰۶ |
| یہودیوں سے معاہدہ | ۱۰۷ |
| مشرکین مکہ سے صلح | ۱۰۸ |

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| اجارہ | ۱۰۸ |
| کافر کا کام انجام دے کر اجرت لینا | ۱۰۹ |
| کافر کو نوکر رکھنا | ″ |
| کافر سے قرض لینا | ″ |
| کافر کا علاج کرنا دوا بھیجنا | ۱۱۰ |
| ہدیہ دینا اور مشرک سے ہدیہ طلب کرنا | ۱۱۱ |
| کافر کا ہدیہ قبول کرنا | ″ |
| دوسری روایت | ۱۱۲ |
| تیسری روایت | ″ |
| نفع مسلمین کے خیال سے کافر کو مال دینا | ۱۱۳ |
| کافر کے ساتھ رفق و مدارات | ۱۱۴ |
| مدارات کی دوسری روایت | ۱۱۵ |
| فقہائے کرام کی تحقیقات | ۱۱۶ |
| دشمن کے ملک میں بغرض تجارت جانا | ″ |
| دار الحرب میں کس قسم کی بیع حیوان کی اجازت ہے | ″ |
| دار الحرب سے کس قسم کے اجناس کی بیع کی اجازت ہے | ″ |
| گھوڑا اور ہتھیار دار الحرب میں لیجانا منع ہے | ۱۱۷ |
| دشمن کو ہدیہ بھیجنا | ″ |
| دشمن کا ہدیہ مرسل الیہ کس حال میں تقسیم کریگا | ″ |
| اور کس حال میں اس کا خاص ہوگا | ″ |


Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| کافر کا نوکر رکھنا | ۱۱۸ |
| کافر کی نوکری کرنا | " |
| کافر کو امور کفار کے لئے مقرر کرنا | " |
| مفتیان سیاسی کی خیانت | " |
| مفتیان سیاسی کی فریب دہی | ۱۱۹ |
| کفار کا مکمل بائیکاٹ | ۱۲۱ |
| روایت اوّل | " |
| دارالندوہ میں بائیکاٹ کی تحریک | " |
| جنگ بدر | ۱۲۳ |
| کافر کے ساتھ وفا اور انصاف | ۱۲۷ |
| دوسری روایت | " |
| تیسری روایت | ۱۲۸ |
| چوتھی روایت | " |
| چوتھی روایت کی مزید تفصیل | ۱۲۹ |
| کافر کو معلم بنانا | " |
| اقساط کی کھلی مثال | " |
| فتح مکہ سے نظیر | ۱۳۱ |
| حضرت عکرمہ کا واقعہ | ۱۳۲ |
| حضرت عثمان بن طلحہ کا واقعہ | ۱۳۳ |
| انقلاب عالم کے ارکان ثلاثہ | ۱۴۲ |
| سلطنت کا اثر | ۱۴۴ |
| تہور کا اثر | " |
| علم کا اثر | ۱۴۵ |
| خلافت سے جنگ انگریزوں سے موالات | ۱۴۷ |
| واقعہ کربلا سے مثال | ۱۴۹ |
| علمائے سوء کی ہندو پرستی | ۱۵۰ |
| عصبیت اسلامی کی تخریب | ۱۵۳ |
| نبوت و سلطنت کا فرق | ۱۵۵ |
| عود الی المقصود | ۱۶۰ |
| حکومت سے عام گلہ | ۱۶۱ |
| مسلمانوں کا مخصوص گلہ | ۱۶۴ |
| مسئلۂ خلافت | ۱۶۸ |
| مباح کا فرض ہوجانا | ۱۶۹ |
| ترمیم کے پانچ وجوہ | ۱۸۱ |
| مسئلۂ تعلیم | ۱۸۳ |
| معترضین کی فرض ناشناسی | ۱۸۷ |
| تعلیمی امداد کا مسئلہ | ۱۹۰ |
| علوم مغربیہ اور مسلمان | ۱۹۲ |
| تعلیمی تناسب کا اثر | ۱۹۵ |
| مشرقی تعلیم کی کس مپرسی | ۱۹۷ |
| قومی قوت کے ارکان | ۲۰۰ |
| تلخیص ابحاث وما بہ الاختلاف | ۲۰۹ |
| لیڈروں کے جوش کی حقیقی علت | ۲۱۲ |
| لیڈر کے اقسام | ۲۱۳ |


تمت

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامداً ومصلیاً

# ھوالحق

**انسدادِ گاؤکشی کی سابقہ کوششیں**

سن ستاون کا ہنگامہ اور ستارۂ صلاح وفلاح مسلمانانِ ہند کا غروب مفہوم مرادف ہے مسلمانوں کے اس تنزل سے اُن کی ہمسایہ قوم نے فائدہ حاصل کرنے کی کوشش شروع کی اور بہت جلد مسلمانوں کے املاک اور دیگر جاہ وعزت کے سامان اہلِ ہنود کے دستِ تصرف میں آگئے۔

ہندوؤں کو جب اِس طرف سے ایک گونہ اطمینان پیدا ہوگیا تب اُنھوں نے مسلمانوں کے مذہب پر حملہ آوری شروع کی۔ مظالم وجفاکاری کا ایک کوہ آتش فشاں تھا جس سے انواع واقسام کے شعلے پھٹ کر نکلتے اور جابجا مسلمانوں کی غیرت وحمیت کو اُن کے حقوق کے ساتھ خاک سیاہ کرنا چاہتے تھے۔

Marfat.com

یوں تو مسلمانوں کا ہر رکنِ مذہبی اہلِ ہنود کو چراغ پا کردینے کا کافی بہانہ تھا لیکن بقرعید کے موقع پر گائے کی قربانی سے جو تلاطم اور ہیجان ان میں پیدا ہوتا اُس کا اندازہ کرنا بھی دشوار ہے۔ لیکن غیرت مند مسلمان اپنے اس دینی وقار اور مذہبی استحقاق کے قایم رکھنے میں ہمیشہ استقلال وہمت سے اُن کی ستمگاریوں کی مدافعت کرتے رہے۔

محض سفاکی و بے رحمی کو چند سال کے تجربہ نے جب کہ ناکافی ثابت کیا تو اہلِ ہنود تدابیر وحیل کی آمیزش اپنی جفاکاری میں ضروری سمجھ کر تدلیس وتلبیس سے بھی کام لینے لگے۔ چنانچہ ۱۲۹۰ھ ہجری میں اہلِ ہنود نے ایک عبارت استفتا مرتب کرکے بنام زید وعمر مختلف شہروں سے متعدد علمائے کرام کی خدمت میں روانہ کی۔

استفتا میں اس امر پر زور دیا گیا تھا کہ موقع بقرعید پر گائے کی قربانی جب کہ موجب فتنہ وفساد ہے اور امن عامہ میں اس کی وجہ سے خلل آتا ہے اگر مسلمان گائے کی قربانی موقوف کردیں تو کیا مضائقہ ہے۔

حضرات علما نے نہایت مدلل طریقہ پر اس کا یہی جواب تحریر فرمایا کہ شریعت نے جو اختیار عطا فرمایا ہے اُس سے فائدہ اُٹھانے کا ہمیں حق حاصل ہے خوف فتنہ ہو تو حکومت کی قوت کو متوجہ کرنا چاہیئے بہ پاس خاطر ہنود یا خوفِ ہنود اپنے دینی حق سے باز رہنا ہرگز روا نہیں۔

دو تین برس بعد پھر اسی قسم کا استفتا جاری ہوا اور پھر دربارِ شریعت سے یہی فتویٰ صادر ہوا۔ مولنا المفتی احمد رضا خاں صاحب بریلوی کا رسالہ انفس الفکر فی قربان البقر ۱۲۹۸ھ ہجری کا تصنیف ہے اُسے ملاحظہ فرمائیے، اور مجموعۂ فتاویٰ مولوی عبدالحی صاحب مرحوم مطالعہ کیجیئے۔ ساری حقیقت واضح ہوجائیگی۔ اس کے بعد ۱۳۱۲ھ ہجری اور ۱۳۲۹ھ ہجری میں پھر اسی سوال کا اعادہ کیا گیا اور دارالافتا سے اُسی اگلے جواب کا افاضہ فرمایا گیا۔

گوپا اور مئو میں جب کہ ہندؤں نے ایک حشرِ عظیم بپا کیا اور بعد قتل وغارت گری اور بے حرمتی

Marfat.com

مساجد اس کوشش میں سرگرم ہوئے کہ حکام کچہری پر یہ ثابت کریں کہ قربانی گاؤ سے ہندوؤں کی دل آزاری ہوتی ہے اور گائے کی قربانی حسب اجازت مذہب اسلام نہیں اُس وقت علامہ چریا کوٹی مولنا محمد فاروق صاحب عباسی نے ایک رسالہ چھپوا کر شایع فرمایا جس میں دلائلِ عقلیہ اور نقلیہ سے اچھی طرح ثابت فرمادیا کہ اہلِ ہنود کے ادعائے باطل محض بے بنیاد ہیں۔ نیز واقعۂ مئو کی مستند تاریخ ایک مسدّس میں نظم فرمائی جو ہندوؤں کے مظالم اور مسلمانوں کی مظلومیت و استقامت کی ہوبہو تصویر ہے۔ یہ دونوں رسالے چھپ کر ملک میں شایع ہو چکے ہیں۔

اشاراتِ صدر سے صرف اِس قدر ثابت کرنا ہے کہ ہندو مسلمانوں کے شعارِ دین کی توہین اور ارکانِ مذہبی کے نیست و نابود کرنے میں اپنی پوری جسمانی مالی اور دماغی قوت گوناگوں طور پر صرف کرنے میں پچاس برس سے مسلسل ساعی و کوشاں ہیں لیکن علمائے کرام اور عامۂ مسلمین آج تک اُن کے دامنِ حیل میں پناہ لینے سے اظہارِ بیزاری کرتے رہے۔

**قرآن و مساجد کی بے حرمتی**

ہندوؤں نے جوشِ وحشت میں آکر قرآن مجید کے ساتھ بارہا بے ادبی کی ہے مساجد کی بے حرمتی میں ہمیشہ اُنھوں نے ظالمانہ ہاتھ بڑھایا ہے مسلمانوں کی جانوں اور عصمتوں کو نہایت بیباکی سے اُنھوں نے تباہ و برباد کیا ہے۔ غرض اُن کے اختیار و قوت میں جس قدر مسلمانوں کے دین پر حملہ کرنا ممکن تھا اُس سے یہ کبھی باز نہ رہے۔ اہلِ ہنود کے وہ مناظرِ خونیں جو مواقع محرم الحرام یا اذان وغیرہ پر ہوا کئے ہیں اُن کی فہرست مظالمِ بقرعید سے علاوہ ہے۔

کیا یہ واقعہ در حقیقت نہیں کیا یہ امر محتاجِ دلیل ہے کہ ہندوؤں میں اس کی طاقت کہاں تھی جو قسطنطنیہ پر حملہ کرتے اس کی قوت ان میں کب تھی جو عراق و شام پر یہ فوج کشی کرتے۔ ایسے سامان انھیں میسر کہاں تھے جس سے مسلمانوں کے مقاماتِ مقدسہ پر یہ اپنا تصرف کرتے یا جزیرۃ العرب کو اپنے دائرۂ حکومت میں داخل کرتے۔ ان کی انتہائی قوت بس اسی قدر تھی کہ مسلمانانِ ہند پر بزدلانہ

Marfat.com

حملوں سے اپنی اُس سپاس گذاری اور منت پذیری کا ثبوت دیں جو ان احسان مسلمانوں نے اپنے ایام سلطنت میں ان کے ساتھ مرعی رکھے۔

**کانگریس اور مسلم لیگ کا مفاہمہ و مابعد**

۱۹۱۶ء میں کانگریس اور مسلم لیگ نے بعد مفاہمہ اتحاد کا آوازہ بلند کیا اُس وقت مسلمانوں کی خلافت مقدسہ دول یورپ کے نرغہ میں پھنسی ہوئی تھی اس لیئے مناسب یہی تھا کہ مسلمانانِ ہند مقامی اور وطنی نزاعات کو صلح اور آشتی کے ساتھ طے کرلیں اور پوری توجہ سے خلافت اور مقاماتِ مقدسہ کی حفاظت پر تدابیر سوچ کر عمل آرا ہوں۔ لیکن ہندو مسلمانوں کے اس عالم پریشانی سے بغیر فائدہ حاصل کیئے کیونکر رہ سکتے تھے۔ ایک دو بڑے ہندو لیڈروں نے تو سحر آمیز افسوں خوانی لیڈران مسلم کے کانوں میں بصیغۂ راز شروع کی اور مابقیہ نے ملکر ایک قیامت آرہ اور شاہ آباد میں بپا کی دوسرے سال کٹارپور میں اپنی عداوت کا نہ مٹنے والا ثبوت پیش کیا۔

عین ایسے موقع پر جب کہ مسلمان انتہائے اضطرار و بیچینی کے عالم میں مبتلا تھے۔ ان دونوں مقامات پر یکے بعد دیگرے آتشِ فساد مشتعل کرنے سے ہندوؤں کا یہی مقصد تھا کہ مسلمانان ہند اپنے مصائب میں پھنس کر خدمتِ خلافت سے محروم رہ جاویں اور یورپ کی وہ سلطنتیں جو اسلامی مرکز پر حملہ آور ہیں ہندوؤں کے اس فتنہ و فساد سے مظاہرہ و اعانت کا فائدہ حاصل کریں۔ الہ آباد و بریلی وغیرہ میں عشرۂ محرم الحرام کے موقع پر جو فساد ہندوؤں نے کیا وہ اس کے علاوہ ہی۔

**اتحادیوں اور ہندوؤں کا اتحاد**

اتحادیوں میں فوج کشی اور ملک گیری کی قوت تھی اس لیئے وہ اپنی اس قوت سے کام لے رہے تھے اور ہندوؤں میں یہ طاقت تھی کہ ایسی نازک حالت میں مسلمانانِ ہند کو مقامی آفات میں اُلجھا کر ارض مقدس کی خدمت سے باز رکھیں اس لیئے وہ اپنی اسی طاقت کو عمل میں لا رہے تھے۔ غرض اس انتہائی ایام مصیبت میں مسلمانوں کی تباہی و بربادی میں اتحادی

Marfat.com

سلطنتیں اور اُن کے ملکی بھائی دونوں برابر کے شریک و سہیم تھے۔ ملکی بھائیوں نے بعد اتفاق و اتحاد ذرہ برابر بھی غارت گری اور درندگی میں کمی وکوتاہی روا نہ رکھی اور اپنے اُس ظلم کو جسے پچاس برس سے پرورش کر رہے تھے آرہ شاہ آباد اور کٹارپور کے مسلمانوں کے خون سے پھر ایک بار سینچا۔

**اِس کے مقابلہ میں مسلمانوں کا طرزِ عمل**

ہندوؤں کے اس برتاؤ اور برادرانہ سلوک کے مقابل میں اگر مسلمانوں کا طرزِ عمل دیکھا جائے تو اچھی طرح فیصلہ کیا جا سکتا ہے کہ حقِ ہمسائگی کی رعایت کس نے ہمیشہ ملحوظ رکھی ہے۔

بہت سے رسم شرک وکفر ہنود اس طرح انجام دیتے ہیں کہ اُن کے طرز ادا پر مسلمانوں کو اُن کا مذہب اُس کے استیصال اور ممانعت کا حکم دیتا ہے لیکن کوئی واقعہ ایسا نہیں بتایا جا سکتا جس میں دور دراز کے مسلمانوں نے اجتماعی حالت سے کہیں ہندوؤں پر حملہ آوری کی ہو۔

رام لیلا، گنیش، اور ہولی وغیرہ ہندوؤں کے ایسے تہوار ہیں جن میں بارہا ہنود کی جانب سے اشتعال انگیزی ہوا کی ہے۔ لیکن ناگزیر ومفرط حالتوں میں بھی بجز مقامی مسلمانوں کے کوئی قوت وجمعیت دیگر اضلاع سے پہنچ کر مدافعت کے لیے کبھی مجتمع نہ ہوئی۔

انتہائے برادر نوازی اور حق ہمسائگی کی تازہ ترین مثال واقعہ کٹارپور ہے ہندوؤں نے تو مسلمانوں کو بند مکان میں آگ لگا کر جلایا اور اُن کی جان مال اور آبرو کو نہایت بیدردی و بے رحمی سے تباہ کیا لیکن جب مقدمہ حکومت کے ہاتھوں میں پہونچا تو باوجود اس کے کہ عمائد ہنود اُن خونریز ہندوؤں کے حمایت میں ہر طرف سے ہر طرح کی امداد پر آمادہ ہو گئے تھے۔ مسلمانوں کے لیڈروں نے بجائے معاونت اور حقیقی غمگساری یہ تلقین شروع کی کہ مسلمانانِ کٹارپور درخواستیں دیں عرضداشتیں بھیجیں کہ ہم اپنا دعویٰ واپس لیتے ہیں۔ گورنمنٹ ان مجرموں کو رہا کر دے۔ پھر جب کہ فیصلہ پھانسی کا

Marfat.com

سنا گیا اُس وقت بھی مسلمانان کٹارپور کو دبا کر عفو کی خواستگاری میں انتہائی کوشش عمل میں لائی گئی اور آخرکار گورنمنٹ میں درخواست بھجوا ہی دی گئی۔ اس بذل و کرم کے اسباب موزو اسرار ہیں بجز لیڈروں کے اور کوئی نہیں بتا سکتا کہ مسلمانان کٹارپور کا خون رائیگاں کیوں قرار دیا گیا۔ اُن کے ورثا کو اس سنگدلی کے فیصلہ پر راضی ہو جانے کے لیے کیوں مجبور کیا گیا۔ ہندوؤں نے کیا عوض اس احسان کا پیش کیا۔ اِن سوالوں کا جواب حضرات لیڈر ہی دے سکتے ہیں بشرطیکہ اِن سوالوں کا قابل جواب ہونا خیال بھی فرمائیں۔

**ستم ظریفی**

ہنود نوازی میں مبالغہ و غلو اس سے سمجھنا چاہیے کہ دوران مقدمہ میں مسلمانان کٹارپور کے پاس لیڈروں کے صحایف پہونچنے لگے کہ گائے کی قربانی موقوف کرو ان صحائف میں مستغنی عن الالقاب حکیم حافظ محمد اجمل خاں صاحب رئیس دہلی کے صحیفہ کو امتیاز خصوصی حاصل ہے۔ بعض حضرات خود تشریف لے گئے تاکہ مسلمانان کٹارپور کو گائے کی قربانی سے باز رکھا جائے حالانکہ انصاف کا یہ فیصلہ تھا کہ ہندو لیڈروں سے یہ اپیل کی جاتی کہ آپ کی قوم ہنود نے جب انتہائے وحشت و بربریت کے ساتھ مسلمانوں پر ظلم و ستم کیا ہے تو اُن کی مظلومیت کی داد یہی ہو سکتی ہے کہ خود ہندو قربانی کے موقع پر گائے فراہم کریں تاکہ مسلمانوں کی کچھ اشک شوئی ہو جائے۔

بہرحال خلاصہ مدعا یہ ہے کہ اس طرز پر عمل اور حقوق مسلم کی حفاظت اور حمایت مسلمین کی لیڈری حضرات لیڈر اُس وقت فرما رہے تھے جس وقت نہ تو خلافت کمیٹی کی بنیاد پڑی تھی نہ کوئی تحریک خلافت کے متعلق عام مسلمانوں کے سامنے پیش کی گئی تھی نہ ہندوؤں نے یوم خلافت میں مسلمانوں کے ساتھ اپنی دکانیں بند کی تھیں نہ کسی طرح کی ہمدردی کا اظہار خلافت کے متعلق ہندوؤں کے عوام یا خواص یا اخص الخاص نے کیا تھا پھر بھی لیڈرانِ مسلم اِس کوشش میں سرگرم تھے کہ مسلمانوں کو گائے کی قربانی سے باز رکھ کر ہنود کی رضا اور خوشنودی حاصل کی جائے۔ غالباً یہ اثر اُسی

Marfat.com

سحر و افسوں کا ہوگا جو اخص لیڈرانِ ہنود نے بصیغۂ راز لیڈرانِ مسلم کی کانوں میں پھونک دیا تھا۔

اگر قوم ہنود اور اُن کے فدائیان مسلم سے سوال کیا جائے کہ کوئی واقعہ ایسا ہی مثل کٹارپور کے پیش کریں جس میں مسلمانوں نے ہندؤں پر اس طرح وحشیانہ ظلم کیا ہو پھر ہندو لیڈروں نے اپنے عوام کو اس طرح درگذر کرنے پر مجبور کیا ہو اور ان سب مراحل کے بعد اپنی قوم سے اُسی مذہبی عمل کے ترک کرنے کی اپیل بھی کی ہو اگر اس کا جواب نفی میں ہے اور یقیناً نفی میں ہے تو پھر اس پرپیچ لیڈری اور ژولیدہ خیر خواہی ملت و مذہب کے سمجھنے میں اگر کچھ اُلجھن پیدا ہو جائے تو اس پر عتاب و خفگی کیوں نازل کی جائے۔

کچھ عرصہ سے جو مسلمانوں نے پولیٹکل کروٹ بدلی ہے اُس کے منافع و مصالح تو ہنوز زیر پردۂ غیب میں مستور ہیں ہاں جو کچھ بظاہر محسوس ہے اُس سے کسی طرح کی صلاح و فلاح کی اُمید ایک خیالِ باطل اور وہم فاسد ہے۔

**موجودہ ہادیانِ قوم**

ایک مدت سے قوم کی باگ چند ذی اثر اور ذی وجاہت اشخاص کے ہاتھوں میں رہنے کا معمول و دستور ہے قوم اسی کی خوگر ہو رہی ہے کہ اعضا اس کے شل ہوں اور دماغ سے اِس کے جمود کا پردہ اُٹھنے نہ پائے۔ لیڈر جو کچھ ارشاد فرمائیں قوم بے سوچے سمجھے آمین کہدے۔

لیڈروں کا یہ فرض ہے کہ غلامی اور ذلت کا طوق گراں سے گراں تر اور بوجھل سے بوجھل تیار کریں اور اپنی قوم کی گردنوں میں ڈال کر اُن کا گلا گھونٹتے رہیں۔ اور پھر اس طرح مٹا دینے اور فنا کر دینے کا خراجِ تحسین بھی قوم سے وصول کریں۔

لارڈ ہارڈنگ وائسرائے ہند کا عہدِ حکومت جب ختم ہوا اور لارڈ چیمسفورڈ کا دَور آیا تو بعض ذی وجاہت حضرات کی باریابی اس دورِ جدید میں چنداں شاندار نہ رہی توقعات بھی

Marfat.com

مایوسیوں سے بدلنے لگے اور اُمید کا چہرہ بالکل ہی تاریک پڑگیا مجبور ہو کر قوم کی طرف اپنی عنایتوں کا رُخ اِن حضرات کو پھیرنا پڑا اسی کے ساتھ بعض نفس آرا خود نما ہنگامہ افزا اشخاص کے ساتھ ملنے پر مجبور رہوئے۔ مذہب و ملّت کے سچّے ہمدرد اُسی وقت کھٹک گئے تھے کہ یہ عنایت اور یہ باہمی آمیزش مسلمانوں کے کسی وطنی و مذہبی حق کو بغیر سلب کئے نہ رہیگی۔ چنانچہ یہ نتیجہ آج اُسی عنایت اور قران کا ہے جو گائے کی قربانی مسلمانوں سے چھوڑائی جاتی ہے موحدین کی پیشانیوں پر قشقہ جو شعارِ شرک ہے کھینچا جاتا ہے مساجد اہلِ ہنود کی تفرّج گاہیں، مندر مسلمانوں کا ایک مقدّس معبد ہے۔ ہولی شعارِ اسلام ہے جس میں رنگ پاشی اور وہ بھی خاص اہلِ ہنود کے ہاتھوں سے جب کہ وہ نشۂ شراب میں بدمست ہوں عجب دلکش عبادت ہے۔ بتوں پر پوڑیاں چڑھانا ہار پھولوں سے اُنھیں آراستہ کرنا پھولوں کا تاج اصنام کے سروں پر رکھنا خالص توحید ہے یہ سارے مسائل ان صورتوں میں اس لیے ڈھل گئے کہ ہندوؤں کی دلنوازی اور استرضا سے زیادہ اہم نہ توحید ہے نہ رسالت نہ معاد۔ نعوذ باللہ ثم نعوذ باللہ۔

**مسلمانوں کی سیاسی زندگی کا پہلا دور**

ہندوستان میں جب ہی سہی علامتیں اپنی سلطنت کی مٹ گئیں اور برٹش حکومت ہر پہلو سے مضبوط ہو گئی اُس وقت مسلمانوں کے لیڈروں نے مرتبہ افراط میں آکر اس سلطنت کے برکات اور اس حکومت کے فیوضات کا خطبہ جو پڑھنا شروع کیا تو یہ معلوم ہوا کہ تلاوتِ کلامِ پاک سے بھی زیادہ ثواب اس وقت اس میں ہے کہ حکومت کی حمد وثنا سے زبان تر رکھی جائے انگریزوں کے حقوق اور مسلمانوں کی وفاشعاری اور اطاعت گزاری پر جو رسائل لکھے گئے اُن سے یہی سمجھا جاتا تھا کہ نزول قرآن اور تعلیم اسلام کا خلاصہ اور جوہر یہ ہے کہ انگریزوں میں اس طرح اپنے کو مل کر فنا کردو کہ نہ تو غیری نہ من غیرم کی شکل پیدا ہو جائے۔ پھر کوئی بڑے سے بڑا مُبصّر بھی یہ نہ بتا سکے کہ اصل کون ہے اور نقل کون۔ اسی مقصد کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے لیڈروں نے قوم کو بڑھنے کا اشارہ کیا۔

Marfat.com

**تقلید جامد اور اتباع کورانہ**

ایک عرصہ تک اس تقلید جامد اور کورانہ اتباع کے لطائف میں لیڈروں کو مدح خواں اور ثنا گستر بھی پایا گیا لیکن امتداد زمانہ نے جبکہ اُس کیف وسُرور میں حالت مساوات پیدا کر دی تو اب یہ فیصلہ ہوا کہ غلامی سے کسی زندگی کا بہتر ہونا اور وہ بھی مسلمانوں کیلئے یہ تو ناممکن اور امر محال ہے لیکن حکومت اور سلطنت کی غلامی اپنے منسوب الیہ کے اعتبار سے ایک علو و بلندی رکھتی ہے اب تک مسلمان جو برکات غلامی سے محروم رہے وہ اسی کا نتیجہ ہے کہ ان کی غلامی نسبت عالی رکھتی ہے وقت آگیا اور ضرورت اس کی عیاں ہو چکی کہ مسلمان اپنے اُس قوم ہمسایہ کی جس پر کسی عہد میں اُنھوں نے صدیوں تک حکومت کی تھی بکمال عقیدت غلامی اختیار کریں تا کہ ثمرات غلامی سے بدرجہ اتم واکمل بہرہ مند ہو سکیں اسی نصب العین کو پیش نظر رکھتے ہوئے لیڈروں نے قوم کی رفتار دوسرے جانب موڑنے کی کوشش کی۔

**پہلی منزل**

مسٹر مانٹیگو کے سامنے دہلی میں جس وقت اعیان ہند کے وفود پیش ہو رہے تھے۔ جب آل انڈیا مسلم لیگ کی پیشی کی نوبت آئی تو اس جماعت کا جو ایڈریس تھا اُس میں یہ گزارش بھی پر زور الفاظ میں کی گئی تھی کہ ہندوستان سے گائے کا ذبح کرنا موقوف کیا جائے جدید آقا کے دربار میں جو نذور عبودیت و عقیدت کے ہاتھوں پیشکش ہونے والے تھے اُن میں سب سے زیادہ پسندیدہ یہی نذر تھی جس کا سامان اس طرح انجام دیا جانا قرار پایا تھا یہ وفد بوجوہ پیش نہ ہو سکا لہٰذا نئے سرکار میں اس ایثار کی کچھ نمایاں قدر دانی بھی نہ ہو سکی۔

قربانی کا مسئلہ چوں کہ سارے ہندوستان کے مسلمانوں سے متعلق تھا اس لئے محض لیڈروں کے ہاتھوں کا نذرانہ قابل قبول سرکار ہنود ہرگز ہو نہیں سکتا تھا اس کے لئے لیڈر حضرات کو کوئی ایسا حیلہ ایجاد کرنا ضرور تھا جس کی وساطت سے قلوب عوام پر اس طرح قابض و متصرف ہو جائیں کہ حامیان

Marfat.com

ملت و مذہب کے ہدایت کی گنجائش باقی نہ رہی۔

مسلمانوں کے لیڈر اسی خیال میں تھے کہ کانگریس کا جلسہ دہلی میں منعقد ہوا صدر مجلس کانگریس مسٹر مدن موہن مالویا بالقابہ اپنی آخر نشست میں مسلمانوں کو مخاطب کرتے ہوئے یہ ارشاد فرماتے ہیں کہ "مسلمان ہندوؤں کی دل آزاری سے باز رہیں اور ان کی طرف برادرانہ محبت سے ہاتھ بڑھائیں"۔

اس دل آزاری اور محبت کی تفسیر بھی براہ مہربانی خود ہی صدر نے مابعد میں فرمادی کہ "اگر مسلمانوں کے مذہبی نقطہ خیال سے گائے کی قربانی نہایت ضروری ہی تو باوجود اس تکلیف کے جو مجھے اس معاملہ میں ہوگی میں قربانی کو خود اپنی آنکھ سے دیکھنے کے لئے تیار ہوں"

قابل غور یہ نکتہ ہے کہ مسلمان لیڈر جبکہ جوش محبت ہنود میں خود ہی بغیر تحریک ظاہری ہنود کٹارپور جیسے مقام پر جہاں اس شدت و بیرحمی سے ہندوؤں نے قربانی گاؤ پر ہجوم اور حملہ آوری کی تھی جس حملہ و ہجوم نے مسلمانان کٹارپور پر گائے کی قربانی واجب کردی تحریک ترک کی بانواع گوناگوں کر رہے ہیں پھر گورنمنٹ سے بواسطہ مسٹر مانٹیگو اپنے ایڈریس میں یہ چاہتے ہیں کہ گورنمنٹ ہند کوئی ایسا قانون وضع کرے جس سے ہندوستان میں گائے کا ذبح کرنا قانوناً جرم قرار پاجائے ایسی حالت میں مدن موہن مالویا جیسا خیرخواہ ہندوستان کانگریس جیسے ذیشان جلسہ میں خود اپنے منہ سے یہ کہے کہ مسلمان ہندوؤں کی دل آزاری سے باز آئیں یہ سمند شوق و آرزو پر ایسا تازیانہ ہی کہ ایک لمحہ کا سکون و قرار بھی تعجب سے خالی نہیں اس پر بھی لیڈروں نے کامل ایک سال تک انتہائے ضبط و خودداری سے کام لیا اور اس عرصہ میں وہ اجزاء و عناصر فراہم کئے گئے جس سے تحریک ترک قربنی گاؤ ہمہ گیر ہوجائے۔

**تالیف قلوب کا سنگ بنیاد** ۱۹۱۸ء میں مسلم لیگ کا جلسہ بھی دہلی میں ہی منعقد ہوا تھا

Marfat.com

مجلس استقبالیہ کے صدر نے جو اپنا خطبہ اُس وقت پڑھا ہے اُس میں مسئلہ خلافت کے مختلف پہلوؤں سے بحث کرتے ہوئے ترکوں کی حمایت میں صدائے احتجاج بلند کی ہے برسوں کا بھولا ہوا سبق جو آج یاد آیا ہے یہی عامۂ مسلمین کے تالیف قلوب کا پہلا سنگِ بنیاد ہے جسے ڈاکٹر انصاری صاحب نے بحیثیت صدر مجلس استقبالیہ مسلم لیگ اپنے ہاتھوں سے رکھا۔

اس سال کی قومی و ملکی مجالس میں صرف اسی قدر کارروائی ہوئی کہ مدن موہن مالویا صاحب نے مسلمانوں کو دل آزاری ہنود سے منع فرمایا اور ڈاکٹر انصاری صاحب نے حمایت خلافت کا علم بلند فرمایا۔

علماء سیاسی نے بھی وقت شناسی سے کام لے کر اس موقع پر اپنے فتوے کا اعلان ضروری سمجھا۔

**خلافت کمیٹی کا سنگ بنیاد**

اسی کے ساتھ یہ گزارش بھی سُن لیجئے کہ انھیں ایام میں مسٹر گاندھی اپنے دوران سفر میں بعض ایسے لیڈروں سے ملاقات کرتے ہیں جو قومی اور ملکی مجالس میں اپنی معذوریوں سے شریک نہیں ہو سکتے تھے پھر اسی کے ساتھ ستیا گرہ اور ہڑتال عام اور رفع امتیاز مسجد و مندر جس کے محرک مسٹر گاندھی ہیں اسے بھی منضم کر لیجئے۔ جب یہ متفرق اعمال جن میں بظاہر کوئی سلسلہ معلوم نہیں ہوتا اپنے اپنے محل و موقع پر انجام پا چکے تو اب ۱۹۱۹ء میں بتاریخ ۲۰ نومبر بمقام دہلی خلافت کمیٹی کا سنگ بنیاد پڑتا ہے اس موقع پر ہندو بھی ایک کافی تعداد میں بحیثیت نمائندہ شریک ہوئے جن میں خصوصیت کے ساتھ مسٹر گاندھی کا نام قابل ذکر ہے جنھوں نے اس خالص مذہبی جلسہ کی ایک اجلاس میں صدارت بھی فرمائی تھی اور علماء سیاسی نے آپ کے تشکر و امتنان میں وہ سب کچھ ارشاد فرمایا جس کا جذبہ عقیدت اور جوش اتباع و تقلید مقتضی تھا۔

Marfat.com

اظہار تشکر کے ذیل میں مولانا صاحب نے اس کا بیان کرنا بھی ضروری سمجھا کہ مسٹر گاندھی صاحب کے اخلاق اور گفتگو سے میں یہاں تک متاثر ہو چکا ہوں کہ گائے کی قربانی میں نے ترک کردی جلسہ خلافت کے مقاصد اور اصول عمل اسلامی و دینی سے ترک قربانی گاؤ کا تعلق کچھ ہو یا نہو لیکن یہی جملہ جو بطور حکایت بیان ہوا اور جو الفاظ سرسری طور پر اثنائے تشکر و امتنان میں آگئے فی الحقیقت یہ ایک زبردست دیباچہ اور مقدمہ تھا اُس کتاب کا جو آیندہ ماہ دسمبر میں اسی سال عامہ مسلمین کے لئے تصنیف ہونے والی تھی اسی کے ساتھ خلافت کے نام سے جو ایک ہڑتال ہوئی اُسے تمہید کتاب سمجھ لیجئے۔

## قومی مجالس کا انعقاد

اب دسمبر کا مہینہ آتا ہے اور قومی مجالس کا انعقاد امرتسر میں ہو رہا ہے مسلم لیگ کے صدر مستغنی عن الالقاب حکیم حافظ محمد اجمل خاں صاحب رئیس دہلی اپنا خطبہ صدارت پڑھتے ہیں جس کی بیشمار کاپیاں ملک میں تقسیم ہو چکی ہیں تقریباً چار صفحوں میں صدر مسلم لیگ نے مسئلہ قربانی سے بحث فرمائی ہے ابتدائی جملہ یہ ہے۔

---

"گاؤ کشی کا ذکر ہم لوگ ایک عرصہ سے اشاروں اور استعاروں میں کرتے رہے ہیں لیکن اب وقت آگیا ہے کہ اس مسئلہ کے متعلق زیادہ صفائی اور زیادہ وضاحت کے ساتھ ذکر کیا جائے"۔ صفحہ ۳۳ میں نہایت سوز و گداز کے ساتھ ہندوؤں کی عنایت و کرم کا اظہار فرمایا گیا ہے اور صفحہ ۳۴ پر مذہبی نقطہ نظر سے اس مسئلہ سے بحث کرتے ہوئے یوں ارشاد ہوتا ہے۔ "ہندوستان کو چھوڑ کر تمام عرب شام مصر طرابلس اور ایشیائے ترکی وغیرہ کے مسلمانوں کو دیکھئے جن میں کروڑوں کی تعداد نے زندگی بھر اس سنت کو بغیر گائے کی قربانی کے ادا کیا ہے" عوام بیچارے اس پر پیچ تاریخی جملہ سے یہ سمجھے کہ گائے کو قربانی کے لئے تمام بلاد اسلامیہ کے مسلمان چھوتے بھی نہیں لیکن خفیف سایہ شبہ عوام کو رہ جاتا تھا کہ شاید اس دور سے پیشتر عہد رسالت

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم یا صحابہ رضی اللہ عنہم کے زمانہ میں گائے قربانی ہوتی ہو یا ہوئی ہو اس شبہ کو مٹا دینے کے لئے حکیم صاحب نہایت شد و مد سے ایک حدیث میں کچھ اپنی طرف سے اضافہ فرماتے ہوئے یوں ارشاد فرماتے ہیں "اس حدیث سے صاف طور پر یہ معلوم ہوتا ہی کہ عرب میں علی العموم بکری کی قربانی کا رواج تھا۔"

مسلم لیگ میں جب رزولیوشن پیش ہونے لگے تو ڈاکٹر انصاری صاحب نے ترک قربانی گاؤ کا رزولیوشن پیش فرمایا جو تھوڑی سی خوش بیانیوں کے بعد منظور ہو گیا۔ مولنا عبدالباری صاحب فرنگی محل نے قومی و ملکی مجالس سے مراجعت فرماتے ہوئے سہارنپور میں ایک تقریر فرمائی جس میں مسئلہ قربانی کے متعلق جو کارروائی مسلم لیگ نے انجام دی تھی اُس کی تائید و تحسین میں کافی زوردار الفاظ ارشاد فرمائے۔

مستغنی عن الالقاب حکیم حافظ محمد اجمل خاں صاحب رئیس دہلی کا مسلمانان کرتارپور کے پاس صحیفہ متعلق ترک قربانی گاؤ بھیجنا۔ ڈاکٹر انصاری صاحب کا خلافت کی حمایت میں ایک سال قبل صدائے احتجاج بلند فرمانا۔ پھر نومبر میں جلسہ خلافت کا انعقاد اور گاندھی صاحب کی ایک جلسہ میں صدارت اور مولانا عبدالباری صاحب کا ثنائے تشکر و امتنان میں ترک قربانی گاؤ کا سرسری تذکرہ پھر دوسرے ہی مہینے میں چند ہفتوں بعد مسلم لیگ کا جلسہ اور اُس میں انھیں ارکان ثلاثہ کا یکے بعد دیگرے اس مسئلہ کو اس طرح طے کر ڈالنا کہ مستغنی عن الالقاب عالی جناب حکیم صاحب خطبۂ صدارت میں ملکی سیاسی اور مذہبی پہلو سے ترک قربانی گاؤ پر زور دیتے ہیں ڈاکٹر انصاری صاحب رزولیوشن کی شکل میں پیش فرماتے ہیں جو منظور ہو جاتا ہے۔ مولنا عبدالباری صاحب سہارنپور پہونچکر تحسین و تائید فرماتے ہیں اب وہ نذرانہ اور گراں بہا تحفہ جو سرکار ہنود میں پیش ہونے والا تھا جس کے لئے سارے اہلِ دربار ہمہ تن چشم براہ تھے۔ جس کا ذکر مسٹر مانٹیگو کے

Marfat.com

سامنے پیش ہونے والے آل انڈیا مسلم لیگ کے وفد نے اپنے ایڈریس میں کیا تھا نیز جس کے متعلق عرصہ سے اشاروں اور استعاروں میں ذکر ہوا کرتا تھا اب وہ اس قابل ہوگیا کہ سارے ہندوستان کے مسلمانوں کا ہاتھ اس نذر و ہدیہ میں شامل ہو۔

**واقعات اور نتیجہ** واقعات صدر کو ذہن میں رکھکر ہر سمجھدار اور ذی فہم اپنے طور پر اس کا فیصلہ کرلے کہ ترک قربانی گاؤ کا فیصلہ لیڈروں نے کب سے کرلیا تھا۔

توقف کی ساعتیں محض اس تدبیر میں بسر ہوئیں کہ ایسے اسباب و وسائل مہیا ہو جائیں جن کی وساطت سے عوام لے حق تلفی نہ سمجھیں بلکہ مذہبی اعانت سمجھکر دفعۃً لبیک کہہ اٹھیں۔ اگر واقعات کے تسلسل اور افعال کی کڑیوں کو یکجا ترتیب دینے سے کوئی نتیجہ صحیح پیدا ہوسکتا ہے تو پھر واقعات مذکورۂ بالا کے تسلسل سے اس صحیح نتیجہ پر پہونچے کہ یہ دلفریب اور لبھانے والی باتیں محض کہنے سکے لئے ہیں کہ مقاصد خلافت کی اہمیت اور بقائے خلافت کی شرعی ضرورت ہمیں مجبور کرتی ہے کہ گائے کی قربانی کو خلافت پر سے قربان کردیا جائے۔

یہ امر محتاج بیان نہیں کہ اگر ہندو ترک قربانی گاؤ کی تحریک کرتے تو عامۃ مسلمین ہرگز ہرگز اس کو تسلیم نہ کرتے۔ لیڈر صاحبان بھی اگر اس کی اپیل سیاسی اور ملکی پہلو سے پیش فرماتے تو ناکامیاب رہنے کا ظن غالب تھا اس جیسے مسئلہ کے لئے اسی کی ضرورت تھی کہ شرعی اور مذہبی لباس میں اسے مسلمانوں کے سامنے لایا جائے یہ نپولین کی پالیسی تھی کہ وہ مذہب کا نام نہایت گرمجوشی سے لیتا اور مذہبی بننے میں کمال مبالغہ سے کام لیتا تھا یہاں تک کہ بعضوں کو اس کے اسلام و مسلمان ہونے کا دھوکا ہو جاتا تھا کہ تالیف قلوب کا یہی ایسا جید ذریعہ ہے جسے ہمہ گیری کا حق حاصل ہے۔ نپولین کی اسی پالیسی کو مدنظر رکھکر اس وقت لیڈروں نے بھی مقاصد کانگریس کی تکمیل کے لئے مجوزہ مجلس منعقد فرمائی ہے اسے دلکش و دلگیر بنانے کے لئے

Marfat.com

خلافت کمیٹی کا لقب دیا ہے تاکہ بنایت سہولت سے مسلمانان ہندوستان کی گردنیں ہندؤں کی غلامی واطاعت میں سربسجود ہو جائیں۔ برعکس نہند نام زنگی کا فور۔

**کانگریس کے دو اصول** مقاصد کانگریس کے دو اصول کلیہ ہیں جن کے تحت میں سارے جزئیات داخل ہیں ایک کا تعلق حکومت سے ہے اور دوسرے کا مسلمانوں سے۔

مطالبات و اختیارات ملکی کا تعلق حکومت ہند سے ہے جس کے لئے ہندوؤں نے ہر طرح کی کوششیں کیں۔ بندہ ماترم کا پرجوش نعرہ ایجاد کیا۔ سودیشی کی تحریک کی یورپ کو بائیکاٹ کرنے کی قوم میں اپلیں شائع کیں۔ ہڑتال عام کی بنیاد رکھی۔ انتہا یہ کہ بم بنانا سیکھا اور متعدد مواقع پر اپنے استعمال کی مشاقی بھی ظاہر کی۔ لارڈ ہارڈنگ کا واقعہ صفحات تاریخ میں بہت نمایاں مقام رکھتا ہے۔ جس کے پہلو میں کوئی دوسرا واقعہ رکھا نہیں جا سکتا۔ غرض جدوجہد کے جس قدر راستے ممکن تھے اُن سب پر یہ چلے اور اس میں کچھ شک نہیں کہ بہت کچھ کامیاب بھی ہوئے۔ لیکن

مقصد کانگریس کا دوسرا حصہ جس کا تعلق مسلمانوں سے تھا اس کے اُس خاص شعبہ میں تو ہندوؤں کو کامیابی ضرور حاصل ہوئی جس کا تعلق دفاتر ملازمت اور ممبری کونسل و میونسپل و لوکل بورڈ وغیرہ سے تھا۔ لیکن اہم ترین جز یعنی امور مذہبی میں ذرہ برابر بھی انہیں کامیابی نصیب نہ ہوئی مسلم جب ظلم وستم سے یا بغیر حق شرعی ہلاک کیا جائے تو وہ مرتبہ شہادت فائز ہوتا ہے۔ یہی ذوق شہادت تھا جس نے مسلمانوں کو جادۂ استقامت سے ہٹنے نہ دیا ہندوؤں کے ہر طرح کے مظالم کے مقابلہ میں سینہ سپر ہو کر کھڑے ہوگئے اور اپنی روحانی قوت اور ایمانی طاقت سے ہندوؤں کے جم غفیر کو خس و خاشاک ثابت کر دکھایا۔

وہ پریشان کن مہلک تدبیریں جن کی وساطت سے ہندوؤں نے سلطنت سے بہت کچھ

Marfat.com

حاصل کر لیا مسلمانوں کے مقابل میں سب کی سب بے سود ثابت ہوئیں لیکن آج ہنود کے انھیں مطلوبات اور مقاصد کی تکمیل جلسہ خلافت کے ہاتھوں سے ہو رہی ہے پھر اسے اگر کوئی کانگریس کا مرادف کہے تو یہ غلط کیوں کر ہو سکتا ہے۔ ہنود گائے کی قربانی میں پچاس برس سے مزاحمت کر رہے ہیں ظلم و درندگی کی کوئی قسم ایسی نہیں جسے نہایت بیباکی سے مسلمانوں کے ساتھ ہندوؤں نے برتا ہو لیکن آج سیاسی علماء یہ فرماتے ہیں کہ اگر ہنود گائے کی قربانی چھوڑنے کی تحریک کریں یا اس پر مزاحم ہوں تو صورت مسئلہ کی بدل جاتی ہے۔ مباح و مستحب مسلمانوں پر واجب ہو جائے گا۔ اس قضیہ شرطیہ کے سمجھنے کے لئے جس خاص دماغ کی حاجت ہے وہ علماء سیاست داں کے ساتھ مخصوص ہے۔ مؤ۔ گوپا۔ باڑھ۔ بہار۔ اجودھیا۔ آرہ۔ شاہ آباد اور کٹارپور میں جو واقعات ہوئے شاید ان ہنگاموں اور خوں ریزیوں کی علت قربانی گاؤ پر ہندوؤں کا مزاحم اور حملہ آور ہونا نہ ہوگا۔ بلکہ ہنود گائے لا کر مسلمانوں کے سامنے پیش کر رہے تھے کہ تم انھیں گاؤں کی قربانی کرو۔ جو ہماری پروردہ و مملوکہ ہیں اور جسے ہم برادرانہ حیثیت سے تمھیں ہدیۃً پیش کرتے ہیں اور مسلمان اُن گاؤں کی قربانی کرنے سے بخشم نا کی و تندی انکار کرتے تھے۔ آخر بات بڑھی اور فساد ہو پڑا۔

**علمائے سیاسی سے ایک استفسار**

براہ مہربانی سیاسی علماء اسے واضح طور پر بیان فرمائیں کہ یہ سارے جاں ستان واقعات جبکہ اُن کے نزدیک نہ منع کرنا ہے نہ روکنا ہے نہ مزاحمت ہے حد یہ کہ ان واقعات کا مرتبہ درخواست کا بھی نہیں تو آخر ہنود مسلمانوں کے ساتھ اور کونسا طریقہ ظلم اختیار کرتے جسے آپ مزاحمت سمجھتے اور یہ فتویٰ دیتے کہ مسلمانان ہند پر گائے کی قربانی اب واجب ہو گئی اس لئے کہ ہندوؤں کی جانب سے مزاحمت اور منع پایا گیا۔

لیڈر ترک قربانی گاؤ کے لئے جن افسوسناک طریقوں کو عمل میں لائے سمجھ میں

Marfat.com

نہیں آتا کہ ایسی بیباکی پر باوجود مسلمان ہونے کے اُنھیں جرأت کیوں کر ہوئی۔ عام طور پر مسلمانوں کے سامنے یہ پیش کیا گیا کہ ہم خلافت اور مقامات مقدسہ کے لئے انگریزوں سے مقابلہ کر رہے ہیں اور اُن کے مظالم کا عوض لیتے ہیں ہندو ہمارا ساتھ دیتے ہیں تم بیت اللہ اور حرم رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وبارک وسلم) کو بچالوگے اگر گائے کی قربانی موقوف کردو۔

خاص دہلی میں عشرہ ذی الحجہ کے موقع پر اُونٹوں کا گشت جن پر جلی قلموں میں اس طرح کے نعرات تختوں پر چسپاں جن سے ہر مومن کا دل کانپ اُٹھتا تھا لکھکر خوب خوب مشتہر ہوئے پھر نہایت سختی سے بعض مجبور کرنے والی تدابیر سے بھی انسداد کافی کیا گیا۔ بمبئی کے مسلمانوں پر بھی خلافت کمیٹی نے قربانی گاؤ پر ستم کرنے میں کچھ کمی نہیں کی۔ خلافت کمیٹیاں کیا ہوئیں کہ گائے کی قربانی کرنے والوں پر ایک آفت وبلا ہوئی۔ اب سے قبل جو حصۂ ظلم کا ہندوؤں سے باقی رہ گیا تھا اسے فدائیان ہنود نے اسلام کا نام لے کر مسلمانوں پر تمام کردینے کا عزم بالجزم کرلیا ہے۔ یا ارحم الراحمین ہم مسلمانوں پر رحم فرما اور اس آئے ہوئے فتنہ کو ہمارے سروں سے دُور کر بحرمۃ النبی وآلہ الامجاد۔ طرفگی یہ کہ اگر کوئی بر سبیل خیرخواہی و نصیحت دینی ان لیڈروں کے طرز میں کچھ اصلاح پیش کرے یا ترمیم کا خواستگار ہو تو اُسے کافر بیدین قوم فروش غدار وغیرہ کہکر مجمع و محفل میں فضیحت کرڈالیں عوام کی فوج ان کے ہاتھوں میں ہے اُنھیں جس پر چاہا بھڑکا دیا لہکا دیا اہل حق اپنے گھروں میں خاموش بیٹھے ہیں اور اپنی مظلومیت کی مولی تبارک وتعالیٰ سے فریادیں کرتے ہیں نجات کی دعائیں مانگتے ہیں یہ ظلمہ اپنے نشۂ ظلم میں سرشار و غافل اُمت کی تباہی میں سرگرم ہیں۔ وہ ساعت دُور نہیں جبکہ رحمت الٰہی مظلوموں کی فریاد پر لبیک عبدی فرمائے۔

مسٹر گاندھی اور ان کے چار پانچ مسلمان متبعین اس وقت اس طرح غوغا و ہنگامہ برپا کررہے ہیں

Marfat.com

کہ حق کی آواز سنائی نہیں دیتی۔ آج کفر کا فتویٰ اُن کی بارگاہ سے صادر ہو رہا ہے جو خود حقیقت کفر و شرک اور ایمان و اسلام دونوں سے ناآشنا ہیں۔

**تعلیم و تلقین کا اہل**

اسلامی تاریخوں پر جن کی نظر ہے وہ جانتے ہیں کہ یہ فتنہ کچھ انوکھا اور عجیب نہیں ہے گمراہ کرنے کے لیے بہت تھوڑا سامان اور قلیل مہلت چاہیئے ہاں ہدایت ایک امر اہم ہے جس کے لیے حق سبحانہ نے ایک خاص سلسلہ نبوت و رسالت کا جاری فرمایا جو ہمارے پیغمبر پر آکر ختم ہوگیا پیغمبر روحی فداہ کے بعد وہی سچی ہدایت کر سکتا ہے جس کا قدم منہاج نبوۃ پر ہو اور جس کی تعلیم و تلقین تحت وحی الٰہی و احادیث مصطفوی ہو۔

دوستو! عوام کی فوج جس سرعت دعقیدت کے ساتھ دوڑ کر آتی ہے اُس سے بہت زیادہ تیزی سے دوڑ کر بھاگ بھی جاتی ہے۔ پھر انہیں معتقد بنانے کے لئے عقائد اسلامیہ کو کیوں تباہ کرتے ہو ان کی ارادت و خوش عقیدگی کیوں کر تمہاری زندگی میں حلاوت بخشے گی جب کہ تمہارا مولیٰ عزوجل تم سے ناراض ہوگیا۔ ان کے انکار و اکراہ سے ڈرتے کیوں ہو جبکہ تمہارے کاموں کو تمہارا رب العزۃ پیار و رحم کی نگاہوں سے دیکھ رہا ہے

از پئے رد و قبول عامہ خود را خر مکن
زانکہ نبود کار عامہ خرخری و فرفری

گاؤ را دارند باور در خدائی عامیاں
نوح را باور ندارند از پئے پیغمبری

**سیلاب مغالطات و تحریف حدیث**

جلسۂ خلافت کی بنیاد ۱۹۱۹ء کی ۲۳ ار نومبر کو بمقام دہلی جبکہ ہندو اور مسلمانوں نے مل کر رکھی اور پھر اس کی کارروائیاں اخبار و جرائد میں مطبوع ہوئیں حیرت ہوتی تھی کہ الٰہی یہ مسلمانوں کی عقل کو ہو کیا گیا ہے جواب عالم الغیب قادرِ مطلق سمیع و بصیر سے بھی پالیسی کرنے لگے اسی حیرت میں تھا کہ لیگ کا جلسہ ہوا اور حکیم حافظ محمد اجمل خاں صاحب کا خطبۂ صدارت دیکھنے میں آیا وہاں بھی وہی رنگ مغالطہ سر تا سر

Marfat.com

پایا گیا بلکہ حکیم صاحب نے ایک قدم بڑھکر یہ جرأت بھی فرمائی کہ حدیث شریف کا ایک جملہ نقل کرتے ہوئے ایک لفظ بڑھا دیا اور الخ لکھکر ترجمہ اور نتیجہ بیان فرمایا وہی لفظ جس کا اضافہ فرمایا گیا دار ومدار دلیل اُسی کی وجہ سے چند سطور کی تحریر الخ لکھکر نقل ناتمام چھوڑنے سے یہ فائدہ کہ ناظرین کا ذہن اس بے ربط اضافہ سے متوحش نہونے پائے۔ چند روز تک سمجھ میں نہ آیا کہ اس طرح جعل اور تحریف سے کیا مدعا و مقصود ہے آخر ایک خط لکھا جس میں نہایت نیاز مندانہ طور پر یہ سوال تھا کہ حضرت ام سلمہ سے مروی روایت کس کتاب سے آنجناب نے نقل فرمائی جواب میں سکوت رہا شاید خط ضائع ہوا۔ فقیر خود دہلی گیا یہ رجب کی اوائل تاریخوں کا ذکر ہے مسلم یونیورسٹی کا وفد اُس وقت دہلی گیا ہوا تھا۔ در دولت پر جا کر معلوم ہوا کہ طبیعت ناساز ہی پاؤں میں کچھ شکایت ہوگئی ہے دوسرے دن پھر پہونچا معلوم ہوا کہ مدن موہن مالویا صاحب سے کچھ مشورہ ہو رہا ہے۔ بعض حضرات اہلِ علم جن کی آمد و رفت جناب حکیم صاحب کے یہاں جاری ہی اُن کی خدمت میں پیام بھیجا کہ حدیث شریف میں جو غلطی ہوگئی ہے اُس کی تصحیح کی طرف حکیم صاحب کو توجہ دلائیے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہی کہ یہ کوشش بھی بے اثر ثابت ہوئی۔

چوتھی رجب کو سرکار اجمیر آستانہ غریب نواز پر حاضر ہوا۔ ایک دن بعض علماء سیاسی سے ملاقات ہوئی عرض کیا کہ یہ فتنہ عظیم ہی ہنود کی خاطر مسلمانوں کا گلا نہ گھونٹئے۔ دیکھئے حدیث میں جعل و تحریف تک کی نوبت آگئی تین مہینے گزر گئے اور کوئی اعلان نہیں کرتا ہی کہ اصل حدیث میں لفظ شاۃ نہیں ہی غلطی سے لکھا گیا ہی۔

ہر ایک شخص جس کے پاس خطبۂ صدارت مُسلم لیگ ہو اس مقام خاص کی تصحیح کر لے نیز علماء موسسین اتحاد ہندو مسلم کا یہ فرض ہی کہ اتحاد کے حدود متعین فرمائیں عوام کو تشفہ

Marfat.com

لگانے اور مندروں میں جا کر ریوڑیاں بتوں پر چڑھانے سے منع کریں اور ان افعال کی شناعت کھلے لفظوں میں بیان فرمائیں ورنہ ایمان کی بربادی کا خطرہ ہے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ فقیر کی اس التماس کی علماء سیاسی کی خدمت میں بھی ذرہ برابر شنوائی نہ ہوئی آج تک وہی سکوت ہے وہی اعراض ہے وہی چشم پوشی ہے جس کا یہ نتیجہ ہوا کہ رہے سہے اعمال قبیحہ مسلمانوں نے تلک آنجہانی کی مصنوعی لاش کے موقع پر ادا کیے اور علماء سیاسی نے پھر اپنے سکوت سے ان امور کے جواز و استحسان پر تازہ مہر ثبت فرما دی۔

**جمعیت کا پہلا اجلاس اور فقیر کی التماس**

کانپور میں ماہ رجب ایک بڑے پیمانہ پر علماء کا جلسہ ہوتا ہے وہاں کے بعض کارکن علماء سے یہ استدعا پیش کی گئی کہ مسلمانوں کو اعمال شرک و کفر میں شریک ہونے سے باز رکھئے اور قربانی گاؤ کے متعلق غلطی تسلیم کر لیجئے لیکن جواب وہاں سے بھی سکوت ہی میں ملا ہر طرف سے مایوس ہو کر انتہائے بیقراری میں فقیر نے رسالہ الرشاد لکھا اور مسلمانوں کو امر حق سے آگاہ کیا اس رسالہ کی اشاعت اوّل عشرۂ رمضان المبارک میں ہوئی لیڈران قوم کے پاس ٹکٹ چسپاں کر کے نسخے بھیجے گئے تین ماہ کے عرصہ میں تقریباً تین ہزار نسخے مختلف امصار و قصبات میں تقسیم ہوئے اب آکر جبکہ خطبۂ صدارت مسلم لیگ کو آٹھ مہینے اور الرشاد کی اشاعت کو کامل تین مہینے گذر چکے حکیم صاحب اپنی غلطی کا اعتراف پیچ در پیچ اعتراض د سوال و اپیل کے لپیٹ میں تحریر فرماتے ہیں حالانکہ مذہبی نقطۂ نظر سے یہ ایسی خطائے فاحش تھی جس کا اعلان بلا جواز توقف حکیم صاحب کو بذریعۂ تار مختلف و متعدد اخبار و جرائد میں اسے بہت قبل کرنا تھا ساتویں ذی الحجہ کا اخبار البشیر جو بیر دنجات میں عین بقرعید کے روز پہونچا ہو گا اس میں اس طرح اعتراف کرنے سے یہ مقصد و مطلب ہے کہ مسلمانوں کو اقرار کا علم بھی اس وقت ہو جب کہ سب مراحل قربانی کے طے

Marfat.com

پاجائیں اسی کے ساتھ حق پسندی کی داد ملجائے گی۔

خیر یہ تو اپنا اپنا ذوق مذہبی ہے جس کے دل میں حدیث مصطفوی کی عظمت ہے وہی یہ بھی جان سکتا ہی کہ اس طرح کی خطا کا کفارہ کیوں کر ادا ہو تاہ مجھے تو حکیم صاحب کے ایک سوال کا جواب دینا ہے جسے صاحب موصوف نے اپنی غلطی کا اعتراف فرماتے ہوئے آخر میں پیش فرمایا ہی حکیم صاحب تحریر فرماتے ہیں "میرے اوپر ایک یہ اعتراض کیا گیا ہی کہ حدیث اذا اراد احدکم ان یضحی بالشاۃ میں آخری لفظ شاۃ کا کسی کتاب میں نہیں ہی میں اس اعتراض کو قبول کرتا ہوں اور یہ بات ظاہر کرنی ضروری خیال کرتا ہوں کہ یہ لفظ محض غلطی کی وجہ سے لکھا گیا دراصل یہ کسی حدیث کا جزو نہیں ہی لیکن میں نہیں سمجھ سکتا کہ اعتراض کرنے والے بزرگ اس سے کیا فائدہ حاصل کرسکتے ہیں"

**ارشاد پر اعتراض کا جواب**

فقیر نے حکیم صاحب پر اعتراض نہیں کیا تھا بلکہ ایک حقیقی اور واقعی امر کا اظہار تھا رہا فائدہ وہ حکیم صاحب ہی بیان فرمائیں کہ کون سا مقصد حاصل کرنا تھا جس کے لئے حدیث میں اضافہ کی حاجت ہوئی اور اب کہ غلطی کا اعتراف ہی اُن پانچ سطروں کا خطبۂ صدارت میں کیا فائدہ ہی۔

فقیر کا اس کشفِ حقیقت سے صرف یہی مدعا تھا کہ عالی جناب حکیم صاحب اپنی غلطی پر متنبہ ہو جائیں اور مسلمانوں کو بھی یہ معلوم ہو جائے کہ ایک لفظ اپنی طرف سے بڑھانا اور اُسی اضافہ کو مقام استشہاد میں لانا اس خطبۂ صدارت میں صرف اسی ایک جگہ ہوا ہی جہاں حدیث پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم منقول ہی بقیہ سارے حوالے اعیان و وزرائے انگلستان کے صحیح ہیں کسی طرح کے شک و شبہ کو اس میں دخل نہ دینا چاہیئے اس کے سوا نہ کوئی مدعا نہ کچھ اور فائدہ۔

ارباب بصیرۃ جن کی آنکھیں نورِ ایمان سے منور ہیں اُنھوں نے اچھی طرح دیکھ لیا کہ آیا اسلام

Marfat.com

اور اسلامی خلافت کی حمایت کی جا رہی ہے یا کفر و شرک کا طغیان ہے جو مسلمانانِ ہند پر لایا جا رہا ہے۔

**جنگ بلقان اور موقع مناسب کا اتلاف**

شاید مسلمانوں نے ابھی وہ عہد فراموش نہ کیا ہو جب کہ جنگ طرابلس شروع ہوئی اور اس کے ختم ہونے سے پیشتر بلقان کی لڑائی چھڑ گئی اُس وقت خلافت کی ہمدردی میں جو جوش مخلصانہ مسلمانوں میں پیدا ہوا تھا وہ موجودہ حمایت خلافت سے اپنی شکل و صورت اور طرز و انداز جدا گانہ ہی رکھتا تھا اُس میں نہ تو کسی ہندو کی لیڈری تھی نہ مسلمانوں کو ان کی غمگساری کی حاجت وہ ایک ایسا موقع بیداری کا مسلمانوں کے لئے آیا تھا کہ رہنمایان قوم اگر چاہتے تو مسلمانوں کی آنکھوں سے نیند کا خمار بھی دفع ہو جاتا لیکن ہزار افسوس اس بدنصیب قوم پر جسے بیداری کے بعد پھر خواب آور دوا پلادی گئی۔

وفد طبیہ کا قسطنطنیہ سے واپس آنا تھا کہ اسلامی جذبات خالص سیاسیات ہند کی طرف پھیر دیئے گئے میدان جنگ میں ایک لمحہ کے لئے خاموشی کیا ہوئی کہ لیڈروں نے بھی خلافت کی خدمت گزاری کسی آیندہ موقع کے لئے اُٹھا رکھدی۔

حوادث پیہم و مسلسل وقوع پذیر ہوتے رہے مہینہ پر مہینہ گزرتا رہا برس پر برس ختم ہوا کئے لیکن نہ کوئی چندہ حرمین شریفین کے لئے جمع کیا گیا نہ مسلمانوں کے سامنے خلافت کی ضرورت پیش کی گئی نہ کوئی خالص مذہبی تحریک محض اسلامی نقطۂ نظر سے سامنے لائی گئی گویا ساری تحریکیں موسمی تھیں جن کا وجود تغیر موسم کے ساتھ نیست ہو گیا اس عرصہ میں انجمنیں ہوتی رہیں محفلوں میں بھی گرما گرمی رہی لیکن مذہب و ملت کی کس مپرسی علیٰ حالہ رہی اس بیکس کی طرف کسی نے ایک نگاہ بھی نہ ڈالی لیڈروں کی اب یہ کوشش تھی کہ مادر وطن جس کی خدمت گزاری

Marfat.com

کی سعادت سے مدتوں محرومی رہی اُس کے حقوق ادا کرنے کا وقت آگیا رہے مذہب کے حقوق (بشرطیکہ اُن کا وجود تسلیم بھی کر لیا جائے) پھر دیکھا جائے گا ملکی بھائیوں کی غمگساری اور پشت پناہی کے مقابل میں دینی بھائیوں کی امداد کا ذکر بھی گناہ ہے لہذا اُن سے اعراض د چشم پوشی ہی چاہیئے۔

یہ سارا عہد سکوت اسی میں بسر ہوا کہ مسلمان لیڈر کانگریس اور لیڈران کانگریس میں مدغم ہوجانے کے لئے ہر طرح کی سعی کرتے رہے یہاں تک کہ رولٹ بل کا وقت آیا اور ستیا گرہ کی ایجاد ہوئی اُس وقت عجیب عجیب طرح سے مسلمانوں نے دین کی توہین کی تاکہ اہلِ ہنود کو یہ یقین ہوجائے کہ تمہاری اطاعت کے سامنے مذہب کی اطاعت یوں قربان کیجا سکتی ہے۔

**واقعۂ پنجاب اور یادِ خلافت**

پنجاب میں ستیا گرہ کے موقع پر کچھ ایسی پیچیدگیاں پڑ گئیں کہ معاملہ مارشلا تک پہونچا یہ زخم ہندوؤں کے دل پر ایسا گہرا لگا کہ اُس کا اندمال کب ہوگا اور کیوں کر ہوگا اسے کوئی بتا نہیں سکتا اب اُنہیں ضرورت ہوئی کہ مسلمانوں میں بھی کوئی عام اشتعال ہوتا تو اس گرما گرمی میں اُس مقصد کی راہ جس کی طرف آریہ بند دگھوش نے رہنمائی کی اور جس سوراج کی دلربا تصویر اُس نے دکھائی تھی بہت جلد طے ہو جاتی ہے۔

ہندوؤں میں اس خیال کا پیدا ہونا تھا کہ جاں نثاروں نے فوراً خلافت کا مسئلہ تیار کر لیا اُسی بیکس مذہب اور اُسی کس مپرس دین کا نام لے کر مسلمانوں کو للکارنے لگے خلافت کے لئے بزم ماتم قایم ہوئی جلسہ ہوا ہڑتال کی تجویز ہوئی اور روزہ کا بھی حکم دیا گیا دیکھئے اطاعت اس کا نام ہے ستیا گرہ کے موقع پر مسٹر گاندھی کا یہی حکم تھا کہ فلاں روز روزہ رکھا جائے دکانیں بند ہوں رزولیوشن پاس کئے جائیں اور مندر و مسجد میں دعائیں بھی ہوں رولٹ بل پر ہندوستانی اس طرح اظہار ناراضمندی کریں آج خلافت کے متعلق بھی اُسی سبق کو بعینہ وبجنسہ

Marfat.com

دھرا دیا گیا گویا مسلمانوں کے مذہب میں دفع مصائب و آلام کے متعلق بالکل سکوت ہے یا مسٹر گاندھی کی تجویز مذہبی تعلیم سے ارفع و اعلیٰ ہے۔

اب خلافت کمیٹی کی بنیاد پڑی چندہ کی تحریک ہوئی ماتحت کمیٹیاں ہر شہر و قصبات میں قایم کی گیئں علمار سے فتویٰ پوچھا گیا غرض خلافت کے لئے ہر ممکن العمل تجاویز کا یکبارگی آغاز ہو گیا۔

**خلافت کا نام اور سوراج کا کام**

عوام اور سطحی نظر رکھنے والوں کو یہ نظر آیا کہ دین کی خدمت ہمارے لیڈر بڑی جانبازی و سرفروشی سے کر رہے ہیں لیکن تعمق نظر سے جب تحریکات پر کسی نے نظر ڈالی تو اُسے صاف معلوم ہو گیا کہ ہندوؤں کے چبائے ہوئے نوالے ہیں جسے ہمارے لیڈر منہ میں پھیر رہے ہیں وہی سودیشی جس کی ایجاد کو بیس پچیس برس ہوئے وہی بندہ ماترم بایں الفاظ کہ ہندو مسلمان کی جے وہی بائیکاٹ یورپ وہی ہڑتال یہ سب تجویزیں بخط مستقیم صلاح و فلاح ملک سے متعلق ہیں اور ان سب کے ایجاد کا سہرہ ہندوؤں کے سر ہی جو ہندوستان کو اپنا ملک کہتے ہیں اور سمجھتے ہیں جن کا دعویٰ ہی ہند داور ہندوستان رہے مسلمان اُن کا تعلق اسی سے سمجھئے کہ ایک امر شرعی و مذہبی جس کا مرتبہ استحسان و استحباب کا بتایا گیا ہو نہایت خوشی سے مسلمانوں سے ہندوستان اور یہاں کی دولت و تعلقات کو ترک کرا سکتا ہی جیسا کہ مسئلہ ہجرت کے وقت عملاً ثابت ہو چکا۔

ہر وہ ایجاد اور ہر وہ تحریک جو کسی قوم کی ہو جب اُسے دوسری قوم اختیار کرے تو یہ اُس ایجاد و تحریک کی انتہائی کامیابی ہے پس یہ ساری تحریکیں ہندوؤں نے اپنے ملک کے لئے کی تھیں جنھیں آج مسلمانوں نے اختیار کر کے اُن کی کامیابی پر مہر لگا دی سودیشی اور بائیکاٹ کی ایجاد ہندوؤں نے اس لئے کی تھی کہ ملک کی دولت ممالک غیر میں کھنچکر

Marfat.com

جانے سے محفوظ رہے صنعت و حرفت جس کا نام و نشان بھی اب باقی نہ رہا ان کا نہ صرف رواج ہو بلکہ مرتبہ کمال تک انھیں پہونچایا جائے اہل ملک آسودہ ہوں اور خود ملک صنعت و حرفت دولت و تجارت سے بارونق ہو جائے۔

**ہڑتال کی ایجاد**

ستیا گرہ کے موقع پر ہڑتال کی ایجاد ہندوستان میں مسٹر گاندھی کی تحریک کا نتیجہ ہے یہ وہی چھیڑ چھاڑ ہے جس کا مزہ بتیس برس سے ہندو لے رہے ہیں۔ ہندوؤں کا قدم ہر روز آگے کی طرف بڑھتا جاتا ہے جو آج ان کا مقصد ہے کل آیندہ وہ حاصل ہو کر اپنے سے بلند مقصد کے لئے واسطہ بن جاتا ہے۔

سودیشی اور بائیکاٹ کی اسی مدت تک گرماگرمی رہی جب تک تمام ہندوؤں نے اس کی اہمیت و خوبی نہ سمجھ لی جب ملک نے اس تحریک کی حقیقت سے آشنائی حاصل کر لی تو پھر انھیں آگے بڑھنے کے لئے کہا گیا آخر ایک وہ وقت آیا کہ ایک محدود دائرہ میں ہڑتال کی تحریک پیش کی گئی اور کامیابی بھی ہوئی یہ بہت ہی پر لطف اور بار آور چھیڑ ہے ابھی ہڑتال دکانوں تک ہی رہے اس کے فوائد اہل ملک سمجھ جائیں تو پھر اس کا دائرہ وسیع کیا جائیگا غرض اس وقت تک خلافت کمیٹی نے جو عملی تجاویز مسلمانوں کے سامنے پیش کی ہیں وہ سودیشی اور ہڑتال ہی سودیشی کی تحریک بہت قدیم ہی لیکن ہڑتال کی ایجاد ستیا گرہ کے موقع پر ہوئی ہے ان دونوں کا اصلی تعلق صلاح و فلاح ہند سے ہی ہوم رول اور سلف گورنمنٹ کے استقبال کرنے والے خدام انھیں تحریکات کے نتائج و اثرات ہیں۔

**نان کوآپریشن**

اب نان کوآپریشن کے مسئلہ کو لیجئے اور یہ سن کر حیرت زدہ نہ ہو جئے کہ یہ دوسرا شعبہ ہڑتال کا ہی تعلیم یافتوں کا حلقہ اس کا دائرہ عمل ہے ابھی ہڑتال کی بہت سی اعلیٰ شاخیں برگ و بار کے لئے مناسبت موسم و ایام کی منتظر ہیں

Marfat.com

صبر کیجئے اور دیکھتے جائیے۔

اگرچہ نان کوآپریشن کی صدا عام مسلمانوں کے کانوں میں خلافت کمیٹی ہی نے پہنچائی ہی لیکن ادنیٰ تامل سے معلوم ہو سکتا ہی کہ ؎

در پس آئینہ طوطی صفتم داشتہ اند
آنچہ اُستادِ ازل گفت ہماں میگویم

مناسب ہوگا اگر دیگر دلائل سے قطع نظر کرتے ہوئے صرف مولانا عبدالباری صاحب فرنگی محلی کا وہ خط جو نان کوآپریشن کے متعلق چھپ کر تعداد کثیر میں شائع ہو چکا ہے نقل کر دیا جائے تاکہ ہر صاحبِ عقل اس خط کے ایک ایک فقرہ پر غور کرے اور یہ دیکھے کہ اس مسئلہ کو مذہب اسلام سے کوئی تعلق ہی یا نہیں۔

مکرمی دام مجدہم۔ السلام علیکم

جناب کا تار وصول ہوا فقیر نان کوآپریشن کے مسئلہ میں بالکل سپرد گاندھی صاحب کا ہی کیونکہ اس طریق کار کا واقف کار نہیں ہی ان کو اپنا راہ نما بنالیا ہے جو وہ کہتے ہیں وہی مانتا ہوں میرا حال تو سر دست اس شعر کے موافق ہی ؎

عمر یکہ بآیات و احادیث گزشت
رفتی و نثار بت پرستے کردی

مولانا کے صدق و صفا کا مسلمانوں کو بدل ممنون ہونا چاہیئے جو آپ نے اس طرح کھلے اور صاف لفظوں میں حقیقت واقعی کو بالکل ہی بے نقاب فرما دیا اس مسئلہ کو اگر دین و مذہب سے کچھ بھی تعلق ہوتا تو مولانا کھلے الفاظ میں اپنی ناواقفیت کا اقرار نہ فرماتے اگر شریعت اس کی رہنمائی فرماتی تو مولانا صاحب مسٹر گاندھی کو اپنا راہ نما نہ بناتے اگر اس مسئلہ کی تعمیل حکم قرآن و حدیث سے

Marfat.com

مسلمانوں پر ضروری تھی تو پھر مولنا صاحب یہ کیوں ارشاد فرماتے "جو وہ کہتے ہیں وہی مانتا ہوں" ہر مسلمان جب کہ خدا اور اُس کے برگزیدہ رسول کے حکم کو مانتا ہی تو ایک عالم دین کی شان تو کہیں اس سے ارفع واعلیٰ ہونی چاہیئے۔ خود اپنے نفس نفیس کے لئے جب یوں ارشاد ہو پیرو گاندھی صاحب کا ہی" تو پھر مولنا کے متبعین و مریدین کا حلقہ بگوشی سے گاندھی صاحب کے دعوی خروج سلسلہ ارادت کو اُن کے مجروح کرتا ہی وہ بھی حافظ شیرازی کا یہ شعر اپنے موافق حال وجد و طرب میں آکر پڑھ سکتے ہیں ؎

ما مریداں روبسوئے کعبہ چوں آریم چوں
روبسوئے خانۂ خمار دارد پیر ما

## ایک مغالطہ کا ازالہ

ہاں بعضوں کو یہ مغالطہ دیا جا سکتا ہے کہ اگر نان کوآپریشن ٹہرتال کا ہی ایک شعبہ ہی اور یہ وہی ستیا گرہ ہی جسے لباس بدل کر سامنے لایا گیا ہی جس کی کامیابی ہوم رول اور سلف گورنمنٹ کی نقیب و چاؤش ہی تو پھر کانگریس میں مخالفت کیوں ہوئی تین دن تک مباحثہ کی گرما گرمی کیوں تھی ہندوؤں نے یہ کیوں کہا کہ ہم ہنود اس مسئلہ کو محض مسلمانوں کی خاطر سے منظور کرتے ہیں اس مسئلہ کا تعلق چوں کہ محض مسلمانوں سے ہی اس لئے پہلے عمل بھی انھیں کو کرنا چاہیئے مسلمان نمونے اور مثالیں پیش کریں تب ہنود اس پر عمل آرا ہوں گے یہ مغالطہ ادنیٰ تامل سے رفع ہو سکتا ہی۔

ہندوؤں کی جماعت مجسمہ عمل ہی اُن کے لیڈر ایسا کوئی رزولیوشن پاس نہیں کرنا چاہتے ہیں جس کی تائید میں ساری قوم لبیک نہ کہہ اُٹھے۔ بیشک اس مسئلہ میں بعض لیڈران ہنود کا یہ خیال تھا کہ ابھی ملک اس شعبہ میں ہڑتال کے لئے آمادہ نہیں ہی تکملہ ہڑتال کے لئے تدریج و آہستگی سے کام لینا چاہیئے لیکن مسٹر گاندھی کے خیال میں دہکتے لوہے کو فوراً کوٹنا چاہیئے ورنہ ٹھنڈا

Marfat.com

ہو کر ہرگز کوٹا نہ جائے گا۔

مسٹر گاندھی نے اپنی پالیسی سے جو گرمی کہ اس وقت مسلمانوں میں پیدا کی ہے اُس کا بُجھنا ہڑتال کے کمال پذیر ہونے میں سم قاتل ہی اس لئے اُن کے خیال میں یہ محض ضروری تھا کہ جلد سے جلد ہڑتال کے تمام شعبے اپنی عملی صورت میں آجائیں۔

رہا ہندوؤں کا یہ کہنا کہ محض مسلمانوں کی خاطر ہے اس لئے عملی نمونہ مسلمان پہلے پیش کریں یہ صرف اس لئے کہا گیا ہی کہ مسلمانوں کی قوت عملی سے ہنود بہت اچھی طرح باخبر و آگاہ ہیں

**مسلمانوں کی ہیچ میرز لفاظیاں**

جہاں تک رزولیوشنوں کا تعلق ہی یا تقریر کا میدان باندھنا ہے وہاں مسلمانوں کا قدم سب سے آگے ہی دشوار سے دشوار بلکہ ناممکن سے ناممکن امر کے لئے مسلمان رزولیوشن پاس کر دینے کے لئے فوراً آمادہ نظر آئیں گے اسٹیج پر ایسی تقریریں بھی ہو جائیں گی کہ اجنبی یہ سمجھے کہ زمین و آسمان کا طبقہ یہاں سے اُٹھکر یہ قوم اُلٹ دے گی لیکن جہاں سے عمل کا میدان آتا ہی وہاں اس قوم کا سایہ بھی نظر نہ آئے گا۔

ایسی سست و کاہل قوم سے کام لینے کے لئے یہ ضرور تھا کہ ہندوان پر اپنے احسان کا چھپر رکھیں اس دباؤ کا پورا زور پہونچائیں کہ ہم جو کچھ کر رہے ہیں سب تمہارے لئے ہی ورنہ ہمیں کیا غرض پڑی ہی جو کچہریوں کو چھوڑیں کونسلوں کو بائیکاٹ کریں اس لئے کہ حکومت برطانیہ سے ہمیں تو کچھ شکایت ہی نہیں ہاں تمہارے محروسہ و مقبوضۂ سلطانی کو سلطنت برطانیہ اپنے تصرف میں لائی ہی اور مقامات مقدسہ کے متعلق وزرائے انگلستان نے اپنے مواعید پورے نہیں کئے تم ہمارے وطنی بھائی ہو لہذا تمہاری دردمندی میں خطابات اعزازی عہدے اور وکالت و بیرسٹری یہاں تک کہ کونسل کی ممبری ان سب سے ہم دست بردار ہوتے ہیں۔

مسئلہ ہڑتال یا نان کوآپریشن کی صورت تحریکات سابقہ سے بالکل جداگانہ شکل رکھتی ہی

Marfat.com

سودیشی اور بائیکاٹ وغیرہ ایسی تحریکیں تھیں جن میں کامل اتحاد واتفاق کے بغیر بھی ایک حد تک کامیابی ہوسکتی تھی اور ہوئی لیکن ہڑتال اپنے کسی شعبہ میں بھی اُس وقت تک کامیاب نہیں ہوسکتی جب تک اہل ملک کا کامل اتفاق واتحاد نہو۔

**ہڑتال اور مسٹر گاندھی کی فیلسوفی**

ایسا ملک جس میں ایک ہی قوم آباد ہو وہاں ہڑتال کی تحریک جلد بارآور ہوسکتی ہے لیکن ایک ایسا ملک جس میں مختلف قومیں آباد ہوں وہاں تحریک ہڑتال سے پیشتر ملک کی آبادی کا کسی ایک مرکز وفاق پر اجتماع ازبس ضروری ہے مسٹر گاندھی کی دُوربین نگاہوں نے جب یہ دیکھا کہ مادر وطن کا نام لے کر مسلمانوں کو من حیث القوم حرکت میں نہیں لایا جاسکتا چاہے چندذی وجاہت یا شہرت پسند شریک ہو جائیں لیکن قوم کی قوم کی شرکت متعذر ہے تو وہ ہندوؤں کے سامنے آزادیِ ہند کو شفیع لائے اور مسلمانوں کے سامنے مسئلہ خلافت پیش کیا اور اس ایک مرکز پر کہ انگریزوں کا وجود دونوں کی گرفتاری اور پائمالی کا موجب ہے۔ ہندو مسلم دونوں متضاد قوموں کا اجتماع کر دیا۔

لیکن اسی کے ساتھ مسٹر گاندھی کی کمال ہنرمندی کا اظہار اس حکیمانہ طرز عمل سے ہوتا ہے کہ مسلمانوں کو برٹش گورنمنٹ کے مقابلہ میں صرف اُنھیں مقاصد واغراض کے تکملہ اور تحصیل کے لئے لاکر کھڑا کر دیا جس سے ہندوستان کی آزادی برسوں کی راہ گھنٹوں میں طے کرلے یہ ملک جس قدر آزادی سے قریب ہوتا جائے اُسی قدر خود مسلمانوں ہی کے جد وجہد سے ہندوؤں کی حکومت یوماً فیوماً قوی ہوتی جائے اور مسلمانوں کی ہستی ہندوستان میں مٹتے مٹتے نسیاً منسیاً کے مرتبہ پر پہونچ جائے۔

شاید مسلمانوں کو ہندو لیڈروں کی اُس زمانہ کی پالیسی ابھی یاد ہوگی جب کہ یورپ کے میدان کارزار میں جنگ کی آگ ایسی بھڑکی جس کے شعلوں اور چنگاریوں سے ہندوستان کا

Marfat.com

مصئون و محفوظ رہنا بھی معرض خطر میں تھا اُس وقت خصوصیت کے ساتھ مسٹر گاندھی کی پالیسی مسلمانوں کے ساتھ اُن کی مخلصانہ محبت کا اچھا سراغ بتاتی ہے۔

لیکن جنگ کا خاتمہ جب کہ ایسے پہلو پر ہوا کہ برٹش گورنمنٹ کا قبضہ ایشیا کے حصص میں زیادہ ہوگیا اور ان جدید محروسات کی آبادیوں کا فوج ولشکر کی صورت میں ہندوستان میں رکھا جانا قرین قیاس معلوم ہوا تو اب ہندوستان کی آزادی اور ہندوؤں کا اقتدار اخص لیڈران ہنود کو محل خطر میں نظر آنے لگا جیسا کہ لالہ لاجپت رائے نے اپنی تقریر میں ان دونوں خطروں کو کھول کر بیان بھی کیا ہے۔

یہ عجیب کشاکش کا وقت ہندو اور مسلمان دونوں قوموں کے لئے تھا اگر دونوں قومیں ایک دوسرے سے اجنبی رہتی ہیں تو مدعا فوت ہوتا ہے اور اگر ایک بڑھکر دوسری سے اتحاد کی استدعا پیش کرتی ہے تو استدعا کے ساتھ ہی دوسرا فریق اس مستدعی کو اپنے میں جذب کرلینا چاہتا ہے انفراد میں ناکامیابی و مایوسی ہے اور اتحاد و اجتماع میں تجاذب و ادغام۔

اس عقدۂ لاینحل کو مسٹر گاندھی نے اپنے ناخن تدبیر سے ایسا سلجھایا کہ مسلمانوں کی عقلیں اُلجھ گئیں اسی اُلجھن میں مسلمانوں نے اتحاد کا ہاتھ بڑھانے سے پیشتر مدغم ہوجانے کی کوشش کی قشقہ کھینچا مندروں میں گئے چڑھاوے چڑھائے بتوں پر پھولوں کا تاج رکھا گئو ماتا کی جے پکاری قربانی گاؤ سے توبہ کی منبر و مکبرہ پر ہنود کو تبلیغ و ہدایت کے لئے جگہ دی اب مضامین لکھے جاتے ہیں کتابیں شائع ہوتی ہیں وعظ کئے جاتے ہیں جن کا موضوع یہ ہوتا ہے کہ کفار مشرکین میں جذب ہوجانا عین دین و اسلام ہے۔

**کانگرس سے مسلمانوں کے اعراض کی وجہ**

یہ امر محتاج بیان نہیں کہ ہندوستان کی آزادی یا نظام سلطنتِ ہند کی

Marfat.com

ایسی تبدیلی جس سے اہل ملک اور ارباب حکومت سطح مساوات پر آجائیں یا مساوات سے قریب تر ہو جائیں اُس وقت تک ناممکن ہے جبتک یہاں کی دونوں بڑی آبادیاں یعنی ہندو اور مسلم باہم متحد و ہمنوا نہ ہو جائیں اسی اصل کا لحاظ رکھتے ہوئے ابتدائے عہد کانگریس میں ہندوؤں کی جانب سے مسلمانوں کو اپنا ہم آہنگ بنانے کی کوشش بلیغ کی گئی لیکن اُس وقت یہی مصلحت قرار پائی کہ مسلمانوں کو سیاست میں اُس وقت تک دخل نہ دینا چاہیئے جب تک علوم مغربیہ کا ایک کافی حصۂ مسلمان حاصل نہ کرلیں۔

**ہندوؤں کی رفتار ترقی کی سمتیں** ہندوؤں نے جب مسلمانوں کی نہ صرف کنارہ کشی بلکہ کانگریس کے مقاصد طرزِ عمل سے مخالفت و بیزاری دیکھی اور اُن کی جانب سے اُنھیں مایوسی ہوئی تو اُنھوں نے نہایت ہی عزم و استقلال سے حکیمانہ انداز پر اپنی قومی رفتار کی حرکت تین سمتوں میں منقسم کر دی۔

ایک جماعت نے اقتصادیات کو اپنا نصب العین قرار دیا اور اکتساب دولت کے جس قدر ذرائع اور وسائل تھے اُنھیں اپنے ہاتھوں میں لے لینے میں ساعی و کوشاں ہوئے خصوصیت کے ساتھ ساہوکاری کو اس سلیقہ سے انجام دیا کہ پچاس برس کے عرصہ میں مسلمانوں کی تقریباً ساری دولت سمٹ کر ہندوؤں کی ملکیت ہوگئی اِلّا ماشاء اللہ۔

دوسری جماعت نے تعلیم اور اُس کے ثمرات کی طرف قدم بڑھایا اور اس راہ میں بھی اُنھیں بے انتہا کامیابی حاصل ہوئی خاص ہندوؤں کی تعلیم گاہوں کا شمار جو کیا گیا ہے اور پھر اُس کے مقابلہ میں مسلمانوں کی درسگاہیں رکھی گئیں تو ان کا وہی نقشہ سامنے آگیا ہے جو سامان دولت کا مقابلہ کرتے ہوئے پیش نظر ہو چکا ہے۔

تعلیم کے بعد ملازمت اور علمی پیشہ کا میدان سامنے آتا ہے یہاں بھی ہندوؤں کا مقابلہ مسلمانوں سے وہی نتیجہ دیتا ہے جو سابق کے دو مقابلوں میں

Marfat.com

حاصل ہو چکا ہے۔

تیسری جماعت نے عملاً سیاسیات کی طرف اپنا قدم بڑھایا اور نہایت عزم و استقلال سے اس حوصلہ شکن صبر آزما راہ پر چلنے لگے اس میں شک نہیں کہ سیاست کی راہ بہت ہی پرخطر تھی اس کی سنگلاخ زمین قدم قدم پر ایک پرخار وادی سامنے لاتی تھی جس پر چلنا اپنے تلووں کو زخموں سے چور چور اور پاؤں کو گھائل بنانا تھا لیکن ہندوؤں کے عزم اور ہمت مردانہ کی داد دینی چاہیے جنھوں نے نہایت ذوق و شوق سے اس پیچ در پیچ خارزار سے نہ صرف گزر جانیکا بلکہ اس راہ کو صاف کر دینے کا عزم کر لیا تھا۔

اُن کے لئے ہر نوک خار لذت افزا اور ولولہ انگیز تھی ہر ٹھوکر سنگ راہ کی اُن کے سمند شوق کے لئے مہمیز تھی قید خانہ کی تنگ و تاریک کوٹھریاں قصر و ایوان کی راحت و فضا سے ہمسری کرتی تھیں طوق و سلاسل کی جھنکار اور آہنی زنجیروں کی سیاہی مرصع زیوروں کی چمک دمک اور اُن کی آواز سے زیادہ گوش نواز اور نظر افروز تھی۔

### سلف گورنمنٹ کا نذرانہ

یہ سب کچھ تھا لیکن حکومت کی ہمکناری جس چڑھاوے اور قربانی کی خواہاں تھی اب تک ہندوؤں کے ہاتھوں نے وہ نذرانہ پیش نہیں کیا تھا اسی لئے سلف گورنمنٹ اور ہوم رول کا خوشنما منظر قریب تو ہو گیا تھا لیکن حجابات کے پردے ہنوز اُس پر پڑے ہوئے تھے ضرورت تھی کہ بہت سی جانیں حکومت کی دیبی پر بھینٹ چڑھادی جائیں سیاست کے سارے منازل میں یہ منزل سخت ترین تھی قرب شوق کی آگ بھڑکا رہا تھا اور جان کی اضاعت دامن پکڑتی تھی نکمی اور رائگاں جانوں کی تلاش تھی بالآخر امعان نظر اور تعمق فکر کے بعد یہ رائے قرار پائی کہ تینوں جماعتیں اپنے اپنے سی سالہ کمائے ہوئے سرمایہ کی اس طرز خاص سے ایک جھلک مسلمانوں کو دکھلائیں کہ اُن کی نگاہیں خیرہ اور عقول حیرت زدہ

Marfat.com

ہو جائیں کچھ اپنا خیر و شر اُنھیں نہ سجھائی دے نہ سمجھ میں آئے ہاں اس پراگندگی جو اس میں اپنی رہی سہی ہستی کو بیٹھیں اس عمل سے قربانی کی ضرورت بھی پوری ہو جائیگی اور یہ پہلو کا کانٹا (دو جو مسلم) بھی نکل جائے گا۔

**سحر سامری کا کرشمہ** اس سحر سامری کو مسلمانوں کی آنکھوں نے جب دیکھا تو انھیں صاف نظر آیا کہ ہندوستان کی دولت اور سرمایۂ دولت ایک جماعت کے ہاتھوں میں ہے ماہرین علوم مغربیہ جوق درجوق ایک دوسری جماعت کے ساتھ ساتھ ہیں۔ تیسری جماعت سلف گورنمنٹ کی طرف ہاتھ بڑھا رہی ہے اور اشارۂ قریب کر رہی ہے وہ ساعت دُور نہیں جب کہ یہ جماعتیں متحد ہو جائیں تو دولت علم اور حکومت تینوں کا اجتماع قوم ہنود میں ہوا جاتا ہے۔

مسلمانوں نے للچائی ہوئی نظر سے اس جماعت کو دیکھا اور تڑپ کر رہ گئے اس لئے کہ اس دور فرصت میں جب کہ ہندو اپنی قوم میں زندگی کی رُوح پھونک رہے تھے اور حکیمانہ طرز پر اُن اسباب کی فراہمی میں مصروف تھے جن کے اجتماع کا نتیجہ قوم کا زندہ ہو جانا ہے مسلمان نہایت اطمینان و سکون سے اس راہ پر برابر قدم بڑھائے جا رہے تھے جس کا نتیجہ نیستی اور اور مُردہ قوم بن کر رہنا ہے۔

یہ دولت بگاڑتے تھے وہ ثروت بنا رہے تھے یہ بیچتے تھے وہ خریدتے تھے یہ قرض سُودی لیتے تھے وہ سُود در سُود کے پیچ میں ان کی جائدادیں وصول کرتے تھے وہ پڑھ رہے تھے پڑھا رہے تھے یہ تعلیم کے نام سے کانپ کانپ اُٹھتے تھے وہ محنت کرتے تھے جفاکشی اُٹھاتے تھے یہ کاہلی اور تن آسانی کی لذتیں لے رہے تھے وہ معاشرت میں کفایت شعاری ملحوظ رکھتے تھے یہ اپنی حیثیت سے کہیں بڑھکر معاشرت میں رنگینی پیدا کرتے تھے وہ باوجود باہمی مخالفت مذہبی پھر بھی ایک زبردست مرکز اتحاد رکھتے تھے یہ ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر اختلاف پیدا کرتے

Marfat.com

تھے اور عداوت کی حد تک اُسے پہونچا کر چھوڑتے تھے آخر اس کا نتیجہ یہی تھا کہ یہ دنیا میں باقی تو رہیں لیکن مفلس جاہل اور بد اخلاق ہو کر نہ تو نہ عبرت و بصارت ہوں نہ ان میں حمیت ہو نہ غیرت نہ صدق و صفا پایا جائے نہ عہد و وفا۔

ایسی حالت میں حریصانہ نظر سے ہندوؤں کی طرف دیکھنا بجز اس کے اور کیا ثمرہ دیتا کہ حسرت و ارمان دل میں خون ہو کر رہ جائیں موجودہ حالت میں یہ کس مرض کی دوا رہ گئے تھے جو انھیں ہنود اپنے میں شامل کر لیتے۔

**حصول غلبہ کی ایک مجرب تدبیر**

یہ ایک مسلمہ قاعدہ ہے کہ اگر ایسی قوت جس کا اپنے میں نہ پایا جانا اپنے ضعف کا موجب ہو تو پہلے کوشش اُس قوت کو حاصل کرنے کی ہونی چاہیئے لیکن اگر اُس کا حصول متعذر رہو تو پھر اُس قوت کو فنا کر دینا ضروری ہے تاکہ کسی وقت اُس سے تصادم ہو کر اپنے ضعیف و مضمحل ہو جانے کا خطرہ باقی نہ رہے ہندوؤں نے اس اصل کو سمجھا اور بکمال دانشمندی سے برتا۔

ابتداءِ عہد کانگریس میں مسلمانوں کی ایسی حالت ضرور تھی کہ ان کی شرکت و موافقت کی ہندوؤں کو تمنا رکھنی لابد تھی لیکن ان موجودہ ایام میں جب کہ ہندوؤں نے اپنے کو ہر پہلو سے اس قدر مضبوط کر لیا ہے کہ اب اُن کی کامیابی رہین شرکت غیر نہیں تو پھر وہ مسلمانوں کی طرف کیوں دست احتیاج بڑھاتے۔

جد و جہد کی صعب ترین گھاٹیاں جب کہ وہ بغیر معاونت مسلمانوں کے طے کر چکے ہیں اور اب وقت اس کا آیا ہے کہ وہ اپنی جاں فشاں کوششوں کے ثمرات سے بہرہ مند ہوں تو مسلمانوں کو اس کا کیا حق ہے کہ اس کامیابی میں شریک ہونے کی آرزو کریں اور بے درد سر لذت سلف گورنمنٹ کے مزے اُٹھانے کی ہوس رکھیں ہاں اس وقت ہندوؤں کو اس کی تلاش ہے کہ

Marfat.com

اگر منت کی کچھ جانیں مل جائیں تو انھیں حکومت کی دیبی پر قربان کر کے بھینٹ کے فرض سے بھی فارغ ہو جائیں اب ہندوؤں کو یہی آخری فرض ادا کرنا ہے اور اسی کے لئے مسلمانوں کو ایک خاص تدبیر سے اپنے میں شامل کر لیا گیا ہے۔

**ذوقِ شہادت**

مسلمانوں میں ایک جذبہ شہادت ایسا ہے جو ہنوز بالکل ہی مردہ نہیں ہوا ہے یہ ہم مسلمانوں کا عقیدہ ہے اور بالکل سچا عقیدہ ہے کہ دین کی حمایت میں جب کوئی ہم میں سے مارا جائے تو وہ مرتبہ شہادت سے فائز ہوتا ہے۔

شہیدِ ملت کے مدارج علیا کی بلندی صرف اس سے سمجھئے کہ ہر میت کو غسل دینا ضروری ہے جب کوئی نبی یا رسول اس عالم سے نہاں ہوا یا جب کسی غوث و قطب نے اس سرائے فانی کو چھوڑا تو اُسے غسل دے کر کفن پہنا کر آغوش لحد کے حوالہ کیا گیا۔ لیکن ایک مجاہد جب جام شہادت سے سیراب ہوتا ہے تو اس کے اعضا و جوارح کا خون یہ حرمت و عزت رکھتا ہے کہ دنیا کا کوئی پانی اُسے دھو نہیں سکتا لہذا شہداء کے جنازہ پر نماز تو پڑھی جاتی ہے لیکن اُن کا جسم غسل سے بے نیاز ہوتا ہے۔

یہی شہادت کا ذوق جس وقت کسی قلب مومن میں پیدا ہو جاتا ہے تو پھر دنیا اور اس کی ساری کائنات اُس کی نظروں میں ہیچ ہو جاتی ہے یہ جذبہ کسی دوسری قوم میں پایا نہیں جاتا چنانچہ انھیں ایام میں ایک اپیل انگریزوں سے مسٹر گاندھی نے شائع کی ہے جس میں وہ لکھتے ہیں "میرا مذہب آپ سے خصومت رکھنے سے منع کرتا ہے میں اپنا ہاتھ آپ پر کبھی نہ چلاؤنگا خواہ میرے پاس اتنی طاقت بھی ہو جائے میں خود مصیبت جھیل کر آپ پر فتح پانے کی اُمید رکھتا ہوں علی برادران بےشک اپنے ملک و ملت کی حمایت میں تلوار اُٹھائیں گے اگر ان سے ہو سکا تو"۔ (تاج جبل پور، نومبر ۱۹۲۰ء)

Marfat.com

دیکھئے کس دانائی سے گاندھی صاحب اس وقت محفوظ گیند کھیل رہے ہیں اپنی طرف سے انگریزوں کو بہ تمام وکمال مطمئن بھی کرتے جاتے ہیں اور اُسی کے ساتھ مسلمانوں سے بدظن کرتے ہوئے اور انھیں مہیب و خونخوار شکل میں دکھاتے ہوئے تلوار اُٹھانے پر ترغیب و تحریص بھی فرمارہے ہیں خیر یہ تو اُن کی پالیسی کی اصل جان ہی لیکن یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہی کہ آپ کے مذہب کا یہ فتویٰ انگریزوں سے ہی کیوں مخصوص ہی کاش مسلمانوں کے حق میں بھی آپ کا دین اہنسا مراعات کا حکم دیتا تو آرہ۔ شاہاباد اور کٹار پور میں مسلمان اس بیدردی سے قتل نہ کئے جاتے۔

گاندھی صاحب نے مسلمانوں کے اس جذبہ شہادت میں رمقے حیات باقی پائی اور کمال دانشمندی سے مسلمانوں کے اس جذبہ کو آہستہ آہستہ بھڑکانا شروع کیا مسلمان یہ سمجھے کہ سچ مچ یہ ہمارے دوست ہیں اور انھیں ہماری بربادی پر اس قدر غمگساری و تاسف ہی کہ اپنا سر دینے پر تیار ہیں۔ حالاں کہ جس شخص کا مذہب خود اُس کے مقامات مقدسہ اور معابد کے لئے ہاتھ تک اُٹھانے کی اجازت نہ دیتا ہو وہ مسلمانوں کے مقامات مقدسہ کے لئے کب تلوار اُٹھا سکتا ہی لیکن افسوس مسلمانوں نے یہ نہ سمجھا کہ وہ سر دینا نہیں چاہتے ہیں بلکہ مسلمانوں کے سروں کی انھیں حاجت ہی یہ کہکر ایک کثیر تعداد میں اُسے مفت لیا چاہتے ہیں۔

**خلافت کا رُخ سواراج کی طرف**

کیا مصیبت ہے کہ مسلمانوں کو خلافت کا نام لے کر بھڑکایا گیا اور جب اُن میں گرمی پیدا ہوگئی تو اُن کے جوش کا رُخ سواراج کی طرف پھیر دیا گیا اب مسلمان ہیں کہ جوش میں بھرے جاتے ہیں اور ہندوستان کے لئے جان دینے پر آمادہ ہیں اگر یہ اب بھی ہوش میں نہ آئے تو وہ دن سامنے آتا ہی جب کہ کاشی اجودھیا اور دوارکا کی خاطر مسلمان اپنی جانیں دیں گے بجائے نعرۂ تکبیر گاندھی کی جے پکارتے ہوں گے سلف گورنمنٹ کی آخری سیڑھی ہندوستان اُسی وقت طے کریگا جب کہ ایک کثیر تعداد میں مسلمانوں کی جانیں نذرِ اجل ہونگی

Marfat.com

ہندوستان کا فائدہ تو حتمی و یقینی ہے رہا اسلام اور اسلامی خلافت اور مسلمانوں کے مقامات مقدسہ ان کا خدا حافظ۔

**عاجزانہ التماس**

فرزندانِ اسلام اس فقیر بے نوا کے معروضات کو تعصب سے الگ ہو کر ملاحظہ فرمایئے۔ ان عاجزانہ گزارشوں کو تطبیق واقعات سے دیجئے۔ اپنے لیڈروں کی اضطراری حرکات اور کورانہ رفتار پر غور کیجئے اب نہ مقامات مقدسہ کی حفاظت ہے نہ ہجرت کے لئے بلند آہنگی نہ جزیرۃ العرب پر جوش ہے نہ خلافت پر بزم ماتم اب توصاف اور کھلے الفاظ میں وہ بھی یہی کہہ رہے ہیں کہ ہندوستان کو پہلے آزاد کر لو پھر اپنے مطالبات مذہبی کا ذکر چھیڑنا خدا کے لئے ذرہ انصاف سے کام لو کیا یہ مقصد کانگریس نہیں کیا یہ ساری مذہبی تصویریں جو اس ایک برس میں جلد جلد سامنے لائی گئیں وہ بذاتِ خود مقصود و مطلوب نہ تھیں بلکہ اُن کی نمائش کا مقصد صرف تمہارے جذبات میں ہیجان پیدا کرنا تھا اور اُس ہیجان کو خدمتِ ہندوستان میں صرف کرنا تھا یہ ساری جلوہ آرائیاں جو تقدس کی پیکر میں ہوئیں اُن کی محض یہی غایت تھی کہ تم کسی طرح ہندوؤں کے فدائی ہو جاؤ اور تمہاری مذہبی عصبیت فنا ہو جائے پھر حکومت ہند ہاتھوں میں ہندؤں کے اُس طرح دیدو جیسا کہ ہندوؤں کا دل چاہتا ہے۔

اسی اثناء میں جب کہ مسلمانوں نے اپنی مذہبی ہدایات پر خیانت اور مداہنت کی کُند چھری پھیری اور مسئلہ قربانی میں صدیوں کے حق کو ذبح کر ڈالا ہندوؤں نے جا بجا میونسپلٹی میں یہ ایکٹ پاس کر دیا کہ کوئی گائے اور بچھڑا حدود میونسپلٹی میں نہ ذبح ہو نہ اُس کا گوشت حدود میونسپلٹی میں داخل ہونے پائے سندھ لکھنؤ اور بلند شہر وغیرہ میں یہ قانون پاس ہو چکا ہے ذرہ صبر کیجئے چند مہینے میں کوئی گوشہ ہندوستان کا ایسا نہ ہوگا جہاں یہ قانون نافذ نہ ہو جائے۔

اس وقت کہ ہندوستان میں سلف گورمنٹ قائم نہیں ہوئی ہے اس وقت کہ مسلمانوں

Marfat.com

کی جماعت من کل الوجوہ ہندوؤں کے پنجۂ اقتدار میں گرفتار نہیں ہوئی ہے اس وقت کہ نان کوآپریشن کے لئے مسلمانوں کا اتفاق بہت ضروری ہے اس وقت کہ مسلمان دھوکے میں آکر خود ہی مذہبی اور ملکی حق یعنی قربانی گاؤ کو چھوڑنے اور چھڑانے پر بیحد ساعی ہیں اس کی کیا ضرورت تھی جو ہندوؤں نے اسے از روئے قانون بند کردینے کا حکم نافذ کردیا دوستو اب بھی آنکھیں کھولو دیکھو تمہاری اس موجودہ حالت سے ہندوؤں نے کیسا فائدہ اُٹھایا۔ باوجود مخالفت مسلمان ممبران میونسپلٹی پھر بھی کثرت ووٹ سے یہ قانون پاس ہی ہوگیا۔ ہندو ممبر تعداد میں زیادہ تھے بازی جیت لے گئے عام مسلمان اس وقت خاموش ہیں۔

اگر ذرہ زبان کو جنبش ہوئی تو پھر گاندھی صاحب اپنا دست کرم مسلمانوں سے اُٹھالیں گے۔ ہندو مسلم اتحاد جاتا رہیگا۔ افسوس صد افسوس مسلمان اس اتحاد کے خوف سے خاموش رہیں اور ہندو اس وقت کو غنیمت سمجھکر مدتوں کی تمنائیں پوری کریں یہ ہیں نتائج ہندو مسلم اتحاد کے اور یہ ہی ثمرہ نان کوآپریشن کا اور یہ ہے بجز اسلف گورنمنٹ کے لئے ہندوؤں کے معاون ومددگار ہونے کی ع سالے کہ نکوست از بہارش پیداست

**سیاسی علما کا مدلّس فتویٰ**

جس وقت سیاسی لیڈروں نے خلافت کے متعلق صدائے احتجاج بلند کی تھی اُسی وقت سیاسی علمار نے بھی اپنا فتویٰ شائع کرنا ضروری سمجھا وہ فتویٰ عجیب عجیب اندازوں میں علمار ہند کی خدمت میں پہونچایا گیا عیاری ومکاری کا کوئی طریقہ نرم اور گرم ایسا نہ تھا جسے تصدیق وتصویب کے لئے عمل میں نہ لایا گیا ہو۔

فتوے میں حسب ذیل مسائل پر روشنی ڈالی گئی تھی (۱) خلافت ونصب امام (۲) شرائط امام وخلیفہ (۳) جزیرۃ العرب کی تحدید اور اس کے متعلق احکام شرعیہ (۴) جہاد کی اہم قسم دفاع کے احکام اور اس کا وقت۔

Marfat.com

فتوے کا خلاصۃ المرام وخاتمۃ الکلام اس مفہوم پر تھا کہ اس وقت خلیفۃ المسلمین کی
سے نفیر عام ہے اور تمام عالم اسلامی پر دفاع فرض عین وقت آگیا کہ بیٹا بغیر اجازت
ین نکل کھڑا ہو بیبیاں بغیر اذن شوہر جہاد کے لئے نکل پڑیں یہ وہی وقت آپہنچا جب کہ ہر نفس
ذات کو اس نفیر عام پر صدائے لبیک بلند کرنا فرض ہے۔

جس طرح ادائے فریضہ صلوۃ وصیام کے لئے والدین اور شوہر کی اجازت ورضا کی
ت نہیں اُسی طرح اس وقت جہاد کرنے میں بھی اُن کی مرضیات کا خیال اور اُن کی ناخوشنودی
وف ایک گناہ عظیم ہے۔

یہ فتویٰ ملک میں گشت کرتا رہا جرائد وصحائف میں بھی شائع ہوتا رہا عوام کچھ نہ سمجھے
جہاد دفاعی جو اپنے مقابل قسم جہاد یعنی حملہ وہجوم سے کہیں زیادہ اہم اور واجب العمل ہے
س کے لئے جو نفیر عام پکار دی گئی تو پھر اب انتظار کیا ہے مفتیان شرع متین جہاد کا علم اُٹھائیں
ہر ایک عالم اپنے دائرہ اثر کا مرکز بن کر مجاہدین کو جمع کرے سامان جنگ تیار ہو اور نظام جہاد
تیب وتنظیم کی صورت میں لایا جائے مجاہدین فی سبیل اللہ کے نعرۂ تکبیر سے فضائے ہند صدیوں
م پھر ایک بار گونج اُٹھے۔

یہ اسی انتظار میں تھے کہ علما سیاسی کی بارگاہ میں ایسی خاموشی چھائی کہ گویا اس اہم رُکن
ینی کا انصرام نہ کسی شرط سے مشروط ہے نہ عساکر اسلامیہ کے لئے کسی قواعد وتنظیم کی حاجت ہے نہ یہ
ل جلیل کسی فراہمی اسباب وسامان کا مقتضی ہے محض فتویٰ لکھکر چھاپ دینا ہی سارے شرائط
ضوابط وما یحتاج کا متکفل وضامن ہے۔

**علمائے سیاسی اور تحفظ جہاد کی تحقیق**

اسی دورِ انتظار میں جب کہ ایک برس سے زیادہ عرصہ گزر چکا تو ماہ
رجب کانپور میں ایک جلسہ جمعیۃ علماء ہند کے نام سے ترتیب دیا گیا

Marfat.com

جس کی کرسی صدارت کو انھی عالم نے جو اس فتوے مشتہرہ و معلنہ میں بلباس مستفتی سامنے آئے تھے عزت و تمکنت بخشی۔

خطبۂ صدارت میں کلمۂ جہاد کے مُنہ سے نکالنے پر اپنی بیخوفی و عدم ہراس کا بر ذد الفاظ میں اظہار فرماتے ہوئے معانیِ جہاد بیان فرمانے کی بھی زحمت گوارہ فرمائی نہایت جوش و خروش کے انداز میں مجمع عام کو سمجھا دیا گیا کہ یہ بھی جہاد ہی وہ بھی جہاد ہے اسے بھی جہاد شریعت میں کہتے ہیں اور اُسے بھی جہاد شارع علیہ السلام نے فرمایا ہی۔

عوام کے لیے پھر بھی یہ عقدہ لاینحل ہی رہا اُن کی سمجھ میں خاک نہ آیا کہ برس روز بعد آج معنی جہاد کی تحقیق اور اُس کے مصادیق کی تفہیم و تلقین کیوں کیجاتی ہی اسی طرح آہستہ آہستہ درجہ بدرجہ کبھی کسی تحریر اور کبھی کسی تقریر کی ذیل میں مسلمانوں کو ایک غیر متعین صنف جہاد کے لئے علماء سیاسی تیار کرتے رہے۔

**تعیینِ جہاد** واقعہ یہ تھا کہ ان مدعیان علم کو اپنے پیشوایان کید و حیل یعنی جنٹلمین لیڈروں سے جو فیض پہونچتا تھا وہ انھی کو مسائل شرعیہ اور اصطلاحات دینیہ کے لباس میں عام مسلمانوں کے سامنے لاتے تھے جنٹلمینوں کا مبدء فیض مسٹر گاندھی کا دماغ تھا ایسی صورت میں جب کہ ان علماء سیاسی کا سلسلۃ الذہب ایک مخزن کفر و شرک پر جاکر منتہی ہوتا ہو اس کے سوا اور کیا چارۂ کار تھا کہ جب تک کچھ اُسی طرف سے القانہ کیا جائے یہ ساکت و صامت ہی رہیں۔ رفتہ رفتہ وہ وقت آیا کہ مسئلہ نان کوآپریشن کی تحریک تسلیم کر لی گئی اب علماء کے جناب سے بھی جہاد اپنے صحیح مصداق پر آکر متعین و متشخص ہو گیا۔

عوام سُدیشی کا استعمال کریں یہ اُن کا جہاد ہی اعزازی عہدے واپس کئے جائیں یہ آنریری کام کرنے والوں کا جہاد ہی۔ کونسل کی ممبری چھوڑ دینا آنریبل ہونے والوں کا جہاد ہی سب سے بڑا جہاد

Marfat.com

طلبائے انگریزی خواں کے لئے ہے وہ موجودہ نظام تعلیم کو جب تک نہ چھوڑیں گے مجاہدین میں اُن کا شمار قطعاً نہ ہوگا ساری وعیدیں جو تارکین جہاد کے لئے ہیں ایک وعید بھی اُن میں سے ایسی باقی نہ رہیگی جو طلبا پر صادق نہ آجائے موجودہ نظام تعلیم کے ترک میں تاخیر وتدبر بھی گناہ کبیرہ ہے والدین واساتذہ کے استشارہ واسترضا کی بھی حاجت وفرصت نہیں۔

وہ جہاد جسے فرض عین کہا گیا تھا وہ جہاد جس میں اولاد کو والدین اور زوجہ کو زوج کی اجازت کی حاجت نہ تھی وہ جہاد جس کے لئے نفیر عام ثابت کیا گیا تھا وہ جہاد جس کے معنوں کا کسی وقت شمار کیا گیا تھا وہ جہاد جس کی صورت خاص آج تک غیر متعین تھی وہ یہی مسئلہ نان کواپریشن ہے۔

عزیزان وطن علمارہند کا فتویٰ جو بصورت کتاب اور اسی نام سے شائع ہوا ہے ہزاروں کی تعداد میں تقسیم بھی ہو چکا ہے اُسے من اولہ الی آخرہ پڑھ جاؤ دیکھو تو اس میں ان اقسام جہاد میں سے کوئی مذکور ہے طبقات مسلم پر تقسیم اقسام جہاد کا کہیں اُس میں نام ونشان بھی ہے ہندوستان اور اس کی آزادی کے لئے سرفروشی کا کہیں ایک حرف بھی آیا ہے ہدایت ونہایت میں آخر یہ فرق لیل ونہار کیوں ہے؟

ہاں یہ ساری فتوے نویسی اور مجالس کی گرما گرمی صرف اسی لئے تھی کہ نوجوانوں کو والدین واساتذہ سے سرکشی وتمرد پر اچھی طرح آمادہ کردیا جائے تاکہ ملک میں ہنگامہ آرائی کے لئے ایک کافی تعداد پڑھے لکھے ناتجربہ کاروں کی ہاتھ آجائے۔

**علمائے سیاسی اور مسئلہ جہاد کی توہین**

تمھیں اُسی خدا کی قسم جس پر تمہارا ایمان ہو ہمیں یہ بتاؤ کہ نفیر عام کے وقت یہی وہ جہاد ہے جو ہر متنفس پر فرض ہوجاتا ہے تمھیں اُسی مذہب و دین کا واسطہ جس کے تم پیرو ہو ہمیں یہ بتاؤ کہ بی بی کو بغیر اذن شوہر اور اولاد کو بغیر اذن والدین

Marfat.com

کیا اسی جہاد کے لیے نکل کھڑے ہونے کو کہا گیا ہے۔

"المجاھد من جاھد لنفسہ والمہاجر من ھجر ما نھی اللہ ورسولہ عنہ"

یعنی مجاہد تو وہی ہے جو اپنے نفس سے جہاد لڑتا ہے اور مہاجر وہ ہے جس نے اُن چیزوں کو چھوڑ دیا جس کے ترک کا حکم اللہ اور اُس کے رسول نے صادر فرمایا اس حدیث پاک کی اب تلاوت کرتے ہو اور جہاد و ہجرت کی اب یہ تصویر پیش کرتے ہو۔

بیشک ہر وہ سعی جو حق پرستی اور خدا کی راہ میں کی جائے وہ جہاد ہے فرائض صلوٰۃ وصیام حج وزکوٰۃ کا پابندی و استقامت سے ادا کرنا نوافل و مستحبات کی برکات حاصل کرنا یہ بھی جہاد ہے احقاق حق و ابطال باطل یہ بھی جہاد ہے سچ بولنا عفت و پارسائی اختیار کرنا دیانت و امانت کی زندگی بسر کرنا یہ بھی جہاد ہے یتیم و بیکس کی خبرگیری ضعفاء و مرضاء کی خدمت گزاری یہ بھی جہاد ہے لیکن اس جہاد کے لئے تو نفیر عام کی شرط نہیں کفار وغیر مسلم اقوام کا بلاد اسلامیہ پر ہجوم اس جہاد کا موقوف علیہ نہیں یہ جہاد امیر المومنین اور خلیفۃ المسلمین کی دعوت و پکار کا خواہاں نہیں یہ وہ دفاع نہیں جو درجہ بدرجہ شرفاء وغربا عامہ مسلمین پر واجب ہوتا ہے بلکہ یہ تو وہ جہاد ہے جس سے انتہائے امن و سکون غایۃ سطوت و شوکت بعد فراغت و قوت کے ایام میں بھی کسی مومن کو فارغ نہ بیٹھنا چاہیئے۔

المجاھد من جاھد لنفسہ کا جہاد ہر صبح کو ایک سچے مخلص مسلم کی حیات میں شروع ہوتا ہے اور دوسری صبح کو ختم ہو کر پھر شروع ہو جاتا ہے مشکوٰۃ نبوت سے جن کے قلوب منور ہوتا ہے اُن کی زندگی کا کوئی لمحہ اس جہاد و ہجرت کی سعادت سے بے نصیب بسر ہونے نہیں پاتا عامہ مسلمین بھی اس جہاد و ہجرت سے اس قدر تو ضرور متاثر ہیں کہ آج تک کسی مسلم و مومن باپ نے اپنے بیٹے کو یا کسی مسلم و مومن شوہر نے اپنی بی بی کو اُمۃ محمدی کے لئے دعاء خیر کرنے سے

Marfat.com

منع نہیں کیا خدا کی راہ میں خرچ کرنے سے یا سنن و مستحبات کے بجالانے سے یا مسکینوں اور حاجت مندوں کی امداد سے نہ کسی باپ نے اولاد کو جھڑکا نہ شوہر نے بی بی پر عتاب نازل کیا

**جنگ طرابلس و بلقان کے موقع پر ایثار**

جنگ طرابلس اور جنگ بلقان میں عورتوں نے اپنی سب سے زیادہ عزیز و محبوب چیز یعنی زیور تک اُتار کر چندہ میں دے ڈالا لیکن اس پر بھی کسی خاندان کے متعلق یہ نہ سُنا گیا کہ اس انفاق پر زن و شو میں سوء مزاجی ہو گئی۔

نوجوانوں نے اُنھیں ایّام میں منتیں صوم کی مانیں اور روزے رکھے گئے بار یہ نذر قرار دی گئی اور اخلاص و نیازمندی سے پوری کی گئی اسی کے ساتھ دل کھول کر روپے بھی دیے اپنے لذائذ میں کمی کی اور اس طرح مجروحین طرابلس و بلقان کو چندہ بھیجا خاص کالج میں تقریباً ایک سال تک مسلسل یہ سلسلہ قایم رہا اس وقت کسی باپ نے اپنے بیٹے سے نہ اظہار رنج و ملال کیا نہ اولادوں کے اس فعل کو نظر ناپسندیگی سے دیکھا۔

پس اگر اس وقت بھی اسی جہاد انفاق اور ایثار کی حاجت تھی تو اس کے لئے نفیر عام اور جہاد کے فرض عین اور اطاعت والدین و اساتذہ و اطاعت زوج و مولیٰ سے انحراف و استکراہ کی تلقین و تبلیغ کی کیا حاجت تھی لیکن ہاں یوں کہو کہ اگر سچائی کے ساتھ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کی تبلیغ کرتے یا ایمان داری سے صراط مستقیم کی طرف ہدایت و رہبری کرتے تو پھر اپنی ہوا و ہوس کا صید کہاں تلاش کرتے۔

افسوس ہے اس فتوے نویسی پر جس نے مسلمانوں کے کتنے گھر تباہ کر دیئے اس زمانۂ شور و فتن میں جب کہ نوجوانوں میں سعادت و اطاعت اور حق شناسی کا فقدان ہو رہا ہے والدین و اساتذہ کی خدمت میں اُنھیں اس طرح دلیر و گستاخ ہو جانے کی ہدایت کیسا زہر آلود اور مسموم پیام ہے۔

Marfat.com

**علمائے سیاسی کا ہجرت کے متعلق تباہ کن فتویٰ**

اسی طرح ایک نفیر عام ہجرت کی پکار دی گئی اس بانگ بے ہنگام نے سرحدی علاقے اور خطہ سندھ میں بہت زیادہ اثر کیا ہزاروں گھر تباہ ہو گئے ہزاروں عورتیں بے سرپرست رہ گئیں ہزاروں بچے سایہ پدری سے محروم کر دیئے گئے گاؤں کے گاؤں مسلمانوں نے آگ لگا کر خاکستر کر دئیے لاکھوں کی جائدادیں کوڑیوں کے مول ہندوؤں کے ہاتھوں بیچ دی گئیں تقریباً ایک لاکھ مسلمان اپنے دیار و وطن املاک و جائداد سے دست بردار ہو کر نکل کھڑے ہوئے۔

کچھ دنوں تک ہجرت کا زور رہا اخباروں میں بھی نہایت جلی قلموں سے مہاجرین کا قافلہ لکھا جاتا تھا لیکن جب ہجرت نے رجعت قہقری کی صورت اختیار کی تو دو چار اعذار بارد کرتے ہوئے ہجرت کا سلسلہ بند کر دیا گیا اب پھر دوبارہ مژدہ ہجرت مسلمانوں کو سنایا گیا اور اجازت و پروانگی بھی عطا ہو گئی لیکن اب نہ تو کوئی مضمون فضائل ہجرت پر لکھا جاتا ہے نہ اس کی ضرورت ثابت کی جاتی ہے نہ کوئی قافلہ کا سلسلہ آمادہ ہجرت نظر آتا ہے اب تو ساری زبانیں اور صرف ایک کلمہ توحید منزلہ گاندھی نان کوآپریشن کا ورد ہے یہی ہجرت ہے اور یہی جہاد ہے لیڈر و اس ہنگامہ میں پڑے تو یہ بہتر تھا کہ جس طرح کے اشخاص کی جس تعداد میں بلاد اسلامیہ کو حاجت ہوتی پہلے انھیں مسلمانوں کو نقل مکان کی ترغیب دی جاتی آغاز کار سے پیشتر ایک مکمل نظام عمل بنانا تھا عوام کے جانے سے قبل خواص کا سفر کرنا ضروری تھا ناملایم حالات کا پہلے اندازہ کر کے حتی الامکان انسداد ناگواری کرنا بہت ضرور تھا۔

کیا ستم ہے ہم جب کہ ایک مختصر سفر جانے اقامت کرتے ہیں تو اپنے سفر کی غایۃ قیام کی مدت ہمراہیوں کا انتخاب اور دیگر ضروریات و حالات کا پہلے انتظام سوچ لیتے ہیں لیکن یہ کیا قیامت ہے کہ مسلمانوں کے سامنے ایک نفیر عام ہجرت کی پکار دی گئی اور اس اہم تحریک

Marfat.com

کی کامیاب و بامراد ہونے کے لئے جس ترتیب و تنظیم اور ہدایت و تعلیم کی حاجت تھی اُس سے خود تحریک کرنے والوں کا دماغ بھی خالی تھا جو صدمہ اس عظیم الشان تحریک کو تغافل شعاری اور ناواقفیت مذہبی نے اس وقت پہونچایا ہے نہیں معلوم اس کا ذمہ دار کون ہے اور اس کا کفارہ کس کی گردن پر ہے۔

جہاد اور ہجرت ان دونوں اہم و اعظم مسئلوں کو جس طرح اس دور کے علما رسیاسی نے تباہ کیا ہے تاریخ اسلام اس کی نظیر پیش کرنے سے عاجز ہے مسلمانان ہند کا جو نقصان اس مدلس و کاذب فتوے نویسی سے ہوا دیکھئے اُس کی اصلاح کیوں کر ہوتی ہے اور کتنا زمانہ چاہتی ہے علی الخصوص

لفظ جہاد میں کچھ وہ برقی قوت تھی کہ اس کے سُننے سے غیر مسلموں کو ٹھنڈا پسینا آتا تھا اور مسلمانوں کے مردہ و افسردہ قلوب میں حیات و تازگی۔

**قبل ازیں لفظ جہاد کا اثر**

اس موقع سے قبل جب کبھی اور جہاں کہیں بھی یہ لفظ کہا گیا ہے تو مثل دیگر کلمات کے اس نے اپنے تلفظ کو وہ ہوائے تکیف ثابت ہونے نہیں دیا جو ایک مرتبہ ٹکرا کر ہوا کی موجوں میں گم ہو جائے اور اس کرۂ ارضی پر اس کا نام بھی غیر قارّہ اشیار کی فہرست میں منسلک ہو جائے بلکہ جب کبھی یہ لفظ کہا گیا اور مسلمانوں کے کانوں تک پہونچایا گیا ہے تو کفر و شرک کی بنیادیں ہل گئی ہیں مخلوق پرستوں اور خدا کے دشمنوں میں زلزلہ پڑ گیا ہے۔ تاریخ اقوام اور جغرافیہ ملکی میں ہمیشہ ایک تغیر عظیم پیدا ہو گیا ہے اس لفظ جہاد کے کہنے اور سننے کے ایام صفحات زمین پر ہمیشہ خون کی سرخی اور نوک سنان و شمشیر سے لکھے گئے ہیں۔

لیکن آج تم نے مسلمانوں کے اس سیزدہ صد سالہ عظمت کو اپنے قدموں کے نیچے

Marfat.com

روند ڈالا آج تم نے سات کروڑ مسلمانوں کی دینی غیرت کو یوں ذلیل و خوار کیا دیکھو غیر مسلم قومیں تم پر ہنستی ہیں نہ انگریزوں میں تمہاری ہیبت رہی نہ ہندوؤں پر تمہارا خوف رہا۔

تم اور تمہارا دین تم اور تمہارا مذہب تم اور تمہاری مذہبی تعلیم تم اور تمہاری دینی احکام سب کے سب نگاہ غیر مسلم میں ہیچ و فرمایہ ثابت ہوئے۔ لیکن اس کی تمہیں کیا پرواجب کہ تقریباً ایک ملک کا خراج تمہارے گھروں میں پہونچ گیا جب کہ ہزاروں انسان تمہیں اپنے دوش عقیدت پر لئے لئے پھرے جبکہ ہر روز شاہانہ دسترخوان سے کام و زبان نئی نئی لذتیں لے رہی ہیں تو پھر ان نعمائے خلد بریں کے مقابلہ میں اسلام کیا ہی اور ایمان کیا۔

اے سرمستان بادۂ لیڈری ذرہ ہوش میں آکر ہمیں بتاؤ کہ تم سوراج کے لئے اٹھائے گئے تھے یا خلافت کے لئے تم نے ہندوؤں کو آمادہ کیا تھا تم اسلام کے نشر و تبلیغ کا علم لے کر بڑھے تھے یا کفر و شرک کی حکومت قایم کرنے کی غرض سے یہ لشکر آرائی کی گئی تھی اسلام کی حقانیت اور ارکان اسلام کا غیر مسلم کو گرویدہ بنانا تمہارا نصب العین تھا یا خود کفر و شرک کے جال میں پھنس کر آزادی ہند کا ترانہ سنانا مقصود و مطلوب تھا۔

**مسلم لیڈروں کا کفر و کافرمیں ادغام**

لا الہ الا اللہ گاندھی نے کس حسن تدبیر سے مسلمانوں کو اپنا اور اپنے مذہب کا غلام بنا لیا ایک برس بھی گزرنے نہ پایا جو حمایت خلافت سے نہ صرف ہندو دست کش ہو گئے بلکہ اس عیارانہ چال سے خود مسلمانوں ہی کے ہاتھوں نے مسئلہ خلافت کو دھکے دے کر پس پشت ڈال دیا۔ خلیفۃ المسلمین اور امیر المومنین کی جگہ گاندھی کو دی گئی اب یہ مدعیان اسلام اسی کی کوشش کر رہے ہیں کہ جہاں تک ہو سکے گاندھی کی محبت و عظمت سے کوئی قلب مومن خالی نہ رہنے پائے۔

کوئی امام مہدی علیہ السلام کا مثیل کہتا ہی کوئی یہ کہتا ہے کہ نبوت اگر ختم نہ ہو گئی ہوتی

Marfat.com

تو گاندھی نبی ہو تا یعنی نبوت کے ماتحت جو سب سے بڑا رتبہ و منصب ہو سکتا ہے وہ گاندھی کا ہے کوئی اپنے کو سپردِ گاندھی کا کہتا ہے اور اسلام کی نجات کا اسی کے ہاتھوں سے یقین رکھتا ہے۔

مسلمان اپنی کانوں سے سُنتے ہیں آنکھوں سے اخبارات میں یہ مضامین دیکھتے ہیں پڑھتے ہیں پھر بھی عالمِ وجد و تواجد میں آکر واہ ہمارے لیڈر و شاباش ہمارے لیڈر دو کی رٹ لگائے جاتے ہیں۔

**رہبر کی اقسام** فرزندانِ اسلام رہبر کی تین قسمیں ہیں ایک وہ باکمال جس کے ذہن میں منزلِ مقصود متعین و مشخص۔ راہیں اُس کی معلوم۔ دشواریوں پر اُسے اطلاع خطرات و مہالک سے واقفیت کا ملہ اُن تدابیر پر قادر جن سے خطرات و موانع کا اثر نہ آنے پائے۔

ایسا رہبر اپنے علم و بصیرت سے رہبری کرتا ہوا خطرات و مہالک سے بچاتا ہوا موانع کو دفع کرتا ہوا اپنے پیچھے آنے والوں کو سلامتی کے ساتھ منزلِ مقصود تک پہونچا دیتا ہے جیسا کہ ایک ماہر ناخدا کہ وہ سمندر کی راہوں سے واقف مقام خطرے آگاہ مہالک سے بچ کر نکل جانے کی اُسے سبیل معلوم۔

دوسرا وہ ناقص رہبر جسے نہ راہ معلوم نہ خطرات کا علم لیکن منزلِ مقصود متعین تلاش راہ کی طلب کامل اور خطرات پر غالب آنے کی قوت اُسے میسّر و حاصل۔

تیسرا وہ مدعی باطل کہ جسے نہ منزلِ مقصود کی خبر نہ راستہ کا علم نہ دشواریوں پر بصیرت نہ خبرت نہ کسی قسم دفاع پر قدرت و طاقت۔

اب تمہیں پر فیصلہ ٹھیراتمیں کہد و خدا لگتی تمہارے لیڈر کس قسمِ رہبر میں شامل و معدود ہیں

Marfat.com

ہندوؤں نے تمہارے لیڈروں کے ساتھ ہاں میں ہاں ملا کر کس سہولت و نرمی سے آہستہ آہستہ انھیں اپنے نقطۂ خیال پر اُتار لیا لفظ سوراج جس سے لاکھوں کان آج تک ناآشنا تھے خلافت کے عوض کس جوش سے وہ ہر ایک زبان پر جاری ہے گاندھی جس کا نام تک پانچ برس قبل ہندوستان کے کسی مسلمان کے علم میں بھی نہ تھا خلیفۃ المسلمین کی جگہ آج اُس کے تقدس و عظمت کے فسانے کس کمال عقیدت سے مستورات تک میں کہے جاتے ہیں۔

گائے کی قربانی اور اس کا معمولاً ذبح بعض جگھوں میں بند ہو چکا ہی اور با بقیہ مقامات پر بند ہونے والا ہی۔ ہندی نے اُردو پر فتح پائی ہے۔ دوش مسلم پر کافر کا جنازہ رکھا جا چکا جنھیں اس کا موقع نہ ملا انھوں نے نقل جنازہ اُتار کر اپنی شرکت و معیت کا ثبوت دیا مشرک کے لئے برکات عالم آخرت چاہی گئیں اور مغفرت کی دعا مانگی گئی کلمۂ توحید پڑھنے والوں کے منھ سے رام رام ست ہی کہا گیا کہلایا گیا۔

**بالعکس معاملہ** یہ سارے اعمال جو وقوع پذیر ہوئے اور ہو رہے ہیں ان سے ہندوؤں کے مطالب و مقاصد مذہبی و ملکی کا تکملہ ہو رہا ہی یا اسلام اور اسلامی خلافت کی خدمت انجام پا رہی ہے چوبیس کروڑ ہندوؤں کا قدم خلافت اسلامی یا کسی رکن دینی کی طرف بڑھا یا سات کروڑ مسلمانوں نے بڑھکر سوراج اور مراسم کفر و شرک کو لبیک کہا مسلمان ہندو ہوگئے یا ہندو مسلمانوں کے ہو رہے مسلمانوں کے قلوب آہنی تھے یا مقناطیسی مسلمانوں نے مقناطیس بن کر ہندوؤں کو اپنی طرف کھینچا یا ہندوؤں نے اپنی مقناطیسی کشش سے انھیں اپنے میں جذب کر لیا اس کا جواب واقعات سے ہونا چاہیئے نہ خطیبانہ عبارت آرائی سے۔

غالباً خلافت کے متعلق تم یہ جواب دوگے کہ اب یہ مسئلہ طے ہو گیا کہ جبتک ہندوستان آزاد نہ ہو اور انگریزوں کا قدم یہاں سے نہ ہٹے مسلمان کچھ بھی خلافت کی مدد نہیں کر سکتے ہیں۔

Marfat.com

ہاں میں بھی تو یہی کہتا ہوں کہ پہلے خلافت کے لئے ہندو تک سرگرم کار تھے لیکن اسی قلیل مدت میں یہ تبدیلی واقع ہوئی کہ خود مسلمان بجائے خلافت سوراج پکارنے لگے شاید گاندھی کے باب میں تم یہ جواب دو کہ جب کہ مسلمانوں میں کوئی صاحب سجادہ کوئی خانقاہ نشین کوئی واعظ و فقیہ کوئی محدث و مفسر حدیہ کہ کوئی جنٹلمین لیڈر مثل گاندھی کے نہ تو ہمیں اس کے سوا اور کیا چارہ ہے کہ ہم اُسی کی تقلید کریں اُسی سے اپنا رشتہ ہدایت جوڑیں اسلاف کے واقعات و حالات زندگی آج قصہ و داستان ہیں قوم افسانوں سے نہیں بنا کرتی نہ کسی کی سوانح و سیرت قوم میں روح پھونک سکتی ہے ہمیں تو ایک زندہ مثال و نمونہ چاہیئے اور وہ نہیں ہے مگر گاندھی۔

ہاں میں بھی تو یہی کہتا ہوں کہ گاندھی تمہارا پیشوا ہے اور تم اُس کے پیرو [دیگر اعمال خبیثہ کے متعلق تمہارا یہ جواب ہوگا کہ اس وقت انگریزوں سے مقابلہ کرنے کے لئے ہمیں حاجت تھی کہ ہندوؤں میں جذب ہو جائیں تاکہ باہمی تجاذب و ادغام سے طاقت و شدت آجائے اور ہماری صدائے احتجاج میں قوت و صولت پیدا ہو جائے]

ہاں میں بھی تو یہی کہتا ہوں کہ تم ہندوؤں میں جذب ہو گئے۔

| | |
|---|---|
| **وما ظنکم برب العٰلمین** | علم بر داران نان کو آپریشن و سوراج! قیامت ایک دن ضرور قائم ہوگی جہاں اوّلین و آخرین کا مجمع ہوگا اور پھر لمن الملک الیوم للہ |

الواحد القہار کی دل کپکپا دینے والی آواز کے ساتھ تخت رب العالمین سامنے ہوگا ویحمل عرش ربك فوقھم یومئذ ثمانیۃ اُس دن تمہارے سرائر و مخفیات کھل جائیں گے یومئذ تعرضون لاتخفی منکم خافیۃ۔ اُس دن تمہیں اُس جلیل و جبار قادر و قہار کے سامنے جا کر اپنے اعمال کا حساب دینا ہوگا۔ ”فاما من ثقلت موازینہ فھو فی عیشۃ راضیۃ واما من خفت موازینہ فامہ ھاویۃ وما ادراك ماھیہ نار حامیۃ“

Marfat.com

توپھر جس وقت یوم ینفع الصادقین صدقھم کا ظہور ہو رہا ہوگا تمہاری کیا حالت ہوگی اور تمہارے ان اعمال کا ترازوئے عمل پر کیا وزن ہوگا خلافت اور دین کا نام لیکر سوراج اور تلقینات گاندھی میں فنا ہو جانا کیا نیتجہ سامنے لائے گا۔ الذین ضل سعیھم فی الحیٰوۃ الدنیا وھم یحسبون انھم یحسنون صنعا اولئك الذین کفروا بایات ربھم ولقائه فحبطت اعمالھم فلا نقیم لھم یوم القیامۃ وزنا۔ یقین کرلو کہ اس روز یہ تمہاری تلبیس کی چادر پارہ پارہ ہوگی اور تدلیس کا جال ریزہ ریزہ۔ یہی لیڈری اس دن تمھیں وبال ہوگی اور یہ ہر دل عزیزی تمھیں رسوا و خوار بنائے گی۔ آج وہ بھیڑ اور انبوہ جس پر تمھیں ناز و تبختر ہے آج وہ ہنگامہ و ہجوم جس پر تمھیں اعتماد و سہارا ہے کل بروز قیامت تم سے بیزاری کا اظہار کرتا تھا۔ قالوا ربنا انا اطعنا سادتنا وکبراءنا فاضلونا السبیلا ربنا اٰتھم ضعفین من العذاب والعنھم لعنا کبیراۃ یہ گروہ معتقدین یہ مجمع ارادت مندان جو آج تمھیں اس درجہ محبوب ہے کل بروز محشر تم اس سے خفا ہوگے اور دست بردار شامتِ اعمال کا وبال سامنے ہوگا اور یہ ہیکڑی خاک سیاہ۔ اذ تبرا الذین اتبعوا من الذین اتبعوا ورا والعذاب وتقطعت بھم الاسباب ۃ

**نان کوآپریشن کا ملمع جامہ** | اب آؤ ہم ایک دوسری مجلس منعقد کریں اور مسئلہ نان کو آپریشن نے جو روپ بدل کر ہندوستان میں ایک اودھم مچا رکھی ہے اس کی حقیقت سے بھی پردہ اٹھا نا ضرورت ہے کہ یہ گاندھی گردی جو ملمع جامہ ایمان و اسلام سے مرصع بنا کر سامنے لائی گئی ہے اس کی اصلیت بالکل ہی بے نقاب کر دی جائے سب سے پہلے اس لفظ کی تاریخ اور تدریجی تقلب

Marfat.com

کی طرف نظر کرنا ضرور ہے۔

**مفہوم نان کواپریشن کا تدریجی تبدل**

یہی مفہوم جس کی اس وقت ملک میں دھوم مچی ہوئی ہے ایک مدت سے کانگریس میں مقاومت مجہول کے لفظ سے ادا کیا جاتا تھا شورش وہنگامہ کا پے بہ پے ہندوستان میں ہوتے رہنا اسی کا ثمرہ تھا۔

**نان کواپریشن کا مختلف ترجمہ**

پھر اس مفہوم نے ستیاگرہ کی صورت اختیار کی کاروباری دنیا میں یہ پہلی ہڑتال تھی جس نے عملی شکل میں مقاومت مجہول کی جلوہ آرائی کی اُسی دَوران میں مسٹر گاندھی نے نان کواپریشن کا دلکش نغمہ چھیڑا اب مقاومت مجہول کی جگہ نان کواپریشن کو دی گئی کچھ دنوں اسی کا دار دورہ رہا اُردو جرائد بھی نان کوآپریشن ہی لکھتے رہے اس لفظ کے مختلف ترجمے بھی ہوتے رہے عدم اشتراک عمل، عدم اتحاد عمل، ترک معاملات، عدم تعاون وغیرہ وغیرہ۔

**نان کواپریشن کے لئے شرعی لباس**

لیکن ہنوز وہ دینی قبا جسے ہمیشہ یہ جماعت اپنے مخترعات پر چسپاں و موزوں کرنے کی عادی تھی اس وقت تک ان الفاظ کی تراش سے وہ قبا تیار نہ ہو سکی بالآخر بمصداق جویندہ یابندہ مدتوں کے مشاق یار ہاکے تجربہ کار اپنے ستباہ کن دماغوں کی طرف رجوع لائے اور ایک لفظ موالات ڈھونڈھ کر لے آئے۔

جن نے اس گوہر نایاب کی جستجو کی تھی لیڈروں کی جماعت میں طرہ امامت اسی کی دستار پر شایاں تھا لیکن واحسرتاکہ امامت و مہدویت تک کے القاب بھی یہ کہکر گاندھی کو ہی بخشدئیے گئے کہ ع ایں گل تازہ برآں گوشۂ دستار خوش ست۔

**لفظ موالات پر استقرار کی علت** عوام کچھ نہ سمجھے کہ آخر ہمارے لیڈر نان کواپریشن کے

Marfat.com

لفظ سے جلد جلد گریز کیوں کر رہے ہیں کسی ایک ترجمہ پر انھیں قرار کیوں نہیں آتا اور اب کہ لفظ موالات انھیں مل گیا تو اس پر قدم جما کر اس طرح کھڑے ہو گئے ہیں کہ ترک معاملات عدم اشتراک عمل وغیرہ کی طرف اگر انھیں کوئی پھیرنا بھی چاہے تو جنبش کی قسم ہے وہ ہیں اور ترک موالات کی صدا ہے تم سلام کرو وہ جواب میں ترک موالات کہیں گے تم مزاج پرسی کرو وہ ترک موالات کہکر اپنی عافیت بتائیں گے اب تو ان کے دل و دماغ میں سوائے اس ایک لفظ کے اور کچھ ہے ہی نہیں۔

حالاں کہ واقعہ صرف اس قدر تھا کہ سارے تراجم کے الفاظ سوائے موالات کے ایسے تھے کہ ان کی شکلیں دھوکا دینے کے لئے ناکافی تھیں لیڈروں کو مسلمانوں کے سامنے پیش کرنے کے لئے ایک ایسے لفظ کی ضرورت تھی جس کی ظاہری شکل دکھا کر مسلمانوں کو اپنے اغراض فاسدہ کا شکار کر لیا جائے۔

ترک موالات کا لفظ جب سامنے لایا گیا تو مسلمانوں نے یہ سمجھ لیا کہ نان کوآپریشن خواہ سیاست ہند کا خالص مسئلہ ہو لیکن ترک موالات محض اسلامی مسئلہ ہے اس لئے مسلمانوں ہی پر اس کی تعمیل بھی واجب ہے۔

**ملاء اعلیٰ سے علمائے سیاسی کا استفاضہ**

علماء سیاسی کو جب اُن کے ملاء اعلیٰ سے اس ہدایت کا افاضہ فرمایا گیا کہ اب بجائے نان کوآپریشن کے موالات کہئے اور لکھئے نیز نظام عمل کے وہ حدود جنھیں نان کوآپریشن کے دائرہ نے اس وقت گھیر رکھا ہے اُن سب کو ترک موالات کے احاطہ میں داخل کیجئے اسی کے ساتھ اس کا بھی خیال رکھنا آپ حضرات کا فرض ہے کہ ہنود کی نئی سرکار سے جو طوق غلامی ابھی ابھی گلے میں ڈالا گیا ہے ہرگز ہرگز کوئی تار اس کا ڈھیلا نہ ہونے پائے بلکہ اس پر مذہبی ایک اور گرہ افزوں ہو جائے۔

Marfat.com

**ملاء اعلیٰ کا حکم اور علمائے سیاسی کا سرِ تسلیم خم**

آخر یہی علماء سیاسی کے اس انقیاد و اطاعت گزاری پر فوراً کہہ اٹھے کہ قرآن پاک میں نصاریٰ سے ترک موالات کا حکم بہ نص صریح ثابت ہے۔ یاایھا الذین اٰمنوا لا تتخذوا الیھود والنصاریٰ اولیاء بعضھم اولیاء بعض ومن یتولھم منکم فانہ منھم لیکن اسی کے ساتھ انھیں یہ دشواری پیش آئی کہ بیشمار آیات الٰہیہ فرقان مجید میں گونج رہی ہیں کہ کفار و مشرکین سے ترک موالات ضروری ہے۔

**کفار مشرکین اور کفار اہل کتاب میں فرق مراتب**

اگرچہ یہود و نصاریٰ بھی کافر ہیں ان کی توحید بھی تثلیث میں گم ہو گئی ہے قرآن مجید ان کے کفر و ضلالت پر گواہ ہے (۱) لم یکن الذین کفروا من اھل الکتاب (۲) ولا تقولوا ثلثۃ انتھوا خیرا لکم (۳) قالت الیھود عزیر ابن اللہ وقالت النصاریٰ المسیح ابن اللہ پہلی آیۃ اہل کتاب کے کافر ہونے کو بتاتی ہے دوسری آیۃ اُن کے عقیدہ تثلیث کو ظاہر کرتی ہے تیسری آیۃ اُن کی ضلالت و غوایت اور گندگی عقیدہ کو بتاتی ہے تنزیہ و تقدیس کے مفہوم سے اُن کا بیگانہ محض ہونا ثابت ہو رہا ہے لیکن باوجود ان تمام گمراہیوں کے یہود و نصاریٰ کو اہل کتاب کہا گیا ان کی عورتوں سے نکاح جائز قرار دیا گیا پس موالات جب کہ اہل کتاب سے منع کر دی گئی تو کفار و مشرکین جن سے ادنیٰ معاشرتی تعلق یعنی اُن کی عورتوں سے نکاح بھی حرام و زنا شریعت مطہرہ نے قرار دیا ہو موالات کیوں کر جائز ہو سکتی تھی۔

**علماء سیاسی کا اضطرار اور ایک مغالطہ کی ایجاد**

بار بار اس کثرت سے کفار کے ساتھ موالات کو حق سبحانہ نے منع فرمایا ہے کہ موتیین کفار کا دم گھٹنے لگا مصیبت عظمیٰ یہ تھی کہ اس مسئلہ کی ایجاد کا مقصد احکام شرعیہ کے زیر اثر رہ کر انگریزوں سے کنارہ کشی

Marfat.com

ویکسوئی نہ تھی بلکہ ہندوؤں کے ساتھ وداد وانقیاد رکون واتحاد مطلوب تھا اب اگر شریعت کا فتویٰ نصاریٰ کے باب میں پیش کیا جاتا ہے تو کفار کی ولا ومحبت کا جام کیوں کر پیا جا سکتا ہے پھر اگر یہی نہیں ہوا تو ساری سعی بے حاصل لغو و باطل ہوئی جاتی ہے۔ علمائے سیاسی نے کمال تحریف کا جو نمونہ اس موقع پر پیش کیا ہے اُس کی داد کسی بشر کی زبان سے ادا نہیں ہو سکتی ہاں جس کے کلام میں یہ لوٹ پھیر کیا گیا ہے اُسی کی قدرت میں اس کا عوض وصلہ بھی ہے

سُورۂ ممتحنہ کی آیت تلاوت کرتے ہوئے ایسا مغالطہ آمیز ترجمہ کیا کہ عوام دھوکے میں آگئے اور نہایت سہولت سے مطلب برآری ہو گئی۔ لا ینھٰکم اللہ عن الذین لم یقاتلوکم فی الدین ولم یخرجوکم من دیارکم ان تبروھم وتقسطوا الیھم ان اللہ یحب المقسطین ۝ انما ینھٰکم اللہ عن الذین قاتلوکم فی الدین و اخرجوکم من دیارکم وظاھروا علیٰ اخراجکم ان تولوھم ومن یتولھم فاولٰئک ھم الظالمون ۝

**تقریر مغالطہ** اس وقت وہ علمار سیاسی جو کفار مشرکین کے بادۂ محبت میں سرشار ہو رہی ہیں جھوم جھوم کر اسی آیہ کریمہ کی تلاوت کرتے ہیں اور مسلمانوں کو یہ سمجھاتے ہیں کہ دیکھو حق سبحانہ نے غیر مسلم فریق کو دو صنفوں میں تقسیم فرما دیا ہے ایک تو وہ ہیں جو مسلمانوں سے نہ لڑتے ہیں نہ مکانوں سے اُنھیں نکالتے ہیں اُن کے ساتھ ہر طرح کی محبت ہمدردی نیکی اور احسان کا حکم خدا دیتا ہے دوسرے وہ ہیں جو یہ سب کرتے ہیں اُن کے ساتھ اس طرح کا کوئی علاقہ بھی اگر مسلمان رکھے گا تو یہ نہ صرف گناہ ہے بلکہ نفاق ہے اور منافق مومن نہیں دیکھو آج تک ہندوؤں نے نہ کبھی اسلامی ممالک پر حملہ کیا نہ مسلمانوں سے قتال فی الدین کیا نہ کسی اسلامی ملک سے مسلمانوں کے اخراج کا باعث ہوئے پس ان کے

Marfat.com

ساتھ کیا وجہ ہے جو مسلمان محبت وہمدردی نیکی واحسان نہ کریں حالاں کہ اُن کا رب اُنھیں ایسا کرنے کی اجازت دے رہا ہی ہاں عیسائیوں نے نہیں نہیں بلکہ انگریزوں نے مسلمانوں کے ساتھ یہ سب کچھ کیا ان سے کسی طرح کا واسطہ رکھنا دین و اسلام سے نکل جانا ہی۔

یہی وہ فریب ہی جو اس وقت عام مسلمانوں سے کیا گیا ہی وہ تدلیس کا جال ہی جس میں مسلمانانِ ہند کو گرفتار کرکے ہندوؤں کے حوالہ کیا گیا ہی وہ شرعی مغالطہ ہی جسے علمائے سیاسی نے چند روزہ جاہ کے لئے ایجاد کیا ہی وہ تحریف دینی ہے جس کا ارتکاب عین ایمان قرار پایا۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔

مسلمانوں دیکھا تم نے دین سے بے پروائی اور علوم دینیہ سے بے نیازی کا ثمرہ حرام کو حلال اور حلال کو حرام حق کو باطل اور باطل کو حق تم سے کہا گیا تمھیں سمجھایا گیا تم نے سُن بھی لیا اور عمل پر آمادہ بھی ہوگئے۔

اب مصیبتیں جھیلو مشقتیں اُٹھاؤ ذلت وخواری کی زندگی بسر کرو نافرمانی مولا تبارک و تعالےٰ کو فرماں برداری سمجھتے رہو یہاں تک کہ موت آجائے اور تمھیں توبہ بھی نصیب نہ ہو

**مغالطہ کا خطرناک نتیجہ** | کوئی گناہ جب کہ گناہ سمجھکر عمل میں آئے تو نفس لوامہ کی ملامت عاصی وخاطی کو توبہ وانابت کی طرف متوجہ کرتی ہی لیکن جب کہ گناہ عین اطاعت سمجھکر کیا جائے تو پھر توبہ واستغفار کی بھی اُمید منقطع ہوجاتی ہے۔

اس وقت جو عالم نما لیڈروں نے بدترین اعمال کو مذہبی تعلیم کہکر پیش کیا ہی اور تم اُس پر لبیک کہکر جھک پڑے ہو شاید وہ وقت دُور نہیں جب کہ اس گمراہی وضلالت کی روسیاہ حقیقت تمھیں مشاہد ہوجائے اور یہ سارے سبز باغ جل کر خاک سیاہ ہوجائیں۔ واذ زین لھم الشیطان اعمالھم وقال لا غالب لکم الیوم من الناس وانی جار لکم فلما

Marfat.com

تراءت الفئتن نکص علی عقبیه وقال انی بریٔ منکم انی اریٰ مالا ترون انی اخاف اللہ واللہ شدید العقاب ہ

**ایک التماس** اس سے پیشتر کہ اس مغالطہ آمیز تقریر اور اس مخرب دین مسئلہ کی حقیقت بیان کروں اس قدر گزارش کی اجازت چاہتا ہوں کہ وہ ذات جس نے عالم میں نشر و تبلیغ مذہب اسلام کی فرمائی اُس کے متعلق اُس کے بھیجنے والے نے ارشاد فرمایا وما ارسلناك الا رحمة للعالمین وہ کتاب جسے تعلیم اُمت کے لئے اس خاکدان عالم میں اُس نے امانت چھوڑا اُس کے باب میں حق سبحانہٗ یوں فرماتا ہی۔ یا یها الناس قد جاء تکم موعظة من ربکم وشفاء لما فی الصدور وهدی ورحمة للمؤمنین ہ

**اسلام کامل و مکمل ہی** وہ دین متین جس کے اتباع کو ہمارے صلاح و فلاح کا ضامن و کفیل بنایا اُس کے باب میں یہ مژدہ سُنایا الیوم اکملت لکم دینکم و اتممت علیکم نعمتی و رضیت لکم الاسلام دینا۔ پیغمبر کا وجود رحمت اُس کی لائی ہوئی وحی آسمانی رحمت اُس کا دین کامل و تمام اور حق سبحانہٗ کا پسندیدہ پس یہ کیوں کر ممکن ہی کہ وہ اُمت مسلمہ جس نے دین اسلام کو لبیک کہا جس نے قرآن مجید کو خدا کا بھیجا ہوا فرمان ہدایت یقین کیا جس نے اُس نبی برحق کی تصدیق کی اور اُس کے اتباع کو وسیلۂ نجات جانا وہ کسی وقت کسی حالت میں بھی احتیاج کا ہاتھ کسی غیر کی طرف پھیلائے یا اُس دین کی کوئی تعلیم اپنے متبع کو حیرت و مصیبت میں مبتلا کرے۔

مولیٰ تبارک و تعالیٰ ارشاد فرماتا ہی لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوة حسنة زندگی کا ہر شعبہ اور حیات انسانی کا ہر لمحہ جو اس عالم امکان میں وقوع پذیر ہو سکتا ہی اُن سے

Marfat.com

طریق عمل کا صحیح نمونہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات میں موجود ہے اُمت کی سعادت اس میں ہے کہ اپنے واقعات زندگی میں اُسی حیات طیبہ کی تقلید واتباع کرے۔ ذالك فضل الله یوتیه من یشاء ۔

کس قدر نادانی اور کیسی بدنصیبی ہے جو اسلام کا یہ مفہوم سمجھا جاتا ہے کہ وہ صرف چند ایسے اعمال وارکان بتاتا ہے جن سے قوت وہمیہ بڑھکر انسان کے سارے قوائے دماغیہ پر مستولی ہوجاتی ہے اُس کے جذبات فنا ہوجاتے ہیں اور وہم کی ہمہ گیری واستیلا آخر اُسے ایک راہب ولایعقل بنا دیتی ہے اُس کا وجود ایک ایسی مہیب تصویر پیش کرتا ہے جسے دیکھکر زمین کا بسنے والا اُس جیسے ہونے کے خیال سے بھی لرز جاتا ہے۔

**سیرۃ خاتم النبیین کا ایک صفحہ**

دوستو ومن اصدق من الله قیلا ۔ اللہ تعالیٰ سے زیادہ سچا کون ہوسکتا ہے دیکھو جب کہ وہ تمہارے دین کو ہر پہلو سے کامل اُس کی تعلیم کو ہر طرح کی رحمت وبرکت کا ضامن اور پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کو تمہارے لئے نمونہ فرمارہا ہے تو پھر تمہارا ایسا خیال محض ناآشنائے حقیقت ہونے کی دلیل ہے۔

**عہد نبوۃ کا آغاز اور اُس کا قبائل پر اثر**

ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی اس طرح شروع ہوتی ہے کہ وہ مقدس ہستی ہنوز شکم مادر میں ہے کہ باپ نے اس عالم سے کوچ کیا مالی حالت دادا کے وقت سے ہی مضمحل ہو رہی تھی اب اُس کا نام ونشان بھی نہ رہا خاتم النبیین کا منصب جس وقت تفویض ہوا اور اُسی کے ساتھ یہ حکم ملا کہ یاایھا المدثر قم فانذر وربك فکبر تو یہ کوئی راز نہیں کہ اُس ہادی برحق نے جس وقت اس حکم کی تعمیل فرمائی اور دعوت توحید کی تبلیغ عرب کی سرزمین میں پیش کی ہے تو سارے ملک میں زلزلہ پڑگیا مخالفت کی ایک آگ تھی جو تمام قبائل میں بھڑک اٹھی بغض وحسد کے شعلے ہر کافر ومشرک کے سینے سے بلند ہونے لگے۔

Marfat.com

ایک متنفس بھی ایسا نہ تھا جو آغاز کار میں معین و غمگسار ہوتا نہ ہاتھ میں دنیاوی مال و خزانہ تھا نہ اعانت و مدافعت کے لئے کوئی فوج و لشکر تیار تھا اپنا ملک دشمن اپنا قبیلہ دشمن اپنا خاندان و کنبہ دشمن۔

**کفار کی ایذا رسانی** صداقت ایمانی نے جب آہستہ آہستہ حق کے نور سے بعض سینے روشن کر دیئے تو اُس وقت پیروانِ ملّت بیضا بھی اعدا کے دست تطاول میں گرفتار ہو گئے اب کفار و مشرکین میں ہر روز مشورے ہوتے جفا و بیداد کی نت نئی تحریکیں پیش ہوتیں اذیت و آزار کا ہر روز ایک نیا پہلو تلاش کیا جاتا کبھی راستہ میں کانٹے بچھا دیئے کبھی اُونٹ کا اوجھ دوش اقدس پر لا کر رکھ دیا کبھی چادر پکڑ کر کھینچ لی گئی کبھی سنگ باری سے ساق مبارک زخمی و گھائل کر دی گئی کبھی مقاطعہ کی تحریک پر جو سرگرم ہوئے تو لین دین خرید و فروخت سب بند کر بیٹھے کبھی شہر بدر کرنے پر آمادہ نظر آئے کبھی قید کا فیصلہ کرنے لگے غرض تکلیف دہی کی جس قدر صورتیں اُن کے مشرکانہ دل و دماغ میں آسکیں اُنھیں نہایت بیدردی و بیباکی سے عمل میں لائے۔

مقصود ان ساری مفسدہ پردازیوں اور فتنہ انگیزیوں کا یہ تھا کہ اُس داعی حق کی صدائے حقانی کو کسی طرح پست کیا جائے لیکن وہ ذات پاک جسے اپنے مولیٰ تبارک و تعالیٰ کی جناب سے یہ حکم ملا تھا کہ یا ایھا الرسول بلغ ما انزل الیك من ربك وان لم تفعل فما بلغت رسالته واللہ یعصمك من الناس ان اللہ لا یھدی القوم الکافرین یعنی اے رسول جو کچھ آپ کا رب آپ کی طرف وحی بھیجتا ہے اُسے اُس کے بندوں تک پہونچائے رہا کفار و مشرکین کا شر و فساد اُس سے بچانے والا اور محفوظ رکھنے والا آپ کا اللہ ہی ہے پھر یہ کیوں کر ممکن تھا کہ وہ پیکر حق وہ مجسمہ صداقت ایک لمحہ کے لئے بھی اپنے دشمنوں کی

Marfat.com

جمعیت یا ان کی فاسد شرارتوں سے مضطر ہو جاتا یا اپنے نشر و تبلیغ میں ایک ساعت کا بھی التوا روا رکھتا وہ کمال استقامت اور انتہائے عزم سے ساری مخالفتوں کا مقابلہ کرتا رہا یہاں تک کہ ہجرت کی آیت اتری اور مکہ معظمہ سے مدینہ طیبہ کی طرف آقائے دو عالم نے ہجرت فرمائی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وبارک وسلم۔

مکہ کے دشمنوں نے یہاں پہونچکر بھی راحت واطمینان سے بیٹھنے نہ دیا آج بدر کی لڑائی ہے تو کل احد کی غزوہ دومۃ الجندل سے فارغ ہی ہوئے تھے جو غزوہ خندق شروع ہو گیا کفار و مشرکین کی یہ حالت تھی کہ نہ خود چین و سکون سے بیٹھتے تھے نہ داعی اسلام کو طمانینت و فراغ کے ساتھ اشاعت دین کا موقع دیتے۔

**مدینہ طیبہ میں مخالفتوں کا ہجوم** مدینہ پہونچکر پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک اور حریف سے بھی مقابلہ کرنا پڑا یہ گروہ یہودیوں کا تھا اطراف مدینہ میں بکثرت یہود آباد تھے اُس وقت کے لحاظ سے سامان قوت بھی ان کے پاس کافی تھا یہودیوں کی قوم ایسی شریر النفس اور قسی القلب اور جن کے فتنہ و فساد و شر و طغیان کے بے شمار واقعات قرآن مجید میں پائے جاتے ہیں ان دو دشمنوں کے علاوہ خاص سکنائے مدینہ میں ایک گروہ منافقین کا پیدا ہو گیا جو بظاہر اسلام کا کلمہ پڑھتا اور بباطن میں عداوت اسلام و مسلمین مخفی و مکنون رکھتا جس کا موقع بموقع اظہار بھی ہو جاتا یہ مسلمانوں کا تیسرا دشمن تھا نجران میں کچھ عیسائی آباد تھے دعوتِ توحید نے اُنھیں بھی مخالفت پر آمادہ کر دیا جن سے مباہلہ کا واقعہ قرآن مجید میں موجود ہے۔

**تمام ممکن حالات سے مبلغ اسلام و مسلمین کا مقابلہ** الغرض مدینہ طیبہ پہونچکر اُس اللہ کے حبیب کو چار فریقوں سے مقابل ہونا پڑا مشرکین یہود نصاریٰ اور منافقین مقابلہ میں جو کچھ ہونا ممکن ہے وہ سب کچھ ہوا میدان کارزار کی بھی گرما گرمی رہی اور

Marfat.com

قتل وقتال کی بھی خوں ریزی وخوں افشانی مسلمان شہید بھی ہوئے اور کفار کو تہ تیغ بھی کیا گھڑی دو گھڑی کے لئے شکست کے آثار بھی پائے گئے اور پھر صدق نے کذب پر حق نے باطل پر فتح بھی پائی۔

ایک ایسا موقع بھی اُحد کی لڑائی میں پیش آگیا کہ خود پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم پر حملہ ہوا اور وہ مقدس ہستی مجروح بھی ہوئی۔

کبھی کوئی مسلم کفار کے ظالم ہاتھوں میں مبتلا بھی پایا گیا اور کبھی مسلمانوں کے قبضہ میں جماعت کفار حالتِ اسیری میں بھی دیکھی گئی اسی دوران جنگ میں کبھی کسی فریق سے موادعت کی گفتگو ہو گئی اور کبھی کسی فریق سے مصالحت کی باتیں طے پا گئیں۔

**سلاطین سے خطاب** انھیں ایام میں جب کہ مجاہدین کے نعرۂ تکبیر وتہلیل سے سرزمین حجاز پر رحمتِ حق کی بارش ہو رہی تھی سلاطین روم وایران اور فرمارویان عنسان وحبشہ بھی دعوتِ تبلیغ سے محروم نہ رکھے گئے صلح حدیبیہ کے بعد چھ قاصد چھ بادشاہوں کے پاس ایک ہی دن روانہ کئے گئے بادشاہوں میں سے کسی نے قبول کیا اور کسی نے اعراض کسی نے قاصد کے عزت واحترام سے اپنے اخلاق کا ثبوت دیا اور کسی نے اپنی وحشت وتمرد کا اظہار کیا کسی نے قبول اسلام سے تو اپنے کو محروم وبے نصیب رکھا لیکن تحفہ وہدیہ بھیجا جو قبول سرکار رسالت ہوا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کا ایک یہ پہلو تھا جو محاربین ومجادلین کے ساتھ نظام عمل کا سبق اپنی اُمت کو دیتا ہے۔

**حیات اقدس کا دوسرا رُخ** دوسرا رُخ اُس کی زندگی کا مسلمانوں کو تعلیم شریعت سے علماً وعملاً آراستہ ومزین بنانا تھا مہاجرین گھر بار خویش واقربا چھوڑ چھوڑ کر آتے جاتے تھے اور رحمۃ للعالمین کے دامن شفقت میں وہ سب کچھ پا لیتے جسے ایک مخلص وصادق مومن ہی

Marfat.com

سکتا ہے مہاجرین کے علاوہ خود انصار کی جماعت میں اشاعت اسلام ہر روز افزوں ہو رہی
تھی وفود کا ایاب و ذہاب اس کے علاوہ تھا جوق در جوق مختلف قبائل کے وفد آتے
ایمان لاتے مسائل سیکھتے اور اپنے گھروں کو واپس چلے جاتے۔

**تبلیغ کی بے نظیر شان** قابل لحاظ یہ نکتہ ہے کہ اسی کشاکش میں جب کہ ہر چہار طرف سے
مخالفوں نے گھیر رکھا تھا ایک لمحہ بھی ایسا زندگی پیغمبر میں نہیں ملتا جس میں رشد و ہدایت کا درس
دریغ رکھا گیا ہو عین ایسے موقع پر جب کہ احد کی لڑائی میں کفار و مشرکین نے خاتم النبیین
صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے نرغہ میں لے لیا تھا اعدا کے تلوار و نیزوں نے ہر چہار سمت سے گھیر رکھا
تھا اسی غزوہ میں چند اشخاص حاضر خدمت ہوئے اور دائرہ اسلام میں داخل ہونے کی تمنا ظاہر کی
داعی الی اللہ سراج رسل ہادی سبل صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر ایک کو کلمۂ ایمان کی تلقین فرمائی
ایک ہی نظر کیمیا اثر سے ان کے قلوب کا تصفیہ و تزکیہ فرما دیا ان میں سے عمر بن لیث اور مخریق
کا نام صفحات تاریخ پر عجب لطائف نورانی کی طرف ہدایت کرتا ہے۔

**ہدایت کا ایک بے مثل واقعہ** یہ دونوں شرف زیارت سے مستفیض ہوتے ہی استصواب فرماتے ہیں
اسلم ام اقاتل یا رسول اللہ یعنی ارشاد فرمایئے پہلے اسلام لاؤں
اس سے پیشتر جہاد شروع کر دوں اللہ اللہ اس سوال کے جواب کا کیسا سخت موقع ہے منصب رسالت
کی بجا آوری کا کیسا نازک لمحہ ہے لیکن وہ ذات مقدس جس کی بعثت کا مقصد تمام عالم میں
تبلیغ دعوت توحید ہے اس کا جواب یہ ہوتا ہے اسلم ثم قاتل یعنی اے عزیز پہلے اسلام
لاؤ پھر حمایت ایمان میں مقاتلہ کرو۔ دونوں حضرات ایمان لاتے ہیں فیوض و انوار سے
ان کے قلوب معمور و مملو کر دیئے جاتے ہیں چاشت کا وقت ہے کسی نماز فریضہ کی یہ ساعت
نہیں لیکن جہاد کا فرض سامنے ہے اس کے ادا میں مصروف و مشغول ہو جاتے ہیں کچھ ایسے

Marfat.com

اخلاص وصدق کے ساتھ اس فرض کو یہ دونوں اصحاب (رضی اللہ عنہما) انجام دے رہے تھے کہ مولیٰ عزوجل کو ان کی خدمت گزاری پسند آگئی جام شہادت سے دونوں سیراب ہو کر الموت جسر یوصل الحبیب الی الحبیب کا رمز آشکارا کر گئے۔

**حقیقی سجدہ** اصحاب رضوان اللہ کا جب کبھی اجتماع ہوتا تو آپس میں پہیلی کے طور پر یہ بوجھتے کہ وہ کون صحابی ہے جس نے نماز فریضہ کا ایک سجدہ بھی ادا نہیں کیا اور قطعی جنتی ہو پھر فرماتے کہ یہ وہ اصحاب ہیں جو احد کے غزوہ میں ایمان لائے نماز فرض کا کوئی وقت نہ تھا اس لئے صلوٰۃ اُن پر فرض نہ ہوئی جہاد کا فرض نہایت سرگرمی سے انجام دیا جا رہا تھا اُس میں شریک ہو کر منصب شہادت سے سرخرو ہوئے لیکن دوستو فی الحقیقت سجدہ تو وہی تھا جو انھیں نصیب ہوا خدا کی راہ میں چلے خدمت قبول ہوئی شکرانہ میں ایسے سربسجود ہوئے کہ اب کل قیامت ہی میں سر اُٹھائیں گے ؎

مست مئے بیدار گرد نیم شب
مست ساقی روز محشر بامداد

**پیغمبر کی حیات مقدس ہر حالت میں سبق آموز نمونہ ہے** مذکورہ بالا واقعات وحقایق میں اگر نظر تعمق سے کام لیا جائے تو سورج کی روشنی سے بھی زیادہ واضح نظر آجائے گا کہ باوجود مسلسل دشواریوں اور گوناگوں پیچیدگیوں کے جن میں سے ہر ایک حوصلہ شکن اور نظام عمل کی درہم برہم کرنے والی تھی ہادیِ برحق کے عزم واستقلال اور نظام کار میں سرِ مو فرق نہ آیا آہستہ آہستہ اسلام و مسلمین میں قوت پیدا ہونے لگی یہاں تک کہ بہت ہی قلیل مدت میں بلا تشبیہ ایک ریاست کی شان پیدا ہو گئی پھر جب کہ مکہ فتح ہوا تو اب ایک سلطنت کی قوت وطاقت تھی جس میں ہر روز وسعت و کمال کی افزائش ہو رہی تھی۔

Marfat.com

اشارات صدر سے یہ بتانا مقصود تھا کہ ایک وہ مذہب جو انتہائے ضعف و ضمحلال سے شروع ہوا ہو اور محیر العقل سرعت و تیزی سے سلطنت کے رُتبہ تک پہونچا ہو جس کے معلم کو ہر اصناف خلق اور گوناگوں اہل مذاہب سے سابقہ و مقابلہ رہا ہو اُس دین کے متعلق یہ کہنا کہ سیاسیات کا مذہب سے کیا تعلق یا اُسے رہبانیت کا مرادف قرار دینا یا کسی حال میں بھی اُس کی تعلیم کو صامت و ساکت فرض کر لینا کس قدر بے انصافی و محرومی کی دلیل ہے انتہائی بدنصیبی یہ ہے کہ آج اُس دین حنیف اور ملت بیضا کے نہ صرف پیرو بلکہ اُس مذہب کے عالم و علامہ ہونے کے مدعی اور علم کے ساتھ کسی سلسلہ طریقت کے شیخ ہونے کا جو ادعا رکھتے ہیں جن کے ہاتھوں پر سیکڑوں مسلمان بیعت طریقت کر کے وصول الی اللہ کی راہ پانا چاہتے ہیں آج وہ ہیں کہ صاف لفظوں میں یہ کہہ رہے ہیں کہ "گاندھی مذکر ہے" "پس رو گاندھی کا ہوں" "گاندھی کو اپنا رہنما بنا لیا ہے" "اسلام کی نجات گاندھی کے ہاتھوں سے ہوگی"۔ لا الٰہ الا اللہ ان مدعیان علم نے لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ کی جو تفسیر کہ اس وقت اپنے اقوال و افعال سے کی ہے اُس سے اسلام اور اسلام کی تعلیم بیزار ہے حق سبحانہٗ انھیں ہدایت فرمائے اور ان کا کھویا ہوا ایمان پھر انھیں مرحمت فرمائے بحرمتہ النبی و آلہ الامجاد۔

عزیزانِ وطن اگر آپ فقیر کی اس گزارش کو سرسری طور پر پڑھتے ہوئے گزر نہ جائیں بلکہ ذرہ ان سطروں کو پڑھکر سوچیں کہ میں نے کیا کہا اور کیوں کہا تو اُمید کرتا ہوں کہ اگر آپ کامل غور و فکر سے کام لیں گے تو مسئلہ موالات کی بہت سے مغالطات خود بخود منکشف ہو جائیں گے اور نظام کار کا رستہ بالکل صاف ہو جائیگا تمھیں معلوم ہو جائے گا کہ کون سے تعلقات کفار سے ناجائز و ممنوع ہیں اور وہ کون سے علائق ہیں جنھیں خود شارع علیہ السلام نے عمل آرا ہو کر ہمیں دنیا میں رہنے اور دین کی خدمت انجام دینے کی رہبری فرمائی۔

Marfat.com

یہ شریعت پر بہتان ہے احکام شرعیہ میں کھلی تحریف ہے آیۃ قرآن مجید کی صریح مخالفت ہے جو یہ کہا جاتا ہے کہ کفار ہند سے موالات جائز ہے مصیبت عظمیٰ تو یہ ہے کہ طرح طرح سے کفار ومشرکین کے ساتھ موالات عمل میں آرہی ہے اور اسے خدمت دین اور جہاد اکبر قرار دیا جاتا ہے نعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیأت اعمالنا۔

**لفظ ولا کے معنی کی تحقیق** مسئلہ موالات کے ہر پہلو کو واضح ولائح طور پر سمجھنے کے لئے ضرورت ہے کہ لفظ ولا کا صحیح مفہوم ومعنی پہلے سمجھ لیا جائے شریعت نے لفظ ولا کے حقیقی ومستعار معنی یہ بیان کئے ہیں الولاء ان یحصل شیأن فصاعدا حصولاً لیس بینھما مالیس منھما ویستعار ذالك للقرب من حیث المکان ومن حیث النسبۃ ومن حیث الدین ومن حیث الصداقۃ والنصرۃ والاعتقاد یعنی دو یا دو سے زیادہ چیزیں جب اس طرح باہم پائی جائیں کہ اُن دونوں کے درمیان کوئی تیسری شے ایسی حائل نہ ہو جو اُن میں سے نہ ہو تو اُسے ولا کہیں گے لفظ ولا کے یہ حقیقی معنی ہیں اس لفظ کے معنی مستعار نزدیکی ہیں یہ نزدیکی خواہ باعتبار مکان ہو یا باعتبار نسبت یا باعتبار دین یا باعتبار دوستی یا باعتبار مدد یا باعتبار اعتقاد اس ترجمہ کا خلاصہ اور ماحصل

بالفاظ دیگر یوں سمجھئے کہ دو چیزوں میں ایسا اتصال و وصال کہ حد فاصل اُٹھ جائے امتیاز تغایر مٹ جائے اور ایک دوسرے پر محمول ہو سکیں تو اس نزدیکی و قرب کا نام ولا ہوگا لیکن اگر کوئی حد فاصل قایم ہے اور دونوں کی حقیقت ایک دوسرے سے ممتاز ہو رہی ہے تو اس قرب و وصال کا نام ولا نہ ہوگا۔

مذہب اسلام نے اپنے متبعین کو یہ ہدایت فرمائی کہ تمہارا غیر مسلم قوم سے کسی حال میں بھی ایسا میل جول نہ ہونا چاہیئے جس سے فرق اسلام وغیر اسلام مٹ جائے ایسا تعلق خواہ تمہارے

Marfat.com

معاملات (یعنی اعمال اعضاء و جوارح) کا پایا جائے یا معتقدات (یعنی تصدیقات قلبیہ) کا شریعت کے نزدیک جرم عظیم ہے۔ مثلاً اگر خدانخواستہ کوئی مسلمان ایک کافر کی ملازمت کرے یا اُسے نوکر رکھے اور اس تعلق و نسبت سے کفر کی امداد یا کفر سے نزدیک ہونا مقصود ہو یا کافر کی ہمسائگی ایسے مقصد و مطلب کے لئے اختیار کی جائے تو یہ کھلا ہوا نفاق ہے اور منافق مسلمان نہیں۔

اسی طرح یہ مسئلہ بالکل واضح ہے کہ اگر کسی فرد مسلم یا جماعت مسلم کا کسی غیر مسلم سے قرب من حیث دین یا اعتقاد پایا جائے گا تو یقیناً اُس کا شمار اُسی گروہ میں ہوگا جس کے دین و اعتقاد سے یہ نزدیک ہوا۔

اسی طرح صداقت سچی دوستی اور دلی محبت کا نام ہے دو شخص باہم صدیق یعنی سچے دوست صحیح معنوں میں اُسی وقت کہے جائیں گے جب کہ احکام اثنینیت اور دوئی بالکلیہ اُٹھ جائیں شریعت محمدی نے اپنے پیروی کرنے والوں کو ایک غیر مسلم قوم سے صداقت ورود اد پیدا کرنے یا باقی رکھنے سے منع کیا وہ دل جس میں اللہ اور اُس کے رسول برحق کی محبت ہو اُس میں ایسے اشخاص یا اقوام کی کہاں سمائی ہو سکتی ہے جو اللہ اور اُس کے رسول کے دشمن ہوں۔

**موالات فی العمل اور موالات صوری کا فرق**

لیکن اعمال اعضاء و جوارح ان کی دو صورتیں ہیں ہر ایک کا حکم اور نام شریعت نے جداگانہ رکھا ہے ایسا کام یا ایسا فعل جس سے ادیان باطلہ کا فروغ ہوتا ہو یا اپنے دین و مذہب کو نقصان پہونچتا ہو نا روا و ناجائز ہے اور اسے موالات فی العمل کہیں گے ایسی نصرت و مدد غیر مسلم سے لینا یا غیر مسلم کو پہونچانا جس سے اُس کے مذہب کی تقویت ہو یا اپنے دین پر گزند آئے شریعت میں گناہ کبیرہ ہے انتہا یہ کہ

Marfat.com

گھوڑے اور ہتھیار کا حربی قوموں کے ہاتھ بیچنا یہ بھی ناجائز قرار پایا ایسے افعال کا مرتکب منافق فی العمل قرار پائے گا لیکن اگر ایسا نہیں تو وہ مراسم و تعلقات جائز و مباح قرار پائیں گے اور ایسی مدد و نصرت جس میں حمایت غیر دین کی نہ ہوتی ہو رحمت و شفقت میں شمار ہوگی حسن معاشرت اور مدارات اُسے کہیں گے نہ وہ موالات ہے نہ کوئی اُسے موالات قرار دینے کا مجاز ہے بعد اس کے کہ لفظ ولا کے حقیقی و مستعار معنی کی تشریح ہو چکی یہ سمجھ لینا چاہیئے کہ جس طرح ولا منہی عنہ و ممنوع ہے اسی طرح وداد۔ رکون اور اتحاد بھی ممنوع ہے اس میں نہ تو کسی غیر مسلم فریق کا استثنا ہے نہ کسی حالت میں کسی غیر مسلم کے ساتھ اس کی اجازت دی گئی ہے۔

مسلم کی نسبتیں غیر مسلم کے ساتھ چار قسم کی ہو سکتی ہیں غیر مسلم ذمی ہو۔ غیر مسلم خراج گذار رعایا ہو۔ غیر مسلم مساوی و مقابل ہو۔ غیر مسلم حاکم ہو مساوات و تقابل کی تین صورتیں ہوں گی اوّلاً یہ کہ مصالحت و موادعت ہو باہمی معاہدہ سے آپس میں بطور قرار داد و مفاہمہ کچھ طے پا چکا ہو ثانیاً یہ کہ غیر مسلم آمادہ پیکار ہو جنگ چھڑ گئی ہو یا چھڑ جانے کا احتمال ہو ثالثاً یہ کہ ایک دوسرے سے کسی امر خارج کے سبب تعرض نہ کر سکتا ہو حالات کے ان سب اقسام و تنوعات میں کوئی شکل و حالت ایسی نہیں جس میں منہی عنہ تعلقات یعنی موالات و وداد رکون و اتحاد کا جواز و اباحت بھی قرآن کریم یا حدیث نبوی یا اجماع اُمت یا اجتہاد ائمہ دین سے ثابت ہو سکے۔

**غیر مسلم سے موالات ہر حال میں ممنوع ہے**

حقیقت یہ ہے کہ مسلم کی موالات خدا کی وہ نعمت ہے جسے ایک مسلم ہی پا سکتا ہے کسی غیر مسلم شخص یا قوم کو موالات مسلم سے مستفید ہونے کا کوئی موقع نہیں دیا گیا ہاں قوم مسلم رحمۃ للعالمین کی امت ہے اس لئے

Marfat.com

ں کے فیوضِ مرحمت اور برکات شفقت جو ولا سے اپنی صورت مشابہ رکھتے ہیں لیکن باعتبار حقیقت وماہیت وہ ولا نہیں اُن سے غیر مسلم قومیں بھی محروم نہ رکھی جائیں گی خواہ یہود ہوں نصاریٰ کفار ومشرکین ہوں یا صابئین ووثنیین حالت امن وسکون ہو یا میدان حرب وقتال

دوستو تم نے سُنا میں نے کیا کہا میں نے یہ کہا کہ موالات ایک مسلمان دوسرے مسلمان ہی سے کرسکتا ہے خواہ انفرادی طور پر ہو یا اجتماعی طور پر کسی حال میں بھی ایک مسلم کسی غیر مسلم شخص یا قوم سے ولا وموالات رکھنے کا مجاز نہیں بنایا گیا حد یہ کہ منافق جو صورتاً مسلمان ہی ہوتا ہے اس سے محروم کردیا گیا فساق فجار سے بھی ولا منع ہے ایک مومن اسی پر مامور ہے کہ وہ موالات ایک مومن ہی سے رکھے سوا مومن کے جو بھی ہو وہ موالات مومن سے محروم ہی رہے گا قرآن مجید نے یہی حکم دیا ہے سنت رسول نے یہی تفسیر کی ہے حاملان علوم دینیہ نے یہی سمجھا ہے یہی اپنی تفسیروں میں لکھا ہے۔

فقیر کی ایک التماس ہے کلام پاک کی تلاوت کر جاؤ لفظ ولا کو تلاش کرو کسی جگہ تمھیں یہ حکم نہ ملیگا کہ اس حالت میں کفار یا یہود یا نصاریٰ کے ساتھ موالات کرنے کی تمھیں اجازت ہے تم کو اگر اپنے تلاوت قرآن اور فہم کی تقصیر کا اعتراف ہو تو علمائے سیاسی سے پوچھ دیکھو اس قدر تمیز تو تم بھی رکھتے ہو کہ الفاظ کو اپنی آنکھوں سے دیکھ سکو جس لفظ کے متعلق نہی وارد ہے اگر وہ لفظ یا اُسی کا مشتق ومصدر تمھیں آنکھوں سے دکھائی دے تو مجھے جو چاہو کہو لیکن اگر ایسا نہیں اور یقیناً ایسا نہیں تو سمجھ لو کہ پانی یہاں مرتا ہے۔

### علمائے سوء کی ایک عیاری

اس وقت مسئلہ موالات اس شکل سے سامنے لایا گیا ہے جس سے سطحی نظر والوں کو یہ معلوم ہوا کہ واقعات وحالات پر علماء نے ایک گہری نظر ڈالی اور انتہائے جد وجہد کمال سعی وکوشش کا نتیجہ ہے جو ایسی حالت میں صحیح

Marfat.com

ذمہ داری مذہبی اور حقیقی مطالبہ دینی جو مسلمانوں پر اُن کا مذہب پیش کر رہا تھا علماء ربانی کے مجتہدانہ دقیق نگاہوں سے اُسے پالیا۔

حالاں کہ موالات رکون وداد اور اتحاد یہ وہ مسائل ہیں جن کا غیر مسلم کے ساتھ پایا جانا ہمیشہ سے منہی عنہ ہے اور ہر حال میں منہی عنہ رہے گا خواہ غیر مسلم ذمی ہو یا رعایا مساوی ومقابل ہو یا مستولی و متسلط حالت امن وسکون ہو یا حرب وجدال۔

ان تفصیلات کے بعد اکابر مفسرین کی تفسیر سے شواہد پیش کرتا ہوں عبارت تفاسیر سے حسب ذیل امور پر روشنی پڑے گی۔

(۱) وہ کل آیتیں جن میں غیر مسلم کے ساتھ موالات وداد پر نہی وارد ہے وہاں علت نہی اُن کا کافر و بیدین ہونا ہے۔

(۲) الحب فی اللہ والبغض فی اللہ اصول دین میں سے ایک اہم اصل دینی ہے یعنی دوستی ومحبت اللہ ہی کے لئے ہونی چاہیئے اور بغض وعداوت بھی اللہ ہی کیلئے

(۳) کفار یا مشرکین کے ساتھ ترک وداد اور ترک موالات میں قتال یا عدم قتال ایجاباً وسلباً کوئی دخل نہیں رکھتے کفر واسلام ان کے ایجاب وسلب کے حقیقی علل ہیں۔

(۴) جہاں ایمان واسلام ہے وہاں موالات و وداد ہے اور جہاں کفر وشرک ہے وہاں موالات و وداد کا سلب ضروری ہے۔

(۵) سورۂ ممتحنہ کی آیت لا ینھٰکم اللہ عن الذین لم یقاتلوکم فی الدین الخ ناسخ نہیں ہے بلکہ بعضوں کے نزدیک منسوخ ہے۔

(۶) آیات ترک موالات مطلق ہیں کوئی مفسر ان کے نسخ اطلاق کا قائل نہیں۔

(۷) موالات غیر مسلم کے معنی دوستی ومحبت ہے یا ایسی اعانت ونصرت جس سے

Marfat.com

مسلمانوں کا یا اسلام کا نقصان ممکن و قرین قیاس ہو معاشرتی و تمدنی امور میں مدد لینا یا مدد دینا ہرگز ممنوع نہیں۔

**تفسیر جلالین** (۱) (یاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمنوا لا تتخذوا الیھود والنصَارٰی اَولِیَاء) توالونھم وتوادونھم (بعضھم اَولیَاءُ بعضٍ) باتحادھم فی الکفر (ومن یتولھم منکم فانہ منھم) من جملتھم (اِنَّ اللہ لا یَھدِی القوم الظالمین) بموالاتھم الکفار۔

اے ایمان والو یہود و نصاریٰ کو اپنا دوست نہ بناؤ بایں طور کہ اُن سے موالات کرو یا مودۃ پیدا کرو یہ سب کے سب کفر میں متحد اور ایک ہیں اس لئے بعض اُن کا بعض کا دوست ہے اور جو تم میں سے انہیں دوست بنائے گا وہ اُنہیں میں شمار ہوگا اللہ تعالےٰ ظالموں کی ہدایت نہیں فرماتا یہ ظلم ہے جو اُنھوں نے کفار سے موالات رکھی۔

(۲) (لا یتخذ المؤمنون الکافرین اَولِیَاءَ) یوالونھم (مِنْ دُوْنِ) ای غیر (المؤمِنِیْنَ وَمَنْ یَّفعَلْ ذَالِکَ) ای یوالھم (فَلَیْسَ مِنْ) دین (اللہ فی شیءٍ)

مومنین کفار کو اپنا دوست نہ بنائیں اور جو مومن ایسا کرے گا یعنی اُن سے دوستی کرے گا تو اُس کے لئے دین الٰہی میں کچھ باقی نہ رہا۔

**تنویر** دیکھو آیہ کریمہ میں مولیٰ تبارک وتعالےٰ نے مطلق کفار اور یہود و نصاریٰ سے مودۃ و موالات یعنی دوستی و محبت منع فرمائی ہے مفسر نے بھی مطلق ہی سمجھا اور لکھا کوئی قید اس کی نہیں لگائی کہ جو کافر و نصرانی مسلمانوں سے لڑے یا مکانوں سے نکالے موالات اُس سے ممنوع ہے کیا مطلق کو مقید کرنا یہ تحریف نہیں؟ اگر آیہ ممتحنہ اس کی ناسخ ہوتی تو مفسر قید قتال فی الدین اور اخراج عن الدیار کا اضافہ کردیتا یا کم از کم نسخ کا اشارہ کردیتا لیکن جب کہ ایسا

Marfat.com

نہیں ہے تو پھر موالات کے وہی معنی ہوئے جو شریعت کی زبان سے گزشتہ صحبت میں بتا چکا ہوں

**تفسیر بیضاوی** (۱) یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْیَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰی اَوْلِیَآءَ) فلا تعتمدوا علیهم ولا تعاشروهم معاشرة الاحباب (بَعْضُهُمْ اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ) ایماء الی علة النهی ای فانهم متفقون علی خلافکم یوالی بعضهم بعضا لاتحادهم فی الدین واجماعهم علی مضادتکم

یہود و نصاریٰ پر نہ تو اعتماد کرو نہ مثل احباب کے ان کے ساتھ معاشرت رکھو بعضهم اَولیاء بعض کا اشارہ علت نہی کی طرف ہے یہود و نصاریٰ تمہاری مخالفت پر متفق ہیں مذہب میں متحد اور ایک ہیں اس لئے آپس میں باہم دوست و مددگار رہیں تمہاری ضد اور مخالفت پر اُن سب کا اجماع ہے۔

(۲) (لا یتخذ المؤمنون الکافرین اولیاء) نهوا عن موالاتهم لقرابة او صداقة جاهلیة ونحوهما حتی لا یکون حبهم وبغضهم الا فی الله او عن الاستعانة بهم فی الغزو وسائر الامور الدینیة (من دون المؤمنین) اشارة الی انهم الاحقاء بالموالاة وان فی موالاتهم مندوحة عن موالاة الکفرة (ومن یفعل ذلک) ای اتخاذهم اولیاء (فلیس من الله فی شیء) ای من ولایته فی شیء یصح ان یسمی ولایة فان موالاة المتعادیین لا یجتمعان قال شعر

مومنین منع کئے گئے ہیں کہ وہ کفار سے دوستی و محبت رکھیں خواہ یہ محبت بسبب قرابت کے ہو یا اُس دوستی کی وجہ سے جو ایام جاہلیت میں تھی یا کسی اور سبب سے کفار کے ساتھ ہر قسم کے علاقہ محبت کو اس طرح قطع کر دیں کہ اُن کی محبت اور اُن کا بغض اللہ ہی کے لئے رہ جائے یا لفظ ولا اس آیۃ میں یہ معنی نصرۃ و اعانۃ ہے اُس تقدیر پر یہ معنی ہوئے۔

Marfat.com

تو دعدوی ثم تزعم انی کہ مومنین منع کیے گئے ہیں اس سے کہ وہ کفار سے مدد لیں

صدیقک لیس النوک عنک بعازب غزوات یعنی جہاد میں اور کل دینی کاموں میں

من دون المؤمنین کا اشارہ اس طرف ہے کہ مستحق موالات مومنین ہی ہیں ان کی محبت

و دوستی ان کی امانت و مدد کفار سے بے نیاز کرنے والی ہے اور جو شخص ایسا کرتا ہے یعنی اُن سے

محبت کرتا ہے یا اُن سے دینی کاموں میں مدد لیتا ہے تو پھر اُس کے لیے ولایت اللہ میں سے ایک

ذرہ بھی ایسا نہ رہا جس کا ولایت نام رکھا جا سکے اس لیے کہ دو دشمنوں کی محبت جمع نہیں ہو سکتی

شاعر کہتا ہے میرے دشمن سے تو دوستی رکھتا ہے پھر خیال کرتا ہے کہ میں تیرا دوست ہوں ایسا

خیال تیری حماقت سے کچھ بعید نہیں۔

تنویر: تفسیر بیضاوی کی عبارت سامنے موجود ہے دیکھو علت عدم موالات کفر کو قرار دیا ہے

یا قتال فی الدین اور اخراج مسلمین کو مطلقاً کفار دیہود و نصاریٰ سے جب کہ موالات ممنوع

ہے تو پھر قید قتال فی الدین وغیرہ کی بڑھانا کیا مذہب میں تحریف نہیں پھر یہ بھی دیکھو کہ ولا

اگر نصرۃ و مدد کے معنی میں لیا جائے تو کس طرح کی مدد لینا کفار سے ممنوع ہے صاف لفظوں

میں بیضاوی نے بتا دیا ہے اور مثال بھی پیش کر دی ہے۔

کھلے لفظوں میں مفسر کہہ رہا ہے کہ دینی کاموں میں مدد کفار سے لینا موالات ہے مثلاً

جہاد و غزوات یا اور کوئی دینی امر دنیاوی کاروبار اور معاشرتی زندگی میں نہ مدد لینا موالات

ہے نہ مدد دینا۔

خدارا انصاف شرط ہے اسکول اور کالج جو اپنا ہی روپیہ واپس لیں جسے حکومت نے اسی مقصد

تعلیم کے لیے لے کر جمع کیا تھا اُس کی واپسی تو موالات میں شمار ہو روپیہ لینے والا حکم قرآن سے مخالفت

کرنے والا قرار پائے لیکن خلافت جو محض دینی مسئلہ اور انگریزوں سے جزیرۃ العرب کا تخلیہ

Marfat.com

جو خالص جہاد و غزوہ اُس میں گاندھی اور کفارانِ ہند سے نہ صرف مدد لینا بلکہ من کل الوجوہ اُن کے ہاتھوں کی کٹ پتلی ہو جانا نہ موالات نہ منہی عنہ بلکہ سنت و فرض ہے۔

**تفسیر مدارک** (۱) (لا یتخذ المؤمنون الکافرین اولیاء) نہوا ان یوالوا الکافرین لقرابۃ بینہم او لصداقۃ قبل الاسلام او غیر ذالک وقد کرر ذالک فی القرآن والمحبۃ فی اللہ والبغض فی اللہ باب عظیم فی الایمان

مومنین اس سے منع کئے گئے ہیں کہ وہ کفار کے ساتھ دوستی و محبت رکھیں یہ محبت خواہ قرابت کے سبب یا جاہلیت کی دوستی کی وجہ سے یا کسی اور باعث سے ہو یہ مسئلہ قرآن میں باربار آیا ہے محبت فی اللہ اور بغض فی اللہ ایمان کا ایک بہت بڑا باب ہے۔

(من دون المؤمنین) یعنی ان لکم فی موالاۃ المؤمنین مندوحۃ عن موالاۃ الکافرین فلا تؤالوھم علیہم (ومن یفعل ذالک فلیس من اللہ فی شیء) ای ومن یوالی الکفرۃ فلیس من ولایۃ اللہ فی شیء لان موالاۃ الولی وموالاۃ عدوہ متنافیان

(من دون المؤمنین) یعنی اے مسلمانو تمھیں مومنین کی موالات کفار کی موالات سے بے نیاز کر دیگی اُنھیں چھوڑ کر کفار کو محبوب نہ بناؤ (ومن یفعل ذالک فلیس من اللہ فی شیء) جو شخص کفار سے دوستی کرتا ہے اُس کے لئے اللہ کی ولایت سے کچھ باقی نہ رہا اس لئے کہ کسی دوست سے محبت اور اُس دوست کے دشمن کی محبت یہ دونوں متنافی ہیں۔

(۲) (یاایہا الذین اٰمنوا لا تتخذوا الیہود والنصارٰی اولیاء) ای لا تتخذوھم اولیاء تنصرونہم وتستنصرونہم وتؤاخونہم وتعاشرونہم معاشرۃ المؤمنین

یہود و نصاریٰ کو اپنا اولیاء نہ بناؤ بایں طور کہ اُن کی مدد کرو یا اُن سے مدد لو یا اُن سے بھائی چارہ قایم کرو یا اُن سے ایسی معاشرت رکھو جیسی مسلمانوں کی آپس میں معاشرت ہونی چاہیئے

ثم علل النہی بقولہ (بعضہم اولیاء بعض) وکلہم اعداء للمؤمن وفیہ دلیل ان الکفر کلہ ملۃ واحدۃ (ومن یتولہم منکم فانہ منہم) من جملتہم وحکمہ حکمہم

پھر نہی کی علت اپنے اس قول سے بیان فرماتا ہے (بعضہم اولیاء بعض) ہر ایک ان میں سے مسلمانوں کا دشمن ہے اس میں اس امر کی دلیل ہے کہ کفر کے ساری مذاہب ایک ہی مذہب ہیں (ومن یتولہم منکم فانہ منہم) جو اُنھیں تم میں سے دل بنائے وہ

Marfat.com

وھذا التغلیظ من اللہ و تشدید فی وجوب مجانبۃ المخالف فی الدین

اُسی گروہ میں سے ہے اور اُس کا حکم بھی وہی ہے جو اُس فرقہ کا حکم ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ بہت بڑی سختی اور شدت ہے کہ جو دین اسلام کا مخالف ہے اُس سے پہلوتہی کرنا واجب ہے

تنویر | تفسیر مدارک بھی ایک مشہور و معروف کتاب ہے اس مفسر نے بھی مطلقاً کفار یہود و نصاریٰ سے ترک موالات واجب سمجھا اور لکھا یہاں تک کہ ہر وہ قوم یا شخص جو مخالف فی الدین ہے اُس سے ترک موالات ضروری ہے مسلمان نہ اُس کی دوستی کریں گے نہ اُس کے دینی و مذہبی کاموں میں مدد دیں گے نہ اپنے مذہبی اُمور میں اُس سے مدد لیں گے۔

مسلمانوں کے مذہبی امور میں مسلمانوں کا معین و مددگار رہنا موالات کفار سے مستغنی و بے نیاز کرنے والا ہے اور کفار بیدین کے مددگار و یار و غمگسار کفار ہیں۔

| تفسیر البحر المحیط ابوحیان اندلسی |

(۱) لا یتخذ المؤمنون الکافرین اولیاء من دون المؤمنین ومن یفعل ذالک فلیس من اللہ فی شیئ) النہی ھنا انما معناہ النہی عن اللطف بھم والمیل الیھم واللطف عام فی جمیع الاعصار وقد تکرر ھذا فی القران ویکفیک من ذالک قولہ تعالیٰ لا تجد قوما یؤمنون باللہ والیوم الاخر یوادون من حاد اللہ ورسولہ الخ والمحبۃ فی اللہ والبغض فی اللہ اصل عظیم من اصول الدین وظاھر الآیۃ تقتضی النہی عن موالاتھم الا ما فسح لنا

اس جگہ نہی کے معنی یہ ہیں کہ مسلمانوں کو کفار کے ساتھ لطف کرنے سے اور اُن کی طرف جھکنے سے منع کیا گیا ہے۔ لطف سے اُن کا باز رکھنا ہر زمانے کے لئے عام ہے یہ مضمون قرآن میں بار بار آیا ہے تیرے لئے اللہ کا یہ فرمانا کافی ہے کہ تو نہ پائے گا ایسی قوم جو اللہ اور قیامت پر ایمان لائی ہو کہ وہ قوم دوست رکھے

Marfat.com

| | |
|---|---|
| فیہ من اتخاذھم | اُس سے جو اللہ اور اللہ کے رسول کا دشمن ہو محبت |
| عبیدا او الاستعانۃ | فی اللہ اور بغض فی اللہ اصول دین میں سے ایک |
| بھم الاستعانۃ العزیز | بہت بڑی اصل ہے۔ ظاہر آیت اُن سے موالات |
| با الذلیل والارفع | کو منع کرتی ہے مگر وہ چیزیں مستثنیٰ ہیں جن میں ہیں |
| بالاوضع والنکاح فیھم | گنجائش ہے جیسا کہ اُنھیں غلام بنا کر رکھا جائے یا |
| فھذ اکلہ ضرب من | اُن سے مدد لینا جیسا کہ عزیز ذلیل سے یا صاحب منصب |
| الموالاۃ اذن لنا فیہ | کم رتبہ سے مدد لیا کرتا ہی یا اُن کی عورتوں سے نکاح کرنا یہ سب قسمیں |
| ولسنا ممنوعین منہ والنھی | موالات کی ہیں جن کی ہمیں اجازت دی گئی ہی اور اس سے ہم منع |
| لیس علی عمومہ ۔ | نہیں کیے گئے ہیں نہی اپنے عموم پر نہیں ہے ۔ |

**تنویر** | علامہ اندلسی نے اس آیۃ کی تفسیر میں بہت سے اشارات لطیفہ کی طرف ہدایت فرمائی عدم موالات کی وجہ بغض فی اللہ کو قرار دیا جیسا کہ دیگر مفسرین کی تفسیروں سے واضح ہوچکا ہی سورہ ممتحنہ کی آیت نے مطلق کو مقید نہیں کیا اگر قتال فی الدین وغیرہ ملت نہی ہوتی تو کوئی مفسر تو اُسے لکھتا! آخر اس کی کیا وجہ جو ہر ایک مفسر مطلقاً کفار سے موالات ناجائز قرار دیتا ہے مزید براں حب فی اللہ اور بغض فی اللہ کو اصل قرار دیتے ہوئے ہر ایک مفسر اطلاق پر مہر کر دیتا ہی۔

اسی کے ساتھ مفسر اندلسی نے معاشرت اور کاروباری زندگی کے متعلق بھی یہ فیصلہ کر دیا کہ یہ امور موالات صوری ہیں منہی عنہ موالات حقیقی ہے نہ کہ موالات صوری النھی لیس علی عمومہ کا یہی مطلب ہی۔

| | |
|---|---|
| **تفسیر خازن** \| (۱) لایتخذ المؤمنون | (۱) مومنین کو اپنا ناصر و معین سوائے مومن کے |
| الکافرین اولیاء یعنی انصارا واعوانا | غیر مومن کو نہ بنانا چاہئے ایک مومن اپنی ولایت |

Marfat.com

من دون المؤمنین یعنی من غیر المؤمنین
والمعنی لا یجعل المؤمن ولایته لمن هو
غیر مؤمن نهی الله المؤمنین ان یوالوا
الکفار او یلاطفوهم لقرابة بینهم او
محبة او معاشرة والمحبة فی الله والبغض
فی الله باب عظیم واصل من اصول الایمان
(وَمَنْ یَّفْعَلْ ذَالِکَ) یعنی موالاة الکفار
من نقل الاخبار الیهم واظهار عورة
المسلمین او یودهم ویحبهم فلیس
من الله فی شیئ

کسی غیر مومن کے ساتھ نہ قایم کرے مسلمانوں
کو اللہ تعالے نے اس سے منع فرمایا ہے
کہ وہ کفار کے ساتھ موالات وملاطفت اختیار
کریں یہ فعل اُن کا قرابت باہمی یا محبت یا معاشرت
ہی کے سبب کیوں نہو ہر حال میں موالات منہی عنہ
ہے محبت فی اللہ اور بغض فی اللہ دین کا بڑا باب
ہے اور اصول ایمان میں سے ایک اصل ہے اور جس نے ایسا
کیا یعنی کفار سے موالات اختیار کی بایں طور کہ مسلمانوں کی
خبریں اُن تک پہنچائیں یا مسلمانوں کے بھیدوں سے
اُنھیں آگاہ کیا یا اُن سے دوستی و محبت کی تو اُس کے
لئے خدا کی رحمت سے کچھ حصہ نہ رہا۔

(۲) (یا ایها الذین امنوا لا تتخذوا الیهود
والنصاریٰ اولیاء) نهی الله المؤمنین
جمیعا ان یتخذوا الیهود والنصاری انصارا
واعوانا علی اهل الایمان بالله ورسوله
واخبر انه من اتخذهم انصارا واعوانا
وحلفاء من دون الله ورسوله والمؤمنین
فانه منهم وان الله ورسوله والمؤمنین
منه براء (بعضهم اولیاء بعض) یعنی ان
بعض الیهود انصار لبعض علی المؤمنین

(۲) ساری مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا ہے کہ
اُن لوگوں پر جو اللہ اور اُس کے رسول پر ایمان
لائے ہیں یہود و نصاریٰ کو اپنا ناصر و معین بنائیں اور یہ خبر
ارشاد فرمائی کہ اللہ اور اُس کے رسول اور مومنین کو چھوڑ کر
جو اُنھیں اپنا ناصر یا معین یا حلیف بنائے گا اُس کا شمار
اُنھیں میں ہوگا بیشک اللہ اور اس کا رسول اور مومنین
اُس سے بری ہو گئے۔ مومنین کی مخالفت پر بعض
یہود بعض کے مددگار ہیں اور یہی حال نصاریٰ کا ہے

Marfat.com

وان النصارىٰ كذالك يد واحدة
على من خالفهم فى دينهم وملتهم
(ومن يتولهم منكم فانه منهم) يعنے
ومن يتولى اليهود والنصارىٰ دون
المؤمنين فينصرهم على المؤمنين فهو
من اهل دينهم وملتهم لانه لا
يتولى مولى احد الا وهو راض به و
بدينه واذا رضيه ورضى دينه
صار منهم وهذا تعليم من الله وتشديد
عظيم فى مجانبة اليهود والنصارىٰ وكل
من خالف دين الاسلام ٥

کہ جو اُن کے دین و ملت کا مخالف ہو اُس کی مخالفت و
مقابلہ پر سب یک ہاتھ ہو جاتے ہیں جو شخص یہود و نصاریٰ
سے مومنین کو چھوڑ کر موالات کریگا پھر یہود و نصاریٰ کی
مسلمانوں کے مضرت و نقصان یا مقابلہ پر مدد کرے گا
تو وہ اُنھیں کے دین و ملت میں محسوب ہو گا کسی کی مدد کریگا
یہی منشا ہے کہ اُس سے اور اُس کے دین سے مدد کرنیوالا
راضی ہے۔ اور جب اُس سے اور اُس کے دین سے راضی
ہوا تو اُنھیں میں سے ہوا یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے تعلیم ہے اور
یہود و نصاریٰ اور ہر وہ شخص جو دین اسلام کا مخالف
ہے اُس سے پہلو تہی کرنے کا بڑی شدت وسختی سے
حکم دیا گیا ہے۔

**تنویر** | مسلمانو! تفسیر خازن کی عبارت پڑھو دیکھو تو کفار کی مدد دینی و مذہبی امور میں ممنوع ہے یا معاشرتی اور عمرانی زندگی میں۔ کیا مفسر ممتحنہ کی آیت سے اس آیت کو منسوخ قرار دیتا ہے؟ کیا مفسر نے یہود و نصاریٰ اور کفار سے مطلق ارادہ نہیں کیا؟ کیا قید قتال فی الدین یا اخراج مسلمین کا اضافہ کیا؟ کیا ہر مخالف دین اسلام کے ساتھ ترک موالات کو واجب نہیں کہا؟ کیا کفار و نصاریٰ سے دوستی اور محبت کو منع نہیں فرمایا؟ اگر ان سب سوالوں کا جواب تمہیں انصاف و صواب کی طرف رہنمائی کرتا ہے تو پھر تمہیں بتاؤ کہ مسٹر گاندھی اور اُن کے ہم مذہبوں سے محبت کرنا کیا موالات نہیں۔ تمہیں بتاؤ قربانی گاؤ کو ترک کرنا یہاں تک کہ معمولاً اُس کا ذبح بند کرنا کیا مسلمانوں کو چھوڑنا اور مومنین کے مقابلہ میں کفار و مشرکین کی مدد کرنا نہیں؟ کیا قشقہ لگانا ہندوؤں کی جے

Marfat.com

پکارنا رام رام ست ہے کہنا دینِ کفار کے ساتھ اظہار رضا و پسندیدگی نہیں؟ خدارا انصاف شرط ہے صریح نہی قرآنی کا ارتکاب تو تمہارے لیڈر کریں خالص موالات ہندوؤں کے ساتھ برتیں اور مسلمانوں کو اس کی طرف جور و ظلم شدت و سختی کے ساتھ کھینچ کر لائیں یہ سب نہ صرف جائز بلکہ عین خدمت اسلام ہو اور مسلمان جو روپیہ اپنا واپس لیں یہ موالات قرار پائے اس پر ہنگامہ آرائی کیجائے اور اسے دعوت حق کا لقب بخشا جائے وَسَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَيَّ مُنْقَلَبٍ يَنْقَلِبُونَ ۝

**تفسیر کبیر میں ہے**

واعلم انه تعالیٰ انزل آیات اخر کثیرة فی هذا المعنی منها قوله تعالیٰ لا تتخذوا بطانة من دونکم وقوله لا تجد قوما یؤمنون باللہ والیوم الآخر یوادون من حاد اللہ ورسوله وقوله لا تتخذوا الیهود والنصاریٰ اولیاء وقوله یا ایها الذین آمنوا لا تتخذوا عدوی وعدوکم اولیاء وقال والمؤمنون والمؤمنات بعضهم اولیاء بعض ۝

جاننا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ نے اسی معنی کو بہت سی دوسری آیتوں میں نازل فرمایا ہے اُن میں سے ایک یہ مقام ہے کہ اے ایمان والو مومنین کے سوا کسی اور کو اپنا راز دار نہ بناؤ پھر دوسری جگہ فرمایا ایسی قوم جو اللہ اور قیامت پر ایمان لائی ہے تو نہ پائیگا کہ وہ دوست بنائے اُسے جس نے اللہ اور اللہ کے رسول کو دشمن رکھا۔ تیسری جگہ فرمایا اے ایمان والو یہود و نصاریٰ کو اپنا دوست نہ بناؤ۔ چوتھی جگہ ارشاد ہے اے ایمان والو میرے اور اپنے دشمن کو دوست نہ بناؤ۔ پھر فرمایا مومن مرد اور مومنہ عورتیں آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں۔

واعلم ان کون المؤمن موالیا للکافر یحتمل ثلاثة اوجه (احدها) ان یکون راضیا بکفره ویتولاه لاجله

جاننا چاہیے کہ مومن کی موالات کسی کافر کے ساتھ تین طرح کی ہو سکتی ہے (۱) کافر کے کفر کو پسند کرتا ہو اور اُس کے کفر پر راضی ہو کافر کو اُس کے کفر ہی کی وجہ سے

Marfat.com

وهذا ممنوع منه وتصويب الكفر
كفر والرضا بالكفر كفر (وثانيها)
المعاشرة الجميلة فى الدنيا بحسب
الظاهر وذالك غير ممنوع منه (و
القسم الثالث) وهو كالمتوسط بين
القسمين الاولين هو ان موالاة
الكفار بمعنى الركون اليهم والمعونة
والمظاهرة والنصرة اما بسبب القرابة
او بسبب المحبة مع اعتقاد ان دينه
باطل فهذا لا يوجب الكفر الا انه
منهى عنه لان الموالاة بهذا المعنى
قد تجره الى استحسان طريقته
والرضا بدينه وذالك يخرجه
عن الاسلام فلاجرم هدد الله تعالٰى
فيه فقال ومن يفعل ذالك فليس
من الله فى شئ ۵

دوست رکھتا ہو ایک مومن ایسا کرنے سے باز رکھا
گیا ہے تصویب کفر کی کفر اور رضا کفر پر کفر ہے (۲) باعتبار
ظاہر دنیاوی اچھی معاشرت کافر کے ساتھ رکھے یہ
ممنوع نہیں ہے (۳) تیسری قسم پہلی دونوں قسموں کا
درمیانی مقام ہے۔ اُس وقت کافر کے ساتھ موالات
کے یہ معنی ہوں گے کہ رکون اُن کی طرف یا معونۃ
یا مظاہرہ یا نصرت یہ موالات خواہ قرابت کے سبب ہو
یا محبت کی وجہ سے ہو باوجود اس اعتقاد کے کہ دین
اُس کا باطل ہے تو یہ موالات موجب کفر نہیں مگر منہی
ضرور ہے اس لئے کہ یہ موالات کسی وقت اُس کی خوبی
مذہب کی طرف یہ کھینچ لے اور یہ اُس کے دین کو پسند
کرنے لگے اور اس دین سے راضی ہو جائے کفر کو
اچھا سمجھنا یا اُس پر راضی ہونا دین اسلام سے نکل
جانا ہے پس بالضرور اللہ تعالےٰ نے اس سے تہدید
فرمائی اور یہ دھمکی سُنائی کہ جو ایسا کریگا اُس کے
لئے اللہ کے دین سے کچھ نصیبہ نہیں۔

<u>تنویر</u> امام رازی نے اس معنی میں جس قدر دوسری آیتیں نازل ہوئی ہیں اُن میں سے بعض کا ذکر کرتے ہوئے یہ بھی ظاہر فرما دیا کہ جہاں کہیں کلام پاک میں موالات کو منع فرمایا گیا ہے اُس کے کیا معنی ہیں اور شریعت نے کیا ارادہ کیا ہے موالات حقیقی وصوری کو یکجا لے کر تین قسمیں

Marfat.com

کردیں پہلی قسم موالات حقیقی کو کفر کا مرادف قرار دیا دوسری وہ صورت کہ نہ دل سے کفر پر رضا و پسندیدگی نہ اعمال و افعال سے اُس کی تائید ہاں کفار کے ساتھ میل جول۔ لین دین آدمیت و مدارات کا برتاو اور عمرانی حیات میں مواسات فعل معروف کا عمل اسی معاشرت جمیل کہتے ہیں شریعت نے اس سے ہرگز منع نہیں فرمایا۔

تیسری قسم موالات کی یہ ہے کہ دل کفر سے بیزار لیکن اعضاؤ جوارح کے اعمال و افعال سے کفر کی تائید کیجائے دوستی کا لحاظ کرتے ہوئے یا قرابت و رشتہ کا خیال رکھتے ہوئے ایسا عمل وقوع میں آئے تو یہ موالات اگرچہ کفر تو نہیں اس لئے کہ دل کفر سے متنفر ہے لیکن منہی عنہ ضرور ہے۔ کفر کی تائید ہوتی ہے اور افعال کفریہ سے عقیدہ کفریہ کے پیدا ہو جانے کا احتمال ہے۔

اب بتاؤ امام کی تقسیمات ثلثہ میں سے اسکول و کالج کا امداد لینا کون سی قسم میں داخل ہے نیز یہ بھی بتاؤ کہ علماء سیاسی کا گاندھی میں جذب ہو کر مسلمانانِ ہند کے حقوق پر چھری پھیرنا کون سی قسم موالات میں ہے۔ تفسیر کی عبارت آنکھوں کے سامنے موجود ہے ترجمہ عبارت کا پیش نظر ہے دیکھو اور سمجھو آخر خدا کے پاس جانا ہے دین سے آنکھیں نہ چراؤ تم اس کے محتاج ہو دین تمہارا محتاج نہیں۔

| | |
|---|---|
| **تفسیر ابن جریر** (۱) لا یتخذ المؤمنون الکافرین اولیاء من دون المؤمنین ھذا نھی من اللہ عزوجل المؤمنین ان یتخذ الکفار اعواناً و انصاراً و ظھوراً ومعنی ذالک لا تتخذوا ایھا المؤمنون الکفار ظھیراً و انصاراً توالونھم علی | (۱) اللہ بزرگ و برتر کی طرف سے مسلمانوں کو یہ حکم امتناعی دیا گیا ہے کہ وہ کفار کو اپنا معین و ناصر و پشت پناہ نہ بنائیں۔ اس آیت کے یہ معنی ہیں کہ اے ایمان والو کفار کو اپنا پشت و پناہ و مددگار نہ بناؤ بایں طور کہ اُن کے دین سے محبت رکھتے ہو مومنین کے سوا کفار کی مدد کرتے ہو تاکہ مسلمانوں کو نقصان و مضرت پہونچے |

Marfat.com

دینهم وتظاهرونهم علی المسلمین من
دون المؤمنین وتدلونهم علی عوراتهم
فانه (من یفعل ذالك فلیس من الله
فی شیء) یعنی بذالك فقد برئ من الله
وبرئ الله منه بارتداده عن دینه
ودخوله فی الکفرۃ

یا مسلمانوں کے اسرار اور بھیدوں پر کفار کو باخبر
کرتے ہوں بے شک جس نے ایسا کیا اللہ اُس سے
بری اور وہ اللہ کی ذمہ داری سے بری ہوگیا
وہ دین اسلام سے مرتد ہوگیا اور کفر میں
داخل ہوگیا۔

(۲) (یاایها الذین امنوا لا تتخذوا الیهود
والنصاری اولیاء) والصواب من القول
فی ذالك عندنا ان یقال ان الله تعالی
ذکرہ نهی المؤمنین جمیعا ان یتخذوا الیهود
والنصاری انصارا وحلفاء علی
اهل الایمان بالله ورسوله واخبر
انه من اتخذهم نصیرا وحلیفا وولیا
من دون الله ورسوله والمؤمنین
فانه منهمۃ

(۲) اس آیت کے متعلق صحیح و صواب قول یہ ہے کہ اللہ
سبحانہ جس کا ذکر بلند ہے اُس نے ساری مومنین کو منع
فرمایا ہے کہ اُن لوگوں کے خلاف جو اللہ اور اُس کے
رسول پر ایمان لائے ہیں یہود و نصاریٰ کو اپنا مددگار یا حلیف
نہ بنائیں نیز اس امر سے حق سبحانہ نے خبر دی کہ اللہ و رسول
اور مومنین کے سوا جس نے انھیں مددگار یا حلیف یا دوست
بنایا وہ انھیں میں سے ہوا (بعضهم اولیاء بعض)
سے یہ ارادہ فرمایا کہ بیشک بعض یہود مومنین کے مقابلہ
و مخالفت پر بعض یہود کے مددگار ہیں مختلف قبائل
یہود مسلمانوں کے مقابلہ و مخالفت پر یکدست ہیں

اما قوله (بعضهم اولیاء بعض) فانه عنی
بذالك ان بعض الیهود انصار بعضهم
علی المؤمنین وید واحدۃ علی جمیعهم

بیشک نصاریٰ کا بھی یہی حال ہے کہ جو بھی
اُن کے دین و ملت کے خلاف ہو اُس کے مقابل میں
بعض نصاریٰ بعض کے مددگار رہیں اور من یتولهم

Marfat.com

وان النصارى كذالك بعضهم انصار بعض
على من خالف دينهم وملتهم (ومن يتولهم
منكم فانه منهم) يعني تعالى ذكره بقوله ومن
يتولهم منكم فانه منهم ومن يتولى اليهود والنصارى
دون المؤمنين فانه منهم يقول فان من تولاهم
ونصرهم على المؤمنين فهو من اهل دينهم وملتهم
(ان الله لا يهدى القوم الظالمين) يعني
تعالى ذكره بذالك ان الله لا يوفق من وضع
الولاية في غير موضعها فوالى اليهود والنصارى
مع عداوتهم الله ورسوله والمؤمنين على
المؤمنين وكان لهم ظهيرًا ونصيرًا ۔

منکم فانہ منہم) یعنی جو یہود ونصاریٰ سے
مومنین کو چھوڑ کر موالات کرتا ہے پس
وہ انھیں میں سے ہے اس لئے کہ جس نے
اُن سے دوستی کی اور مومنین کے
خلاف میں اُن کی مدد کی وہ انھیں کے
دین ومذہب میں ہے۔
بیشک اللہ تعالیٰ توفیق عطا نہ فرمائے گا
اُس شخص کو جس نے اپنی ولایت غیر محل میں صرف
کی مومنین کے خلاف میں اُس نے یہود ونصاریٰ
سے موالات اختیار کی حالاں کہ یہ گروہ اللہ اور
اُس کے رسول اور مومنین کا دشمن ہے۔

**تنویر** تفسیر ابن جریر کی عبارت پڑھو اور اچھی طرح غور کرو پھر انصاف سے کہو کہ صیغۂ تعلیم میں جو روپیہ اپنا جمع کردہ گورنمنٹ سے واپس لیا جاتا ہے وہ موالات کیوں کر ہو سکتا ہے کیا اپنے مال کی واپسی اعانت کفر ہے یا مومنین کو اس سے نقصان پہونچانا ہے یا اخوت اسلامی کو منقطع کرنا ہے۔

دیکھو تمہارے لیڈروں نے چپکے چپکے گاندھی سے سرگوشی کی مسلمانوں کو چھوڑا اُن کی بات بھی نہ پوچھی اور جب گاندھی کا درس انھیں یاد ہو گیا تو اُس کی زبان بنکر تمھیں گائے کی قربانی سے منع کیا فرق اسلام وکفر مٹا دینے کی تلقین کی مشرک کا نوحہ خواں تمھیں بنایا۔ ٹکٹکی اُس کی تم سے اٹھوائی جس مسلمان نے ان افعال سے جو صریحًا حرام وممنوع تھے منع کیا یا اس خطاکاری پر اپنی

Marfat.com

متنبہ کیا اُس کے پیچھے پڑ گئے مسلمانوں کو چھوڑنا کفار سے ملنا اُن کے مذہبی مراسم میں شریک ہونا سنگھم و پریاگ کو مقدس و متبرک کہنا یہ سب اُنھیں اقسام موالات سے ہیں جنھیں شریعت نے حرام فرمایا ہی۔

عبارت تفسیر میں ہر جگہ نَصَرَ کا صلہ علی آیا ہی۔ علی المؤمنین ۔ علی المسلمین جس کا یہ مطلب ومنشا ہی کہ مسلمانوں کے خلاف مسلمانوں کی ضرر رسانی مسلمانوں کی تکلیف دہی پر کفار کی مدد ممنوع ہی اور داخل موالات ہی۔ یہ عام محاورہ ہے نَصَرَ زَیدًا اُس نے زید کی مدد کی نَصَرَ عَلٰی زَیدٍ زید کے خلاف مدد پہونچائی۔ پس لفظ ولا کے معنی جب نصرۃ یعنی مدد کے لئے جائیں تو اُس وقت وہ مدد جس کا تعلق معاشرت و تمدن سے ہو موالات منہی عنہ میں شمار نہ ہوگا۔ یہی معنی شریعت کی زبان سے ابتدائی بحث موالات میں بضمن تحقیق معنی ولا لکھ چکا ہوں۔ تمام مفسرین کی عبارت بھی اب پیش کردی ہر ایک مفسر نے اُسی معنی کی تائید کی ہے۔ تمہارے لیڈر علما لفظ ولا یا موالات کے معنی جو بیان کرتے ہیں وہ خود انھیں کا اختراع کردہ ہی۔ شریعت اس اختراعی معنی کو قبول کرنے سے ابا کرتی ہی۔ جن حالات و تعلقات پر موالات کی تطبیق دیتے ہیں از روئے شریعت وہ غلط محض ہی اس طرح کا اجتہاد اور اس طرح کے معنی کا اختراع مسلمانوں کو پریشان کرنا اور اصلی وحقیقی نظام عمل کو باطل کرنا ہی یہ دین کی خیر خواہی نہیں ہی بلکہ مذہب وملت کی بدخواہی ہے اور کھلی بدخواہی ۔

اب اُوسورۂ ممتحنہ کی پیش کردہ آیت کے متعلق بھی مفسرین کی تحقیقات لکھکر بحث کا خاتمہ کردیا جائے لیکن اگر آیۃ لا ینھاکم اللہ الخ سے قبل اُس آیۃ شریفہ کے متعلق جس سے سورۂ مکرمہ شروع ہوتی ہی کچھ گزارش کردوں تو تحقیق مقام میں بہت وضاحت ہوجاتی ہی۔

حضرت حاطب کا واقعہ | یا ایھا الذین آمنوا لا تتخذوا عدوی وعدوکم اولیاء

تلقون الیھم با لمودۃ۔ تمام ائمہ مفسرین کی تحقیق و نیز نصوص احادیث اس پر دلیل ہیں
کہ حضرت حاطب بن ابی بلتعہ کی شان میں اس آیۃ پاک کا نزول ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کفار مکہ پر فوج کشی کا ارادہ فرماتے ہیں ساز و سامان کی تیاری ہو رہی ہے لیکن عام طور سے
اس کا اظہار نہیں فرمایا گیا کہ مجاہدین کا نعرۂ تکبیر کس سرزمین پر بلند ہوگا کون سی آبادی مسلمانوں
کے خاک قدم سے مشرف ہو کر دارالاسلام کی کرامت حاصل کرے گی ہاں بعض مخصوص صحابہ
اس سِر نبوی کے حامل و امین بنائے گئے۔ جن میں سے ایک حاطب رضی اللہ عنہ بھی تھے حضرت
حاطب کے اعزہ ہنوز مکہ میں مقیم تھے آپ کو یہ خیال گزرا کہ میری قرابت نسب کفار مکہ سے نہیں
ہے۔ ہو سکتا ہے کہ مسلمانوں سے مغلوبیت کا اندازہ کرتے ہوئے کفار مکہ اپنا غیظ و غضب اقربائے
مسلمین سے جو مکہ میں مقیم ہیں ظاہر کریں وہ مسلمان جن کی قرابت نسب کفار مکہ سے ہے اُن کے
اقربا نسبی رشتہ کی وجہ سے مظالم کفار سے محفوظ رہ جائیں تو کچھ عجب نہیں لیکن میری کوئی قرابت نہیں لہذا
میرے خاندان کو کفار تباہ و برباد کردیں گے۔ ہاں اگر میں کوئی احسان و امتنان اُن کے حق
میں اس وقت بجا لاؤں تو اس احسان کا عوض شاید انھیں ظلم و ستم سے باز رکھے اسی خیال سے
اُنھوں نے ایک خط کفار مکہ کو لکھا اور انھیں اس امر سے آگاہ کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
تم پر فوج کشی کا ارادہ رکھتے ہیں تم اپنا بچاؤ کرلو۔

ایک عورت لے کر روانہ ہوتی ہے حق سبحانہ اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کو اس خط
سے مطلع فرماتا ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ کو مع چند اصحاب کے
یہ حکم دے کر روانہ فرماتے ہیں کہ روضۂ خاخ پر ایک عورت ملے گی اُس کے پاس ایک خط ہے
اُس سے خط لے کر آجاؤ ہاں اگر انکار کرے تو اُس عورت کو قتل کر دینا۔

مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ اُسی مقام پر عورت کو پاتے ہیں خط کا مطالبہ ہوتا ہے وہ انکار کرتی

Marfat.com

ہے موت کی دھمکی جب دیجاتی ہے تو اپنے جوڑے میں سے خط نکال کر دیتی ہے مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ خط لے کر مدینہ طیبہ تشریف لاتے ہیں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں خط حاضر فرماتے ہیں۔ اب حضرت حاطب رضی اللہ عنہ طلب ہوتے ہیں افشار راز کی پرسش اُن سے ہوتی ہے جواب ارشاد فرماتے ہیں ما کفرت منذ اسلمت ولا غششتك منذ نصحتك ولا احببتهم منذ فارقتهم بعض روایت میں یہ جواب مروی ہے اما واللہ انی لمومن باللہ ورسولہ ماغیرت ولا بدلت ما فعلت ذالك كفرا ولا ارتدادا عن دینی ولا رضا بالكفر بعد الاسلام خلاصہ جواب کا یہ ہے کہ جب سے میں اسلام لایا ہوں کفر کی باتوں سے دل بیزار ہو گیا ہے دین کی خیر خواہی مخلصانہ بجالاتا ہوں کچھ بھی دل میں کھوٹ نہیں جب سے اسلام لایا کفار سے محبت چھوڑ دی روز اسلام سے اس وقت تک کسی طرح کا تغیر و تبدل مجھ میں نہیں آیا نہ میں مرتد ہوا اعزہ کی حفاظت مقصود تھی اسی کے ساتھ اس کا بھی علم و یقین تھا کہ اللہ تعالےٰ اپنے رسول کو فتح عطا فرمائے گا میرے اخبار سے اُنھیں کوئی نفع نہ حاصل ہوگا ہاں کفار منت پذیر میرے ہو جائیں گے اس جواب کو سُن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں بیشک حاطب نے سچ کہا۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں یا رسول اللہ یہ شخص منافق ہو گیا اللہ اور اُس کے رسول کے معاملہ میں خیانت ورزی کی حکم ہو تو گردن اُڑا دوں ارشاد ہوتا ہے کہ اے عمر حاطب اصحاب بدر میں سے ہیں اللہ تعالیٰ نے مجاہدین بدر کو مغفرت کا مژدہ سُنایا ہے یہ ارشاد سُن کر عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی آنکھیں آنسو بہانے لگتی ہیں۔

**تنویر** اس واقعہ کی طرف اگر غور سے دیکھا جائے تو گوناگوں مسائل پر روشنی پڑتی ہے حضرت حاطب رضی اللہ عنہ سے خطائی الاجتہاد ہوتی ہے داد و ولا کے مفہوم سمجھنے میں اُن سے سہو ہوتا ہے

Marfat.com

وہ یہ سمجھے کہ جب دل میرا صاف ہے اور قلب میں بجز اللہ اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے
کسی کی ذرہ برابر بھی خیر خواہی نہیں تو میرا یہ عمل نہ وداد ہے نہ ولا۔ لیکن حق سبحانہ نے آیہ کریمہ
میں اِس فعل کو ولا اور وداد دونوں قرار دیا اس لئے کہ افشار راز پیغمبر تھا مسلمانوں کے
نقصان وضرر کا احتمال وامکان تھا۔ اس سے یہ معلوم ہوا کہ کفار کی خیر خواہی بہ نظر فوائد ذاتی
دنیاوی جس سے اپنے دین کا ضرر محتمل ہو یا حقوق مسلمین کا اتلاف ہو وہ بھی ولا ہے وداد ہے
ایسے اعمال جن کی مذہب اجازت نہیں دیتا وہ کسی خیال سے بھی کیوں نہ کئے جائیں حرام و
منہی عنہ ہیں۔ دلی محبت کافر سے رکھنا یا اُس کے افعال کفریہ کو دل سے پسند کرنا تو کفر ہے اسلام سے
خروج ہے ایمان سے بے نصیب ہونا ہے لیکن دل متنفر اور اعضاء وجوارح اُن اعمال میں مصروف
ہیں یہ حرام ہے اشد فسق ہے خاص کر جب علی رؤس الاشہاد اس کا وقوع ہو تو فسق بالاعلان
کا حکم فسق مخفی سے زیادہ شدید ہے۔ فاسق معلن کو نہ سلام کرنا شریعت میں جائز نہ اُس کے
سلام کا جواب واجب حضرت حاطب رضی اللہ عنہ کے واقعہ نے سورج کی روشنی میں دکھا
دیا کہ فرضی وافترائی دعوت حق کے مدعی کفار ہند سے موالات کر رہے ہیں یا تعلیم گاہیں جو
روپیہ لے رہی ہیں وہ نصاریٰ سے موالات کر رہی ہیں۔ حضرت حاطب رضی اللہ عنہ کے
پاکی قلب پر پیغمبر خدا کی تصدیق نے مہر کر دی۔ حضرت حاطب رضی اللہ عنہ کفار مکہ کے خیر طلب
ہرگز نہ تھے لیکن اُن کا یہ فعل ایسا تھا کہ اگر کفار مکہ کا کوئی جاسوس ہوتا جسے اس راز و مشورہ
کی خبر ہو جاتی تو وہ بھی یہی کرتا یہ فعل جاسوس کفار یا مخلص کفار کے فعل پر محمول ہو سکتا ہے
اس سے یہ امر بخوبی واضح ہوتا ہے کہ قوم مسلم یا فرد مسلم کو ایسا کام مذہب کفر کی تائید میں
نہ کرنا چاہیئے جسے کوئی کافر اپنے مذہب یا قوم کی ہمدردی وخیر طلبی میں عمل میں لائے۔ علماء سیاسی
ومدعیان دعوتِ حق اپنے اعمال پر نظر کریں حضرت حاطب کا واقعہ عبرت وبصارت کے لئے کافی ہے

Marfat.com

یہ کہنا کہ موالات اور ہی اور معاملات اور مطلقاً یہ بھی صحیح نہیں۔ فی الحقیقت تائید کفر و بیدینی کا نام موالات ہی یہ تائید اگر اعتقاد سے ہی تو کفر ہے اور اگر اعمال و افعال سے ہی تو حرام ہے اب مسلمان فیصلہ کریں کہ امدادی روپیہ جو درسگاہوں کو ملتا ہے کیا اُس سے عیسائیت و نصرانیت کی تائید و تقویت ہوتی ہے اگر اس کا جواب ایجاب میں ہی تو اس سوال کی اجازت دیجیے کہ ۱۹۲۰ء سے قبل بھی آپ کا یہی فتویٰ تھا یا نہیں اگر اس کا جواب اثبات میں ارشاد ہو تو اس التماس کی معافی چاہتا ہوں کہ پھر انگریزوں کا جزیرۃ العرب اور مقامات مقدسہ پر متصرف ہوجانا اور قوت دفاعی اسلام یعنی خلیفۃ المسلمین کا بے دست و پا کردینا علت ترک موالات کیوں قرار پایا اور اگر جواب نفی میں ہی تو براہ کرم یہ فتویٰ دیدیجے کہ حالت صلح و آشتی میں عیسائیت کی تائید و تقویت جائز ہی۔ اے کاش اب بھی سمجھنے کی کوشش آپ کریں ہاں لے لیڈرو تمہارے مسلسل متواتر افعال بانواع مختلفہ کفر و شرک کی تائید میں صادر ہوئے اور نہ معلوم اُن کا سلسلہ کب تک قایم رہیگا۔ کس بیدردی سے مسئلہ قربانی پر تم نے ہاتھ صاف کیا کس ذوق و شوق میں تم نے گنٔو ماتا کی جے پکاری۔ کس عقیدت سے تلک کی تم نے نوحہ خوانی کی۔ کس فرط ارادت سے تم نے یہ کہا کہ گاندھی مذکر بنا کر بھیجا گیا ہی ایسا معلوم ہوتا ہی کہ اسلام کے ملیا میٹ کردینے کا تم نے عہد راسخ کرلیا ہی کفر و شرک کی تبلیغ و تحسین کا تم نے بیڑا اُٹھایا ہی لیکن یاد رکھو کہ تمہاری یہ تمنا ہرگز ہرگز پوری نہ ہوگی کیا یہ آیت تم بھول گے یا قرآن کے کلام ربانی ہونے سے قطعاً منکر ہی ہو بیٹھے سنو اور کان کھول کر سنو۔ یریدون لیطفئوا نور اللہ بافواھھم واللہ متم نورہٖ ولو کرہ الکافرون ۝

اب حسب وعدہ سورہ ممتحنہ کی آیۃ کریمہ لاینھاکم اللہ عن الذین لم یقاتلوکم فی الدین ولم یخرجوکم من دیارکم ان تبروھم وتقسطوا الیھم ان اللہ یحب المقسطین

Marfat.com

کے متعلق گزارش ہی امام فخر الدین رازی نے اپنی تفسیر کبیر میں اُن تمام اقوال مفسرین کو یکجا جمع فرما دیا ہی جسے اس آیت کا شانِ نزول اربابِ تفاسیر نے قرار دیا ہی -

**آیۃ لا ینہاکم اللہ کی شان نزول**

اختلفوا فی المراد من الذین لم یقاتلوکم فالاکثرون علی انهم اهل العهد الذین عاهدوا رسول الله صلی الله علیه وسلم علی ترک القتال والمظاهرة فی العداوة وهم خزاعة کانوا عاهدوا الرسول علی ان لا یقاتلوه ولا یخرجوه فامر الرسول علیه السلام بالبر والوفاء الی مدة اجلهم وهذا قول ابن عباس والمقاتلین والکلبی (۲) وقال مجاهد الذین آمنوا بمکة ولم یهاجروا (۳) وقیل هم النساء والصبیان (۴) وعن عبد الله بن الزبیر انها نزلت فی اسماء بنت ابی بکر قدمت امها قتیلة علیها وهی مشرکة بهدایا فلم تقبلها ولم تاذن لها بالدخول فامرها النبی صلی الله علیه وسلم

اس میں عالمانِ علوم تفسیر کا اختلاف ہے کہ لم یقاتلوکم سے کس طرح کے اشخاص مراد ہیں حضرت ابن عباس اور مقاتلین اور کلبی کی یہ تحقیق ہی کہ اس سے اہل عہد مراد ہیں جنھوں نے یہ معاہدہ کر لیا تھا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نہ مقاتلہ کریں گے نہ مسلمانوں کو نکالیں گے یہ اہلِ عہد بنو خزاعہ تھے (۲) مجاہد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لم یقاتلوکم سے کفار مراد نہیں ہیں بلکہ وہ مسلمان مُراد ہیں جو ایمان لائے لیکن ہجرت کرکے مدینہ طیبہ نہیں پہونچے بلکہ مکہ ہی میں مقیم رہے (۳) ایک قول یہ بھی ہے کہ لم یقاتلوکم سے مراد عورتیں اور کم سن بچے ہیں (۴) عبد اللہ ابن زبیر فرماتے ہیں کہ اسماء جو بیٹی حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی تھیں اُن کے متعلق یہ آیۃ نازل ہوئی ہی اُن کی ماں جن کا نام قتیلہ تھا، مکہ سے اپنی بیٹی کو دیکھنے آئیں کچھ تحفہ اور ہدیہ بھی ساتھ لائیں مگر چونکہ وہ ہنوز مشرکہ تھیں اس لئے بیٹی نے ماں کو نہ تو مکان میں گھسنے دیا نہ اُن کا ہدیہ

Marfat.com

ان تدخلها و تقبل منها و تکرمها وتحسن الیها (۵) وعن ابن عباس انھم قوم من بنی ھاشم منھم العباس اخرجوا یوم بدر کرھا (۶) وعن الحسن ان المسلمین استامروا رسول اللہ فی اقرباءھم من المشرکین ان یصلوھم فانزل اللہ تعالیٰ ھذہ الآیۃ (۷) وقیل الآیۃ فی المشرکین (۸) وقال قتادہ نسختھا آیۃ القتال

قبول کیا جب یہ خبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہوئی تو آپ نے حکم دیا کہ تحفہ قبول کرو مکان میں انھیں آنے دو عزت کا برتاؤ کرو حسن سلوک سے پیش آؤ (۵) ابن عباس سے روایت ہے کہ لم یقاتلو کم سے مراد خاندان بنی ہاشم کے وہ افراد ہیں جو بجبر جنگ بدر میں لائے گئے تھے جن میں سے خود ایک حضرت عباس بھی تھے (۶) حسن رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مسلمانوں نے اپنے اقربا کے ساتھ بربنائے صلہ رحم حسن سلوک کی اجازت چاہی اس وقت یہ آیۂ کریمہ نازل ہوئی (۷) ایک قول یہ بھی ہے کہ یہ آیۃ مشرکین کی شان میں ہے (۸) قتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آیۃ قتال نے اسے منسوخ کر دیا۔

مسلمانوں ذرا ایمان و انصاف سے کام لو دیکھو جس آیۃ کے تعین مراد میں صحابہ اور تابعین کا اس قدر اختلاف ہو اس کو اصولی تقسیم قرار دینا کس قدر انصاف و دیانت کا خون کرنا ہے۔

تنویر | قتادہ کی روایت یہ ظاہر کرتی ہے کہ لا ینھاکم اللہ کی آیت منسوخ ہے۔ اگرچہ ابن جریر اس کا جواب دیتے ہیں لیکن اس سے اس قدر تو معلوم ہوا کہ اس آیۂ کریمہ کو کسی نے ناسخ اُن آیات متعددہ کثیرہ کا قرار نہیں دیا جن میں عدم موالات کا حکم مطلقاً کفار سے وارد ہے۔ کوئی ضعیف سے ضعیف تر روایت بھی ایسی نہیں پائی جاتی ہے جس میں یہ مروی ہو کہ لم یقاتلوکم و لم یخرجوکم من دیارکم کی قید نے مطلق کو مقید کر دیا۔ پس موالات جب کہ مطلقاً ہر حال میں منع ہے تو ایسی صورت میں موالات کے وہی معنی قرار پائیں گے جنھیں شریعت کی زبان اور تمام مفسرین کی تحقیقات

سے ابھی ذکر کر چکا ہوں یعنی کفار کی محبت و مودت یا کفار کے دین کی تائید۔ یا اُن کی تائید اپنے دینی اُموریں۔ ماوراس کے جس قدر تعلقات ہوں گے وہ حقیقی موالات نہیں بلکہ موالات صوری ہیں جن سے شریعت نے ہرگز منع نہیں فرمایا۔ بلکہ خود شارع علیہ السلام کا عمل موجود ہے۔ کفار سے صلح کرنا اُن سے معاہدہ کرنا اُن سے جزیہ لینا اُنھیں نوکر رکھنا اُن کی جائز ملازمت کرنا قرض لینا گروی رکھنا وغیرہ وغیرہ یہ سب تمدنی حیات کے شعبہ ہیں جن کی شریعت نے اجازت دی ہے اور خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تعامل ان اموریں کافی ثبوت ہے۔

ہاں کوئی روایت ایسی نہیں ملتی جس سے یہ معلوم ہو کہ کبھی کسی حال میں بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی قسیس یا راہب کو نعوذ باللہ اپنا مقتدا بنایا ہو۔ یا انصرام امور دینی میں اُس کی رائے کی پابندی کی ہو۔ یا کسی رسم کفر و شرک کو آپ نے برتنا جائز قرار دیا ہو یا کفار کے مذہبی ایام میں خواہ بہ نفس نفیس شرکت فرمائی ہو یا صحابہ کو اجازت عطا فرمائی ہو۔ یا عید مسلمین میں کفار کو شریک فرمایا ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرز زندگی ایک بیّن ثبوت ہے کہ موالات وہی اُمور ہیں جنھیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کفار کی خاطر سے نہ خود کیا نہ دوسروں کو عمل کی اجازت عطا فرمائی ہاں جن اُمور کو آپ نے عزت عمل بخشی وہ نہ موالات نہ اُن کا ترک اتقاء و پرہیزگاری نہ دین و ملت کی خیرخواہی اب مفسر ابن جریر کی تقریر ملاحظہ کیجیے۔

| | |
|---|---|
| **تفسیر ابن جریر** واولی الاقوال فی ذالک بالصواب قول من قال عنی بذالک لا ینھاکم اللہ عن الذین لم یقاتلوکم فی الدین من جمیع اصناف الملل والادیان ان تبروھم وتصلوھم | بہترین قول ان سب اقوال میں اُس کا ہے جس نے یہ کہا کہ جمیع اقسام ملل وادیان ارادہ کیا گیا ہے۔ ان کے ساتھ بھلائی واحسان کرنا صلہ رحم کا خیال کرنا عادلانہ برتاؤ رکھنا مرخص مشروع بےشک اللہ تعالی نے اس ارشاد میں عام حکم صادر فرمایا ہے کہ جو بھی ایسا ہو کہ نہ مسلمانوں سے |

Marfat.com

وتقسطوا اليهم ان الله
عزوجل عمّ بقوله الذين لم يقاتلوكم
في الدين ولم يخرجوكم من دياركم
جميع من كان ذالك صفته فلم
يخصص به بعضاً دون بعض ولا
معنى لقول من قال ذالك منسوخ
لان بر المؤمن من اهل الحرب ممن
بينه وبينه قرابة نسب او ممن
لا قرابة بينه وبينه ولا نسب غير محرم
ولا منهي عنه اذا لم يكن في ذالك
دلالة له او لاهل الحرب على
عورة لاهل الاسلام او تقوية
لهم بكراع او سلاح وقد بين
صحة ما قلنا في ذالك الخبر الذي
ذكرناه عن ابن الزبير في قصة
اسماء وامها وقوله ان الله يحب المقسطين
يقول ان الله يحب المنصفين الذين
ينصفون الناس ويعطونهم الحق
والعدل من انفسهم فيبرون من برهم

لڑے نہ انھیں ان کے مکانوں سے نکالے ان کے
ساتھ بر و قسط دریغ نہ رکھا جائے۔ اس عموم میں کسی
مذہب وملت کی خصوص کو دخل نہیں بلکہ جس میں
یہ صفت پائی جائے اسی کو یہ حکم شامل ہوگا۔ کوئی وجہ
اس کی نہیں کہ ہم اس آیت کو منسوخ قرار دیں۔ اس لیے
کہ ایک مومن کے لئے ایسے فریق محارب کہ اس مومن
اور اس فریق محارب کے درمیان قرابت ہو یا نسب
ہو یا ایسے فریق محارب کے ساتھ کہ اس مومن اور فریق
محارب کے درمیان نہ قرابت ہو نہ نسب پایا جائے
بر و احسان کرنا نہ حرام ہے نہ منہی عنہ ہے جبکہ اس احسان
سے فریق محارب کو کسی پتہ کی رہبری نہ ہوتی ہو نہ فریق
محارب کو مسلمانوں کے مخفیات و اسرار پر اطلاع ہوتی ہو
نہ فریق محارب کی تقویت گھوڑے اور اسلحہ سے کی گئی
ہو۔ ابن زبیر کی روایت جس میں قصہ حضرت اسماء اور
ان کی ماں کا مروی ہے میری اس توجیہ کی تصحیح کرتا ہے:
(ان اللہ یحب المقسطین) بیشک اللہ دوست
رکھتا ہے انصاف کرنے والوں کو جو لوگوں کے ساتھ
انصاف کرتے ہیں اور ان کا حق انھیں عطا کرتے ہیں اور
اپنی جانب سے عدل کرتے ہیں احسان کرنے والے کے ساتھ

Marfat.com

| | |
|---|---|
| یحسنون الی من احسن الیھم۔ | احسان کرتے ہیں اور نیکی کرنے والوں سے نیکی۔ |
| انما ینھاکم اللہ عن الذین قاتلوکم | اے مومنو اس کے سوا نہیں کہ اللہ تعالے |
| فی الدین واخرجوکم من دیارکم | تمھیں منع فرماتا ہے اُن لوگوں سے۔ جنھوں نے |
| وظاھروا علی اخراجکم ان تولوھم | دین کے معاملہ میں تم سے قتال کیا اور تمھیں تمہاری |
| ومن یتولھم فاولئک ھم الظالمون | گھروں سے نکالا اور تمہارے نکالنے پر مدد کی یہ |
| یقول تعالیٰ ذکرہٗ انما ینھاکم اللہ | کہ تم موالات کرو۔ پس تم اُن کے دوست بنو یا |
| ایھا المؤمنون عن الذین قاتلوکم | مددگار ہو ومن یتولھم فرماتا ہے اللہ تعالےٰ |
| فی الدین من کفار اھل مکۃ و | کہ جو شخص تم میں سے یا تمہارے سوا دوسرے مومنین |
| اخرجوکم من دیارکم وظاھروا | انھیں اپنا دوست بنائیں گے یا انھیں مدد پہنچائیں گے |
| علی اخراجکم ان تولوھم فتکونوا | رفا ولئک ھم الظالمون ) فرماتا ہے کہ یہ |
| لھم اولیاء و نصراء ومن یتولھم | وہ لوگ ہیں جنھوں نے موالات اُن سے کی جن سے |
| یقول ومن یجعلھم منکم او من | جائز نہ تھی اور اپنی ولایت غیر جگہ پر رکھی اور حکم |
| غیرکم اولیاء فاولئک ھم الظالمون | الٰہی کے اس معاملہ میں خلاف کیا۔ |
| یقول فاولئک ھم الذین تولوا غیر | |
| الذی یجوز لھم ان یتولوھم و | |
| وضعوا ولایتھم فی غیر موضعھا | |
| وخالفوا امر اللہ فی ذالک | |

علامہ ابن جریر آیۃ لاینھاکم اللہ کو منسوخ قرار نہیں دیتے لیکن اسی کے ساتھ جو مطلب بیان فرماتے ہیں اور جس بسط وایضاح سے شرح فرماتے ہیں اُس سے مدعیان دعوۃ حق کا ادعا بارہ

Marfat.com

پارہ ہوا جاتا ہی۔

تنویر | واقعہ یہ ہی کہ کفار سے موالات کرنے کو حق سُبحانہٗ نے منع فرمایا تھا بعض اصحاب جن میں سے ایک حضرت حاطب ہیں مفہوم موالات کے سمجھنے میں خطائے اجتہادی کے مرتکب ہوئے وہ یہ سمجھے کہ دلی محبت اور دلی خیر خواہی یا یقینی مضرتِ مسلمین موالات کے مصداق ہیں لیکن حق سبحانہٗ نے جب اُن کے فعل کو ولا اور وداد دونوں لفظوں سے یاد فرمایا اور پھر آیت مابعد میں یہ ارشاد ہوا ان یثقفوکم یکونوا لکم اعداءً ویبسطوا الیکم ایدیھم والسنتھم بالسوء وودّوا لو تکفرون لن تنفعکم ارحامکم ولا اولادکم یوم القیامۃ یفصل بینکم واللہ بما تعملون بصیرۃ یعنی کفار اگر تم پر قابو پالیں تو تمہاری دشمنی میں کچھ اُٹھا نہ رکھیں تمھیں بُرائی پہونچانے میں ہاتھ بھی بڑھائیں گے اور زبان بھی۔ کفار کی تو یہ تمنا ہی ہے کہ کاش تم انہیں کی طرح کافر ہو جاؤ قیامت کے روز نہ تو تمہاری رشتہ داری کچھ کام آئے گی نہ اولاد ہی سے تمھیں کچھ نفع پہونچے گا اُس دن حق و باطل کا فیصلہ احکم الحاکمین فرمائے گا اور اللہ دیکھ رہا ہے جو کچھ تم کر رہے ہو۔

اب مسلمان یہ سمجھے کہ عام کفار کے ساتھ کسی طرح کا معاشرتی تعلق بھی رکھنا داخل موالات ہے وہ کفار جن کے حقوق خدمت قرابت کے سبب سے تھے مثلاً والدین وغیرہ مسلمانوں نے سمجھا کہ اب وہ بھی باطل ہو گئے اسی بنا پر حضرت اسماء نے اپنی ماں قتیلہ کے جو مشرکہ تھیں حقوق مادری سے اعراض فرمایا۔ حق سُبحانہٗ نے اب اس مسئلہ کو بالکل صاف فرما دیا۔

مخالفین اسلام کی دو قسمیں قرار دے کر ہر ایک کا حکم ارشاد فرمایا ایک ایسا مخالف اسلام جو مسلمانوں سے نہ لڑے نہ انھیں اُن کے مکانوں سے نکالے اُس کے ساتھ احسان اور عادلانہ برتاؤ کی اجازت عطا فرمائی پھر ان اللہ یحب المقسطین فرما کر مسلمانوں کو اقساط کی طرف

Marfat.com

عجب دلنواز طرز میں ترغیب و تشویق دلائی۔

اس ترغیب اور اس اجازت کی وجہ صاف ظاہر ہے اذیت رسانی اور تکلیف دہی سے باز
رہنا بھی ایک قسم کی بھلائی اور نیکی ہے ایسی حالت میں جب کہ کوئی کافر بے دین مسلمانوں کے ساتھ
اس رعایت کا برتاؤ کرے تو اسلام جیسا پاکیزہ دین جو سرتاسر رحمت ہی رحمت ہے اس کی یہی تعلیم
ہونی چاہیے تھی کہ نیکی کا بدلہ نیکی اور احسان کا عوض احسان۔

حق سبحانہٗ نے مسلمانوں کو یہ ہدایت فرمائی کہ جو کافر بے دین ایسا ہو کہ تمہارے مذہب کو
تسلیم نہ کرے اسلام کا کلمہ نہ پڑھے لیکن اسی کے ساتھ تمہیں ستاتا نہیں تمہارے آزار کے درپے
نہیں ہوتا تو اس کی اس انسانیت اور مراعات کا عوض اگر تمہاری جانب سے بر و احسان کے ساتھ
ہو یہ منشاء الٰہی اور تعلیم قرآن کی تعمیل ہوگی۔

مسلمانوں نے آیۂ کریمہ لن تنفعکم ارحامکم ولا اولادکم سے یہ سمجھ لیا تھا کہ
جس طرح موالات حقیقی ممنوع ہے اسی طرح موالات صوری بھی منہی عنہ ہے آیۃ لاینھٰکم اللّٰہ الخ
نے اس غلطی کی تصحیح فرما دی اور صورت مسئلہ کو صاف کر دیا کہ موالات حقیقی تو ہر کافر سے ہر حال میں
منہی عنہ ہے لیکن ہاں موالات صوری مثل بر و اقساط اس کی تمہیں اجازت ہے بلکہ ایسے کفار کے
ساتھ جو نہ تم سے لڑیں نہ تمہیں تمہارے مکانوں سے نکالیں تمہارا منصفانہ برتاو اللہ کو محبوب ہے

حقیقت یہ ہے کہ احسان اور فعل معروف عدل اور انصاف نہ موالات ہے نہ وداد اس لئے
کہ نہ تو اس میں مسلمانوں کی مضرت ہے نہ کفر کی حمایت ہے نہ اپنے مذہبی فرائض میں اُن سے استعانت
ہے نہ یہ محبت و وداد کا نتیجہ ہے یہ تو حقوق کا ادا کرنا انصاف کا صحیح نمونہ قایم کرنا اور مخلوق خدا پر
شفقت و کرم کرنا ہے یہی وہ طرز عمل تھا جس کے اثر نے یدخلون فی دین اللّٰہ افواجا کا
جلوہ دکھایا جوق در جوق اور فوج در فوج کفار آتے اور دائرہ اسلام میں داخل ہو کر سعادت

Marfat.com

سرمدی سے مالا مال ہوتے جاتے۔

آیۃ لا ینھاکم اللہ کے متعلق علامہ ابن جریر کی تحقیق تمہارے پیش نظر ہی ذرہ تامل سے کام لو دیکھو اس آیۃ کی تفسیر میں ایک لفظ بھی ایسا نہیں جس سے اس کا ایہام بھی ہوتا ہو کہ کافر غیر محارب سے موالات یا وداد جائز ہی۔

کافر کی محبت یا کفر کافر کی اعانت یا اسلامی و دینی امور میں کافر کی استعانت کا جواز یا اباحت کسی ایک لفظ سے بھی مفہوم نہیں پھر یہ کہنا کہ قرآن نے ایسے کفار سے جو مسلمانوں سے نہ لڑیں نہ انھیں مکانوں سے نکالیں اُن کے ساتھ محبت و موالات مسلم قوم یا مسلم شخص کے لئے جائز و مشروع قرار دی ہے کیسی دین میں تحریف ہی۔

مفسر نے صاف لفظوں میں اس کی تصریح کر دی کہ وہ کفار جو مسلمانوں سے نہ مقاتلہ فی الدین کریں نہ انھیں اُن کے مکانوں سے نکالیں اُنھیں بھی مخفیات و سرائر مسلمین پر آگاہ نہ کیا جائے گا مسلمانوں پر قابو پانے کا پتہ نہ دیا جائے گا۔ گھوڑے اور اسلحہ سے ان کی مدد نہیں کیجائے گی۔

دیکھو یہ وہی منہی عنہ امور ہیں جن کا ذکر ابھی تم نے اُن آیات سابقہ کی تفسیر میں پڑھا ہی جن میں تحقیق معنی ولا ہی جن آیتوں سے یہ ثابت کیا گیا تھا کہ مطلق کفار سے موالات حرام ہے قید قتال یا اخراج عن الدیار معتبر نہیں۔

اس مقام پر ابن جریر نے واضح کر دیا کہ جو تعلقات مطلقاً کفار سے منہی عنہ ہیں وہ اس صورت میں بھی علی حالہ ممنوع ہیں۔

**ابن جریر کی ناتمام عبارت سے حکیم صاحب کا استدلال**

لیکن حکیم حافظ محمد اجمل خاں صاحب نہایت غیظ و غضب اور پرجوش لہجہ میں ناتمام عبارت ابن جریر کی نقل فرما کر یہ نتیجہ استخراج فرماتے ہیں کہ اگر

Marfat.com

اس کے بعد بھی یہ کہا جائے کہ نہیں مسلمانوں کو ہندوستان کی دوسری قوموں کے ساتھ بھی ترک موالات کرنی چاہئے تو اب کہنے والوں کو خدا ہی بہتر سمجھا سکتا ہے" (خطبۂ صدارت مجلس استقبالیہ جمعیۃ العلماء صفحہ ۱۵)

طرفگی یہ کہ بر و اقساط کا صحیح ترجمہ خود بالائی سطروں میں حکیم صاحب نے احسان و انصاف تحریر فرمایا ہے لیکن استخراج نتیجہ میں موالات کو بر و اقساط کا مرادف قرار دے کر عوام کو نہایت شرمناک دھوکھا دینے کی کوشش کی ہے۔

لفظ ولا کی شرعی تعریف آغاز بحث موالات میں گزر چکی اس مقام پر بر و اقساط کے معنی شرعی سمجھ لیجئے۔

البر التوسع فی الاحسان یعنی نیکی اور احسان کرنے میں وسعت و فراخی سے کام لینا القسط ھو النصیب بالعدل والاقساط ان یعطی قسط غیرہ بالعدل یعنی عادلانہ اور منصفانہ حصّہ کا نام قسط ہے اور اقساط کے یہ معنی ہیں کہ غیر کو اُس کا حصّہ عادلانہ اور منصفانہ دیا جائے اب ہر مسلمان بجائے خود انصاف کرلے کہ احسان و انصاف کیا مرادف موالات ہے؛ اگر جوش سخن پروری میں کوئی اس ادعائے باطل کا مدعی ہو جائے تو اُس سے نہایت عاجزانہ فقیر کی یہ التماس ہے کہ تفسیر ابن جریر متعلق آیۃ کریمہ لا یتخذ المؤمنون الکافرین اولیاء کا صفحہ پلٹ کر پھر مطالعہ کرلیا جائے وہاں یہ الفاظ موجود ہیں تظاھرونھم علی المسلمین و تدلونھم علی عوراتھم یعنی مسلمانوں کے خلاف کفار کی پشت پناہی کرنا موالات ہے کفار کو مخفیات مسلمین پر مطلع کرنا موالات ہے اب آیہ لا ینھاکم اللہ الخ کی تفسیر میں بھی ابن جریر نے انھیں مقاصد کو اس طرح ادا فرمایا اذا لم یکن دلالۃ لہ علی عورۃ اھل الاسلام او تقویۃ لھم یعنی کفار کے ساتھ اُسی قسم کا احسان جائز ہے جس میں مسلمانوں کے سرائر و مخفیات پر انھیں باخبر نہ بنایا جائے یا اُس احسان سے اُنھیں تقویت نہ پہونچتی ہو اس لئے کہ یہ بر و احسان

Marfat.com

نہیں ہی بلکہ موالات ہے جن چیزوں کو ابن جریر نے آیۃ کریمہ لا یتخذ المؤمنون الکافرین اولیاء
کی تفسیر میں موالات کہا تھا اُن میں سے کسی ایک کی بھی اجازت و رخصت آیۃ لا ینھا کم اللہ الخ
سے نہ سمجھی نہ لکھی بلکہ اُن کی ممانعت کی اس مقام پر مکرر تصریح فرماکر ہر کافر کے ساتھ ہر حال
میں ترک موالات پر مہر فرمادی کیا اب بھی حکیم صاحب یہی ارشاد فرمائیں گے کہ بر و اقساط مراد
موالات ہیں ان تصریحات کے بعد بھی اگر حکیم صاحب یا اُن کے حواریین علمائے سیاسی اپنے
اس قول پر کہ ہندوؤں سے موالات یا وداد یا محبت منطوق کلام الٰہی اور موافق تعلیم نبوی ہے
متعصبانہ اصرار فرمائیں تو بجز گاندھی صاحب کے اور کوئی اُنھیں سمجھا نہیں سکتا۔ آیۃ کریمہ میں اگر
ایسے کفار کے ساتھ جو مسلمانوں سے دینی لڑائی نہ لڑے نہ اُنھیں اُن کے مکانوں سے نکالے
مولیٰ تبارک وتعالیٰ کو حکم موالات یا وداد یا محبت کا دینا ہوتا تو بجائے اس کے کہ دو لفظ تبرّوھم
و تقسطوا الیھم ارشاد فرمائے تو لوھم یا تو دوھم یا تحبوھم کا مختصر ایک لفظ ارشاد
فرمادیتا۔ افسوس ہی مسلمانوں کی عقلوں پر جنھوں نے دین کو محض واہ واہ سننے کے لئے اپنے
ہاتھوں سے تباہ و برباد کیا ہے کاش لکھتے وقت حکیم صاحب ابن جریر کی پوری عبارت پڑھ
لیتے یا علمائے سیاسی ہی زحمت مطالعہ تفسیر برداشت کرتے تو شرعی مسئلہ میں خیانت ہنوز باقی

یہ ہے حقیقت اُس آیۃ کی اور یہ ہی حکم حق سبحانہ کا۔ جسے محرف بناکر لیڈر اور اُن کے
مقلد علماء نہایت دھوم دھام سے بیان کرتے ہیں مسلمانوں کو تلقین کرتے ہیں کہ کفار و مشرکین
سے موالات رکھو وداد و محبت پیدا کرو بلکہ اُن کے غلام بنجاؤ۔

فویل لھم مما کتبت ایدیھم وویل لھم مما یکسبون ۵

اب دوسری آیۃ انما ینھا کم اللہ الخ کے متعلق اُسی مفسر ابن جریر کی تحقیق پڑھ لیجئے نیز خود
قرآن شریف کے الفاظ دیکھئے اور پھر اسے سوچئے کہ وہ کافر جس نے مسلمانوں سے قتال فی الدین

Marfat.com

کیا یا انھیں اُن کے گھروں سے نکالا یا اُن کے اخراج پر دشمنوں کو مدد پہونچائی۔ غرض ان تین امور میں سے کسی ایک امر کا بھی جو مرتکب ہو اُس کے ساتھ نیکی واحسان کا قرآن کریم نے نہ تو حکم صادر فرمایا نہ اُس کی ممانعت ہی فرمائی حالاں کہ سباق کلام جب کہ یہ تھا کہ جو تم سے دین کے بارے میں نہ لڑے نہ تمھیں مکانوں سے نکالے اُس کے ساتھ نیکی واحسان اور عدل وانصاف کرنے سے اللہ تعالیٰ منع نہیں کرتا ہے تو اب سیاق یہ ہوتا کہ جو تم سے دین کے بارے میں لڑے تمھیں مکانوں سے نکالے اُس کے ساتھ نیکی واحسان اور عدل وانصاف کرنے سے اللہ تعالیٰ منع کرتا ہے۔

لیکن قرآن پاک میں جب کہ ایسا نہیں تو کسی کو اس کا کب حق حاصل ہے جو اپنی رائے ناقص اور تمنائے فاسد کو خدا کا فرمان قرار دے یقولون علی اللہ الکذب وھم یعلمون ۝

فقیر یہ مسئلہ پہلے بیان کر چکا کہ کوئی کافر جب مسلمانوں کے ساتھ یہ رعایت محوظ رکھے کہ درپے آزار مسلمین نہ ہو تو اسلام جیسے پاکیزہ مذہب کی اپنے پیروان کو یہی تعلیم ہونی چاہیے تھی کہ وہ بھی اُس کا عوض فراخی و وسعت سے ادا کریں۔

لیکن جو کافر ایسا نہیں بلکہ مسلمانوں کے ساتھ سفاکی و بیرحمی سے پیش آتا ہے ان سے لڑتا ہے گھروں سے نکالتا ہے اُس کے متعلق یہ حکم ہوا کہ اس قسم کا فر سے بھی صرف موالات منع ہے۔

موالات مطلقاً کفار سے خواہ وہ مشرک ہوں یا اہلِ کتاب بار بار بہ تاکید حرام فرمائی گئی لیکن اس جگہ اشد ظلم کا فر کا بیان کر کے اُن سے جو موالات منع فرمائی وہ اس لئے کہ مسلمان ظلم وستم سے گھبرا کر بے یار و دیار ہو کر اُن کے دین کی طرف مائل نہ ہو جائیں۔ یا تخریب

Marfat.com

مسلمین میں اُن کے معاون و مددگار نہ بنجائیں یا اُن کی سطوت و دولت کو دیکھکر اُن کے گرویدہ اور چاہنے والے ہوجائیں رہے موالات سے ماورا علائق اُن کے باب میں قرآن کریم نے سکوت فرمایا اس لئے کہ باعتبار ماحول اُن کا حکم متغیر ہوا کرے گا۔

کہیں بر و نوال جذب قلوب کے موجب ہوں گے اور کہیں عفو و صفح کا فرمیں نور ایمان کے باعث ہوں گے قرآن کریم عفو و اصلاح کی اُس طرح رغبت دلاتا ہے فمن عفا واصلح فاجرہ علی اللہ پھر جس نے معاف کردیا یا صلح کرلی تو اُس کا ثواب اللہ کے ذمہ ہے ایک دوسرے مقام پر اس سے بھی زیادہ واضح ارشاد ہے۔

| | |
|---|---|
| ادفع بالتی ھی احسن | برائی کا دفعیہ ایسے برتاؤ سے کرو جو بہت ہی اچھا ہو جب تم اس تعلیم |
| فاذا الذی بینک وبینہ | الٰہی پر عمل کروگے تو جسے تم سے دشمنی تھی وہ دلسوز دوست تمہارا |
| عداوۃ کانہ ولی حمیم | بنجائے گا یہ پاکیزہ اخلاق اُنھیں سے عمل میں آئیگا جو صبر کرتے |
| وما یلقّٰھا الا الذین صبروا | ہیں یعنی نفس کے حملہ کو روک کر شریعت کے موافق کام کرتے ہیں حسن اخلاق |
| وما یلقّٰھا الا ذو حظ عظیم | بڑے نصیب والے بخت آور ہی کو ملتا ہے۔ |

اس آیۃ شریفہ کے متعلق امام فخر الدین رازی کے یہ الفاظ ہیں۔

| | |
|---|---|
| فانک اذا صبرت علی سوء اخلاقھم | جب تم بدینوں کے برے برتاؤ پر مسلسل صبر کروگے |
| مرۃ بعد اخریٰ ولم تقابل سفاھتھم | اُن کے سفاہت کے عوض میں نہ تو غضبناک |
| بالغضب ولا اضرارھم بالایذاء | ہوگے نہ اُنھیں وحشت دلاؤگے اور نہ اذیت |
| والایحاش استحیوا من تلک الاخلاق | دہی سے اُنھیں ضرر پہونچاؤگے تو پھر اُن بدینوں |
| المذمومۃ وترکوا تلک الافعال | کو اپنے مذموم اخلاق پر شرم آئے گی اور قبیح |
| القبیحۃ ثم قال فاذا الذی بینک | کاموں کو چھوڑدیں گے پھر فرمایا فاذا الذی الخ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وبينه عداوة كانه ولي حميم | یعنی جب تم اُن کے برائیوں کا مقابلہ احسان |
| یعنی اذا قابلت اساءتہم بالاحسان | سے کروگے اور اُن کے افعال قبیحہ کے مقابلہ |
| وافعالهم القبيحة بالافعال الحسنة | میں افعال حسنہ پیش کروگے تو وہ بھی افعال |
| تركوا افعالهم القبيحة وانقلبوا من | قبیحہ چھوڑ دیں گے اور عداوت سے محبت |
| العداوة الى المحبة ومن البغضة | اور بغض سے مودت کی طرف پلٹ |
| الى المودة ۃ | پڑیں گے۔ |

جس طرح آیات منقولہ بالا میں عفو و اصلاح مدارات حسنہ اور اخلاق زکیہ کی تعلیم ارشاد ہوئی ایک دوسرے مقام پر ہر حال میں انصاف وعدل اور دائرہ اعتدال میں مسلمانوں کو رہنے کی تاکید شدید کی گئی ہے۔

| | |
|---|---|
| ولا یجرمنکم شنآن قوم ان صدوکم | جس قوم نے تمھیں زیارت مسجد الحرام سے باز رکھا |
| عن المسجد الحرام ان تعتدوا ۃ | اُس قوم کی عداوت اس کا سبب نہ ہونے پائے |
| | کہ تم حد سے متجاوز ہوجاؤ پھر ارشاد ہوا۔ |

| | |
|---|---|
| ولا یجرمنکم شنآن قوم علی | کسی قوم کی عداوت تمھیں اس پر آمادہ نہ کرے کہ تم اُس کے |
| الا تعدلوا اعدلوا هو | ساتھ عدل و انصاف کرنا چھوڑ دو وہاں عدل و انصاف کرو اس لئے |
| اقرب للتقوی ۃ | کہ انصاف تقویٰ سے بہت ہی قریب ہے۔ |

قوت و مساوات کی حالت میں جس طرح شرارت کا عوض درگزر بدی کا عوض نیکی ظلم کا عوض عدل و انصاف اسلامی تعلیم ہے اُسی طرح حالت ضعف و مجبوری میں جب کہ غیر مسلم قوم مسلمین پر مستولی ہوجائے تو تباہی و بربادی سے اپنے کو محفوظ رکھکر آئندہ بتدریج آمادہ ہونے کے لئے ولا تلقوا بایدیکم الی التهلکة اور الا من اکره وقلبه مطمئن بالایمان۔

Marfat.com

اور الا ان تتقوا منھم تقاتہ اور یاایّھا الذین امنوا خذوا حذرکم کا ارشاد موجود ہے یعنی اپنے کو ہلاک نہ کرو ایمان والو اپنا بچاؤ کرلو جب دل تمہارا ایمان سے مطمئن ہے تو تمہارا وہ قول و فعل جس کے بہ جبر و اکراہ تم مرتکب ہوئے قابل مواخذہ نہیں۔

ہاں اگر یہ معلوم ہو کہ کوئی خبیث النفس درگزر اور کریمانہ برتاؤ سے فساد و شر میں زیادہ سرگرم ہوگا یا ہوتا ہے تو پھر قرآن کے اس تعلیم کی تعمیل کا موقع ہے ولیجدوا فیکم غلظۃ کفار و بیدین تم میں کرارہ پن پائیں فاقتلوھم حیث وجدتموھم اُنھیں جان سے مار ڈالو جہاں کہیں بھی پاؤ والذین اذا اصابھم البغی ھم ینتصرون وجزاء سیئۃ سیئۃ مثلھا یعنی جو لوگ ایسے ہیں کہ جب اُن پر بیجا زیادتی ہوتی ہے تو وہ اُس کا عوض لے لیتے ہیں اور بُرائی کا بدلہ اُسی مقدار پر بُرائی خدا نے جائز فرمایا ہے

الحاصل آیۃ کریمہ انما ینھا کم اللہ الخ میں جو موالات منع اور دیگر امور سے سکوت رہا یعنی نہ تو اُس کی اجازت ہی عطا فرمائی نہ اُس کے متعلق نہی صادر کی اُس کی وجہ تنوعات حالت مسلم ہے اور ہر حالت کے لئے مستقل حکم فرقان حمید میں موجود ہے۔

اگرچہ مفسر ابن جریر کا نہی کو حدود موالات حقیقی ہی میں منحصر رکھنا اور بر و اقساط کا اُس میں داخل نہ کرنا بجائے خود فقیر کے بیان کی تصدیق ہے لیکن بغرض مزید اطمینان الشیخ محمد عبدہ مفتی مصر کی عبارت اُنھیں کی تفسیر سے نقل کرتا ہوں۔

ناظرین کرام کو یہ معلوم ہونا چاہیئے کہ الشیخ محمد عبدہ کی جلالت شان مصر میں یہ تھی کہ اُن کے ہم عصر علماء نے اُن کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیا تھا فضلائے مصر اُستاذ الامام اور حکیم الامۃ کے لقب سے اُنھیں یاد کرتے تھے اور آج بھی اُستاذ الامام ہی لکھکر اپنی تحریروں میں حسن عقیدت کا ثبوت دیتے ہیں مصریوں میں اس وقت آثار حیات علو ہمت اور حریت کی

Marfat.com

جد وجہد جو کچھ پائی جا رہی ہے اس کی داغ بیل اُسی عالی دماغ کی زبردست تعلیم وتربیت نے رکھی تھی۔

اسی آیۃ سورۂ ممتحنہ کے متعلق ایک بسیط و تفصیلی بحث کے بعد خاتمہ سخن پر بطور فیصلہ یہ فرماتے ہیں۔

خص هذا النهي بتوليهم و نصرهم لا بمجاملتهم وحسن معاملتهم بالبر والاحسان والعدل وهذا منتهى الحلم والسماح بل الفضل والكمال۔

یہ نہی دوستی اور نصرۃ کفار کے ساتھ مخصوص ہے نہ کہ فعل جمیل اور حسن معاملہ جو بر واحسان اور عدل کے ساتھ ہو یہ رب العزۃ حق سبحانہ کی طرف سے انتہائے حلم اور درگزر ہی بلکہ فضل وکمال ہے۔

آیۃ شریفہ لا تجد قوما یومنون الخ کی تفسیر کرتے ہوئے لفظ موادت کی اس طرح وضاحت فرمائی کہ ہر طرح کے شکوک صاف ہو جاتے ہیں۔

فالموادة مشاركة في الاعمال فان كانت شأن من شؤون المؤمنين من حيث هم مؤمنون والكافرين من حيث هم كافرون فالممنوع منها ما يكون فيه خذلان لدينك و ايذاء لاهله او اضاعة لمصالحهم واما ما عدا ذالك كالتجارة ونحوها من ضروب المعاملات الدنيوية

حاصل یہ کہ موادۃ اعمال میں باہم شریک ہونیکا نام ہے اگر یہ مشارکت اس شان کی ہے کہ مسلم اپنے اسلام سے اور کافر اپنے کفر سے باہم ممتاز ہو رہے ہیں مشارکت عمل نے کسی کے مذہب پر اپنا اثر نہیں ڈالا ہے تو اس حالت میں وہی مشارکت ممنوع ہوگی جس سے اسلام کی رسوائی ہوتی ہو یا اہل اسلام کو اذیت پہونچتی ہو یا مسلمین کی کوئی مصلحت تباہ ہو رہی ہو لیکن جو مشارکت عمل اس کے سوا ہوگی جیسی تجارت وغیرہ تو یہ معاملات دنیویہ کی اقسام

Marfat.com

فلا تدخل فی ذالك النفی لانها لیست معاملة فی محادة الله ورسوله ای فی معاداتهما ومقاومة دینهما ۔

سے ہی اس نفی میں وہ داخل نہیں اس لئے کہ اس معاملے سے اللہ اور اُس کے رسول کی مخالفت اور عداوت نہیں ہوتی ہے نہ اس سے دین کی بربادی ہی (الجزء الثالث من تفسیر الشیخ محمد عبدہ صفحہ ۲۷۸ و ۲۷۹)

الشیخ محمد عبدہ کی دونوں عبارتوں کو پڑھو دیکھو کس قدر واضح اور صریح الفاظ میں فرما رہے ہیں کہ بر و عدل کے ساتھ اس نہی کا کوئی تعلق نہیں دوسری عبارت اس کی تشریح کرتی ہی کہ موادہ جس طرح سے قلبی ہوا کرتی ہی اُسی طرح موادہ عملی بھی ہے موادہ قلبی کسی کافر سے تو قطعاً حرام ہی لیکن موادہ عملی سے اگر دین کا نقصان نہیں مثلاً تجارت وغیرہ تو وہ جائز و مشروع ہی اسی مضمون کو امام فخر الدین رازی نے معاشرۃ جمیلہ کہا ہی (دیکھو تفسیر کبیر کی عبارت منقولہ)

نزول کلام پاک کو تیرہ سو برس کا زمانہ ہو چکا اس تمام عہد میں مسئلہ موالات اُمتہ مرحومہ سے ایسا مخفی رہا کہ جب تک گاندھی نے چودھویں صدی میں اُسے نہ سمجھایا اُس وقت تک کسی کے بھی سمجھ میں نہ آیا ۔

اب معلوم ہوا کہ سورۂ ممتحنہ کی آیۃ اصولی تقسیم ہے اب معلوم ہوا کہ جو کافر مسلمانوں سے قتال فی الدین نہ کرے اُس سے مومن کی موالات و محبت منطوق کلام ربانی ہی اب معلوم ہوا کہ بر و اقساط مرادف موالات ہیں وغیر ذالك من الهفوات التی لا تحصی اللهم احفظنا من هذا الافتراء علی الدین المبین بحرمة سید المرسلین واله الطیبین الطاهرین ۔

Marfat.com

قرآن کریم نے یہودیوں کی یہودیوں سے اور نصرانیوں کی نصرانیوں سے موالات کی خبر دی ہے اور اُسی جگہ مسلمانوں کو موالات یہود و نصاریٰ سے منع بھی فرمایا ہے یا ایھا الذین امنوا لا تتخذوا الیھود والنصاریٰ اولیاء بعضھم اولیاء بعض یہ آیۃ مع تفسیر کثیر مفسرین صفحات ماسبق میں گزر چکی لیکن اسی کے ساتھ قرآن اس کی بھی خبر دیتا ہے کہ ایک فریق یہودی دوسرے فریق یہودی کا اور ایک گروہ نصاریٰ دوسرے گروہ نصاریٰ کا دشمن ہے اور پھر بغض و دشمنی بھی کیسی کہ قیامت تک مٹنے والی نہیں یہود کے متعلق ارشاد ہے والقینا بینھم العداوۃ والبغضاء الی یوم القیامۃ یعنی ہم نے یہودیوں کے آپس میں کینے اور عداوتیں ڈال دی ہیں جو قیامت تک نکلنے والی نہیں۔

نصاریٰ کے متعلق ارشاد ہے فاغرینا بینھم العداوۃ والبغضاء الیٰ یوم القیامۃ یعنی بغض اور عداوت کی آگ باہم عیسائیوں میں ہم نے ایسی بھڑکائی ہے جو قیامت تک دہکتی اور لہکتی رہیگی۔

دونوں ارشادوں میں (یعنی یہود و نصاریٰ میں باہم موالات بھی ہے اور بغض و عداوت بھی) اگر تطبیق و توفیق دیجائے تو منہی عنہ موالات کی حقیقت روشن ہو جاتی ہے جہاں بعضھم اولیاء بعض فرما کر موالات کی خبر دی ہے وہاں یہ مراد ہے کہ جو یہود و نصرانی کا دین میں مخالف ہے اُس کے مقابلہ پر یہ سب باہم متفق ہو جاتے ہیں ایک فریق دوسرے فریق کا دوست اور معین و مددگار بنجاتا ہے لیکن جب غیر مذہب کا مقابلہ نہ ہو تو آپس میں عداوت و بغض کی آگ ان میں ایسی مشتعل ہے کہ ایک فرقہ دوسرے فرقہ کو جلا کر خاک سیاہ کر دینا چاہتا ہے۔

پس مسلمانوں کو اُن کی دینی مدداور دوستی سے حق سبحانہٗ نے منع فرمایا اور انھیں اپنے مسلمان بھائیوں سے موالات کا حکم دیا کما قال اللہ تعالیٰ والمؤمنون والمؤمنات

Marfat.com

بعضھم اولیاء بعض ؎

تمام ابحاث کا خلاصہ یہ ہوا کہ

(۱) کافر کے ساتھ دلی دوستی اور قلبی محبت کفر ہے۔

(۲) دل میں کافر کی دوستی نہیں لیکن عمل دوستوں کے مانند و مثل یہ حرام ہے۔

(۳) قلب محبت کفر و کفار سے پاک بلکہ بیزار لیکن کافر کے مذہبی اعمال میں عملاً شرکت کی جائے یہ حرام ہے۔

(۴) کافر کے دین کی حمایت حرام ہے۔

(۵) کافر کی ایسی مدد کرنا جس سے دین اسلام کا یا مسلمانوں کا نقصان ہوتا ہو حرام ہے

(۶) کافر سے ایسی مدد لینا جس میں اپنے دین یا اپنے دینی بھائیوں کا نقصان ہوتا ہو حرام ہے۔

(۷) مدارات فعل جمیل عمل معروف بر و احسان اور عدل و انصاف ہر حال میں جائز ہیں بلکہ بعض کفار کے ساتھ احسن و انسب۔

(۸) دنیاوی کاروبار اور لین دین ہر کافر حربی اور غیر حربی سے جائز کسی وقت بھی حرام نہیں۔

(۹) ان احکام میں کفار ہند اور کفار یورپ سب مساوی ہیں بجز اس کے کہ کفار اہل کتاب کا کھانا اور نکاح میں کتابیہ عورت کا لانا بموجب حکم قرآن پاک مباح و جائز ہے اس کے سوا جملہ احکام شرعیہ کفار اہلِ کتاب و کفار غیر اہلِ کتاب دونوں کے لئے یکساں ہیں۔

ترک موالات کے متعلق جن آیات کا اقتباس مفتیان سیاسی نے اپنے فتاوے میں کیا ہے اگر ان تمام آیات کا شان نزول اور مفسرین کی تحقیقات لکھوں تو بہت ضخیم کتاب ہو جائے

Marfat.com

بایں لحاظ صرف چار آیات کے متعلق مفسرین کے اقوال لکھے گئے۔

دیگر آیات کا شان نزول اگر معلوم ہو اور پھر اُس آیۃ کے قبل اور ما بعد کو ملا کر دیکھا جائے تو صاف طلب سمجھ میں آجاتا ہے کہ موالات سے یا قلبی محبت مراد ہے یا ایسی اعانت و استعانت (یعنی مدد دینا یا مدد لینا) مراد ہے جس سے دین کا یا دینی بھائیوں کا نقصان متصور ہو یا مسلمانوں میں رجحان مذہب کفار کی طرف پیدا ہونے کا احتمال ہو اس کے سوا جتنے تعلقات ہیں وہ سب جائز و مرخص ہیں منہی عنہ تعلقات ہر حال میں ممنوع و حرام ہیں۔

نہایت نیاز مندانہ سوال ہے کہ شہزادۂ مظلوم حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ و اہل بیت کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے ساتھ جب یزید لعین نے وحشیانہ درندگی اور ملحدانہ ظلم وستم کا برتاؤ کیا تو کیا اُس وقت صحابہ و اہل بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین نے یہی ترک موالات کیا جیسے تم پیش کر رہے ہو۔

حضرت سیدنا عبد اللہ بن زبیر جب انتہائے مظلومیت سے عین صحن مسجد الحرام میں شہید ہوئے اور ظالموں نے خانۂ کعبہ پر سنگباری کی حرم کی حرمت بیت اللہ کی عظمت جو نص قرآن سے ثابت ہے اُس کا ادب بھی دل سے اٹھا دیا تو کیا اُس وقت برگزیدہ جماعت تابعین اور صلحائے اُمت نے یہی کیا جسے تم دعوت حق کہکر مسلمانوں کے سامنے لاتے ہو آیۃ شریفہ انما ینہٰکم اللہ الخ کے مصداق یزید لعین اور حجاج بن یوسف دونوں ہر طرح سے ہیں۔

دین کے بارے میں یہ لڑے اور پھر کس سے مقابل ہوئے جسے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا رُوح وریحاں فرمایا تھا خاندان نبوت اور آل ہاشم کو بے خانماں انھوں نے کیا قرآن پاک میں آیۃ لا ینہٰکم اللہ عن الذین اور انما ینہٰکم اللہ عن الذین دونوں جگہ جو بجائے اسم ظاہر اسم موصول وارد ہوا ہے اُس سے اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ یہ حکم کسی خاص گروہ و فرقہ

Marfat.com

سے مخصوص نہیں جو مسلمانوں سے قتال فی الدین کرے گا انھیں مکانوں سے نکالے گا یا ان کے دشمنوں کی مدد کرے گا اُس سے مسلمانوں کی موالات ممنوع و حرام ہے۔ اس میں کسی مذہب وملت کی قید نہیں جیسا کہ پہلی آیۃ لا ینھٰکم اللّٰہ کے متعلق تعمیم کو بہت وضاحت کے ساتھ ابن جریر نے کھول کر بیان کر دیا ہے لیکن وہ حضرات جنھیں دین کا ستون کہا گیا ہے اُن کے عمل میں اس کا سُراغ کہیں نہیں ملتا جس کی تم تحریک کر رہی ہو۔

ہاں جو کچھ رازداران رموز شریعت نے کیا صفحات تاریخ پر وہ تاباں و درخشاں ہیں ایک صدی بھی گزرنے نہ پائی جو خاندان نبوت میں سے خلفائے عباسیہ سریرآرائے مسند خلافت ہو گئے۔

تاتاریوں کے حملے نے جب بغداد تباہ کیا اور مسلمانوں کے صدیوں کا سرمایہ خصوصاً علمی خزینہ خوں ریز ظالم ہاتھوں نے وحشت و بربریت میں آکر برباد کر دیا خلیفۃ المسلمین کو نہایت بیدردی و بیرحمی سے شہید کیا اور خود فاتحانہ وملوکانہ حیثیت سے بغداد پر حکومت کرنے لگے اُس وقت مفتوح مسلمین نے تاتاریوں کے ساتھ کیا یہی طرز عمل اختیار کیا جس کی تم نشر و تبلیغ کر رہے ہو۔

واللّٰہ ثم باللّٰہ جو کچھ اُنھوں نے کیا آج اُسی کا یہ نتیجہ ہے کہ اسلامی سلطنت اس چودھویں صدی میں بھی آخری سانس بھرتی ہوئی نظر آرہی ہے مفتوح و مظلوم قوم نے کس خوبی وکمال سے فاتح کو مفتوح بنالیا دنیا کی تاریخ میں یہ عجیب واقعہ ہے ایک قوم ملک فتح کرتی ہے لیکن مفتوح قوم اُس کا مذہب اُس کا اخلاق فتح کر کے فرق فاتح و مفتوح مٹا دیتی ہے اگر اہل بغداد اُس وقت کسی کا فرفرقہ کا دامن پکڑتے تو نہ معلوم کبھی کا سلطنت اسلامی کا خاتمہ ہو گیا ہوتا۔

| ترید ون زینۃ الحیٰوۃ الدنیا | اے پرستارانِ ہنود کبھی ایمان کی قوت اور اسلامی اخلاق کی کشش بھی تم نے دیکھی ہے |
|---|---|

Marfat.com

کبھی تم نے کلمہ توحید جس دل پر نقش ہو اُس کے نعرۂ تکبیر کے زور و طاقت کا خیال بھی کیا ہے

تمہاری مادی آنکھیں کفار کی جمعیت دیکھکر پتھرا گئیں تمہارے مادی دماغ کفار کی

قوتِ فکریہ سے لرزاں و ترساں ہو گئے لیکن کیا تمہارے پاس کبھی کچھ ایمان کی بھی پونجی ہے؟

میری دلی دُعا ہی کہ اس کا جواب تم اثبات میں دے سکو پھر میں تم سے یہ کہوں کہ ایمان کے

نور سے توحید و خدا پرستی کے زور و قوت کا نظارہ کرو تو تمھیں اصلی شاہ راہ عمل معلوم ہو جائے

میری دردمندانہ گزارش تعصب اور ہٹ دھرمی سے یکسو ہو کر سنو اس وقت سیاسی مفتیوں

نے الہامات گاندھی سے متاثر و مستفیض ہو کر موالات کی جو تعریف بیان کی ہی اور جن چیزوں کو

مصداق موالات قرار دیا ہے وہ محض القائے گاندھی کی تعمیل ہے اس کا نتیجہ حقیقی اسلامی خدمت

سے تغافل و بے پروائی ہے۔

عہد رسالت صلی اللہ علیہ وسلم سے اس وقت تک موالات کے یہ معنی کسی نے نہ سمجھے نہ

اپنی کتابوں میں لکھے تفاسیر سے سیر کن شواہد پیش کر چکا ہوں جو انکشاف حقیقت کے لئے بالکل

کافی ہیں لیکن اس خیال سے کہ قرآن پاک کی عملی تفسیر حیات طیبہ حبیب کبریا احمد مجتبیٰ صلی اللہ

علیہ وسلم ہی بعض احادیث مشہورہ جن سے ہر مسلمان صاحب ایمان کا کان آشنا ہی روایت کرتا

ہوں اسی کے ساتھ ائمہ مجتہدین یعنی فقہائے کرام کی کتب فقہ کا بھی حوالہ ہو گا مولیٰ تعالےٰ

خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت کو ہدایت عطا فرمائے کہ وہ اپنے پیغمبر کے اتباع کا شرف

حاصل کرے اور غلامی کفار سے نجات پائے۔

**یہودیوں سے معاہدہ** مدینہ طیبہ جب دار الہجرۃ قرار پایا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

نے وہاں کے باشندگان یہود سے ایک عہد نامہ لکھکر اسے واضح فرما دیا کہ مسلمانوں اور یہودیوں

میں کیسے تعلقات رہیں گے ابن ہشام نے نہایت تفصیل سے مضمون عہد نامہ کو روایت کیا ہے۔

Marfat.com

کتب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کتابا بین المہاجرین والانصار وادع فیہ یہود وعاھدھم واقرھم علیٰ دینھم واموالھم وشرط علیھم واشترط لھم ۃ

رسول اللہ صلی علیہ وسلم نے ایک تحریر لکھی جس میں مہاجرین وانصار کا یہودیوں کے ساتھ معاملہ صلح منضبط کیا گیا اُس تحریر میں اس کا عہد وقرار تھا کہ یہودیوں کے مذہب اور مال سے کچھ تعرض نہ کیا جائیگا شرطیں ایسی تھیں جس سے فریقین پر پابندی آتی تھی۔

لیکن اسی کے ساتھ یہ شرط نہایت صفائی سے کی گئی ولا ینصر کافر علی مومن یعنی کسی کافر کی مسلمانوں کے مقابلہ اور ضرر رسانی پر مدد نہ کی جائے گی۔

اس سے معلوم ہوا کہ معاہدہ کی حقیقت موالات سے جداگانہ ہے معاہدہ جائز اور موالات حرام موالات حقیقی کا صاف لفظوں میں انکار موجود ہے۔

**مشرکین مکہ سے صلح** | صالح النبی صلی اللہ علیہ وسلم المشرکین یوم الحدیبیۃ (رواہ البخاری)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیبیہ کے روز مشرکین سے صلح فرمائی (بخاری شریف)

حدیث شریف میں وارد ہے الصلح جایز بین المسلمین الا صلحاً احل حراماً او حرم حلالاً یعنی مسلمانوں کو کفار ومشرکین سے صلح کرنا جائز ہے مگر نہ ایسی صلح جو خدا کے حرام کو حلال اور حلال کو حرام بنا دے۔ علما رسیاسی انصاف کریں کہ اگر وہ قوم ہنود سے معاہدہ یا مصالحت کر رہے ہیں تو موالات کا اُنھیں کب حق حاصل ہے یا اُنھیں ہولی اور رام لیلا میں شریک ہونے کی کہاں اجازت کیا حلال کو حرام اور حرام کو حلال کر دینا چودھویں صدی کے علما رسیاسی کو کسی آیۃ یا حدیث سے معلوم ہوا ہے تو براہ کرم اُسے پیش فرمائیں۔

**اجارہ** | ان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم خیبر کی زمین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اعطی خیبر الیھود علی ان یعملوھا ویزرعوھا ولھم شطر ما یخرج منھا (رواہ البخاری) | وہاں کے یہودیوں کو اس شرط پر عطا فرمائی کہ وہ جوتیں بوئیں حق محنت دکاشت کا پیداوار میں نصف حصہ اُن کا ہوگا (بخاری شریف) |
| **رہن** لقد رھن النبی صلی اللہ علیہ وسلم درعا لہ بالمدینۃ عند یھودی واخذ شعیرا لاھلہ (رواہ البخاری) | رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ کے ایک یہودی کے پاس اپنی زرہ گروی رکھی اور اس سے جو ازواج مطہرات کے لئے لیا (بخاری شریف) |
| **کافر کا کام انجام دے کر اجرت لینا** اجلس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وعلی ینزع للیھودی کل دلو بتمرۃ حتی اجتمع لہ شئی من تمر (الریاض) | تشریف رکھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور حضرت مولی علی کرم اللہ وجہہ یہودی کا پانی کھینچنے لگے اس حساب سے کہ فی ڈول ایک کھجور یہاں تک کہ تھوڑی کھجوریں جمع ہوگئیں۔ |
| **کافر کو نوکر رکھنا** استاجر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عبد اللہ بن اریقط الدولی وکان کافرا (ابن خلدون وابن ہشام) | رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ ابن اریقط کو نوکر رکھ لیا اور وہ کافر تھا۔ |
| **کافر سے قرض لینا** وعن علی ان یھودیا کان یقال لہ فلان حبر کان لہ علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دنانیر فتقاضی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال لہ یا یھودی ما عندی ما | مولی علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ ایک یہودی جسے یہودیوں کا عالم کہا جاتا تھا اس کی کچھ اشرفیاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذمہ آتی تھیں اس نے |

Marfat.com

اعطيك قال فانی لا افارقك فقالوا يا رسول الله يهودی يحبسك فقال رسول الله صلی الله عليه وسلم منعنی ربی ان اظلم معاهداً وغيره الخ (مشکوٰة)

تقاضا کیا آپ نے فرمایا اس وقت میرے پاس نقد نہیں جو تجھے دوں اس نے کہا کہ جب تک آپ ادا نہ فرمائیں گے میں آپ کو اٹھنے نہ دوں گا۔

صحابہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ کیا ایک یہودی کی یہ مجال ہے کہ وہ آپ کو روک لے آپ نے ارشاد فرمایا کہ مجھے میرے رب نے یہی حکم دیا ہے کہ میں کسی پر ظلم نہ کروں خواہ وہ فریق معاہد ہو یا غیر معاہد۔

**کافر کا علاج کرنا دوا بھیجنا**

براء ملاعب الاسنه ارسل الی النبی صلی الله عليه وسلم انی قد اصابنی وجع احسبه قال يقال له الدبيله فابعث الی بشی اتداوی به فارسل اليه النبی صلی الله عليه وسلم بعكة عسل وامره ان يستشفی (روض الانف)

براء نے جس کا لقب ملاعب الاسنہ ہے یہ التماس پیش کی کہ مجھے پیٹ کی بیماری نے ستا رکھا ہے جسے دبیلہ کہتے ہیں آپ کے پاس اگر کوئی دوا ہو تو بھیج دیجئے آپ نے ایک مشکیزہ شہد کا اسے بھیج دیا اور حکم دیا کہ اسی سے اپنا علاج کر۔

واضح ہو کہ یہ اس وقت ایسا سخت کافر شریر النفس تھا جس کے بھیجے ہوئے تحفہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرما کر رد فرمایا کہ یہ تحفہ نہیں ہے مداہنت کی درخواست ہے لیکن دوا بھیجنے سے اغماض نہ فرمایا۔

وقد رد هدية الی براء ملاعب الاسنه وقال انی نهيت عن زبد المشركين (قال صاحب روض الانف) قوله عليه السلام

براء ملاعب الاسنہ کا ہدیہ آپ نے رد فرما دیا اور ارشاد ہ کہ مجھے مشرکین کی چکنی چپڑی باتیں کرنے سے منع کیا گی ہے صاحب روض الانف فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی الل

Marfat.com

عن زبد المشركين ولم يقل عن هداياهم يدل على انما كره ملاينتهم ومداهنتهم لان الزبد مشتق من الزبد كما ان المداهنة مشتقة من الدهن ۵

علیہ وسلم نے زبد مشرکین کو منع فرمایا اور یہ نفرمایا کہ اُن کے ہدیہ لینے سے منع کیا گیا ہوں اس سے یہ معلوم ہوا کہ آپ نے مداہنت کو برا جانا اس لئے کہ لفظ زبد مشتق ہے زبد بمعنی مسکہ سے جیسا کہ مداہنت مشتق ہے لفظ دہن بمعنی روغن سے۔

**ہدیہ دینا اور مشرک سے ہدیہ طلب کرنا**

اهدى الى ابى سفيان عجوة واستهداه ادما فاهداه ابو سفيان وهو على شركه (روض الانف)

رسول پاک نے ابوسفیان کو مدینہ طیبہ کی بہترین کھجور عجوہ ہدیہ بھیجی اور اُس سے مصالحہ یعنی نان خورش ہدیہ طلب فرمایا ابوسفیان نے مصالحہ بھیجا حالاں کہ وہ اُس وقت تک مشرک تھے۔

**کافر کا ہدیہ قبول کرنا**

المقوقس صاحب الاسكندرية كتب بعثت اليك بجاريتين لهما مكان فى القبط عظيم وقد اهديت لك كسوة وبغلة تركبها ولم يزد على هذا ولم يسلم فقبل رسول الله صلى الله عليه وسلم هديته واخذ الجاريتين مارية ام ابراهيم بن رسول الله واختها شيرين وبغلة بيضاء وهى دلدل وقال رسول الله ضن الخبيث بملكه ولا بقاء لملكه

مقوقس شاہ اسکندریہ نے بجواب فرمان نبوی جو خط لکھا اُس میں یہ بھی تھا کہ میں حضور کے لئے کچھ کپڑا بھیجتا ہوں اور ایک سفید بغلہ اس پر حضور ہی سوار ہوں اور دو جاریہ لیکن مقوقس اسلام نہ لایا۔

تحفہ آپ نے قبول فرمایا بغلہ سفید دیا جو عرب میں نایاب تھا اُس کا نام آپ نے دلدل رکھا جاریہ میں سے ایک کا نام ماریہ تھا جن کے بطن سے سیدنا ابراہیم ابن رسول اللہ صلے اللہ

Marfat.com

(طبقات ابن سعد) پیدا ہوئے تھے دوسری کا نام شیریں تھا۔ لیکن اُس کے اسلام نہ لانے پر آپ نے فرمایا خبیث سلطنت کے خیال سے ایمان نہ لایا حالاں کہ ملک وسلطنت اُس کا باقی رہنے والا نہیں ہے۔

**دوسری روایت** | ثم هرقل كتب كتاباً وارسله مع دحية يقول فيه لنبي صلى الله عليه وسلم انى مسلم ولكني مغلوب على امري وارسل اليه بهدية فلما قرأ النبي صلى الله عليه وسلم كتابه قال كذب عدو الله ليس بمسلم بل هو على نصرانيته وقبل هديته وقسمها بين المسلمين (روض الانف)

ہرقل نے جواب لکھکر حضرت دحیہ کے حوالہ کیا اُس میں یہ لکھا تھا کہ میں مسلمان ہوں لیکن رعایا سے مغلوب ہوں ایمان کا اظہار کر نہیں سکتا۔ جواب کے ساتھ کچھ تحفہ بھی بھیجا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب ملاحظہ فرماکر ارشاد فرمایا خدا کا دشمن جھوٹا ہے وہ مسلمان نہیں بلکہ وہ اپنے نصرانیۃ ہی پر ہے ہدیہ قبول فرمایا اور مسلمانوں میں اُسے تقسیم فرما دیا۔

مقوقس نے جو ہدیہ بھیجا تھا اُس میں ذات مبارک کی تخصیص کر دی تھی اس لئے اُسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تقسیم مسلمانوں پر نہ فرمایا لیکن ہرقل نے تحفہ بھیجا اور اُس میں تخصیص نہ تھی اس لئے اُسے آپ نے تقسیم فرما دیا۔

کافر کا ہدیہ ایک قسم مال غنیمت میں سے ہے عنقریب مسائل فقہیہ سے واضح ہوگا۔

**تیسری روایت** | رأى عمر حلة سيراء تباع فقال يا رسول الله ابتع هذه

عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ریشمی مخطط حلہ بازار میں فروخت ہوتے دیکھکر رسول اللہ

Marfat.com

والبسها یوم الجمعة واذا جاءك الوفود قال انما یلبس هذہ من لا خلاق له فاتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم منہا فارسل الی عمر بحلة فقال البسها وقد قلت فیہا ما قلت قال انی لم اعطکہا لتلبسہا ولکن لتبیعہا وتکسوہا فارسل عمر الی اخ له من اہل مکة قبل ان یسلم (رواہ البخاری)

صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ آپ ایک حلہ اپنے لئے خرید لیں جب کوئی وفد آئے یا جمعہ کا دن ہو تو اُسی زیب تن فرمایئے۔ آپ نے فرمایا کہ اے عمر ایسا لباس تو اُس کے لئے ہے جسے عالم آخرت میں کچھ حصّہ اور نصیب نہیں۔ پھر کہیں سے وہی حلے خدمت اقدس میں تحفۃً پہونچے آپ نے اُن میں سے ایک حلہ فاروق اعظم کے پاس بھیج دیا حضرت عمر نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ اس کپڑے کا میرے پاس کیا مصرف رہا جب کہ اس کے متعلق آپ نے ایسا ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے عمر میں نے اس غرض سے تمہیں نہیں دیا کہ تم اُسے خود پہنو بلکہ یہ کہ تم اسے بیچ کر نفع حاصل کرو یا دوسرے کسی کو دے کر احسان کرو۔ عمر فاروق نے اپنے بھائی کو جو مکہ میں تھے اور ہنوز ایمان نہ لائے تھے بھیج دیا۔

**نفع مسلمین کے خیال سے کافر کو مال دینا**

غزوہ خندق میں جب کہ کفار نے ایک بہت بڑی جمعیت سے مدینہ طیبہ کا محاصرہ کر لیا تو اُس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کفار سے اس امر پر صلح فرمانے کا ارادہ ظاہر کیا کہ مدینہ کے نخلستان کا ایک ثلث پھل انہیں سالانہ دیا جائے گا صلح کی کتابت ہو گئی لیکن گواہی وغیرہ ہنوز باقی تھی آپ نے سعد بن معاذ اور سعد بن عبادہ انصاری سے مشورہ طلب فرمایا ان انصاریوں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ اگر یہ ایسا امر ہے کہ جسے آپ پسند فرماتے ہیں تو ہم راضی ہیں اور اگر اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا ہے تو پھر تعمیل حکم الٰہی بسر و چشم اور اگر ہمارا نفع مقصود ہے تا کہ دشمنوں کے حملہ سے

Marfat.com

ہم محفوظ رہیں تو پھر انھیں ایک کھجور بھی نہ دینا چاہیئے حالت کفر میں تو کفار مکہ ہم سے بلا قیمت نہ لے سکے اور اب کہ اسلام ہم میں آیا اور ہمیں حضور کے وجود باجود کی عزت و قوت حاصل ہوئی وہ کھجور کے عوض تلوار کی دھار اور نیزے کی نوک البتہ ہم سے پا سکیں گے آپ نے یہ جواب سن کر صلح نامہ چاک فرما دیا۔

صاحب الروض الانف اس واقعہ کو لکھکر تحریر فرماتے ہیں۔

وفیہ من الفقہ جواز اعطاء المال للعدو اذا کان فیہ نظراً للمسلمین واحتیاطاً لھم وقد ذکر ابو عبید ھذا الخبر وانہ امر معمول بہ وذکر ان معاویۃ صالح ملک الروم عن الکف عن ثغور الشام بمال دفعہ الیہ قیل کان الف دینار۔

اس سے فقہ کا یہ مسئلہ مستنبط ہوتا ہے کہ کافر کو مسلمانوں کے نفع اور احتیاط سے رہنے کے لئے روپیہ دینا جائز ہے اور ابو عبید نے روایت کیا ہے کہ یہ ایسا امر ہے جس پر عمل بھی ہوا ہے حضرت امیر معاویہ نے ایک لاکھ اشرفی روم کے بادشاہ کو اس غرض سے عطا فرمائی تھی کہ سرحد شام پر حملہ آوری نہ کی جائے۔

### کافر کے ساتھ رفق و مدارات

ان عائشۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم قالت دخل رھط من الیھود علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقالوا السام علیکم قالت عائشۃ ففھمتھا فقلت علیکم السام واللعنۃ قالت فقال رسول اللہ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ یہودیوں کی ایک جماعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں حاضر ہوئی اور زبان دبا کے السلام علیکم کی جگہ السام علیکم کہا یعنی تم پر موت آئے حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ میں نے یہودیوں کی شرارت سمجھ لی اور پردے کے پیچھے سے جواب دیا تمھیں موت آئے اور تم پر خدا کی لعنت ہو رسول اللہ صلی اللہ

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم مھلا یا عائشة ان اللہ یحب الرفق فی الامر کلہ (وفی روایة) علیك بالرفق وایاك والعنف والفحش (رواہ البخاری)

علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے عائشہ درگزر کرو ان کی شرارتوں کا خیال نہ کرو بیشک اللہ ہر کام میں نرمی و ملائمت پسند فرماتا ہے (بخاری شریف)

**مدارات کی دوسری روایت**

عن عائشة ان رجلا استاذن علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فلما راٰہ قال بئس اخو العشیرة وبئس ابن العشیرة فلما جلس تطلق النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی وجھہ وانبسط الیہ فلما انطلق الرجل قالت لہ عائشة حین رأت الرجل قلت کذا وکذا ثم تطلقت فی وجھہ وانبسط الیہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا عائشة متی عاھدتنی فحاشا ان شر الناس عند اللہ منزلة یوم القیامة من ترکہ الناس اتقاء شرہ (رواہ البخاری)

حضرت عائشہ صدیقہ فرماتی ہیں کہ ایک شخص نے حاضری کی اجازت طلب کی آپ نے اُسے دیکھ کر فرمایا کہ اپنے خاندان کا بُرا شخص ہے لیکن جب وہ حضوری میں حاضر ہو کر بیٹھا تو آپ خندہ رو ہو کر اور کھل کر ملے۔ جب وہ چلا گیا تو میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ دیکھکر تو آپ نے اُسے ایسا فرمایا تھا پھر آپ خندہ رو کھل کر اُس سے ملے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے عائشہ تم نے مجھے فحش گو کب پایا بیشک خدا کے نزدیک ایسا شخص بہت ہی بُرا ہے جسے لوگ اُس کے فحش گوئی کی وجہ سے چھوڑ دیں۔ (بخاری شریف)

کسی کی بُری عادت کو اس خیال سے اگر ظاہر کر دیا جائے کہ لوگ آگاہ ہو کر اُس کے شر و بدی سے محفوظ رہیں تو یہ جائز ہے اسی غرض سے آپ نے ایک کلمہ فرما دیا کہ اپنے قبیلہ و خاندان میں یہ بُرا شخص ہے لیکن ملاقات و گفتگو میں انبساط و اخلاق سے یہ سبق اُمت کو

Marfat.com

دیا گیا کہ مدارات برے کے ساتھ انتہا یہ کہ کافر کے ساتھ بھی کرنا چاہیئے۔ اب

### فقہائے کرام کی تحقیقات

ملاحظہ ہو جس سے معلوم ہوگا کہ وہ کون سے امور ہیں جنہیں کافر کے ساتھ مومن کا عمل میں لانا جائز و مباح ہے۔

**دشمن کے ملک میں بغرض تجارت جانا**

اذا خرج للتجارة الی ارض العدو بامان فان کان امر لا یخاف علیه منه وکانوا قوماً یوفون بالعهد یعرفون بذالك وله فی ذالك منفعة فلا باس (محیط)

جب کوئی مُسلمان بغرض تجارت دشمن کے ملک میں اماں لے کر جائے تو اگر ایسا امر ہو جس سے کوئی اندیشہ نہیں اور وہ لوگ عہد پورا کرتے ہوں اور ایفائے عہد میں مشہور ہوں اور اس تجارت میں مسلمان کا نفع ہوتا ہو تو کوئی مضائقہ نہیں۔

**دارالحرب میں کس قسم کی بیع حیوان کی اجازت ہے**

اذا اراد المسلم ان یدخل دارالحرب بامان للتجارة لم یمنع ذالك منه وکذالك اذا اراد حمل الامتعة الیهم فی البحر فی السفینة لا یمنع من ادخال البغال والحمیر والثور والبعیر (هندیه)

جب مسلمان دارالحرب میں بغرض تجارت اماں لے کر جانے کا ارادہ کرے تو وہ اس ارادہ سے روکا نہ جائے گا۔ یہی حکم ہے اگر کشتی پر سامان لاد کر سفر دریا طے کر کے دارالحرب میں مال تجارت لے جائے۔ خچر گدھا بیل اور اونٹ کے لیجانے میں مضائقہ نہیں۔

**دارالحرب سے کس قسم اجناس کے بیع کی اجازت ہے**

فان کان خزا من ابریشم او ثیاباً رقاقاً من القز فلا باس

اگر ریشمی کپڑے خز کے یا باریک کپڑے قز کے لیجائے تو کچھ حرج نہیں اسی طرح دھات کی قسم میں سے صُفر و شبہ دارالحرب میں لیجا کر

Marfat.com

بادخالھا الیھم ولا باس بادخال الصفر والشبہ الیھم لان ھذا لا یستعمل للسلاح (ہندیہ)

بیچنا ممنوع نہیں کیوں کہ ان معدنی اشیاء کا استعمال ہتیار کے لئے نہیں ہوتا۔

**گھوڑا اور ہتیار دار الحرب میں لیجانا منع ہے**

قال محمد لا باس بان یحمل المسلم الی اھل الحرب ما شاء الا الکراع والسلاح ۵ (ہندیہ)

امام محمدؒ نے فرمایا کہ بغرض تجارت مسلم جو چاہے لادکر اہل حرب کے ملک میں لیجائے لیکن گھوڑا اور ہتیار نہیں (ہندیہ)

**دشمن کو ہدیہ بھیجنا**

لوان عسکرا من المسلمین دخلوا دار الحرب فاھدی امیرھم الی ملک العدو ھدیۃ فلا باس بہ وکذالک لوان امیرا لثغور اھدی الی ملک العدو ھدیۃ واھدی ملک العدو الیہ ھدیۃ (محیط)

اگر مسلمانوں کا لشکر دار الحرب میں داخل ہوا پھر امیر لشکر نے دشمنوں کے بادشاہ کو کچھ تحفہ بھیجا تو اس میں کوئی حرج نہیں اسی طرح مسلمانوں کے امیر سرحد نے دشمنوں کے بادشاہ کے پاس ہدیہ بھیجا یا دشمنوں کے بادشاہ نے مسلمانوں کے امیر سرحد پاس ہدیہ بھیجا تو کوئی حرج نہیں۔

**دشمن کا ہدیہ مرسل الیہ کس حال میں تقسیم کریگا اور کس حال میں اُس کا خاص ہوگا**

قال محمد ما یبعثہ ملک العدو من الھدیۃ الی امیر جیش المسلمین او الی الامام الاکبر وھو مع الجیش فانہ لا باس بقبولھا ویصیر فیأ للمسلمین وکذالک اذا اھدی ملکھم الی قائد من قوائد

امام محمدؒ نے فرمایا کہ دشمن کے بادشاہ نے سردار لشکر مسلمین کے پاس یا امام اکبر کے پاس ہدیہ بھیجا درآں حالیکہ لشکر ہمراہ ہو تو اُس کے قبول کرنے میں کچھ حرج نہیں مسلمانوں کے لئے یہ ہدیہ حکم میں مال غنیمت کے ہے۔ اسی طرح جائز ہے جب اُن کا بادشاہ مسلمانوں کے کسی فوجی افسر کے پاس ہدیہ بھیجے درآں حالیکہ

Marfat.com

المسلمين له منعة ولو كان اهدى الى واحد من كبار المسلمين ليس له منعة يختص هو بها (محيط)

قوت مانعہ فوجی اُس کے ساتھ ہو اس لئے کہ یہ ہدیہ مسلمانوں کے حق میں حکم مال غنیمت کا رکھتا ہی اور اگر مسلمان کے کسی ایسے بڑے کے پاس بھیجا جس کے ساتھ قوت مانعہ نہیں تو یہ ہدیہ اُس بڑے کا ذاتی ہوگا اور خاص اُسی کا ہوگا۔

**کافر کا نوکر رکھنا** | من ارسل اجيرا له مجوسيا او خادما فاشترى لحماً فقال اشتريته من يهودى او نصرانى او مسلم وسعه اكله (ہدایہ)

کسی نے اپنے مجوسی نوکر یا خادم کو بھیجا اُس نے گوشت خریدا اور یہ کہا کہ میں نے یہودی یا نصرانی یا مسلم سے خریدا ہی تو مسلمان کو گنجایش اُس گوشت کے کھالینے کی ہی۔

واضح ہو کہ مجوسی و دیگر اہلِ کفار (سوائے کفار اہلِ کتاب) کسی کا قتل کیا ہوا جانور مسلمان کو کھانا جائز نہیں۔ اہلِ کتاب خدا کا نام لے کر ذبح کرتے تھے شریعت نے ان کا ذبیحہ حلال کیا لیکن آج کل نصرانی ذبح نہیں کرتے لہذا اُن کا کھانا حرام ہی۔

**کافر کی نوکری کرنا** | مسلم أجر نفسه من مجوسى لا باس به (فتاوی امام طاہر بخاری)

کسی مسلمان نے مجوسی کی مزدوری کی تو کچھ حرج نہیں۔

**کافر کو امور کفار کے لئے مقرر کرنا** | الكافر يجوز تقليده القضاء ليحكم بين اهل الذمة ذكره زيلعى فى التحكيم (درمختار)

کافر عہدۂ قضا پر اس لئے مقرر کر دیا جائے تاکہ ذمیوں کے معاملات و مناقشات کا فیصلہ کرے تو یہ جائز ہے امام زیلعی نے تحکیم میں اس مسئلہ کا ذکر فرمایا ہی۔

**مفتیان سیاسی کی خیانت** | یہ مسئلہ بار بار زبان قلم پر آچکا کہ موالات کے سیاسی

Marfat.com

مغیتوں نے دو ترجمے کئے ہیں ایک محبت و دوستی اور دوسرا مناصرۃ (یعنی مدد دینا یا مدد لینا)

مفتیان سیاسی مناصرۃ سے مطلق مدد دینا یا لینا ارادہ کرتے ہیں تاکہ نان کوآپریشن کے حدود دائرہ شریعت میں آجائیں اور یہی اُن کی خیانت ہے۔

موالات جب مناصرۃ کے معنی میں لیا جائے گا تو وہاں نصرۃ علی المومنین مراد ہوگا یعنی ایسی مدد جس سے مسلمانوں کا نقصان ہوتا ہو یا نصرۃ الکفر مراد ہے یعنی کفر کی مدد۔

معاشرتی تمدنی اور اخلاقی امور میں مناصرۃ ہرگز ہرگز ممنوع نہیں۔

**مفتیان سیاسی کی فریب دہی**

لیڈروں کو اس وقت کفار ہند سے موالات حقیقی چوں کہ مرکوز خاطر ہے اس لئے سیاسی مفیتوں نے یہ فریب آمیز مغالطہ پیش کیا کہ عدم موالات یا عدم وداد کا حکم عام کفار سے متعلق نہیں بلکہ یہ حکم اُنھیں کفار سے مخصوص ہے جو مسلمانوں سے قتال فی الدین کریں یا اُنھیں اُن کے مکانوں سے نکالیں یا اُن کے اخراج پر دشمنان اسلام کی مدد کریں اس فریب کی بہت اچھی طرح قلعی کھولی جاچکی روز روشن کی طرح یہ ثابت کر دیا گیا کہ آیات الٰہیہ پکار پکار کر یہ حکم دے رہی ہیں کہ مطلقاً کفار سے موالات اور وداد حرام ہے منہی عنہ ہے کوئی مفسر کوئی مجتہد نسخ اطلاق کا قائل نہیں موالات کے معنی شرعی بیان کرنے کے بعد تفاسیر مفسرین سے شہادت بھی گزر چکی اب احادیث وسیر و نیز کتب فقہ سے روایات صحیحہ معتبرہ نقل کر دی گئیں ہر شخص بجائے خود فیصلہ کرلے کہ موالات یا مناصرۃ کے اگر یہ معنی جو مفتیان سیاسی اختراع کر رہے ہیں لئے جائیں تو نعوذ باللہ ثم نعوذ باللہ یہ لازم آتا ہے کہ خود صاحب وحی و کتاب شارع علیہ السلام نے کفار سے یہود سے بطرز گوناگوں موالات پیدا کی کبرت کلمۃ تخرج من افواھھم ان یقولون الا کذبا۔

فرزندانِ اسلام دین کی غیرت مذہب کی حمایت دشمنان ایمان کی عداوت کلام اللہ کا فہم کیا تمہاری ہی قسمت کے لئے روزِ ازل سے امانت تھا موالات کے اگر یہ معنی ہوتے جسے تم بیان کر رہے ہو مناصرۃ کا اگر یہ مفہوم ہوتا جسے تم سمجھانا چاہتے ہو تو سب سے پہلے وہ وجودِ مقدس جس کا آستانہ مہبطِ جبریل تھا اس حکم کی تعمیل کر کے عملی نمونہ اُمّت مرحومہ کے لئے چھوڑ جاتا۔

غزوۂ خندق کی روایت پڑھو مدینہ طیبہ پر اُنھیں کفار نے ہجوم کیا تھا جنھوں نے مسلمانوں کو قتل کیا تھا مکانوں سے نکالا تھا دشمنان اسلام کی مدد کی تھی لیکن دیکھو اُنھیں مدینہ کا ایک ثلث ثمر دے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلح فرمانا چاہتے ہیں اور اسے کافر کی امداد نہیں خیال فرماتے اگر تم ہوتے تو سورۂ ممتحنہ کی آیت تلاوت کر کے معنی موالات سمجھا دیتے۔

تمہارے فتوے کی رُو سے دار الحرب میں مال لیجانا کفار کی مدد ہی کافر کو ہدیہ دینا کفار کی مدد ہی کافر سے ہدیہ لینا کفار کی مدد ہے خاص کر جب کہ حالت جنگ ہو اُس وقت تو تمہارے فتوے کی بلند آہنگی کا کیا کہنا۔

لیکن اے شریعت اسلام سے بیگانہ محض مفتی احادیث صحیحہ اور مسائل فقہیہ تو یہ بتاتے ہیں کہ یہ سارے امور بہ نفسِ نفیس حضور پُرنور ہادیِ سُبل خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے برت کر فرقِ موالات و مدارات فرقِ وداد و معاشرت جمیل واضح فرما دیا۔

دشمن کا ملک ہی عساکر اسلامیہ دار الحرب میں خیمہ زن ہیں سپہ سالار اسلام دشمن کے بادشاہ کو ہدیہ بھیجتا ہی شریعت اجازت دیتی ہی دشمن کا بادشاہ سپہ سالار اسلام کو ہدیہ بھیجتا ہی شریعت قبول کرنیکی اجازت دیتی ہی جن چیزوں کو کلام اللہ حدیث رسول اللہ اجتہاد ائمہ دین جائز بتائیں اس چودھویں صدی کا مفتی اُسی نصر

ناجائز بلکہ حرام قطعی کہنے کا حق رکھتا ہے جو اُسے جائز سمجھے اُسے وہ دائرہ ایمان و اسلام سے خارج کر سکتا ہے۔ اللھم انا نجعلك فی نحورھم ونعوذ بك من شرورھم

**کفار کا عمل بائیکاٹ** ایضاح حق جس تثبیت کا خواہاں تھا بعونہ تعالیٰ اُس سے فارغ ہو چکا ہوں لیکن بایں خیال کہ تادر باید رسانید چند مشہورہ معتبرہ روایتیں نقل کرتا ہوں تاکہ نان کوآپریشن نے جو موالات کی عبا پہنکر ممبر و مسجد تک اپنے کو پہنچایا ہے اُس کے اس پیراہن مغصوب و مسروق کا کوئی تار جسم کفر پر باقی نہ رہ جائے۔

**روایت اوّل** بائیکاٹ جس کا ترجمہ لیڈروں نے عدم تعاون و مقاطعہ کیا ہے اس کی تحریک آغاز عہد اسلام میں کفار مکہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایذا رسانی کی غرض سے کی تھی۔

**دار الندوہ میں بائیکاٹ کی تحریک** دار الندوہ میں کفار مکہ جمع ہوئے اور ایک عہد نامہ لکھا حاضرین کے دستخط سے اُس کی توثیق کی گئی مضمون اُس کا یہ تھا۔

لا ینکحوا الیھم ولا ینکحوھم ولا یبیعوھم شیئاً ولا یبتاعوا منھم (ابن ہشام) پیغمبر خدا اور اُن کے ساتھ بنی ہاشم کی نہ چیزیں خریدیں گے نہ اُن کے ہاتھ کسی قسم کی چیز بیچیں گے ہمارے شادی بیاہ اُن کے یہاں نہ ہوں گے نہ اُن کے شادی بیاہ ہمارے یہاں ہوں گے۔

یہ ہی خاموش مقابلہ اور مقاومت مجہول جسے کفار مکہ نے ایجاد کیا۔

ایک روایت کی رو سے تین برس اور دوسری روایت کی رُو سے دو برس تک کفار مکہ اس عہدنامہ پر سختی سے مصر رہے شعب ابی طالب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس عرصہ میں تشریف فرما رہے اس مقاطعہ نے آل ہاشم کو سخت تکلیف پہونچائی آخر آپ نے

Marfat.com

حضرت ابوطالب کی وساطت سے اُنھیں ہدایت کا پیام بھیجا کہ تمہارے عہد نامہ کو دیمک نے چاٹ لیا اُس میں سے صرف اسم ذات اللہ باقی رہ گیا ہے یہ آپ کا معجزہ تھا بعد تصدیق اس خبر کے عہد نامہ فسخ ہوا اور خاندان ہاشم نے اس بندش سے راحت پائی۔

اس واقعہ سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اگر لین دین اور کاروبار دنیاوی میں کفار سے مدد لینا حرام ومنہی عنہ ہوتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے ہزار چند زیادہ تکلیف برداشت فرماتے لیکن حاشا وکلا کبھی کفار کو اس بندش کے توڑنے کی ہدایت نفرماتے۔

یہ حیلہ نہ پیدا کیا جائے کہ اُس وقت تک عدم موالات کی آیت نازل نہیں ہوئی تھی وہ سب آیتیں جن میں موالات کفار سے نہی وارد ہے مدنی سورتوں میں ہیں اس حیلہ کی یوں گنجائش نہیں کہ مداہنت جس کا رتبہ موالات سے کہیں کم ہی قیام مکہ میں ممنوع ہو چکا تھا جس سے اس نتیجہ پر پہونچے کہ معاشرت دُنیاوی میں لین دین موالات تو کجا مداہنت بھی نہیں۔

یہ امر مخفی نہیں کہ کفار نے سو سو طرح سے چاہا کہ کچھ بھی دین کے باب میں حضور نرمی فرمائیں کم از کم ہمارے معبودوں کو باطل نہ فرمائیں لیکن وہ مجسمۂ حق وصداقت جسے اپنے رب کے جناب سے یہ حکم ملا تھا کہ فاصدع بما تؤمر واعرض عن المشرکین یعنی جس کا تمھیں حکم دیا جاتا ہے اُسے کھول کر پہونچاؤ اور مشرکین کی پروانہ کر دُاس کی بارگاہ سے ہمیشہ کفار کے کانوں میں یہی صدا پہونچتی رہی انتم وما تعبدون حصب جھنم یعنی تم اور تمہارے معبود سب کے سب جہنم میں جھونک دیئے جاؤگے۔

آیۃ کریمہ ودوا لو تدھن فیدھنون کی ہی یعنی کفار تو دل سے چاہتے ہیں کہ اگر تم کچھ ملایم پڑو تو وہ بھی ملایم ہو جائیں اس آیۃ شریفہ میں انتہائے بلاغت کے ساتھ اللہ تعالیٰ

Marfat.com

اس کی خبر دیتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مداہنت محال ہے۔

حق سبحانہٗ نے اِنْ تُدْہِنُ نہ فرما کر لَوْ تُدْہِنُ فرمایا یہ اس لئے کہ اگرچہ حرف شرط لَوْ اور اِنْ دونوں ہیں لیکن اِنْ کی وضع امکان کے لئے ہے اور لَوْ کی وضع محال کے لئے اوّلاً یہ کہ جملہ قضیہ شرطیہ ہے اور ظاہر کہ شرطیہ بغیر صدق مقدم وتالی بھی صادق ہوتا ہے انتفائے مداہنت کے لئے شرط کے ساتھ بیان کرنا کافی تھا۔ لیکن نہیں اسی پر اکتفا ہوا بلکہ حرف شرط لَوْ بجائے اِنْ کے ارشاد فرمایا تاکہ یہ معلوم ہو کہ مداہنت رسول سے محال ہے دونوں مسئلوں کی دلیل آیۂ لو کان فیہما الٰہۃ الا اللہ لفسدتا میں موجود ہے۔

بائیکاٹ اور ہڑتال کو اب بھی موالات کہنا دراصل خدمت دین سے چشم پوشی کا مرادف ہے۔ اس روایت سے اس قدر یاد رکھیئے کہ مقاطعہ کی رسم عرب میں تھی کفار نے اس پر عمل بھی کیا تھا دو برس تک اس کی تکلیف پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم برداشت فرما چکے تھے اس قدر یاد داشت کسی موقع پر کام آئیگی۔

**جنگ بدر** مسلمانوں سے یہ پوشیدہ نہیں کہ کفار مکہ سے جنگ بدر میں اولین مقابلہ عساکر اسلامیہ کا تھا لیکن اسی ایک مقابلہ نے جہاد اسلامی اور حرب تمدنی کا فرق ایسا آشکارا کر دیا جس کے زریں حروف صفحات تاریخ پر ہمیشہ یادگار رہیں گے جہاد خدا کی ایک ایسی رحمت ہے کہ جس خطۂ زمین پر اس کی حقیقت مشہود ہوئی وہاں کی زمین اور زمین کے بسنے والوں نے وہ حیات پائی ہے جو خلق وجود کا حقیقی راز اور مایۂ ناز تھا لیکن اسی کے مقابلہ میں حرب تمدنی خدا کا ایک قہر ہے جو گوناگوں تباہی قومی ملکی اخلاقی اور علمی اپنے ساتھ ساتھ لاتی ہے۔

یورپ کو اپنی تہذیب پر ناز ہے لیکن وہ آئے اور دیکھے کہ اسلام جب میدانِ جنگ

Marfat.com

یں اپنی فوجوں کو آراستہ کرتا ہی اور پھر حکم الٰہی مجاہدین فی سبیل اللہ کی شمشیر و سنان
کو جنبش دیتا ہے تو اُس کی ہر حرکت کس طرح دائرہ حکم الٰہی میں گردش کرتی ہی۔
خواہش نفس ہیجان غضب شدت کینہ خیرگی حواس اور غیر متعدل جوش ان کا نام
ونشان بھی نہیں ہوتا۔

مجاہد کا ہاتھ تحت امر الٰہی اُس انجن کے مانند ہے جسے اُس کا سائق ایسی قوت
وبھارت سے چلا رہا ہو کہ بال برابر بھی ریل کی پٹری سے وہ اُترنے نہیں پاتا انجن اگر
ریل سے اُتر جائے تو ہزاروں جانوں کا خون ہو جائے اسی طرح مجاہد فی سبیل اللہ اگر راہ حق
سے راہ ہوا میں حرکت کر جائے تو للہیت و اخلاص کا خون ہو جائے۔

واقعۂ بدر میں ہم یہ بتانا چاہتے ہیں کہ یہ وہی کفار مکہ ہیں جنھوں نے رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم کو طرح طرح کی تکلیفیں بانواع مختلفہ پہونچائی ہیں تیرہ برس پیغمبر اور اُس
کے متبعین مسلمین پر کفار مکہ نے ستم وجفا کی مشاقی کی ہے ہجرت کے بعد بھی جس کے ایمان
واسلام کا وہ پتہ پا گئے ہیں اُس کی ہستی تہ و بالا کر ڈالی ہی۔

آج اُنھیں کفار نے ایک بہت بڑی تعداد میں فوج واسلحہ سے مسلح ہو کر مدینہ پر فوج کشی
کی ہے ادھر اللہ کا حبیب تین سو تیرہ بے سروسامان مسلمانوں کو لے کر اُن کی مدافعت پر روانہ
ہوا ہی بدر کے مقام پر حق وباطل کا مقابلہ ہوتا ہی قادر مطلق مولیٰ تعالےٰ اپنے حبیب اکرم
صلی اللہ علیہ وسلم کو کامل فتح عطا فرماتا ہی ستر کافر مومنین کے ہاتھوں سے جہنم داصل ہوئے
ستر کافر مومنین کے ہاتھوں میں قید وگرفتار ہوئے۔

اب سورۂ ممتحنہ کی آیۃ پھر تلاوت کر لیجئے تاکہ واقعات مابعد کے سمجھنے میں اِس
آیۃ کی تفسیر آپ کو فعل رسول سے معلوم ہو سکے۔

Marfat.com

لا ینھاکم اللہ عن الذین لم یقاتلوکم فی الدین ولم یخرجوکم من دیارکم ان تبروھم وتقسطوا الیھم ان اللہ یحب المقسطین انما ینھاکم اللہ عن الذین قاتلوکم فی الدین واخرجوکم من دیارکم وظاھروا علیٰ اخراجکم ان تولوھم ومن یتولھم فاولئک ھم الظالمون ○

اللہ ان لوگوں کے متعلق جو دین کے معاملہ میں تم سے نہیں لڑے اور نہ اُنھوں نے تم کو تمھارے گھروں سے نکالا اس سے منع نہیں کرتا کہ تم ان کے ساتھ بھلائی اور منصفانہ سلوک کرو بلاشبہ اللہ انصاف کرنے والوں کو چاہتا ہے اللہ تعالےٰ اُن لوگوں کی دوستی سے روکتا ہی جو تم سے دین کے معاملہ میں لڑے اور تم کو تمھارے گھروں سے نکالا اور تمھارے نکالنے میں امداد پہونچائی اور جو ان سے دوستی رکھیں وہی ظالم ہیں۔

یہ دو آیتیں ہیں پہلی آیۃ لا ینھاکم اللہ سے شروع ہوئی ہے اور دوسری آیۃ کا انما ینھاکم اللہ سے آغاز ہے۔ لیکن اسے اچھی طرح دیکھلو کہ پہلی آیۃ میں جس چیز کی اجازت ہے یعنی بر واقساط جس کا ترجمہ بھلائی اور منصفانہ سلوک کیا گیا ہی دوسری آیۃ میں اس سے منع نہیں فرمایا ہاں دوسری آیۃ میں جس سے منع فرمایا ہے یعنی ولا جس کا ترجمہ دوستی اور مدد کیا گیا ہی اُس کی اجازت پہلی آیۃ میں عطا نہیں فرمائی۔ آیۃ پڑھو اور ترجمہ سے مطابقت دیتے جاؤ یہ ترجمہ بعینہٖ تمھارے شیخ الہند مفروض کے فتوے سے نقل کیا گیا ہے اس طرح اجازت اور نہی کیوں وارد ہوئی اس کی تفصیل صفحات ماسبق میں گزر چکی اجازت اور سکوت میں جو فرق ہی وہ ظاہر ہے لیکن جب کہ اجازت پر ترغیب بھی دلائی جائے تو اب فرق بہت ہی اجلیٰ اور نمایاں ہوگیا اسی کے ساتھ اس قدر اور سمجھ لیجئے کہ دونوں آیتوں میں دونوں حکم تعمیم کے ساتھ ہیں کسی فرقہ کی تخصیص ان دو آیتوں میں سے کسی ایک میں بھی

Marfat.com

نہیں کی گئی افعال و اعمال پر حکم جواز و نہی صادر ہوا ہے نہ کہ ملت و مذہب پر اب احکام عدم موالات کا استقصا کر لیجئے۔

پہلا حکم لا یتخذ المومنون الکافرین اولیا یعنی مومنین اپنا دوست یا مددگار کافر کو نہ بنائیں۔

دوسرا حکم یا یھا الذین اٰمنوا لا تتخذوا الیھود والنصارٰی اولیاء یعنی اے ایمان والو یہود اور نصاریٰ کو اپنا دوست و مددگار نہ بناؤ۔

ان دونوں آیتوں میں علت عدم موالات ان گروہوں کا کافر ہونا ہے مسلمانوں کے ساتھ پیروان ادیان باطلہ کا کیسا ہی برتاؤ کیوں نہ ہو لیکن محض اس وجہ سے کہ وہ کافر ہیں موالات مومن سے محروم رہیں گے۔

تیسرا حکم انما ینھاکم اللہ عن الذین قاتلوکم فی الدین واخرجوکم من دیارکم وظاھروا علیٰ اخراجکم ان تولوھم ومن یتولھم فاولئک ھم الظالمون۔ یعنی اللہ تعالیٰ تمہیں اُن لوگوں کی دوستی اور امداد کرنے سے منع فرماتا ہے جنہوں نے دین کے بارے میں تم سے مقاتلہ کیا اور تمہارے گھروں سے تم کو نکالا اور تمہارے دشمنوں کی تمہارے اخراج پر مدد کی اور جو کوئی تم میں اُن ظالموں سے دوستی رکھے یا اُن کی مدد کرے تو وہی ظالم ہے۔

اس آیتہ میں عدم موالات کی علت افعال قبیحہ اور اعمال شنیعہ ظلم و ستم کو قرار دیا ہے ان افعال خبیثہ کا جو بھی مرتکب ہوگا اُس سے مسلمانوں کو ترک موالات کرنا ضروری ہے خواہ وہ نصرانی ہو یا یہودی ہو یا کافر و مشرک ہو یا مدعی اسلام ہو۔

ان تمام تفصیلات کو ذہن میں رکھتے ہوئے واقعات بدر کی طرف نظر ڈالیے۔

Marfat.com

**کافر کے ساتھ وفا اور انصاف** | جماعت کفار میں ایک کافر ہے جس کا نام ابوالبختری ہے اس کے متعلق حکم ہوتا ہی کہ اگر میدان جنگ میں اس کا مقابلہ ہو جائے تو مسلمان اسے قتل نہ کریں بلکہ زندہ میرے حضور میں حاضر کیا جائے صحابہ عرض کرتے ہیں کہ اُس کی حیات بخشی آپ نے کیوں فرمائی ارشاد ہوتا ہے کہ قیام مکہ میں اس نے اپنے ہاتھ اور زبان سے مجھے تکلیف نہیں پہونچائی تھی آج اُس کا عوض یہ ہی کہ اُس کی جان بخشی کیجائے ابوالبختری کا مقابلہ ہوتا ہے صحابہ اُسے امان دیتے ہیں لیکن وہ اپنے ساتھی کی بھی اماں طلب کرتا ہی اُس کے متعلق اجازت نہ تھی صحابہ عذر کرتے ہیں ابوالبختری لڑنے پر آمادہ ہو جاتا ہے اور آخر کار مارا جاتا ہی صحابہ خدمتِ اقدس میں حاضر ہو کر عرض کرتے ہیں

| | |
|---|---|
| فقال والذی بعثك بالحق لقد جهدت عليه ان يستاسر فاتيك به فابى الا ان يقاتلنی فقاتلته فقتلته ؕ | صحابی نے عرض کیا قسم ہی اُس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا میں نے اُس کے قید کرنے کی بہت کوشش کی لیکن اُس نے انکار کیا اور مرنے مارنے پر آمادہ ہو گیا پھر میں بھی مقاتلہ پر اُس کے تیار ہوا اور آخر میں نے اُسے قتل کر دیا۔ |

**دوسری روایت** | سہیل بن عمرو ایک کافر بدر کے روز گرفتار ہوا یہ شخص بلا کا مقرر تھا مخالفت اسلام پر مجامع کفار میں پُر زور تقریریں کیا کرتا تھا فاروق اعظم اس کی سزا کے متعلق ایک تحریک پیش فرماتے ہیں رحمۃ للعالمین اُسے نامنظور فرماتے ہیں اور جواب میں ایسا کلمہ ارشاد ہوتا ہی جو عدل و انصاف کی ایک بے نظیر مثال ہی۔

| | |
|---|---|
| ان عمر بن الخطاب رضی الله عنه قال لرسول الله صلی الله عليه | عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ اجازت ہو تو سہیل بن عمرو کے اگلے دو دانت |

وسلم یا رسول اللہ دعنی انزع ثنیتی سهیل بن عمرو ویدلع لسانه فلا یقوم علیك خطیباً فی موطن ابداً قال فقال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم لا امثل بہ فیمثل اللہ بی وان کنت نبیاً ۵

اُکھاڑ دوں اُس کی زبان باہر نکل پڑے گی تو آپ کے خلاف تقریر کرنے پر کھڑا نہ ہوا کرے گا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں اُسے مثلہ نہ بناؤں گا پھر تو مجھے بھی اللہ مثلہ بنادے گو کہ میں نبی ہوں۔

**تیسری روایت** ان دونوں سے زیادہ واضح اور لائح وہ سلوک پیغمبر ہے جس کی رعایت کافر قیدیوں کے ساتھ کی گئی خوب یاد رہے کہ مسلمانوں کے ہاتھوں میں آج جو گرفتار ہیں کل تک انھیں نے مسلمانوں کو قتل کیا تھا مکانوں سے نکالا تھا قیدی ہیں کافر ہیں ظالم ہیں دشمن جانی ہیں لیکن خدا کا برگزیدہ رسول انھیں حالت اسیری میں دیکھکر اپنے یاروں کو حکم دیتا ہے

استوصوا بالاسارٰی خیرا قیدیوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنی کی میں تمھیں وصیت کرتا ہوں

اس وصیت رسول کی صحابہ نے کیوں کر تعمیل فرمائی اُسے قیدیوں کی زبان سے سُنئے۔

فکانوا اذا قدموا غداءهم اوعشاءهم خصّونی بالخبز واکلوا التمر لوصیة رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ایاهم ۵

قیدیوں کا بیان ہے کہ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ حال تھا جب دن کا کھانا یا رات کا کھانا آتا تو روٹی ہمیں دیتے اور کھجور خود کھاتے یہ ایثار و خاطر داشت یوں تھی کہ انھیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وصیت فرمائی تھی۔

**چوتھی روایت** فکان فداء المشرکین بدر کے روز مشرکین کا فدیہ کم از کم فی

Marfat.com

یومئذ اربعة آلاف درھم بالرجل الی الف درھم الا من لا شئ له فمن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

مشرک چار سو درہم اور زیادہ سے زیادہ ہزار درہم تھا لیکن جس مشرک کے پاس کچھ نہ تھا اُس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے احسان فرمایا۔

## چوتھی روایت کی مزید تفصیل

ابوعزہ عمرو بن عبداللہ کان محتاجاً ذا بنات فکلم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ لقد عرفت مالی من مالٍ وانی لذو حاجة وذو عیال فامنن علی فمن علیه رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واخذ علیه ان لا یظاھرہٗ

قیدیوں میں ابوعزہ عمرو بن عبداللہ بہت ہی محتاج شخص تھا اور اس کے کئی لڑکیاں تھیں اُس نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ خود جانتے ہیں کہ میرے پاس مال نہیں اور میں ایک مرد محتاج اور عیال دار ہوں مجھ پر منت رکھئے اور کرم فرمائیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس پر احسان فرمایا اور یہ قول لے کر کہ پھر کافروں کی مدد نہ کرنا ہے چھوڑ دیا۔

## کافر کو معلم بنانا

فمن لم یکن عندہٗ شئ امران یعلم غلمان الانصار الکتابۃ

جن قیدیوں کے پاس کچھ نہ تھا اور وہ لکھنا جانتے تھے اُن کا فدیہ یہ مقرر ہوا کہ وہ اطفال انصار کو لکھنا سکھائیں جب اُنھیں لکھنا آجائے تو یہ قید سے آزاد ہیں۔

## اقساط کی کھلی مثال

لما کانت اساری بدر کان فیھم العباس عم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فسھر النبی صلے اللہ علیہ لیلته فقال له بعض اصحابه ما اسھرک یا نبی اللہ

بدر کے قیدیوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حضرت عباس بھی تھے قیدیوں کی مشکیں باندھ دی گئی تھیں حضرت عباس کراہنے لگے بغل میں قیدیوں کے خیمہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تھا حضرت عباس کے کراہنے سے

Marfat.com

فقال این العباس فقام رجل فارخی من وثاقه فقال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مالی لا اسمع انین العباس فقال رجل من القوم انی ارخیت من وثاقہ شیئا قال فافعل ذالک بالاساری کلھم ۵

آپ بے کل ہو گئے آنکھوں سے نیند اڑ گئی بعض صحابی نے عرض کیا یا رسول اللہ بیخوابی کا کیا سبب ہے آپ نے فرمایا عباس کی کراہ یہ سن کر حاضرین میں سے ایک صحابی اٹھے اور حضرت عباس کے بند ڈھیلے کر دیے۔ تھوڑی دیر بعد آپ نے پوچھا کہ عباس کے کراہ کی آواز کیوں نہیں سنتا ہوں حاضرین میں سے ایک نے عرض کیا کہ میں نے ان کی بندش ڈھیلی کر دی ہے آپ نے فرمایا کہ ساری قیدیوں کی بندش ڈھیلی کر دی جائے

اے مفتیان شریعت گاندھی ان واقعات کو پڑھو اور ہمیں بتاؤ کہ قیدیوں کے ساتھ جو سلوک روا رکھا گیا یہ احسان و انصاف ہے یا بدی اور ظلم۔ اگر یہ واقعات سراسر رحمت شفقت عدل اور انصاف بتاتے ہیں تو پھر تمہارا یہ کہنا کہ سورہ ممتحنہ کی آیۃ ایک اصولی تقسیم ہے کس قدر لغو اور باطل ہے۔ یا یہ کہو کہ یہ احسان و انصاف اُن لوگوں کے ساتھ ہوا جو اقسام ثلثہ ظلم میں سے ایک کے بھی مرتکب نہ تھے نہ تو انھوں نے مسلمانوں کو قتل کیا تھا نہ مکانوں سے نکالا تھا نہ اُن کے دشمنوں کی مدد کی تھی تو آفتاب پر خاک ڈالنا ہے یا یہ کہو کہ یہ موالات و مداہنت ہے اگر تمہارے نزدیک یہ موالات ہے یا مداہنت تو تمھیں تمہارا فتوی مبارک ہو ہمیں اسوۂ حسنہ رسول کی تعمیل کرنے دو تمھیں اپنے پیشوا کی تعلیم اور اس کی تعمیل نصیب ہو یوم ندعوا کل اناس بامامھم کا جس روز ظہور ہو گا تم گاندھی کے ساتھ ہو گے اور مسلمین رسول عربی صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

کے لوا رِ حمد کے نیچے ہوں گے۔

فتح مکہ سے نظیر | سورۂ ممتحنہ فتح مکہ سے قبل نازل ہوئی ہے لہٰذا ہمیں یہ دیکھنا چاہیئے کہ جب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ فتح فرمایا اُس وقت اُنھی کفار کے ساتھ جنھوں نے تیرہ برس تک مسلمانوں پر ظلم و ستم کی مشاقی کی تھی جن کی شرارتوں نے مسلمانوں کو بے خانماں بنا کر ہجرت پر مجبور کیا تھا جن کے پیہم حملوں نے مدینہ طیبہ میں بھی راحت و سکون سے بیٹھنے نہ دیا تھا اب کہ مکہ فتح ہوتا ہے اور کفر کے سارے گھمنڈ خاک مذلت میں فنا ہو رہے ہیں رسول کا برتاؤ ایسے فریق محارب جنگجو جفا کار کے ساتھ کیا ہوتا ہے۔

روایات معتبرہ ہمیں یہ بتاتی ہیں کہ رسول اللہ کا نقیب مکہ کی ہر گلی کوچہ میں یہ صدا دے رہا ہے کہ

| | |
|---|---|
| من دخل دار ابی سفیان فھو | جو ابوسفیان کے مکان میں داخل ہو جائے اُسے |
| اٰمن ومن اغلق علیہ بابہ فھو | امن ہے جو اپنے مکان کا دروازہ بند کر لے اُسے |
| اٰمن ومن دخل المسجد فھو اٰمن | اماں ہے۔ جو مسجد الحرام میں داخل ہو جائے اُسے اماں ہے۔ |

ایک صدائے اماں ہے کہ ہر در و دیوار سے گونج رہی ہے کفار کی جماعت سامنے کھڑی ہے سطوت محمدی نے سارے حوصلے پست کر دیئے ہیں اپنی جفائیں یاد ہیں لیکن وہ ذات جسے خود اُس کا رب العزۃ یہ فرمائے کہ وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین اُس کے رحمت و کرم پر کفار و مشرکین مکہ کو بھی یہ اعتماد ہے کہ جب اُن سے بارگاہ نبوت سے یہ سوال ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| قال یامعاشر قریش ما | اے جماعت قریش تمہارا کیا خیال ہے آج تمہارے خونخوار ظلم و ستم کا |
| ترون انی جاعل فیکم | کیا عوض دیا جائے گا تو وہ فوراً جواب میں یہ کہہ اُٹھتے ہیں |

Marfat.com

اخ کریم و ابن اخ کریم آپ کرم کرنے والے بھائی ہیں اور ایسے باپ کے بیٹے ہیں جو کرم کرنے والا بھائی تھا۔

ارشاد ہوتا ہے۔

انتم الطلقاء جاؤ تمھیں آزاد کیا۔

لا تثریب علیکم الیوم یغفر اللہ آج تم پر کوئی ملامت نہیں اللہ تعالیٰ تمھیں بخشے اور وہ لکم وھو ارحم الراحمین ○ سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔

الحق کل اناء یترشح بما فیہ ہر ظرف سے وہی ٹپکتا ہے جو اُس میں ہوتا ہے وہ سینہ جو کہ رحمت و کرم شفقت و عطا کا ایک دریائے ناپیدا کنار ہو اُس میں جب جوش آئیگا تو شفقت و کرم ہی کی موجیں لہریں مارتی ہوں گی۔

انھیں مشرکین میں کچھ مرد و زن ایسے بھی مجرم و خطا کار تھے جن کا خون ہدر کر دیا گیا تھا ہدر کے یہ معنی کہ جہاں کہیں پائے جائیں فوراً قتل کر دیئے جائیں ان میں سے ایک نے خانہ کعبہ کے پردوں میں اپنے کو جا چھپایا صحابہ نے یہ خبر پہونچائی حکم ہوا وہیں تہ تیغ کیا جائے۔ لیکن ان میں سے بھی اگر کسی کی سفارش کی گئی تو اُسے قبولیت کا شرف عطا فرمایا گیا۔

**حضرت عکرمہ کا واقعہ** عکرمہ بن ابی جہل کا بھی خون ہدر کیا گیا تھا اُن کی بی بی ام حکیم ایمان لائیں اپنے شوہر کی جان بخشی کی سفارش کی حکم ہوا معاف کیا۔

عکرمہ بن ابی جہل ہدر کی خبر سُن کر فرار کر چکے تھے بی بی نے پیچھا کیا جہاز پر سوار ہو کر قصد روانگی کا تھا جو بی بی نے پالیا جان بخشی کا مژدہ سُنایا عکرمہ کو یقین نہیں آتا کہ اپنی اذیت رسانی یاد کرتے ہیں تو بی بی کا پیام مشکوک معلوم ہوتا ہے آخر بڑی رد و کد

Marfat.com

کے بعد اُنھیں یقین آتا ہے اب نہایت بیتابانہ شوق میں حاضر بارگاہ رسالت ہوکر عرض کرتے ہیں کہ یہ عورت یعنی ام جمیل یہ کہتی ہے کہ آپ نے میرے گناہوں کو معاف فرما دیا کیا اس کا قول سچ ہے ارشاد ہوا ہاں سچ کہتی ہے میں نے معاف کیا عرض کرتے ہیں کہ یہ کرم یہ عفو سوائے نبی برحق کے کسی بشر میں ہو نہیں سکتا یہ کہا اور کلمہ طیبہ پڑھکر داخل اسلام ہوئے۔

**حضرت عثمان بن طلحہ کا واقعہ** حضرت عثمان بن طلحہ کلید بردار خانۂ کعبہ کی تلاش میں حضرت بلال بھیجے جاتے ہیں جب وہ حاضر ہوئے خانۂ کعبہ کی کنجیاں پھر اُنھیں کو یہ فرما کر عطا کر دی گئیں کہ ہمیشہ کے لئے کلید برداری تمہارے خاندان کو مبارک ہو۔

خطب الناس یومئذٍ ودعا عثمان بن طلحۃ فدفع الیہ المفتاح وقال خذ وھا یا بنی ابی طلحۃ تالدۃ وخالدۃ لا ینزعھا منکم احد الا ظالماً ۔

فتح مکہ کے روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک خطبہ القا فرمایا حضرت عثمان بن طلحہ کی طلبی ہوئی یہ فرماتے ہوئے کعبہ کی کنجیاں اُن کے حوالہ کی گئیں اے بیٹا ابوطلحہ کے ہمیشہ کے لئے یہ کنجیاں لو اب تم سے کوئی چھین نہ سکے گا مگر وہ جو کہ ظالم ہو۔

اس کے بعد ارشاد ہوا۔

یا عثمان الیوم یوم بر و وفا

اے عثمان آج کا دن وفا اور بر کا دن ہے۔

(حضرت عثمان بن طلحہ فتح مکہ سے قبل ایمان لائے تھے لیکن قیام مکہ میں تھا)

میں نہیں سمجھ سکتا کہ باوجود ان واقعات کے پھر بھی جو شخص یہ کہتا ہے کہ برداقساط فریق غیر محارب کے ساتھ مخصوص ہے وہ ان واقعات کو کیا سمجھا ہے اگر اس کا نام احسان اور عدل نہیں تو کیا ہے خود حضور ہی نے اس دن کا نام یوم بر و وفا قرار دیا تو

Marfat.com

اب اسے مسلمان بر و احسان نہ کہیں تو کیا کہیں ؟

صفحات ماسبق میں واضح بیان ہوچکا کہ آیتہ انما ینہاکم اللہ الخ میں جو موالات منع اور بر و اقساط سے سکوت فرمایا گیا اُس کی وجہ تنوعات حالت ہی اور ہر حالت کے لئے فرقان حمید میں حکم موجود اب ہر حکم کی تعمیل فعل رسول سے واضح و لائح کر دی گئی۔

بدر کی لڑائی میں ستر قیدی تھے اُن میں سے بعض قتل کئے گئے بعضوں کو زرفدیہ لے کر رہا کیا گیا بعضوں کو تعلیم کتابت کی خدمت لے کر چھوڑ دیا گیا بعض جو نادار تھے اُنھیں احساناً و امتناناً آزاد کیا گیا غرض جس کے مناسب حال جو طرز عمل تھا وہی ہوا۔

فتح مکہ کے روز گیارہ مرد اور چھ عورتوں کا خون آپ نے ہدر فرمایا تھا جن میں سے چار مرد اور چار عورتیں قتل ہوئیں بقیہ مجرمین دولت ایمان اور نعمت اسلام سے سعادت اندوز ہوئے جن میں سے ایک حضرت عکرمہ بن ابو جہل ہیں اور ان کا واقعہ اوپر مذکور ہو چکا اس موقع پر مناسب معلوم ہوتا ہی کہ تفسیر المنار کی عبارت پیش کر دوں شاید یہی عبارت موجب ہدایت ہو۔

| | |
|---|---|
| ولا تنس ان هٰذه الآیات نزلت قبل فتح مكة وكان المشركون فی عنفوان طغیانهم واعتدائهم وقد عمل علیه الصلوٰة والسلام یوم الفتح بهذه الوصایا فعفا عن قدرة وحلم عن عزة وسلطة وقال انتم الطلقاء: واحسن الی المؤمن | ہاں یہ فراموش ہونے پائے کہ آیات عدم موالات کا نزول فتح مکہ سے قبل ہی اُس زمانے میں کفار کی سرکشی اپنے جوش شباب اور حد افراط پر تھی فتح مکہ کے دن بیشک پیغمبر خدا نے ان وصیتوں کی اس طرح تعمیل فرمائی کہ باوجود کمال قوت اور انتہائے سطوت و شوکت کفار سے ارشاد ہوا کہ تم سب آزاد ہو احسان و کرم کا ایسا دریا رواں تھا جس سے مومن کافر |

Marfat.com

والکافر والبر والفاجر ومثله اهل للفضل والاحسان ‏ نیکو کار اور بدکار ہر ایک سیراب ہو رہا تھا۔

ولقد کان للمؤمنین فیہ اسوۃ حسنۃ ولکن بعد تحمو المسلمین الیوم من سنتہ و من کتاب اللہ الذی تادب ھو بہ اللھم اھد ھؤلاء المسلمین بھدایۃ کتابک لیکونوا بحسن عملھم حجۃ لہ بعد ما صار اکثرھم بسوء العمل حجۃ علیہ ؎

مسلمانوں کے لئے فتح مکہ کے واقعات اسوۂ حسنہ ہیں ضرورت سے زیادہ مسلمان بننے والے آج اپنے پیغمبر کی سنت راشدہ اور وہ کتاب الٰہی جس کی تعلیمات سے اُس نے اُن کی ادب آموزی کی تھی دُور ہو رہے ہیں اے اللہ تو مسلمانوں کو ہدایت قرآنی کی طرف رہبری فرما تاکہ نیک عمل اُن کے لئے حجۃ ہو نہ کہ بُرے اعمال اُن پر حجۃ ہو جائیں۔

اب میں نہیں سمجھ سکتا کہ آیات سورہ ممتحنہ کے متعلق اس سے زیادہ اور کیا کہا جا سکتا ہے جس کے دل میں کچھ بھی نور ایمان ہے اور قوت مدرکہ اُس کی باطل نہیں ہوئی ہے وہ ان تمام منقولات کے مطالعہ سے فارغ ہو کر ضرور اس نتیجہ پر پہونچے گا کہ موالات کسی کافر سے کسی حال میں درست نہیں اور وہ امور جو موالات حقیقی سے ماسوا ہیں اُن کا تعامل ہر حال میں جائز و صحیح۔

لیکن اب ہم ایک ایسی صاف اور بین حدیث بخاری شریف سے پیش کرتے ہیں کہ اگر ایمان کا شعبۂ حیا کچھ بھی سر سبز ہے تو تمہارے لیڈر خود ہی کہہ اُٹھیں گے کہ نان کوآپریشن کو ترک موالات کہنا سراسر کذب اور افترا ہے جس کے ترک پر ہم مصر ہیں نہ یہ دین کی خدمت ہے نہ اتباع سنت رسول ہے نہ کہیں اس مقابلہ کا سراغ حیات مقدس رسول اکرم میں پایا جاتا ہے نہ یہ جہاد ہے نہ مسلمانوں کی خیر خواہی ہے بلکہ محض حکم گاندھی کی تعمیل ہے

Marfat.com

اور سرکار کفر و شرک کی غلامی۔

حدثنا عبد الله بن یوسف قال حدثنی
اللیث قال حدثنی سعید ابن سعید سمع
اباھریرۃ قال بعث النبی صلی اللہ علیہ
وسلم خیلا قبل نجد فجاءت برجل من
بنی حنیفۃ یقال لہ ثمامۃ ابن اثال
فربطوہ بساریۃ من سواری المسجد
فخرج الیہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال
ماعندک یا ثمامۃ فقال عندی خیر
یا محمد ان تقتلنی تقتل ذادم وان تنعم
تنعم علی شاکر وان کنت ترید المال
فسل منہ ما شئت فترکہ حتی کان الغد
ثم قال لہ ماعندک یا ثمامۃ قال
عندی ما قلت لک ان تنعم تنعم علی
شاکر فترکہ حتی کان بعد الغد
فقال ماعندک یا ثمامۃ
فقال عندی ما قلت
لک فقال اطلقوا ثمامۃ فانطلق
الی نخل قریب من المسجد فاغتسل

حضرت ابوہریرہ روایت کرتے ہیں
کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک
دستہ سواروں کا نجد کی طرف روانہ
فرمایا اُس فوج نے بنو حنیفہ میں سے
ایک شخص کو گرفتار کر لیا مدینہ
پہونچکر ستون مسجد سے اُسے باندھ
دیا اس شخص کا نام ثمامہ بن اثال تھا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب تشریف
فرما ہوئے تو آپ نے پوچھا کہ ثمامہ کیا
ارادہ ہے اُنھوں نے کہا نیک ارادہ
اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اگر
آپ مجھے قتل فرمائیں گے تو میرا خون
رائیگاں نہ جائے گا میں جتا
نہ رکھنے والا ہوں۔
اور اگر آپ انعام فرمائیں تو ایسے شخص پر انعام ہوگا
جو شکر گزار ہوگا اور اگر مال کا ارادہ ہے تو جس قدر
چاہیئے مانگئے دیا جائے گا یہ جواب سن کر آپ نے

Marfat.com

ثم دخل المسجد فقال اشهد
ان لا اله الا الله وان محمدا
رسول الله یا محمد والله ما
کان علی الارض وجه ابغض
الی من وجهك فقد اصبح وجهك
احب الوجوه الی والله ما کان
من دین ابغض الی من دینك
فاصبح دینك احب الدین الی
والله ما کان من بلد ابغض
من بلدك فاصبح بلدك احب
البلاد الی وان خیلك اخذتنی
وانا ارید العمرة فما ذا تری فبشره
رسول الله صلی الله علیه وسلم
وامره ان یعتمر فلما قدم مکة
قال له قائل صبوت قال لا
ولکن اسلمت مع محمد رسول الله صلی الله
علیه وسلم ولا والله لا تاتیکم
من الیمامة حبة حنطة حتی یاذن
فیها النبی صلی الله علیه وسلم ۃ

انھیں ستون سے کھول دیا دوسرے دن صبح کو جو
ملاقات ہوئی تو آپ نے پھر وہی سوال کیا کہ کیا
ارادہ ہے جواب میں ثمامہ کے انھیں کلمات گذشتہ کا
اعادہ تھا پھر تیسری صبح کو سوال ہوا اور جواب میں
وہی الفاظ سابقہ تھے اب حکم ہوا کہ ثمامہ آزاد کردیے
جائیں وہ آزاد ہوکر چلے اور مسجد نبوی کے قریب
جو نخلستان تھا وہاں پہونچکر اچھی طرح غسل کیا اور
پلٹ کر پھر مسجد نبوی میں حاضر ہوئے اور کہا
اشھد ان لا الہ الا اللہ وان محمدا رسول اللہ کلمہ طیبہ
پڑھنے کے بعد عرض پرداز ہوئے یا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)
قسم ہے اللہ کی روئے زمین پر آپکے چہرہ سے زیادہ مبغوض
چہرہ میرے نزدیک کوئی دوسرا نہ تھا لیکن آج روئے زمین میں
کوئی صورت آپکے چہرۂ انور سے زیادہ محبوب میرے نزدیک
نہیں قسم اللہ کی آپکے دین سے زیادہ مبغوض کوئی دین نہ
تھا لیکن اب آپکے دین سے زیادہ محبوب کوئی دین نہیں
قسم اللہ کی آپکے شہر سے زیادہ مبغوض کوئی شہر نہ تھا لیکن
آپکے شہر سے اب زیادہ کوئی شہر محبوب نہیں اس کے بعد
یہ التماس پیش کی کہ آپکے سواروں نے مجھے اس وقت گرفتار
کیا ہے جب کہ میں نے عمرہ کی نیت کر لی تھی اب کیا
ارشاد ہے۔

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انھیں صدق ایمان پر بشارت عطا فرمائی اور حکم دیا کہ اب مسلمان ہو کر مسلمانوں کی طرح عمرہ ادا کرو۔

جب ثمامہ مکہ پہنچے اور لبیک کا نعرہ بلند کیا کفار نے ان سے کہا کہ ثمامہ کیا تم بے دین ہو گئے فرمایا نہیں میں نے دین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو قبول کیا قسم ہے اللہ کی اب یمامہ سے ایک دانہ گیہوں کا تمہارے پاس نہ آئے گا جب تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی پروانگی نہ عطا فرمائیں (بخاری شریف)

بخاری شریف کی روایت ختم ہوئی قطع نظر اس الطاف کے جو حضرت ثمامہ پر بحالت کفر مبذول رہا قابل لحاظ آخر کا واقعہ ہے کفار مکہ کا آذوقہ یمامہ کے غلہ پر تھا ثمامہ وہاں کے رئیس تھے مکہ سے واپس آکر جب یمامہ پہنچے تو اس کی بندش کر دی کہ ایک دانہ اناج کا مکہ نہ جانے پائے غلہ کا بند ہونا تھا کہ کافروں کو تارے نظر آنے لگے بدحواس ہو کر بارگاہ نبوت میں مستغیث ہوئے ثمامہ کو حکم دیا گیا کہ غلہ کی بندش نہ کرو جس طرح معاملہ ہوتا تھا جاری رکھو۔

بخاری شریف میں ثمامہ کا یہ کہنا مذکور ہے کہ بغیر اذن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک دانہ بھی گیہوں کا مکہ نہ آنے پائے گا لیکن بقیہ حصہ روایت کا ابن ہشام اور طبقات ابن سعد میں مذکور ہے۔

صحیح بخاری کے تمام شراح ابن ہشام کی روایت قبول کرتے ہیں فتح الباری اور عینی شرح بخاری ملاحظہ ہو ابن ہشام کے الفاظ ان دونوں محدثین نے نقل فرمائے ہیں میں نہیں سمجھتا کہ فتح الباری اور عینی کے بعد یہ کہنے کی ضرورت ہو کہ قسطلانی و کرمانی نے بھی نقل کیا ہے۔

Marfat.com

ابن ہشام نے اُن چند ایام کی مہمانی جو حالت کفر میں کی گئی اُس کی تفصیل بھی لکھی ہے مہمانی کے متعلق ابن ہشام کے یہ الفاظ ہیں۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احسنوا اسارہ ورجع الی اھلہ فقال اجمعوا ما کان عندکم من طعام فابعثوا بہ الیہ وامر بلقحتہ ان یغدی علیہ بھا ویراح

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اصحاب سے یہ فرمایا کہ اپنے قیدی کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آؤ پھر آپ ازواج مطہرات کے پاس تشریف لے گئے کہ تمہارے پاس جو کچھ کھانا ہو اُسے جمع کر دو اور ثمامہ کو بھیجدو علاوہ اس کھانے کے ایک شیر دار اونٹنی مقرر کر دی گئی جو صبح و شام دونوں وقت ثمامہ کے پاس دُودھ کی غرض سے جاتی تھی۔

غلہ کی بندش اور اُس کی پروانگی کے متعلق یہ الفاظ ہیں۔

ثم خرج الی الیمامۃ فمنعھم ان یحملوا الی مکۃ شیئاً فکتبوا الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انک تامر بصلۃ الرحم وانک قد قطعت ارحامنا وقد قتلت الآباء بالسیف والابناء بالجوع فکتب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الیہ ان یخلی بینھم وبین الحمل (ابن ہشام)

پھر یمامہ پہنچکر ثمامہ نے وہاں کے بیوپاریوں کو منع کر دیا کہ کچھ بھی غلہ مکہ نہ جانے پائے کفار مکہ نے آنحضرت کی خدمت میں خط بھیجا کہ صلہ رحم کا سبق دیتے ہو اور اور خود قطع کرتے ہو باپوں کو میدان جنگ میں مار ڈالا اور بیٹوں کو بھوک سے مارے ڈالتے ہو آپ نے ثمامہ کو لکھ بھیجا کہ بار برداری غلہ کی بندش اُٹھا لو اور کاروبار کو حسب معمول جاری رہنے دو۔ (ابن ہشام)

یہ واقعہ او ہرگزرچکا کہ ایک وقت میں کفار مکہ نے یہی معاملہ پیغمبر خدا کے ساتھ

Marfat.com

کیا تھا اور دو برس تک خاندان ہاشم مصیبت و تکلیف برداشت کرچکے تھے اب ایک موقع ایسا آیا تھا کہ کفار مکہ سے پورا عوض اُس مقاطعہ کا لیا جاتا تو بہ چند وجوہ خلاف عدل نہ تھا۔

(۱) اہلِ مکہ کافر تھے (۲) مسلمانوں سے بارہا قتال فی الدین کرچکے تھے۔

(۳) مسلمانوں کو گھروں سے نکالا تھا (۴) مسلمانوں کے اخراج پر مدد کی تھی۔

(۵) مسلمانوں سے بلکہ خود پیغمبر سے دو برس تک مقاطعہ جاری رکھا تھا نہ چیز خریدتے تھے نہ اُن کے ہاتھ کچھ بیچتے تھے۔

(۶) یمامہ سے غلّہ کا بند ہو جانا اُنہیں مضطر کرچکا تھا اگر اس پر ذرہ زیادہ زور دیا جاتا تو کفر کی کمر ٹوٹ جاتی۔

(۷) کفار نہ صرف مکہ بلکہ خانہ کعبہ پر متصرف تھے بیت اللہ کو کثرت اصنام سے صنم خانہ بنا رکھا تھا۔

(۸) مسلمان حج اور عمرہ ادا نہیں کرسکتے تھے خود ثمامہ کو لبیک کہنے پر کفار نے پکڑ لیا تھا لیکن اے لیڈرو باوجود ان تمام باتوں کے مقاومت مجہول جس کی ایجاد پر تمہیں ناز ہے پیغمبر خدا نے اس بندش و بائیکاٹ کے توڑنے کا حکم صادر فرمایا۔

بخاری و مسلم شریف کے الفاظ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ثمامہ نے حمایت دین کے خیال سے بطور خود غلہ کی بندش کی تھی شروح بخاری اور سیر کی معتبر کتابیں مثل ابن ہشام وابن سعد یہی بتاتی ہیں اصابہ کی عبارت بھی یہی ظاہر کرتی ہے لیکن علامہ سرخسی مبسوط میں فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ثمامہ کو اسی عہد پر رہا فرمایا تھا کہ کفار مکہ کو وہ غلہ نہ بھیجیں گے۔

Marfat.com

بہرحال اس قدر مسلم ہے کہ غلہ کی آمد یمامہ سے بند ہوگئی اور جب کفار مکہ پریشان ہو کر مستغیث بارگاہ رسالت ہوئے تو وہ بندش توڑ دی گئی۔

کفار نہ تو اپنے کفر سے باز آئے نہ اُنھوں نے خانہ کعبہ سے بتوں کو ہٹایا نہ حرم محترم سے اپنا قبضہ اُٹھایا نہ یہ وعدہ کیا کہ آیندہ سے نہ تو مسلمانوں کو تکلیف پہنچائیں گے نہ کبھی دعوت اسلام کے سنگ راہ ہوں گے صرف قحط کی مصیبت لکھ بھیجی وہ بھی تلخ الفاظ میں اس حدیث جلیل سے حسب ذیل امور معلوم ہوئے۔

(۱) بائیکاٹ یا نان کوآپریشن کا عرب میں دستور تھا (۲) بائیکاٹ کے موجد کفار مکہ ہیں۔
(۳) کفار نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بائیکاٹ کیا تھا جس کا سلسلہ دو برس تک جاری رکھا تھا۔
(۴) ثمامہ نے کفار مکہ سے بائیکاٹ کیا (۵) کفار مضطر و بیقرار ہوئے (۶) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ثمامہ کے فعل کو اپنے حکم سے منسوخ فرما دیا اور بائیکاٹ اُٹھ گیا (۷) اقسام جہاد میں سے اگر بائیکاٹ کوئی قسم جہاد ہوتا اور اس طرز عمل سے دشمن کو مغلوب بنا لینا اگر دین کی خدمت ہوتی تو اس موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کبھی منسوخ نہ فرماتے بلکہ اور ترغیب و تحریص فرما کر اسی مقاومت مجہول سے مکہ معظمہ کو کفار و مشرکین سے خالی کرا لیتے۔

(۸) بائیکاٹ یا نان کوآپریشن ہرگز مرادف ترک موالات نہیں۔

(۹) بائیکاٹ یا نان کوآپریشن کو جو ترک موالات کہتا ہے وہ بڑا گستاخ و بے ادب ہے کہ اُس کے نزدیک مشرکین مکہ سے پیغمبر خدا نے موالات کی جو غلہ کی بندش توڑنے کا حکم فرمایا۔

(۱۰) اس گستاخی کے خیال میں کفار کی منت و خوشامد یا گریہ و زاری پر مسلمانوں کو

Marfat.com

اپنا مذہب چھوڑ دینا یا کفر قبول کر لینا یا مسلمانوں کا اُن کے دین کا ضرر و نقصان کرنا سب جائز ہے پس ہی جس نے رد رو کرا ور ہاتھ کہنیوں تک جوڑ کر مذہب گاندھی میں داخل ہونے کی سعادت پائی ہو اُس کے سامنے اگر کافر رو کرا شد ترین کفر کی تحریک کرے تو اُس وقت یہ گستاخ نہ صرف کفر قبول کرے گا بلکہ اُسے شادی مرگ نصیب ہو گی۔

استغفر اللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ ۵

مسئلہ نان کو آپریشن کی حقیقت اب بالکل ہی عریاں ہو گئی علماء کا یہ ادعا کہ یہ ہمارے اجتہاد اور قوت دماغی کا نتیجہ ہے واضح ہو چکا نان کو آپریشن کے متعلق مولنٰنا عبد الباری صاحب کا خط پھر ملاحظہ فرمائیے اُن کا یہ فرمانا کہ اس کار کا دافع کار نہیں ہوں جو وہ کہتے ہیں وہی کرتا ہوں بالکل بجا و درست اور محض صدق وحق ہے۔ شریعت اسلام ایک شریعت معروف ہے اس کا قول معروف اس کا عمل معروف اس کی مقاومت معروف۔ لیکن مذہب کفر و بُت پرستی مجہول اس کا قول مجہول اس کا عمل مجہول اُس کی مقاومت مجہول پھر پرستاران ہنود مجہول ہی مجہول کی صدا نہ بلند کریں تو اور کیا کریں۔

**انقلاب عالم کے ارکان ثلاثہ** حقیقت اسلام سے نا آشنا و بیگانہ ملک گیر و متسلط بادشاہ کو مبلغ توحید اور رمز کی اخلاق کا شریک عمل جانتا ہے ملکوں کا فتح کرنا قوموں کا مغلوب بنا لینا انسانوں کے قوائے جسمانیہ و دماغیہ پر چھا جانا اس نا آشنا کے نزدیک دین ہے مذہب ہے اسی لئے وہ طریقہ جسے کسی وقت کفار مکہ نے ایجاد کیا تھا اور اسی مقاومت مجہول سے صدائے حق کو پست اور مبلغ اسلام کو شکست دینا چاہتے تھے آج اُسی کو ہمہ گیر بنانے کی کوشش کی جاتی ہے۔

Marfat.com

گاندھی سے ایسا ہوتا تو تعجب نہیں اگر کسی کافر کی مُردہ تحریک کوئی کافر زندہ کرے تو اس میں تعجب کا کیا موقع ہے ہاں تعجب یہ ہے کہ علماء جنھیں ورثۃ الانبیاء ہونے کا دعویٰ علوم دینیہ کے ضامن و کفیل ہونے کا ادعا اور اسی کے ساتھ بعض طے منازل سلوک میں کامل و مکمل ہونے کے مدعی وہ بھی کافر کے ساتھ ہم نوا ہو کر یہ کہنے لگے کہ یہ خاص قرآن کریم کا حکم ہے اور ایسے وقت میں یہی طریق کار اور نظام عمل ہے یہ کہا اور سارے ملک میں ایک ہنگامہ بپا کر دیا گھر گھر مسلمانوں میں تفرقہ ڈال دیا ایسی تحریک جس کی شریعت میں کوئی اصل نہ ہو اُسے عین شریعت کہکر خاندانوں میں جنگ و جدل پیدا کر دی حدیث شریف میں وارد ہے۔

| | |
|---|---|
| من احدث فی امرنا ھذا | جو شخص دین میں ایسی باتیں پیدا کرتا ہے جو دین سے نہیں تو اس کی |
| ما لیس منہ فھو رد | یہ ایجاد دین کے نزدیک مردود ہے۔ |

اسلام کا درد ہوتا مسلمانوں کی محبت ہوتی زوال خلافت کا اگر صدمہ ہوتا تو قوت پیدا کرنے کے صحیح ذرائع اختیار کرتے اُسوۂ حسنہ جسے حق سبحانہٗ نے فرمایا ہے اُس کی پیروی نہایت سرگرمی سے کرتے لیکن جب کہ حکومت ہند فرمان رے کا سرور پیدا کر رہی ہو تو پھر اس کے سوا اور کیا چارہ کار تھا کہ سوا راج چاہنے والوں کی کفش برداری کی جائے۔

یہ خاکدان ہستی عالم کون و فساد ہے تغیر و تقلب کی گونا گوں ہستیاں یہاں اپنی اپنی نوبت سے آئیں اور سطح خاکی کے بسنے والوں کو تہ و بالا کر ڈالا جزئی انقلابات سے قطع نظر کرتے ہوئے اگر اُن تغیرات کو شمار کر لیا جائے جو بمنزلہ اصول کلیہ ہیں اور جن کے تحت میں سارے جزئیات داخل ہو جاتے ہیں تو وہ تین قسموں میں منحصر ہو جاتے ہیں۔

(۱) سلطنت (۲) تہور (۳) علم و فن

Marfat.com

**سلطنت کا اثر** جب کبھی سلطنت ایک قوم کے ہاتھ سے نکل کر دوسری قوم کے ہاتھ میں پہونچی یا خود اپنی ہی قوم نے نظام سلطنت کے تغیر میں کامیابی حاصل کی ہو تو اس انقلاب و تغیر نے اس ملک کی تاریخ کا نیا باب شروع کر دیا ہے مفتوح نظام یا مفتوح قوم کے نقش مٹتے جاتے ہیں اور فاتح نظام یا فاتح قوم کے نقش و نگار ہر شعبہ میں اپنا جلوہ دکھاتے ہیں لیکن حکومتوں کا قایم کرنا یا قوۃ کو مرتبہ سلطنت تک پہنچانا کوئی انسانی کمال نہیں دنیا کا دکھ اور اہل دنیا کا درد سلطنت و حکومت سے نہ کبھی زائل ہوا نہ آیندہ زائل ہو یہ واقعہ ہے کہ سلطنت کسی قسم کی بھی کیوں نہو اس کا خلاصہ ہمیشہ یہی ہو گا کہ تمام محکوم آبادیوں کے جذبات اور قوائے دماغیہ شخص واحد یعنی بادشاہ یا ایک محدود افراد کی جماعت جنھیں ممبر پارلیمنٹ یا اراکین مجلس سے خطاب کر لیجئے ان میں جذب ہو کر فنا ہو جائے۔

انسان کے جذبات جس سے فنا ہوتے ہوں انسان کے قوائے عقلیہ اور احساسات دماغیہ جس سے برباد و تباہ ہوتے ہوں کیا اُسے یہ کہا جا سکتا ہے کہ دنیا کے دکھ کی دوا یہ ہے یہ خدا کا عتاب ہے کہ انسان بھیڑ بکری کی طرح چند آدمیوں کے ہاتھوں میں گرفتار رہ کر اپنے حیات کے دن پورے کرے سلطنت و حکومت کا وجود دنیا کا سخت مہلک مرض ہے نہ کہ دوا و علاج۔

**تہور کا اثر** اسی طرح تہور جب کہ ملک گیری و جہاں داری کے لئے اس کی نمائش کی گئی ہو تو زمین کے بسنے والوں پر یہ قہر آسمانی ہے کوئی جماعت یا قوم یا شخص واحد جب کہ نشہ تہور سے مست ہو کر کسی آبادی کا رخ کرے تو راحت و سکون درس و تدریس صنعت و حرفت شعبہائے معاشرت و تمدن اور آئین مذہب و ملت کا بیشمار انسانوں کے ساتھ ساتھ خون ہو جاتا ہے جس قدر نفوس شمشیر و سناں سے محفوظ رہے وہ جوش تہور سے ایسے پامال ہوئے کہ اب

Marfat.com

اُن کا سکون و حرکت فاتح و منصور کے چشم و ابرو کا مظاہر بن گیا فی الحقیقت جوش تہور بھی انسانوں کے غلام بنانے کا ایک دوسرا نام ہے اس لئے یہ دوسری قسم مرض کی ہے نہ کہ دوا و علاج -

علم کا اثر اب علم و فن کو لیجئے اگرچہ اس کا لباس بیدردی و بیرحمی کے نقش و نگار سے صاف معلوم ہو رہا ہے اس کی شکل و صورت سلطنت و تہور کی طرح خونخوار بھی نہیں اس کی سنجیدگی و متانت میں دلکشی بھی پائی جاتی ہے لیکن باعتبار واقعہ یہ اپنے دونوں شریکوں سے کچھ کم جفا کار نہیں اعضا و جوارح پر جس بیرحمی سے ایک مستولی سلطان حکومت کرتا ہے قوائے ذہنیہ اور دماغیہ پر علم و فن اُسی شدت سے اپنی فرماں روائی کرتے ہیں بلکہ اگر امعان نظر سے کام لیا جائے تو علم کی ہمہ گیری سلطنت و تہور سے کہیں زیادہ موثر ثابت ہوگی مال و زر عہدہ و مناصب امن و امان و ازیں قبیل دیگر امور کا تعلق سلطنت و حکومت سے ہوا کرتا ہے بادشاہ انھیں چیزوں میں نرمی یا گرمی کرنے کا اختیار و قدرت رکھتا ہے لیکن وہ امور جن سے فی الحقیقت قوم قوم بنتی ہے وہاں حکومت و قوت دونوں پا بریدہ و دست شکستہ ہیں قوم کی اخلاقی زندگی جو ہر طرح کی ترقیوں کا راز ہے قوم کا علمی شغف جس پر دارمدار فضیلت انسانی ہے قوم کے مراسم و دستور جس پر اقتصاد و تمدن کی بنیاد ہے اور سب سے بڑھکر قوم کی دماغی زندگی جس سے حوصلہ میں وسعت خیالات میں بلندی ضمیر میں روشنی پیدا ہوتی ہے ان سب کا سرچشمہ اہل علم کا گروہ ہوتا ہے -

مالکان قلم نے بارہا نبرد آزماؤں کے نیزوں کو شکست دی ہے ان کی سیف لسانی نے بارہا شمشیر زنوں کے منہ پھیر دیئے ہیں دُور نہ جائیے ملک غیر اور عہد ماضی کی مثال نہ ڈھونڈھیے حالات حاضرہ پر ایک نظر ڈالئے آج ملک میں جو کچھ ہو رہا ہے یہ نتیجہ ہے

Marfat.com

صرف چند تعلیم یافتگان ملکی کا۔

واقعات گزر رہے تھے لیکن ملک بے خبر تھا گلے پر چھری چل رہی تھی لیکن احساس مٹ چکا تھا جو کلوروفارم انھیں سنگھایا گیا تھا اُس کی بیہوشی میں یہ مدہوش تھے چند تعلیم یافتہ اشخاص اُٹھے واقعات کی اصلی خون آلود شکل دکھائی ناظرین دیکھکر متاسف ہوئے اور دو آنسو غم کے بہائے لیکن تصویر دکھانے والوں نے انھیں دم لینے نہ دیا بلکہ کچھ اس طرح ان کے پیچھے پڑ گئے کہ اپنی بزم ماتم میں انھیں نوحہ خوان بنا کر چھوڑا۔

اب وہ باتیں جن کا خیال اگر وہم میں بھی گزر جاتا تو کئی کئی روز تک خوف وہیبت سے نیند اُڑ جاتی بھوک ساقط ہو جاتی لیکن آج کا دن ہے کہ ہر کوچہ و برزن میں وہی ہولناک خیالات ایک ایک کے مُنہ پر آرہے ہیں کہنے والا کہتا ہے اور سُننے والے کو مزہ نہیں آتا سُن کر منہ بناتا ہے کہ پھیکا ہے بے مزہ ہے کچھ تلخی نہیں آخر یہ ماجرا کیا ہے ہندوستانیوں کے جذبات اکبارگی کیوں متغیر ہو گئے یہ علمی گروہ کی وہی زبردست حکومت ہے جس کی قوت نے اب ظہور کیا ہے۔

اگر پبلک کی آواز یا اُن کا اتفاق خیال چاہیئے تو تعلیم یافتہ گروہ کی ایک کافی مقدار کو اپنا ہم آہنگ بنا لیجئے پھر پبلک آپ کے ساتھ ہے۔

یہ واقعہ اور حقیقت ہے کہ عوام نہ اپنی رائے رکھتے ہیں نہ اُن کی کوئی آواز ہے ملک میں تعلیم یافتہ گروہ جب کسی خیال کی ترجیح یا ہمہ گیری چاہتا ہے تو وہ اپنی تقریر و تحریر سے عوام میں اُسی خیال کو پیدا کر دیتا ہے وہ اپنے خیال کے صور کو اس بلند آہنگی سے پھونکتا ہے کہ عوام کے خیال اُسی کے خیال کا عکس اور عوام کی آواز اُسی کی صدائے بازگشت ہوتی ہے

اس وقت ہندوستان کا ہنگامہ بالکل اپنی مثال میں صحیح ہے خصوصیت کے ساتھ مسلمانوں کی

Marfat.com

آواز اور ان کا جوش تو ہو بہو چند تعلیم یافتوں کے خیال اور آواز کا فوٹو ہے اخلاق تہذیب اور مذہب اس بیدردی سے پارہ پارہ کئے جارہے ہیں کہ شاید آیندہ کے لئے ایک تار بھی باقی نہ رہے گا۔

**خلافت سے جنگ، انگریزوں سے موالات** اس اجمال کی ہم ایک مختصر تفصیل پیش کرتے ہیں اٹلی کی سلطنت حملہ آور ہوئی اور جنگ طرابلس شروع ہوگئی اس وقت چند تعلیم یافتوں نے تحریک چندہ کی بنیاد ڈالی جس کا سلسلہ جنگ بلقان تک جاری رہا اسی اثنا میں اٹلی کا مال بائیکاٹ کیا گیا ترکی ٹوپیاں وہاں کی بنی ہوئی جن کے سروں پر تھیں انھیں آگ کے سپرد کیا گیا۔

قسطنطنیہ وفد طبیہ کے جانے کی تجویز پیش ہوئی اور کامیابی کے ساتھ یہ کام انجام تک پہونچا اس کے بعد خلافت اور اس کی ہمدردی کی تحریکیں نسیاً منسیا کردی گئیں اب تعلیم یافتہ گروہ کی توجہ قسطنطنیہ سے منعطف ہوکر سیاست ہند کی طرف پلٹی پبلک کی توجہ بھی ادھر ہی مڑ گئی اٹلی و دیگر بلاد یورپ کا مال فروخت ہوتا رہا اور مسلمان بلا جھجک اسے خریدتے رہے کر علماء کے فتاوے بائیکاٹ سے جو متعلق تھے جب تعلیم یافتوں کے آفس سے خارج کردیئے گئے تو عوام نے بھی انھیں ردی میں ڈال دیا ہاں جو نغمہ تعلیم یافتوں نے چھیڑا تھا اس راگ کو پبلک برابر الاپتی رہی اس عرصہ میں ترکی بالخلافت مٹتی رہی فنا ہوتی رہی لیکن کسی کی آنکھ نم بھی نہیں ہوئی طرفگی یہ کہ جب ہندوستانی فوجیں میدان جنگ میں بھیجی جانے لگیں تو ہندو اور مسلمان دونوں نے مل کر رنگروٹوں کی بھرتی میں پوری کوشش کی اب قرضہ جنگ کا چندہ ہوا دل کھول کر ہندو اور مسلمانوں نے روپیہ دیا تحریک ہوئی کہ دعائیں ہوں ہندو مندروں میں اور مسلمان مساجد میں جمع ہوئے اور یہ رسم بھی ادا کی گئی پھر تحریک ہوئی کہ آدرڈے منایا جائے ملک کی دونوں بڑی آبادیوں نے مل کر یہ جشن بھی منایا۔

Marfat.com

سب سے بڑی رو سیاہی یہ ہوئی کہ وفد طبیہ جب قسطنطنیہ جا رہا تھا تو سامان جراحی ولوازم شفا خانہ جس کی خریداری خالص اُس روپے سے ہوئی تھی جو محض مجروحین ترک ہی کے لئے جمع کیا گیا تھا آج اُسے وفد طبیہ کا صدر اُن دشمنوں کو بخشش کئے دیتا ہے۔ جو خلافت اور علم بردارانِ خلافت کو صفحۂ ہستی سے مٹا دینے کے لئے روانہ ہوئے ہیں۔

اس امانت میں خیانت کرتے ہوئے نہ تو عطا کرنے والے کو خوف الٰہی دامنگیر ہوتا ہے نہ اس وقت کے بیشمار مفتی و مجتہدوں میں سے کسی کو مسئلہ شرعی یاد آتا ہے نہ عوام ہی اسے کچھ معصیت سمجھتے ہیں۔

ہاں یہ بحث علما میں ضرور آئی کہ سلطنت سے اس قرضۂ جنگ کا سود لینا مسلمانوں کو حلال ہے یا نہیں بعض علما نے فتویٰ حلت کا دیا اور مثال اس جزئے سے لائے کہ ذی ثمر درخت میں سے اگر کوئی پھل ٹپک پڑے اُسے کوئی راہ رو اُٹھالے تو وہ پھل اُس کے لئے حلال ہے پس یہ سود ربٰو نہیں سلطنت خود بخود بغیر مطالبہ دیتی ہے تو کیا وجہ جو مسلمان اس کے لینے سے پرہیز کریں۔

فوجوں کی بھرتی کا یہ حیلہ پیدا کیا گیا کہ سلطنت انگلستان حملہ آور نہیں ہوئی ہے بلکہ خود ترکوں کی جانب سے حملہ آوری ہوئی ہے ایسی صورت میں فوجی مدد ممنوع نہیں۔

غرض سخت سے سخت روسیاہ کن امور وقوع پذیر ہوتے رہے اور مسلمان نہایت اطمینان دسکون سے بیٹھے ہوئے تباہی کا نہ صرف تماشا دیکھا کئے بلکہ اپنے ہاتھ اور مال سے اُس میں شریک ہوئے اس عرصہ میں ہندوستان کی پالیسی میں ایک تغیر عظیم اتفاقی طور پر پیدا ہو گیا اور یہ رولٹ بل کے ثمرات تھے۔

اب تعلیم یافتوں نے خیر طلبی ہند کے لئے جو اپنی آواز اسلامی لحن میں بدل کر مسلمانوں کو

Marfat.com

للکارا تو سب کے سب خلافت خلافت پکارنے لگے۔

**واقعہ کربلا سی مثال** کتب تاریخ میں واقعہ کربلا کے متعلق ایک روایت ہی کہ بعد شہادت شہزادۂ مظلوم حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ و دیگر اہلِ بیت و فدائیان اہلِ بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین جب قافلہ اسیران اہلِ بیت کا اونٹوں پر روانہ ہوا تو جوق در جوق اہلِ کوفہ کا مکانوں کی چھتوں پر ہجوم تھا اس مقدس گروہ دُودمانِ نبوت کو حالتِ اسیری اور بے سروسامانی میں دیکھکر مرد و زن روتے جاتے تھے۔ حضرت سیدہ زینب رضی اللہ عنہا خواہر امام علیہ السلام اُن کوفیوں کی طرف ایک نظر ملامت و نفرت انگیز ڈال کر مستفسر ہوئیں کہ اے اہلِ کوفہ تم ہماری مظلومیت و بیکسی پر آنسو بہاتے ہو تو آخر میرے بھائی کو شہید کس نے کیا گلزار نبوت کو تاراج کرنے کی شقاوت و روسیاہی کس نے حاصل کی افسوس ہی تم پر اور تمہاری ہمدردی پر۔

یہی الفاظ آج خلافت کی زبان ہندوستانیوں کو کہہ رہی ہے مسٹر گاندھی جنھوں نے رنگروٹوں کی بھرتی و دیگر اعانت جنگ میں ایسی سرگرمی دکھلائی کہ بقول اُن کے "اُن کی صحت خطرناک مرض میں مبتلا ہوگئی"۔ خیر اُنھیں تو جانے دیجئے اس لئے کہ اسلام کا اضمحلال اگر کفر و شرک کا مقصود و مرغوب نہیں تو وہ کفر ہی کیا ہوا نہیں ان نوحہ خواں مسلمانوں سے پوچھئے اور علی الخصوص اُن علماء سے جن کا تقریباً آج کل روزنامچہ اخباروں میں چھپا کرتا ہے جن کی تعداد جمعیت اس وقت پانچ سو کہی جاتی ہے ان سے سوال کیجئے کہ جس وقت ہندوستانیوں کا خزانہ جا رہا تھا اور مسلمان چند سکہ چاندی کے لئے خلافت مٹانے کو جا رہے تھے تمہارے علم کو کیا ہوگیا تھا تمہاری جرأت کہاں سو رہی تھی تمہاری حق گوئی کس گوشہ میں چھپی ہوئی تھی تمہارا ایمان کس تہ خانے میں بند تھا تمہاری حریت اور تمہاری بیخوفی کہاں مدہوش غش کھائے پڑی تھی کیا تمھیں اُس وقت یہ حدیث یاد نہ آئی۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| (۱) من حمل علینا السلاح فلیس منا ۵ | (۱) جس نے ہم پر ہتیار اُٹھایا وہ ہم میں سے نہیں ۔ |
| (۲) من اشار الیٰ اخیہ بحدید ۃ لعنہ اللہ | (۲) جو اپنے مسلمان بھائی کی طرف لوہے سے اشارہ کرے اُس پر خدا کی لعنت ۔ |
| (۳) لا یشیر احد کم علیٰ اخیہ با لسلاح ۵ | (۳) خبردار کوئی تم میں سے اپنے مسلمان بھائی کی طرف ہتیار سے اشارہ بھی نہ کرے ۔ |

اس معنی میں بکثرت حدیثیں وارد ہیں اگر حدیث تم نے پڑھی نہیں یا موقع پر تمھیں یاد نہ آئی تو کیا تم تلاوت قرآن بھی نہ کرتے تھے کیا یہ آیۃ تمہاری تلاوت میں نہیں آتی تھی ۔

| | |
|---|---|
| ومن یقتل مومناً متعمداً فجزاؤہ جھنم خالداً فیھا وغضب اللہ علیہ ولعنہٗ واعد لہٗ عذاباً عظیماً ۵ | جو مسلمان کسی مسلمان کو جان بوجھ کر مار ڈالے تو اُس کی سزا ہمیشہ دوزخ میں رہنا ہے خدا کا غضب اور اُس کی لعنت قاتل پر ہے اور ایسوں کے لئے بہت بڑا عذاب تیار ہے ۔ |

اسے بھی چھوڑ دو ہی آیتیں جنھیں ترک موالات کے لئے پیش کر رہے ہو کیا کل تک وہ بھی تمھیں یاد نہ تھیں لیکن

علمائے سوکی ہندو پرستی اے گروہ ناخدا ترس اے جماعت علماء سو یوں کہو کہ یہ احادیث اور یہ حکم الٰہی تو آج تمھیں نیا سنایا ہے اس لئے کہ تمہارا رہبر اور تمہارا مذکر تو گاندھی ہے آج تک اُس نے تمھیں یاد نہ دلایا تو پھر تمھیں یاد کیوں کر آئے اگر قرآن شریف یا کتب احادیث و سیر تمہارے رہبر و مذکر ہوتیں تو تمھیں سب کچھ یاد آجاتا فی الحقیقت تم معذور ہو تمہارا مرتبہ عوام کا ہے تمہارے دماغ علوم سے خالی تمہارے سینے جذبات سے کورے تمہارے قلوب دولت ایمان سے مفلس تمہاری زبانیں گنگ اور تمہارے اقلام خشک تم تو ایک قالب بیجان ہو جو تمہارے

Marfat.com

لیڈر کہتے ہیں تم اُسی کی محاکات کر دیتے ہو اور اُن لیڈروں کا منبع فیض سرکار گاندھی اور
اُن کی ہنود پارٹی ہے سلسلہ یوں ہی کہ ایک تحریک مسٹر گاندھی پیش کرتے ہیں تعلیم یافتہ
مسلمان اُسے لبیک کہتے ہیں علمار سیاسی کا جبہ و عمامہ اُسے شرعی جامہ پہنا تا ہی ان علمار
کی یہ مجال نہیں کہ وہ بطور خود کوئی تحریک پیش کر سکیں یا کسی تحریک کے سامنے آمنا وصدقنا
کے سوا کوئی آواز بلند کرنے کی جرأت بھی کریں۔

ان علمار کا کیا ذکر خود اُس عالم کو لیجئے جسے لیڈروں نے شیخ الہند کا لقب دے کر
ایک عجیب و غریب ہستی ثابت کیا ہے اُس کے قلم میں بھی یہ قوت نہ تھی کہ وہ مسلمانوں کو
اُن افعال خبیثہ کی شناعت و معصیت بتا سکے جسے موالات کفار میں علی التوالی والتواتر
لیڈران نو گروہ مسلمین بار بار عمل میں لا رہے تھے مسئلہ قربانی گاؤ کے متعلق دبی زبان سے
اتنا کہنے پائے تھے کہ مسلمانوں نے جو طریقہ انسداد قربانی کا ایجاد کیا ہے وہ مذموم ہی
اُنھیں ایسا کرنا نہ چاہیئے تو لیڈروں نے وہیں زبان پکڑ لی اس آواز کو مردہ کر دیا گیا اور
باد صحرا سے زیادہ حیثیت اس ہدایت کو نہ دی گئی نہ تو صحائف و جرائد ہی میں اس کی اشاعت
عامہ ہوئی نہ لیڈروں کے رزولیوشن میں تغیر آیا نہ اپنی خطا و غلطی کا کسی نے اعتراف کیا۔
اگر کسی نے اُن کے شیخ الہند کا قول متعلق قربانی گاؤ یاد بھی دلایا تو ہنس کر ٹال گئے کہ یہ
ناآشنائے حقیقت کہتا گیا ہے اس چودھویں صدی میں شریعت جب کہ تلقینات گاندھی
کا نام ہی تو پھر شریعت اسلام کا ذکر ہی عبث ہی۔

قشقہ لگایا گیا علمار سیاسی خاموش رہی کافر کی ٹکسی اُٹھائی گئی علمار سیاسی خاموش
رہی کافر کا ماتم سر و پا برہنہ ہو کر کیا گیا علمار سیاسی خاموش رہی رام لچھمن پر پھولوں کا تاج
رکھا گیا علمار سیاسی خاموش رہی گاندھی کی جے پکاری گئی گئو ماتا کی جے بلند کی گئی علمار

Marfat.com

سیاسی خاموش رہی حد یہ کہ گاندھی کو کہا گیا کہ اگر نبوۃ ختم نہ ہوتی تو گاندھی نبی ہوتا علماءِ
سیاسی اب بھی خاموش رہے اس خاموشی سے شیخ الہند بھی مستثنیٰ نہ ہو سکے اگرچہ خادمانِ
اسلام تقریراً و تحریراً انھیں اعمال کفریہ پر بیدار بھی کرتے رہے لیکن پھر بھی کسی عالم سیاسی
میں اتنی جرأت نہ ہوئی جو وہ چالیس اعمال و اقوال کفریہ میں سے کسی ایک کے متعلق بھی
اپنے قلم کو جنبش دیتا تاآنکہ بماہ نومبر ۱۹۲۰ء دہلی میں جلسہ جمعیۃ العلما منعقد ہوا وہاں یہ
مسائل کسی نے پیش بھی کئے لیکن یہ کہکر کہ مصلحتِ وقت اس کی مقتضی نہیں بات ٹال دی
گئی حالاں کہ اُس اجلاس کی کرسی صدارت ایک عالم ہی کی نشست کا فخر رکھتی تھی ہاں
مسٹر شوکت علی نے ایک مذاق ضرور کیا کہ بحسب عادت قدیم مزاح میں ایک تقریر فرمائی
جس میں تلک کی ٹکٹی اُٹھانے پر ظریفانہ جملوں میں توبہ کی گئی تھی شاید یہ کہنے کی حاجت
نہیں کہ اُن کا فعل مسلمانانِ ہند کا فعل اور اُن کی توبہ مسلمانانِ ہند کی توبہ لیکن ستم ظریفی
یہ ہوئی کہ بعض ناآشنا متعصب ہندو مذاق کو حقیقت سمجھے اور اپنے اخبارات میں خوب
غیظ و غضب کے مضامین شائع کئے لیکن یہاں سے سکوت رہا اس لئے کہ جو مقصد تھا
وہ حاصل ہوچکا تھا بات رفع دفع ہوگئی لیکن علمارِ سیاسی کے سکوت میں اب بھی فرق نہ
آیا جمعیت کے پانچسو علمار میں سے کسی ایک میں بھی اس کی ہمت نہ ہوئی کہ مسٹر شوکت علی کے
پر مذاق توبہ کے دامن میں پناہ گزیں ہوکر اُن اعمال و اقوال کفریہ کے متعلق جن کی تعداد
تقریباً چالیس سے بھی متجاوز ہی کسی ایک قول یا ایک فعل کی بھی شناعت بیان کردی
یہ ہراس و سکوت علمارِ سیاسی کا اُن مسائل کے متعلق ہی جن سے ہندوؤں کو کوئی
شغف نہیں یہ تو محض لیڈروں کا جوش کفر پرستی ہے رہا وہ مسئلہ جس کا استیصال مسٹر گاندھی
چاہتے ہیں یعنی گائے کی قربانی اُس کے متعلق اگر علمارِ سیاسی خاموش رہتے تو یہ ناقابل

Marfat.com

فو گناہ نہ معلوم انھیں کیا سے کیا بنا دیتا لہٰذا اس پر فتوے ہوئے مضامین لکھے گئے سائل تصنیف کئے گئے اور یہ عجیب تماشا دکھایا گیا کہ گزشتہ سال تک گائے کی قربانی ہندوؤں کے وید اور شاستر سے ثابت کی جاتی تھی لیکن جب ایک فرقہ کے امام مسٹر گاندھی ہوئے تو اُن کے گروہ کو اب عدم جواز قربانی گاؤ قرآن وحدیث سے معلوم ہونے لگا۔

حقیقت یہ ہے کہ علماء اور اُن کے متبعین جب غالب ہوتے ہیں تو عوام اگر دین کے خلاف کوئی کلمہ نکالنا چاہتے ہیں تو غالب گروہ اُن کا گلا دبا دیتا ہے لیکن جب عوام غالب ہوتے ہیں اور علماء اور اُن کے متبعین مغلوب تو عالم جب کوئی بات دین کی کہنا چاہتا ہے تو غالب گروہ یعنی عوام علماء کا گلا دبا دیتے ہیں یہ وہی زمانہ ہے جس کی خبر حدیث شریف میں دی گئی ہے۔

**عصبیت اسلامی کی تخریب** دوستو یہ واقعات وحقایق ہیں دشنام دہی نہیں وہ روسیاہی کیوں کر مٹ جائیگی جو موالات کفار کی وجہ سے تمام نوکھے دینداروں کے چہرہ پر چڑھ رہی ہے علماء سیاسی جس بے حسی کے ساتھ لیڈروں کے ہاتھوں میں گرفتار ہیں وہ ان کی ایک ایک حرکت سے نمایاں ہے جمعیت کے جس عالم نے اپنے ایمان پر بہت بڑا احسان کیا اُس نے یہ کہا کہ ہم سیاسیات میں مسٹر گاندھی کی پیروی کرتے ہیں اُن کا کہا مانتے ہیں لیکن مذہبی امور میں ہم ہرگز اُن کی بات نہ مانیں گے نہ اپنا مذہب چھوڑیں گے نہ احکام مذہبی میں کوئی تغیر وتبدل کریں گے یہ کہا اور اپنے قوت ایمان کا متعدد اخبارات میں خوب ڈنکا بجایا۔

حالاں کہ جمعیت میں جو عالم شریک ہو جائے اُس کی خالص توحید صلابت ایمان شیفتگی بر اسلام اور اخلاص عمل کے متعلق جملہ اوہام وشکوک کا استیصال ہو جاتا ہے نہ معلوم ارکین جمعیت کو اس کہنے کی ضرورت ہی کیا پیش آئی۔ جن اعمال واقوال کا اس نئے دَور میں

Marfat.com

ایجاد ہو رہا ہے وہ اس امر کی کافی دلیل ہے کہ یا قرن اولیٰ میں ایسے علمار ربانی پائے جاتے تھے یا پھر اس مجلس میں جسے جمعیۃ العلمار کا لقب دیا گیا ہے۔

علمار جمعیت ناحق اس کے باور کرانے کی کوشش فرماتے ہیں یہاں شبہ کسے ہوا تھا جو آپ نے دفع دخل مقدر کی زحمت اُٹھائی خود آپ کی تحریریں اور آپ کے متبعین کے افعال وحرکات آپ کے ایمان واسلام کا آئینہ ہیں۔

اسلام نے اپنے متبعین کو کفار سے بیگانگی کا حکم اس تاکید ومبالغہ سے دیا تھا کہ معاشرتی امور میں بھی یہ ہدایت کی گئی تھی کہ کفار کی تقلید اس میں بھی نہ ہونے پائے وضع لباس شکل وصورت ماکل ومشارب سلام وتحیۃ تعزیۃ وتہنیت غرض جملہ شعبہائے حیات مسلم تقلید کافر سے مصؤن ومحفوظ رہے چنانچہ آج تک مسلمان یہی جانتے تھے اور بقدر توفیق اسی پر اُن کا عمل بھی تھا لیکن اس دَور میں مسلمانوں کی عصبیت اس طرح فنا کردی گئی کہ معاشرتی وتمدنی امور کا کیا ذکر دینی امور میں کفار کی تقلید کمال ارادت وعقیدت سے ہونے لگی اور اسے ایمان واسلام کا لقب عطا کیا گیا۔

کہنے والا منہ بھر کر کفر کا کلمہ کہتا ہے سامع اُسے سنتا ہے اور جوش طرب میں آکر رقص کرتا ہے علمار سیاسی دیکھتے ہیں سنتے ہیں لیکن کہیں اپنے سکوت کہیں اپنی مداہنت اور کہیں اپنے فتادے سے ایجاد کفر وتکرار کفر پر ترغیب وتحریص دیتے ہیں یہ وہی زمانہ ہے جس کے متعلق مسلم شریف میں روایت موجود ہے۔

عن ابی هریرة قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکون فی اٰخر الزمان دجالون کذابون یأتونکم من الاحادیث

حضرت ابی ہریرہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آخر زمانے میں جھوٹے دجال تمہارے پاس ایسی حدیثیں لائیں گے جنھیں نہ تم نے کبھی سنا ہے

بما لم تسمعوا انتم ولا آباءکم فایاکم وایاھم لا یضلونکم ولا یفتنونکم ۔ — نہ تمہارے باپ کے کان آشنا ہوئے ہوں گے ان کو اُن سے اور اُن کو اپنے سے بچانا خبردار وہ تمہیں گمراہ نہ کرنے پائیں اور نہ تمہیں فتنہ میں ڈالیں۔

جس مسلمان میں ایک ذرہ ایمان کا باقی ہے وہ دیکھ لے کہ یہ زمانہ وہی زمانہ ہے یا نہیں دیکھ لو ہندوؤں کے متعلق جس قدر احادیث وآیات قرآنیہ آج پیش کی جارہی ہیں اُن سے مسلمانوں کے کان کبھی آشنا ہوئے تھے تاریخ کی کتابیں موجود ہیں ہمیں بتاؤ کہ کس عہد میں ہندوؤں کو مسلمانوں نے اپنا رہبر بنایا تھا مسلمانوں نے ہندوستان پر سات سو برس تک فرماں روائی وجہاں بانی کی ہے ہزاروں علماء اس خاک ہند سے پیدا ہوئے لیکن اس کا پتہ بتاؤ کہ کس صدی کی علماء نے کفار ہند کو اہلِ کتاب قرار دیا رام لچھمن پر پھولوں کا تاج مسلمانوں نے کس زمانے میں رکھا آج سے پیشتر جس قدر علماء کرام گزرے اُن کی تصانیف یا اُن کے حالات زندگی میں کہیں اس کا سراغ ملتا ہے اس طرح ہندو پرستی تو اسی صدی کے مدعیان علم کے لئے مخصوص تھی تاکہ مخبر صادق کا ایک ایک حرف صحیح ہوجائے۔

**نبوت و سلطنت کا فرق** بہرحال اس بحث کو چھوڑئیے اور اصل مدعا کی طرف آئیے کہ ایک مستولی بادشاہ ایک نبرد آزما فاتح یا ایک صاحب علم وفن ان سب کی حکومت دنیا کے لئے موجب ہلاکت وبربادی ہے اس لئے کہ ان سب کا نصب العین انسان کے جذبات وقوائے دماغیہ کا اپنی تحقیقات واختراعات یا اپنے اختیارات وقدرتوں میں جذب کرلینا ہے لیکن نبوت ورسالت کا نصب العین انسان کو ہر طرح کی غلامی سے آزاد کرنا قوانین انسانی کی بندش سے رہا کرنا اور تقرب الی اللہ کا راستہ بتانا ہوتا ہے اللہ کے بندوں پر اللہ ہی کی حکومت ہوتی ہے اُس کے خلق کئے ہوئے اعضاء وقوا اُسی کے فرمان کے بموجب حرکت کرتے ہیں

Marfat.com

نشو و نما پاتے ہیں خلاصہ یہ کہ انسان پر اُس کے خالق کی حکومت ہوتی ہے نہ کہ خود انسان ہی کی۔ قانون الٰہی یعنی کتاب آسمانی جو پیغمبر اپنے رب العالمین کی طرف سے لاتا ہے اُس کا نشر و تبلیغ اور اُسی کے ماتحت انسان کے سارے شعبہائے زندگی کی تعلیم اُس کا مقصد ہوتا ہے قوانین الٰہیہ کی حکومت اور اس کے ماتحت زندگی بسر کرنے میں کوئی فرق مراتب نہیں ہوتا شخص خواہ مفلس ہو یا سلطان ذی جاہ بدوی ہو یا متمدن جاہل ہو یا علامہ امر الٰہی کی حکومت سب پر یکساں ہوتی ہے ہر ایک مسلمان اس واقعہ سے آگاہ ہے کہ فاروق اعظم جیسا جلیل الشان خلیفہ جب کہ ایک مجمع عام میں جمعہ کے روز خطبہ کے لئے کھڑا ہوتا ہے اور مجمع کو خطاب کرتے ہوئے کہتا ہے اسمعوا واطیعوا مسلمانوں سنو اور کہا مانو تو ایک شخص کھڑا ہو کر بیدھڑک کہدیتا ہے لا اسمع ولا اطیع نہ میں سنوں گا نہ کہا مانوں گا سوال ہوتا ہے کہ اس اعراض کی علت کیا جواب ملتا ہے کہ تقسیم کے وقت جو حلہ تمہارے حصہ میں آیا تھا وہ عبا کے لئے ناکافی تھا تم نے اپنی عبا کہاں سے پوری کی فاروق اعظم کے بیٹے کھڑے ہو کر گواہی دیتے ہیں کہ میں نے اپنا حصہ باپ کی نذر کر دیا تھا اس شہادت کے بعد معاملہ طے ہو جاتا ہے اور معترض مطمئن ہو کر یہ کہتا ہوا بیٹھ جاتا ہے کہ الآن اسمع واطیع اب سنوں گا اور کہا مانوں گا اسی روایت سے قانون الٰہی اور قانون شاہی کا فرق تمھیں معلوم ہو گیا ہو گا لیکن مزید اطمینان کے لئے ایک اور واقعہ یاد کرو فاروق اعظم کے ایک بیٹے پر ایسی خطا ثابت ہوتی ہے جس سے تعزیر شرعی اُن پر لازم آتی تھی فاروق اعظم بمجرد استماع جرم مکان تشریف لے جاتے ہیں بیٹے کو دسترخوان پر سے اٹھا کر کشاں کشاں مجمع عام میں لاتے ہیں حد شرعی جاری ہوتی ہے ہنوز ضرب تازیانہ کی تعداد پوری نہیں ہوئی ہے جو بیٹا پیاس سے بیتاب ہو کر پانی مانگتا ہے باپ اور بیٹے کی گفتگو حدیث کے

Marfat.com

الفاظ میں سُنیے۔

| | |
|---|---|
| حتیٰ بلغ سبعین فقال یا ابتِ | جب ستر کوڑے مارے جا چکے تو بیٹے نے کہا |
| اسقنی شربۃً من ماءٍ فقال یا بنیَّ | اے باپ تھوڑا پانی پلا دیجیے فاروق اعظم نے فرمایا |
| ان کان ربک یطھرک یسقیک | اے بیٹا اگر خدا نے تجھے گناہ سے پاک فرما دیا تو |
| محمد صلی اللہ علیہ وسلم شربۃ | جنت میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ہاتھوں سے تجھے ایسا |
| لا تظمأ بعدھا ابداً یا غلام | جام پلائیں گے کہ جس کے بعد تو کبھی پیاسا نہ ہوگا یہ جواب |
| اضربہٗ | دے کر غلام کو حکم دیا کہ ہاں کوڑے کی ضرب پوری کرو۔ |

جب بیٹے کی حالت بہت ہی زار ہوگئی تو اُس وقت باپ بیٹے میں جو وداعی گفتگو ہوئی ہے اُسے بھی سُنیے۔

| | |
|---|---|
| حتیٰ بلغ ثمانین فقال یا ابتِ | جب اسی کوڑے پڑ چکے تو بیٹے نے کہا کہ اے |
| السلام علیک | باپ السلام علیک رخصت ہوتا ہوں۔ |
| فقال وعلیک السلام ان رایت | فاروق اعظم نے فرمایا وعلیک السلام اے بیٹے اگر |
| محمداً فاقرہ منی السلام وقل لہ | محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی قدمبوسی نصیب ہو تو عرض کرنا کہ |
| خلفت عمر یقرء القرآن و یقیم الحدود | آپ نے عمر کو چھوڑا وہ قرآن کی تلاوت کرتا ہے اور حدود |
| یا غلام اضربہٗ | شرعیہ کو قایم کرتا ہے اس کے بعد غلام کو حکم دیا کہ |
| | ہاں عدد پورا کیا جائے۔ |

پہلے واقعہ میں خود ذات امیر المومنین پر اعتاب بھرے مجمع میں کیا گیا ہے اعتراض ایسا خفیف ہے کہ امیر المومنین کی ذات اور شان کو دیکھتے ہوئے حیرت ہوتی ہے کہ ایسی ضعیف جرح کی حاجت ہی کیا تھی رعب شاہی اور داب جہاں داری لیسے معترض کو

Marfat.com

گردن زدنی بتائے گا لیکن درسگاہ نبوت کا تعلیم یافتہ جیں بہ جبیں بھی نہیں ہوتا معاً خطبہ موقوف کر دیتا ہے اور مدعا علیہ کی حیثیت سے صفائی کا گواہ جب پیش کر لیتا ہے اور معترض مطمئن بھی ہو جاتا ہے تب خطبہ شروع کرتا ہی پھر یہ بھی دیکھو کہ آیندہ زندگی میں بھی کہیں اس کا گلہ اور شکوہ نہیں آتا۔

دوسرا واقعہ حکم الٰہی کی ہمہ گیری کی ایک عجیب مثال ہی امیر المومنین ہی اگر چاہتا بیٹے کے لئے کوئی سبب پیدا کر دیتا لیکن نہیں جذبۂ احتساب کی یہ شدت ہی کہ مجرم کو پانی دینے کی بھی رعایت گوارہ نہیں ذرہ نظر بلند کیجئے اور خود رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے واقعات زندگی کو دیکھئے بیشمار مثالیں اس کی تمھیں ملیں گی جس سے فرق ملک گیر اور نبی کا روز روشن کی طرح واضح ہو جائے گا محض تبرکاً و تیمناً میں دو واقعوں پر اکتفا کرتا ہوں جنگ بدر کا موقع ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے جاں نثاروں کی صف جہاد فی سبیل اللہ کے لئے آراستہ فرما رہے ہیں سواد بن غزیہ صف سے آگے نکلے ہوئے ہیں اُن کے پیٹ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تیر کی لکڑی سے چوکا دے کر فرمایا کہ صف میں داخل ہو سواد عرض کرتے ہیں کہ یا رسول اللہ مجھے آپ نے تکلیف پہونچائی اس کا عوض دیجئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کرتہ شکم مبارک سے اُٹھا دیتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ ہاں عوض لے لو سواد شکم مبارک کو بوسہ دیتے ہیں اور جسم اطہر سے لپٹ کر عرض کرتے ہیں کہ یا رسول اللہ بے ادبی معاف ہو معرکہ سخت ہی دشمن کی فوج بیکراں پیش نظر ہی ہو سکتا ہی کہ میرا رب مجھے مرتبہ شہادت عطا فرمائے تو اُس کے جناب میں ایسا جسم لے کر پہنچونگا جو اُس کے حبیب کے جسم سے مس ہوا ہی اسی کی برکت سے رحمت و مغفرت کی اُمید ہی کیا ایک سپاہی اپنے بادشاہ سے محضر عام میں ایسا کہنے کی مجال رکھتا ہے کیا ایک

Marfat.com

بادشاہ اس طرح حق العباد ادا کرنے پر اس خندہ پیشانی کے ساتھ آمادہ ہو سکتا ہی کبھی نہیں اور ہرگز نہیں۔

دوسرا واقعہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ آخری وعظ ہے جو آپ نے مرض وفات میں ارشاد فرمایا ضعف کا استیلا ہے سر میں درد اس شدت کا ہے کہ پٹی سے سر مبارک باندھ دیا گیا ہے اُسی حالت میں مسجد نبوی میں تشریف لاکر ممبر کو زینت وسعادت دی جاتی امت اپنے پیغمبر کی آخری وصیت سننے کے لئے جوق درجوق جمع ہو رہی ہے جب مسلمان جمع ہوکر ہمہ تن گوش ہو جاتے ہیں اُس وقت ارشاد ہوتا ہے کہ اگر میں نے کسی کو مارا ہو تو آج وہ شخص اپنا عوض لیلے اگر کسی کو گالی دی ہو تو وہ بھی اپنا عوض پورا کرے اگر کسی کا قرض ہو تو وہ اپنا مطالبہ پیش کرے حاضرین میں سے ایک شخص تین درہم کا مدعی ہوتا ہی جو علی الفور ادا کیا جاتا ہے۔

اس سے یہ معلوم ہوا کہ پیغمبر کا حقوق العباد کے متعلق اس طرح کہنا محض زبانی نہ تھا بلکہ عملاً اُسے کر کے دکھا دینا تھا کہ جن احکام الٰہی کو اُمت تک پہونچایا گیا ہے خود پیغمبر کی زندگی انھیں احکام کی کس قدر تابع ومطیع ہے صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وبارک وسلم دل چاہتا تھا کہ اس مبحث کو اور کھول کر بیان کرتا اپنے آقا اپنے مولیٰ اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات لکھنے کی سعادت حاصل کرتا لیکن اس وقت چونکہ کفار ومشرکین سے موالات کرنے والوں کی ہدایت منظور ہی اس لئے اصل مضمون کی طرف متوجہ ہوتا ہوں اور لیڈران قوم سے نہایت عاجزانہ التماس کرتا ہوں کہ ایک سیاست اسلامی ہی اور ایک سیاست یورپ دونوں میں فرق آسمان وزمین کا ہے سیاست اسلامی عین دین ومذہب ہی اور سیاست یورپ سرتاسر کید وحیل۔

Marfat.com

**عود الی المقصود** ہو سکتا ہے کہ تمہاری تحریک نان کو آپریشن اصول یورپ کے موافق تمہیں کامیابی کا یقین دلاتی ہو لیکن یہ کیا ستم ہے کہ تم اسے تعلیم دینی و مذہبی قرار دے کر سیاست اسلامی کو داغدار بنا رہے ہو ملک گیر اور داعی الی اللہ کا فرق مٹا رہے ہو وہ اصول جسے ایک ملک گیر اپنے دشمن و مقابل کے حق میں روا رکھتا ہے تم اُسے تعلیم قرآن قرار دیتے ہو۔

فقیر کی یہی عاجزانہ التماس ہے کہ مسائل کی صورت مسخ نہ کیجیے شریعت کو یورپ کی پالیسی کا مرادف قرار دے کر اپنے ہاتھوں کا کھلونا نہ بنایئے جو کچھ تمہیں کرنا ہو اُس کو شوق سے کرو روکنے والا کون ہے لیکن خدا کے لئے دین اسلام کو ذبح نہ کرو اپنے عروج اور چند روزہ عزت و وجاہت کے لئے قرآن و حدیث میں تحریف نہ کرو اسلامی مسائل کو اپنے حرص و آز کا شکار نہ بناؤ۔

جنگ بدر اور فتح مکہ کے واقعات گزر چکے خلافت فاروقی اور عہد نبوت کے بعض حالات بھی پیش کئے جا چکے اس پر بھی اگر تمہیں بادشاہت و نبوت میں فرق نہ معلوم ہو اور نان کو آپریشن و ترک موالات میں تم تمیز نہ کر سکو تو پھر تمہارے ایمان پر انا للہ وانا الیہ راجعون تلاوت کرنا چاہیئے۔

دوستو خدا کے واسطے اپنی جانوں پر رحم کرو اپنے اعمال قبیحہ اقوال کفریہ اور تحریف مسائل شرعیہ سے توبہ کرو ایمان کی حقیقت سمجھو اور اُس کی قدر پہچانو خدمت اسلام کا خدام اسلام سے طریقہ سیکھو مسٹر گاندھی اور ان کے ہنود پارٹی کا جام ولا کب تک پیتے رہو گے دنیا چند ست آخر کار با خدا وند ست۔

**ایک اور شبہ کا ازالہ** اس جگہ ایک یہ شبہ پیدا ہوتا ہے کہ موجودہ تحریکات جب کہ تحت احکام شرعیہ نہیں اور وہ امور جنھیں ترک موالات کہا جاتا ہے وہ ہرگز داخل موالات نہیں تو پھر آخر اس کی

Marfat.com

کیا وجہ جو یہ تحریک عالم گیر ہو رہی ہے۔

اس شبہ کے دو جواب ہیں ایک کو مجمل اور دوسرے کو کسی قدر مفصل بیان کرتا ہوں پہلا مجمل جواب تو یہ ہے کہ اس تحریک میں حکومت و بادشاہت کی چاشنی دی گئی ہے مسلمانوں کو دینی زندگی اور اسلامی اخلاق سے بیگانہ وشی اور دنیا طلبی میں غلو و انہماک تو تھا ہی اُس پر جو حکومت کا سبز باغ لیڈروں نے دیکھایا تو سب کے سب اس طرف ٹوٹ پڑے چھوٹوں کو بڑوں پر جاہلوں کو عالموں پر فساق کو پرہیزگاروں پر مُنہ آنے اور گالیاں دینے کا ایسا موقع کب ملا تھا خود بینی و خود رائی اور سوراج کی دلکشی ہے جس نے اس تحریک کو عالم گیر بنا رکھا ہے اس وقت اس سے زیادہ کہنے کی ضرورت نہیں۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ خود حکومت ہند نے اپنے انداز حکمرانی سے ہندوستانیوں میں ایسا مادہ پیدا کر دیا ہے کہ ایک ادنیٰ اشارہ اُنھیں برانگیختہ کر دینے کے لئے کفایت کرتا ہے تفصیل اس کی یہ ہے کہ

حکومت سے عام گلہ | حکومت کے لئے جہاں سیاست کا جز بہت ضروری ہے وہاں عدالت کا عنصر اس سے بھی زیادہ اہم و ضروری ہے ۱۸۵۷ء کے بعد سے جس طرح کہ حکام ہندوستان میں آتے رہے اُن کی طرز عملداری میں سیاست کا جز اس قدر غالب ہوتا گیا کہ رفتہ رفتہ عدالت کا عنصر معدوم ہو گیا ہندوستانی آخر انسان تھے جب ضبط کا یارا نہ رہا تو اُن سے فریاد کی آوازیں بلند ہونے لگیں اسی بزم فغاں کا نام کانگریس پنڈال ہے۔

نقدان عدالت کی توضیح اس سے ہوتی ہے کہ ہندوستان کی آبادی اگر تقسیم کی جائے تو باستثنار بعض پانچ قسموں پر منقسم ہو گی تعلیم یافتہ ملازم پیشہ مزدور پیشہ زمیندار اور کاشتکار تعلیم پانے والوں کو یہ شکایت رہی کہ طریقہ تعلیم نصاب تعلیم اور معیار امتحان ایسا تباہ کن ہے

کہ یونیورسٹی سند فراغ جب ایک ہاتھ میں دیتی ہے تو اُسی کے ساتھ صحت جسمانی و دماغی بھی الوداعی مصافحہ کرتے ہوئے رخصت ہو جاتی ہی دولت کا ایک کثیر حصّہ عمر کا بیش بہا زمانہ تعلیم کی نذر ہو جاتا ہے اور پھر بھی قابلیت واستعداد سے ذہن ناآشنا و بیگانہ ہی رہتا ہی طرفگی یہ کہ ان نقائص و شدائد کے ساتھ عمر کی پابندی ایک بلاانگیز بند د قید ہی سولہ برس سے کم عمر والا میٹرک میں شریک نہو اور جس کی عمر پچیس برس سے متجاوز ہو جائے وہ صیغۂ ملازمت کی اُمید نہ رکھے تعلیم کا ایسا طریقہ رکھا گیا کہ بجز دفاتر کی محرری اور پیشی کے کسی اور کام کا سلیقہ ہی نہ آیا۔

امتحانات کی سختی کی ایک ادنیٰ مثال یہ ہے کہ سینٹ ہال الہ آباد میں طالب العلم داخل ہوتا ہی پرچہ سوال کا ہاتھ میں لیتا ہی محنت سے خستہ دماغ پر ایسا زور پڑتا ہے کہ دفعتہً پاگل ہو جاتا ہے اسی دیوانگی میں دو تین روز زندہ رہکر مر جاتا ہے اس طرح کا واقعہ مکرّر ہوتا ہے لیکن یونیورسٹی کا ظالم و خونخوار دیوتا رحم کی طرف مائل ہونا نہیں جانتا وہ طلبہ جو اپنی آنکھوں کو رو بیٹھے یا وہ انگریزی خواں جن کا پھیپھڑا زخمی ہو گیا یا جنھیں ضعف معدہ نے گوشۂ گمنامی و ناکامی میں بٹھا دیا اُن کا وجود شہر کے ہر محلہ میں موجود ہے تعلیم سے دلچسپی رکھنے والے چلّاتے ہیں لیکن ان کی آواز کی شنوائی نہیں ہوتی۔

نہ نصاب تعلیم ایسا رکھا جاتا ہے جس کا پڑھنا اور یاد کرنا سہل ہو نہ طریقۂ تعلیم میں وہ شان پیدا کی جاتی ہی جس سے طالب العلم میں صحیح استعداد و قابلیت پیدا ہو نہ نوعیت امتحان میں تغیر آتا ہے جس سے ہندوستانیوں کی صحت کو اماں نصیب ہو یونیورسٹیوں کا جب یہ بیداد ہو تو پھر تعلیم یافتہ جماعت گلہ سے کیوں لبریز نہو (۲) پچیس برس کے اندر جس خوش نصیب نے یونیورسٹی کے دست تطاول سے فراغت پائی تو اُس نے ملازمت کی سلسلہ جنبانی شروع

Marfat.com

کی رہی سہی ہستی خاک میں ملاتے ہوئے جب کسی عہدہ کا منہ دیکھنا نصیب ہوا تو اس حالت میں گزر کرنے لگے کہ نہ پیٹ بھر کھانا نہ راحت رساں لباس تنخواہ ماہ بماہ دلتی ہے لیکن باوجود انتظام میں روز بروز زیادہ کفایت نہیں کرتی اُس پر کام کا یہ عالم کہ باوجود اس کے کہ سارا دن کچہری میں صرف ہوا پھر بھی شام کے وقت بستہ دبا کر گھر پہنچے فاقہ و راحت کے عوض چراغ کے سامنے دیدہ ریزی و دماغ سوزی ہو رہی ہے یہ وجہ ہے کہ دو آدمیوں کا کام ایک کو انجام دینا پڑتا ہے اور ایک کی تنخواہ دو آدمیوں کو ملتی ہے رشوت ستانی اور خامی اخلاق کی یہی تنگدستی بنیاد ہے اسی کے ساتھ اس قدر اور شامل کر لیجئے کہ اعلیٰ عہدہ و منصب اور ایسے امتحانات کی سندیں جن سے اعلیٰ عہدہ کا استحقاق ہو ہندوستان اور ہندوستانیوں کے لئے ممنوع رہا انصاف شرط ہے کہ ایسی صورت میں ملازم پیشہ اپنے سینہ میں وسعت کہاں سے لائے۔

(۴ د ہ) زمینداروں کا یہ حال ہے کہ قانون کی بندش میں ایسے جکڑ دیئے گئے ہیں کہ کاشتکاروں سے کچھ بول نہیں سکتے رعایا ہر کہ سر پر چڑھی آتی ہے اُس پر تحصیلدار اور نائب تحصیلدار کا دورہ اور بھی زمینداروں کو پیسے ڈالتا ہے جہاں تحصیل کا دستور نہیں بلکہ بندوبست دوام ہے وہاں سرِوے بھیجکر زمینداروں کو خستہ و شکستہ کر دیا گیا۔

قانون ایسے پر پیچ بنائے کہ کاشتکار زمیندار سے اور زمیندار کاشتکار سے برابر گتھا رہے کچہریوں کی ساری رونق زمینداروں اور کاشتکاروں کے تنازعات کی بدولت ہر اسی تنازع کا نتیجہ ہے کہ نہ کاشتکار راحت و رفاہیت کی زندگی بسر کرتا ہے نہ زمیندار چین سکھ سے بیٹھنے پاتا ہے اس بے چینی اور بدمزہ زندگی نے زمیندار اور کاشتکار دونوں کو بددل بنا رکھا ہے۔

Marfat.com

علاوہ ازیں روزمرہ کے معاملات میں ہندوستانیوں سے ایسا ذلیل وخوار برتاؤ کیا جاتا ہے کہ جذبہ غیرت جل کر خاک سیاہ ہو جاتا وہ اجتماع جس کی غایتہ ہم نوالہ وہم پیالہ ہونا ہے اُس میں بھی تلخی وخشکی ایسی ہوتی کہ لقمہ گلوگیر ہو جاتا ریل کا سفر جس میں ہر ایک مسافر کی حیثیت مساویانہ ہوتی ہے وہاں بھی تفضیح وتوہین کا عمل بکثرت پیش آیا کیا غرض رعب وداب قایم رکھنے کے لئے اُس افراط سے کام لیا گیا کہ سیویلین کی ہر ادا اس کا بلیغ درس دیتی تھی کہ تم جب ہندوستانی ہو تو پھر تمھیں قالب بیجان ہو کر میری غلامی کے لئے زندہ رہنا چاہیئے یہ تسلیم کہ تم نے یونیورسٹی کی سند حاصل کر لی انگلینڈ بھی ہو آئے بیرسٹری کی سارٹیفکٹ و دیگر علمی سندیں بھی یورپ کی یونیورسیٹوں سے حاصل کر لیں لیکن آخر ہو تو ہندوستانی لہذا اپنے احساسات وحیات کا ہمارے سامنے نام لینا جرم عظیم سمجھو والیان ملک کے ساتھ قطع نظر دیگر حالات صرف ریزیڈنٹ صاحبوں کے غیرت سوز تعلقات ہی ہر خوشگواری کے منقطع کر دینے کے لئے کافی تھے یہ حالات و واقعات ایسے نہ تھے جو عام بے چینی پیدا کئے بغیر رہ سکتے - جب ضبط کا یارا نہ رہا تو کانگریس میں رزدلیوشن پاس ہونے لگے اور ہندو اخبارات اُس کی تائید ونشر میں معین ومددگار ہوئے اگرچہ چشم نمائی کا سلسلہ مسلسل جاری رہا لیکن کانگریس کی الاپ بڑھتی ہی گئی واقعہ پنجاب سے نوبت یہاں تک پہونچی کہ سر نہیں یا سر وہی نہیں۔

**مسلمانوں کا مخصوص گلہ** مذکورہ بالا شکایتیں ایسی تھیں کہ جن میں ہندو اور مسلم دونوں قومیں بحیثیت مساوی فریادی وماتمی تھیں لیکن مسلمانوں کی افسردگی کے وجوہ کچھ ان سے ماورا بھی ہیں -

(۱) ہندوؤں نے کانگریس قایم کی گورنمنٹ کا منشا اس کے خلاف تھا مسلمانوں نے گورنمنٹ کا ساتھ دیا اور نہایت زور وقوت سے کانگریس کی مخالفت کی جس کا یہ اثر تھا کہ

Marfat.com

کانگریس کا پنڈال ہمیشہ مسلمانوں سے خالی دکھائی دیا۔

(۲) گورنمنٹ نے تحفظ ہندو وغیرہ کے نام سے جس قدر قانون وضع کئے ہندوؤں نے مخالفت کی مسلمانوں نے گورنمنٹ کی تائید میں اپنی آوازیں بلند کیں عام مسلمانوں کو سمجھا دیا کہ قانون کی سختی سے وہ ڈرے جس کے دل میں چور ہو تم خاموشی سے اپنے کام میں لگے رہو آں را کہ حساب پاک ست از محاسبہ چہ باک۔

(۳) گورنمنٹ نے قانون مطابع پاس کیا ہندوؤں نے مخالفت کی مسلمانوں نے یہاں بھی تائید ہی کی لیکن ان سارے موافقات و تائیدات کا صلہ یہ تھا کہ اخبارات ان کے بند ہوئے مدیران کے قید ہوئے ضمانتیں ان کی ضبط کی گئیں حقوق ملکی میں یہ پس پشت ڈالے گئے

(۴) ان سب سے بڑھکر مسجد کانپور کا واقعہ ہے جس میں مسلمانوں کی مذہبی توہین کی گئی مسٹن صاحب اپنے نام سے ایک سڑک بنانا چاہتے ہیں اُس کے وسعت و استواء کے لئے مسلمانوں کی مسجد شہید کر دی جاتی ہے۔

مسلمانان ہند نے اپنی فریاد لندن تک پہنچائی لیکن مسٹن صاحب کی ضد کچھ ایسی نہ تھی جو مسلمانوں کی فریاد کی شنوائی ہوتی یہ معاملہ کس قوم کے ساتھ ہوا اور اس نے کیا اثر پیدا کیا اس کے لئے صفحات تاریخ میں سے اس واقعہ کو پڑھ لیجئے۔

جامع مسجد دمشق سے متصل ایک گرجا تھا جس کا نام یوحنا کا گرجا تھا امیر معاویہ کے زمانہ میں یہ ضرورت محسوس ہوئی کہ گرجا مسجد میں شامل کر لیا جائے دربار خلافت نے عیسائیوں سے طلب کیا وہ دینے پر راضی نہوئے ضرورت ملتوی رکھی گئی۔

عبدالملک بن مروان نے اُس ضرورت کو اپنے عہد میں پورا کرنا چاہا درخواست کے ساتھ رقم کثیر بھی اُن کے سامنے پیش کی لیکن عیسائی پھر بھی راضی نہ ہوئے ضرورت

Marfat.com

ملتوی کر دی گئی۔

اب زمانہ ولید کا آیا اس نے بھی زرِ خطیر پیش کیا اور گرجا عیسائیوں سے طلب کیا لیکن وہ کسی طرح راضی نہ ہوئے ولید نے غصہ میں جھلا کر کہا کہ اگر بزور لے لوں تو کیا کرو گے عیسائی بولے کہ جو شخص گرجا توڑتا ہے وہ پاگل یا کوڑھی ہو جاتا ہے اب ولید کا غصہ بھڑکا خیال گزرا کہ کہیں لوگوں میں یہ وہم عقیدہ کا مرتبہ نہ حاصل کرلے خود ہی ولید نے کدال لے کر گرجا کی دیوار ڈھانی شروع کر دی عیسائی اپنا سا منہ لے کر رہ گئے اور گرجا شامل مسجد ہو گیا۔

جب زمانہ حضرت عمر بن عبدالعزیز کا آیا عیسائیوں نے استغاثہ دائر کیا کہ ہمارا گرجا زبردستی چھین کر شامل مسجد کر دیا گیا ہے تحقیقات ہوئی واقعہ صحیح ثابت ہوا حکم ہوا کہ اس قدر حصہ مسجد کا توڑ کر عیسائیوں کے حوالہ کر دیا جائے۔

مسلمان بیتاب ہوئے کہ جس زمین پر برسوں اذان پکاری نمازیں پڑھیں اب وہ پھر گرجا ہوئی جاتی ہے لیکن بیتاب ہو کر کیا کر سکتے تھے جب کہ امیرالمومنین کا حکم نافذ ہو چکا تھا آخر انھیں عیسائیوں کی خوشامدیں کیں اور غوطہ کے کل گرجے جو مسلمانوں کے قبضہ میں تھے وہ سب عیسائیوں کو دیدیئے تب عیسائی راضی ہوئے اور مسجد قایم رہی۔

مسلمانوں نے گرجا لے کر اپنی مسجد وسیع و مستوی بنائی تھی عیسائی معبد کو اسلامی مسجد کر لیا تھا اس سے زمین کی صفائی اور پاکی میں کسی طرح کا کوئی فرق نہیں آتا تھا مگر صرف اس خیال سے کہ عیسائیوں پر زبردستی نہ ہونے پائے دو بادشاہوں نے اپنی خواستگاری طلب کا رائیگاں ہونا پسند کیا لیکن عیسائیوں کی دل آزاری روا نہ رکھی ولید نے بیشک قبضہ کر لیا لیکن یہ نتیجہ اُن کے سو رکلام کا تھا جس سے اعتقاد کا خطرہ تھا لیکن جب زمانہ عمر بن عبدالعزیز کا آیا تو نہایت فیاضی سے عیسائیوں کے حق میں فیصلہ صادر کیا گیا مٹن اور اُن کے حامی

Marfat.com

اس واقعہ کی طرف نظر کریں اور دیکھیں کہ وہ قوم جس کی مسجد شہید کی جاتی ہے اُس نے اپنے ایام سلطنت میں عیسائیوں کے ساتھ کیا کیا تھا اور آج اُس کے ساتھ کیا کیا جا رہا ہے کسی وقت مسلمانوں کی قوم بھی طاقت وقوت رکھتی تھی ایک وہ زمانہ بھی تھا کہ سارا یورپ اُس کے چشم و ابرو کے اشارہ پر چلنے کے لئے کمربستہ وآمادہ تھا بہت بڑی عیسائیوں کی آبادی مسلمانوں کی رعایا بن کر صدیوں تک زندگی بسر کرتی رہی ہے آج اُس قوم کے بے شمار احسانوں کا اگر عوض آپ ادا نہیں کر سکتے تو کم از کم اُسے تختۂ مشق ستم تو نہ بنایئے۔

بیشک مسٹن روڈ بن کر تیار ہو گئی اور مسٹن صاحب کو اس کی خوشی بھی ہوئی کہ اُن کے نام کی ایک سڑک یادگار رہی لیکن یہ یاد رہے کہ اس سڑک کا نام جب تک باقی ہے شہید مسجد ہر اُس سڑک کے گزرنے والے کو آپ کی بیداد اور اپنی مظلومیت وشہادت یاد دلاتی رہے گی۔

حیف صد حیف سڑک کی وسعت دیکھی گئی لیکن مسلمانوں کی تنگ دلی کا لحاظ نہ کیا گیا سو سڑکیں تنگ ہوں لیکن رعایا کا دل جب کشادہ ہے تو کیا مضائقہ۔

سڑک پیچ در پیچ خم در خم ہو مگر رعایا کے قلوب در وابط راست ومستقیم ہوں تو لطف حکومت وفرماں روائی ہے آپ نے سڑک سیدھی بنائی لیکن قلوب منحرف ہو گئے آپ نے سڑک میں وسعت پیدا کی لیکن قلوب تنگ ہو گئے۔

اس واقعہ نے مسلمانوں کو بہت ہی مایوس کر دیا تھا لیکن پھر بھی ضبط وتحمل سے کام لیتے رہے فتنہ وفساد مسلمانوں کی سرشت نہیں اس لئے خون کا گھونٹ پی کر رہ گئے اگرچہ مسلمانوں کے لیڈر جو معاملہ مسجد کانپور میں سرگرم کار تھے کسی مخفی دلنواز اثر سے متاثر ہو کر انہوں نے ایک مغالطہ آمیز صورت بنام مخلص ایسی پیش کر دی کہ عوام یہ سمجھے کہ مسجد کا حصّہ محفوظ

Marfat.com

رہ گیا اور مسٹن صاحب کی ضد پوری ہو گئی۔

قیدی رہا کر دیئے گئے اور اس مسرت میں بڑی شاندار گارڈن پارٹی مسلمانوں کی طرف سے آراستہ کی گئی عالم صاحب فتوے دے کر انگریزوں کے منظور نظر ہوئے اور جنٹلمین صاحب اسی ہزار کی تھیلی لے کر کامیاب واپس ہو گئے افسوس اس کا ہے کہ عالم صاحب کو بجز ایک نگاہ شاباش مسٹن صاحب کی جناب سے اور کچھ نصیب نہوا لیکن اصل حقیقت کب تک چھپی رہتی آخر سچے مسلمانوں پر کھل کر رہی۔

(۵) افسردہ و پژمردہ کر دینے والے واقعات ہندوستان میں ہو ہی رہے تھے جو خلافت کے متعلق لائڈ جارج وزیر انگلستان نے اپنا فیصلہ شائع کیا اس فیصلہ نے کھلے لفظوں میں یہ بتا دیا کہ نہ صرف ہندوستان کے مسلمان بلکہ پوری قوم مسلم خواہ وہ کسی سرزمین میں بستی ہو وزیر انگلستان کے خیال میں ایک سر لاش ہے جسے پیوند خاک کر دینا چاہتے ہیں

مسئلہ خلافت | مسلمانوں کی بیتابی کی سب سے زیادہ قوی علت اُن کی یہی مذہبی ذمہ داری ہے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ نہایت اختصار کے ساتھ اس کی کچھ تفصیل کر دی جائے تاکہ عالم اسلامی کے نہ مٹنے والے اضطراب کی حقیقی علت معلوم ہو جائے۔

نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی ذات کو حق سبحانہ نے خاتم النبین فرما کر ہمیشہ کے لئے نبوۃ کا دروازہ بند فرما دیا اب محال قطعی ہے کہ کوئی دوسرا نبی یا رسول ہو اسی طرح شریعت محمدی کو خاتم الشرائع اور ہر پہلو سے کامل و تمام فرما کر اس سے آگاہ کر دیا کہ قیامت تک یہی شریعت قایم رہے گی کسی نئی شریعت کا نزول نہو گا۔

پس ایک ایسی شریعت جسے قیامت تک دنیا میں قایم رکھنا تھا اُس کے لئے اس کی ضرورت تھی کہ اس خاکدان عالم میں جہاں فرزند آدم بستے ہیں نہ کہ ملک و فرشتہ

Marfat.com

اس کی حفاظت اس طرح کی جائے کہ مذہب کا بازو سیاست سے قوی کر دیا جائے۔

یہ ایک حقیقت واقعی ہے کہ جو مذہب اپنی حفاظت نہیں کر سکتا یا اپنی مامون زندگی کے لئے طاقت روا نہیں رکھتا اُس کا وجود محالات عادیہ میں سے ہی ایسا مذہب فلسفہ بحث خیال سے زیادہ مرتبہ نہیں رکھتا۔ وہ ہاتھ جس میں اخلاق حسنہ کی کتاب ہو محفوظ و فائدہ اُسی وقت ہوگا جب کہ دوسرے ہاتھ میں خونچکاں شمشیر بھی نظر آ رہی ہو مذہب اسلام پاکیزہ سے پاکیزہ تر اخلاق کی ہمیں تعلیم بھی دیتا ہے اور پھر ارتکاب جرائم پر حد و تعزیر سے سد باب عصیاں بھی کرتا ہے اس کی تبلیغ کے یمین و یسار سیف و سنان میمنہ و میسرہ بن کر حمایت و حفاظت میں ساتھ ساتھ چلتے ہیں قلب سلیم کے لئے تذکیر و موعظت ہے اور مفسدین و اعدا کے لئے تیغ جوہر دار ہے

آں کہ میگویند آں بہتر ز حسن
یار ما ایں دارد و آں نیز ہم

اسلام کے محفوظ و مامون رہنے کے لئے تین اصول قرار دیئے گئے پہلا اصل یہ تھا کہ مسلمانوں کا کوئی مرکز ہونا چاہیئے دوسرا اصل یہ تھا کہ مرکزی مقام کا ایک امیر ہونا چاہیئے تیسرا اصل یہ تھا کہ مرکزی مقام پر ایسی قوت مجتمع رہے کہ کوئی بداندیش نظر اُٹھا کر دیکھنے کی جرأت بھی نہ کرے۔

حرمین شریفین یعنی مکہ معظمہ اور مدینہ طیبہ زادہما اللہ شرفاً و تعظیماً مرکز اسلام قرار پائے جزیرۃ العرب کے شمول سے مرکزی مقام کا استحفاظ تصرف اغیار سے پُورا کر دیا گیا ذات مقدس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مقام مرکزی کے امیر اور مسلمانوں کے ہر طرح کی حاجتوں کا ماوا و ملجا سارے کلمہ گو مسلمان مرکزی مقام اور امیر مرکز کے خادم و مطیع

Marfat.com

قرار پائے۔

کتب احادیث و سیر کے جاننے والوں سے یہ امر مخفی نہیں کہ شریعت کی روشنی اُسی ذات پاک سے تھی تزکیہ نفس اُسی روح پرور کے انفاس قدسیہ سے تھا میدانِ جنگ میں وہ سپہ سالار تھا انتظامات ملکی میں ایک بڑا مدبر سلطان تھا نزاعات باہمی ومناقشات کے فیصلہ میں ایک بے نظیر حاکم عادل تھا۔

غرض کہ مسلمانوں کی کوئی ضرورت وحاجت ایسی نہ تھی جس میں بجز اپنے پیغمبر کے کسی اور طرف وہ متوجہ ہوتے جب یہ مجمع الانوار عہد ختم ہوگیا اور پیغمبر نے اپنی اُمت سے پردہ کیا تو تعلیم گاہ نبوت کے ارشد تلامذہ یعنی خلفاء اربعہ کا زمانہ نوبت بہ نوبت اسی جامعیت کے ساتھ اُمت محمدی کی نگہبانی کرتا رہا۔

ہاں جب بنواُمیہ کا عہد آیا تو اُس وقت بارگاہِ خلافت میں یہ جامعیت باقی نہ رہی معاش خلیفہ کی بارگاہ میں لے جاتا معاد ائمہ اہل بیت کے آستانوں پر حاضر کرتا تھا اور مسائل شرعیہ کے لئے محدثین وفقہا کا حلقہ درس تھا۔

یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہی کہ خلیفۃ المسلمین کی اطاعت وخدمت اُس وقت بھی ائمہ دین وعامہ مسلمین نے اپنے اوپر واجب ہی سمجھی جس وقت کہ بارگاہ خلافت سے جامعیت مٹ چکی تھی اس کے وجوہ ودلائل جسے دیکھنے کا شوق ہو وہ فقیر کا رسالہ البلاغ مطالعہ کرے اس مقام پر محض سلسلہ سخن قایم کرنے کے لئے اُس قدر کہدینا ضرور تھا کہ وہ شمشیر اسلامی جس کے سایہ میں بیٹھکر علما رفقہ وحدیث کا درس دیتے صوفیہ تزکیۂ نفس وصفائے باطن کی تعلیم فرماتے اُس کا قایم و باقی رکھنا جملہ مسلمانان عالم پر فرض کفایہ ہی۔

Marfat.com

سلطنت ترکی اس وقت تک مسلمانان عالم کی طرف سے اُن کے سارے فرائض
جو تحفظ دین سے متعلق تھے ادا کرتی تھی مرکزی مقام جس کی خدمت فرض کفایہ ہے سلطنت
ترکی ہی نے اسے اپنے ذمہ لے لیا تھا ساری دنیا اپنے قصر و ایوان باغ و راغ کی تعمیر و
تزئین میں مصروف تھی لیکن سلطنت عثمانیہ کا تاجدار بیت اللہ و مدینۃ الرسول کی خدمت
میں مشغول تھا۔

حرمین شریفین کا انتظام ان مقامات کی تحسین و تزئین قنادیل کا روشن کرنا ائمہ
و موذنین و مفتیان دین متین کی خدمت حکام سیاسی انتظامی کا تقرر و تنخواہ سب خزانہ
سلطانی سے ادا ہوتا رہا غلاف خانہ کعبہ کی تیاری اور اس سُنّت رسول کے قائم رکھنے کی
سعادت اُسی کو نصیب ہوتی رہی خلیفۃ المسلمین نے اس میں نہ کبھی کوتاہی کی نہ کبھی مسلمانوں کی طرف
استمداد کا ہاتھ بڑھایا ان کے مال و دولت کو اُس نے انھیں کے لئے چھوڑ دیا تھا جس طرح
خدمت حرمین شریفین فرض کفایہ ہے اُسی طرح اُس کی محافظت بھی فرض کفایہ ہے
اس وقت کہ خلافت عثمانیہ کو چھ صدیاں گزر چکی ہیں کوئی بتائے کہ بجز خلیفۃ المسلمین کے
کس نے مرکزی مقام کی حفاظت میں اپنا خون بیدریغ بہایا ہے خلیفۃ المسلمین نے حفاظت
کی خدمت اپنے ذمہ لے کر تمام مسلمانان عالم کو اس فرض سے ایسا سبکدوش کر دیا کہ ان کے
لئے راحت رساں مکانوں میں عیش کی فرصت تھی لیکن اُس کے لئے میدان جنگ تھا اور
دشمنوں کا مقابلہ خویش و اقربا یار و احباب زن و فرزند کے اجتماعی معاشرت سے ہم لطف
لیتے رہے لیکن وہ خدا کی راہ میں اپنا گلا کٹا کٹا کر اپنے بچوں کو یتیم بیویوں کو بیوہ بناتے
نوجوان والدین کو داغ مفارقت دے جاتے ہم راتوں کو سکھ کی نیند سوتے تھے لیکن
اُنھیں توپوں کی گرج اور بندوقوں کی سہمناک آوازوں کے ساتھ اعزہ و احباب کے کہ اپنے

اور دم توڑنے کی صدا سُننے سے مُہلت نہ تھی ہم نرم بستر اور گرم لحاف میں لپٹ کر راحت کے مزے لوٹتے لیکن وہ تھے کہ خاک و خون میں برابر تڑپتے رہے چھ سو برس سے خلافت عثمانیہ مسلمانوں کے گوناگوں خدمات اسلامیہ کی ضامن و کفیل تھی۔

بیادہ فوج کی سپہ سالاری لوا رجہاد کی علم برداری رفادہ حجاج کے کھانے کا انتظام سقایہ حجاج کے پانی کی سبیل یہ جملہ امور بارگاہ خلافت ہی سے سرانجام پاتے تھے آج اُس کی ہستی فنا کر دی گئی مسلمانوں کا ایسا محسن مٹا دیا گیا آستانہ نبوت کے خادم کا گلا گھونٹ دیا گیا پھر مسلمان بے چین نہوں تو کیا ہوں۔

کسی کا جگر ٹکڑے کر دیا جائے قلب پاش پاش کر دیا جائے جسم ریزہ ریزہ کر دیا جائے اور پھر اُس سے یہ پوچھا جائے کہ تو تڑپتا کیوں ہے یہ عجیب بیرحمانہ اور حیرت انگیز طرز کلام ہے

فرض کر لیجئے کہ اس وقت مسلمان بے حیائی اور بیدردی کے مجسمہ بن جائیں اور سب کے سب خاموش و ساکت ہو جائیں تو اس سے صورت واقعہ اور نفس مسئلہ کیوں کر بدل جائے گا اگر مخدر دوا مثل کوکین وغیرہ گلے پر مل دی جائے اور پھر دار دوئے بیہوشی سنگھا کر کوئی مدہوش کر دیا جائے اس کے بعد اُس کا گلا کاٹ دیا جائے سر تن سے جدا کر دیا جائے تو بیشک مقتول نہ واویلا کرے گا نہ تڑپے گا لیکن اُس کے سر بُریدہ ہونے سے انکار کیوں کر کیا جائے گا۔

یہ مسئلہ ابھی کہہ چکا ہوں کہ مقامات مقدسہ کی خدمت اور حفاظت دونوں مسلمانوں کا فرض کفایہ ہے جب اُس کا خادم و محافظ نہ رہا تو یہ فرض اب سارے مسلمانان عالم کی گردن پر ہے۔ جب تک وہ اسے انجام نہ دیں گے اس فرض کا مطالبہ برابر اُن سے متقاضی رہے گا یہ ہو نہیں سکتا کہ لیت و لعل اور تن آسانی و تن پروری کے اعذار بارد

Marfat.com

پیش کر کے اس فرض سے سبکدوش ہو جائیں۔

یہ مسئلہ بالکل قطعی ہے کہ نصب امام امت پر واجب ہی شرائط امام میں تو البتہ گروہ مسلمین کا اختلاف پایا جاتا ہے لیکن نصب امام کے واجب ہونے میں کسی کا بھی اختلاف نہیں، رہی قوت دفاعی اُس کا ہمہ وقت موجود رکھنا فرض ہے اس سے تو کسی کو بھی اختلاف نہیں۔

اسی جگہ ایک اور مسئلہ بھی سمجھ لیجئے خلافت بمعنی نیابت نبی جسے امامت کبری کہتے ہیں بعد امام حسن علیہ السلام حضرت عمر بن عبدالعزیز میں پائی گئی ان نفوس قدسیہ کے سوا جس قدر خلفا بنو امیہ یا بنو عباس میں گزرے ان میں سے کسی کی بھی خلافت امامت کبریٰ کے معنی میں نہ تھی یہ سب اسلام کے قوت دفاعی تھی انھیں خلیفہ جو کہا جاتا تھا اور ان کی اطاعت جو ضروری سمجھی جاتی تھی وہ محض اسی وجہ سے کہ شمشیر اسلامی کے یہ محافظ تھے اور حرمین شریفین کے خادم مرکزی مقام کی سیادت اور خدمت وحفاظت ان سے متعلق تھی جب خلفائے عباسیہ کا عہد تمام ہوگیا اور یہ نعمت باسعادت خاندان عثمان میں آئی تو اب مسلمانوں پر ان کی اطاعت واجب ہوئی یہ مسئلہ نہ تو اجتہادی ہے نہ اس میں ظن واحتمالات کی گنجایش ہے بلکہ یہ قطعی ویقینی اور ضروریات دین میں سے ہے کہ مسلمانوں پر حرمین شریفین کی خدمت فرض ہے اور ایسی قوت کا قایم رکھنا جو اعدائے اسلام کو ان مقامات مطہرہ سے دفع کر سکے یہ بھی فرض ہے اس سے انکار کرنے والے کا وہی حکم جو فرضیت نماز کے منکر کا حکم ہے خلافت عثمانیہ معنی امامت کبریٰ نہ سہی لیکن قوت دفاعیہ ہونے میں کسے مجال دم زدن ہے

جنگ یورپ نے جب کہ اسلام کی قوت دفاعی کو فنا کر دیا تو اب مسلمانوں پر یہ فرض ہوگیا کہ اُس قوت کو وہ پیدا کریں انگلستان کے وزیراعظم اور اُس کے حواریٔں کو یہ ہرگز بھولنا نہ چاہیئے کہ یہ وہ فرض ہی جو ادا ہو کر رہے گا۔

Marfat.com

یہ ایسا فرض نہیں جو کسی خاص خطہ پر بسنے والے مسلمانوں ہی کا فرض ہو یورپ نے خود ہی سلطنت عثمانیہ کو پارہ پارہ کرکے یہ تحریک عام عالم اسلامی میں پیدا کر دی کہ جو مسلمان جہاں کہیں بھی ہے اپنے اس فرض کے ادائیگی کے لئے آمادہ ہو جائے۔

رہا انجام سو خواہ موجودہ نسل مسلمانوں کی اسے انجام دے یا قادر مطلق کسی اور قوم کو دائرہ اسلام میں لاکر اس خدمت کی سعادت بخشے یا آئندہ آنے والی نسل اس برکت کی حاصل کرنے والی ہو یہ ایسا فرض نہیں جسے مسلمان بھول جائیں یا ان کا رب انھیں بھولنے دے لائڈ جارج ابیہ دل کا خار ہے اس کی ٹیس اُس وقت تک بیتاب رکھے گی جب تک یہ کانٹا نکل نہ جائے۔

(۶) مسلمانوں کے مذہب نے انھیں یہ بتایا ہے کہ اگر ایک مسلمان دوسرے مسلمان کو ناحق قتل کرے گا تو یہ ایک ایسا گناہ ہوگا کہ اس سے بڑا گناہ صرف کفر ہی ہے لیکن یہی قتل جب کہ اس وجہ سے عمل میں آئے کہ کسی قوم کافر کا غلبہ مقصود ہو اور مسلمانوں کے مقبوضات کو محروسات کفار میں شامل کرنا منظور ہو تو یہ نہ صرف گناہ ہے بلکہ کفر ہے۔ ایک مسلمان جب کہ کسی مسلمان کی زمین لیلے یا اُس کے ملک پر فوج کشی کرے تو یہ جرم عظیم ہے لیکن مسلمان سے چھین کر کافر کو متصرف کر دینا نہ صرف ایک مسلمان کی حق تلفی ہے بلکہ حقوق مذہب کا اتلاف ہے اسلام کے تصرف سے نکالنا ہے یہ دین کا ایسا سچا اور کھرا مسئلہ ہے جس کا صریح و بیّن حکم کلام پاک میں موجود ہے لیکن سلطنت برطانیہ جب کہ خلافت سے برسرِ جنگ ہوئی تو مسلمانوں سے روپیہ قرض کے نام سے لیا انھیں فوج میں بھرتی کیا اور مقامات مطہرہ میں لے جا کر اُس پاک سرزمین کے واجب الاحترام باشندوں کو جو خلافت کے جاں نثار تھے ان کے ہاتھوں سے قتل کرایا گیا۔

Marfat.com

مسلمانان ہند جو سرتا سر افلاس کے شکار ہو رہے ہیں اگر ان سے روپیہ نہ لیا جاتا اور ان کی جماعت مقامات مقدسہ پر جنگ کے لئے نہ بھیجی جاتی تو برطانیہ کے فوج و خزانہ میں کیا کمی آجاتی لیکن انھیں مُردہ قوم سمجھ کر ان سے صریح مذہب کے خلاف تعمیل کرائی گئی یہ اندوہناک غم ہر ذی فہم کے دل پر رہا۔

(۷) سلطنت برطانیہ کے فتح کی خبریں آئیں جشن منانے پر مسلمان بھی مجبور ہوئے بعض عمال سرکاری نے اپنی اظہار کارگزاری کے لئے مسلمانوں کو ایسا مجبور کیا کہ گھی کے چراغ جلوائے درگاہوں پر چادریں چڑھائیں اور روپیہ انھیں مصیبت زدوں سے لیا اخبارات میں یہ واقعات آتے رہے لیکن کسی افسر اعلیٰ نے یہ نہ پوچھا کہ تم نے کیا کیا اور کیوں کیا۔

رعایا بادشاہ کی خوشی سے خوش ضرور ہوگی بشرطیکہ مذہب سے تصادم نہ ہو تاہم یہ خوشی ایسی تھی کہ مسلمانوں کے لئے انتہائی بزم ماتم کا دن تھا رعایا ہونے کی حیثیت سے اگر انھوں نے نالہ و شیون نہیں کیا تو ثبوت وفاداری کے لئے یہی بہت کافی تھا لیکن انھیں عیش و طرب پر مجبور کرنا شاعروں سے قصائد لکھوانا زخمی دلوں پر نمک چھڑکنا تھا اہل درد تڑپ کر رہ گئے۔

(۸) یورپ نے اس جنگ کو حرب صلیبی قرار دیا فیصلہ جنگ کرتے ہوئے ترکوں پر ایسے اتہامات و الزامات عائد کئے جس سے سخت توہین مسلمانوں کے مذہبی گروہ کی ہوتی ہے اس سے مسلمانوں کے دلوں پر اور بھی چوٹ لگی۔

(۹) اگر دوران جنگ کے سارے واقعات ایک پلہ میں اور لائڈ جارج کا تلخ جواب بعد مواعید شیریں دوسرے پلہ میں رکھا جائے تو بھی دوسرا پلہ بھاری رہے گا اس حقیقت کو

Marfat.com

فراموش کیوں کر کیا جائے کہ ایک انسان اپنے قول وعہد کو سچا اور موثق ثابت کرنے کے لئے جو کچھ کہہ سکتا ہے ایام جنگ میں وزیر انگلستان نے مقامات مقدسہ کے متعلق وہ سب کچھ کہا پھر ان مواعید کی اس طرح تکرار کی گئی کہ اس سے زیادہ تکرار کسی سلطنت کے ذمہ دار نے کبھی نہیں کی ہے لیکن جنگ کے بعد جگر خراش کلمات کہے گئے اور جس طرح اتحادیوں نے خلافت کے ٹکڑے اپنی سلطنتوں میں پیوند کر لئے اس سے جو کچھ اضطراب اور لوازم اضطراب نہ پیدا ہو جائیں وہی تعجب ہے۔

اُن مواعید کے علاوہ جو لندن سے پیام وزرا بن کر آئے خود ہندوستان کے سارے ذمہ دار افسروں نے ہر جگہ مسلمانوں کا مجمع کیا اور یقین دلایا کہ اس وقت لڑائی ہو پڑی ہے جب ختم ہو جائے گی تو فیصلہ کے وقت خلافت کا اقتدار اور اُس کی قوت علی حالہ برقرار رکھی جائے گی لیکن آج جو کچھ ہو رہا ہے وہ ناقابل فراموش بیرحمی و بے اعتمادی کی خود اپنی نظیر ہے۔

وزیر اعظم کا یہ کہنا کہ مقبوضات خلافت جب کہ فاتحانہ حیثیت سے حاصل کئے گئے تو پھر اُن کی واپسی کیوں کی جائے یہ عجب طرز استدلال ہے۔

کیا مسلمانان ہند سے جو وعدہ ہوا تھا اُس کا ایفا اُس وقت ہوتا جب کہ ترک غالب و فاتح ہوتے مغلوب و ہزیمت خوردہ قوم کا فاتح و منصور کو ملک واپس کر دینا ایسی عجیب منطق ہے جسے دماغ وزارت ہی سمجھ سکتا ہے۔

تخلف وعدے کی ایک یہ وجہ بھی پیش کی جاتی ہے کہ اس جنگ میں دیگر دول یورپ بھی شریک و شامل تھے دولت عثمانیہ کے حصے ہر ایک کی قسمت میں آئے ہیں شرکاء میں سے کوئی بھی جب کہ واپسی پر راضی نہیں تو پھر میں اپنا حصہ کیوں واپس کروں۔

Marfat.com

اس کے جواب میں یہ بحث فضول ہے کہ واقعہ کیا ہے لیکن اس قدر گزارش کی اجازت دیجئے کہ وعدہ تو آپ کا اور آپ کے ہم قوم حکاموں کا تھا نہ کہ وزرائے فرانس و روس وغیرہ کا اُن کے وعدہ بھی آپ ہی کی زبان سے ہم تک پہنچے تھے آپ اپنا وعدہ وفا کریں دوسروں سے آپ کو کیا غرض۔

لائڈ جارج! اس سوال کی اجازت دیجئے کہ ہندوستانیوں نے روپیہ آنجناب کی نذر کیا تھا یا دیگر دول یورپ کے سامنے پیش کیا تھا ہندوستانی آپ کے محکوم ہو کر آپ کی طرف سے گلا کٹانے گئے تھے یا فرانس و روس کے ہمدرد بن کر قربان گاہ میں پہنچے تھے اُس پرفتن زمانے میں مسلمانان ہند کی خاموش اطاعت نے آپ کے محروسہ و مقبوضہ ہند کو آپ کے قبضہ میں برقرار رکھا یا اس اطاعت گزاری سے فرانس و روس کا کوئی ملک محفوظ رکھا گیا۔

اگر ان سب نا شعاریوں کا یہی صلہ ہے کہ سات کروڑ مسلمانوں کی مودبانہ اور عاجزانہ التماس اس طرح قدموں سے ٹھکرا دی جائے تو پھر اس ہنگامہ کی ذمہ داری آپ پر ہے نہ کہ کسی اور پر۔

آخر میں اس سوال کی اجازت اور چاہتا ہوں کہ اس وقت تو خلافت کے اجزا اس جرم میں باہم تقسیم کر لئے گئے کہ سلطنت عثمانیہ نے میدان جنگ میں اپنے کو بحیثیت مقابل شامل و شریک کیا لیکن اہلِ مصر کب آپ سے برسرِ پیکار ہوئے تھے جو اُن پر برسوں آپ کی نوازش رہی اور آج بھی کرم کا بادل اُن سے نہیں ہٹتا۔

جزیرۂ قبرص پر قبضہ کس جرم میں کیا گیا اُس وقت کس نے آپ سے جنگ کی تھی جو اس جزیرہ کو آپ نے اپنے مقبوضات میں داخل کر لیا۔

Marfat.com

یونان نے سرکشی و شوخ چشمی کی غازی ادھم پاشا نے تھسلی پر جا کر اسلام کا ہلالی جھنڈا نصب کر دیا اُس وقت کون تھا جو یونان کا دست و بازو بنا جس نے ترکوں کو فتح کئے ہوئے ملک سے دست بردار ہونے پر مجبور کیا۔

علم برداران تثلیث تنازع للبقا کا مسئلہ یہی حکم دیتا ہے کہ قوی کی ہستی ضعیف کے مٹنے سے قایم رہیگی مسلمانوں نے توحید و خدا پرستی کی طاقت و قوت کی قدر نہ جانی آخر کمزور و ناتواں ہو کر نمونہ عبرت و بصارت ہو گئے یہ اپنی شامت اعمال اور سوء اعتقاد کا نتیجہ ہے جو سامنے ہے لیکن تم یہ زحمت کیوں اٹھاتے ہو جو اپنے فیصلہ کو اخلاق و انصاف کا مسئلہ ثابت کرنا چاہتے ہو۔

اضطراب و بے چینی کے ایسے واقعات جو بہت ہی اجلی و روشن ہیں انھیں میں نے اختصار کے ساتھ بیان کر دیا ہے اب گورنمنٹ کو اختیار ہے کہ رعایا کی بے چینی جس طرح چاہے دفع کرے مسلمانوں کے مذہب کا یہ نہایت سچا اور مستحکم مسئلہ ہے کہ مسلمان ہر اُس حصہ زمین پر آباد ہو سکتا ہے جہاں ارکان دینی میں مزاحمت نہ کی جائے لیکن مرکزی مقام کا کسی کے نظر توجہ پر چھوڑ دینا مسلمانوں کے لئے ایک ایسا گناہ عظیم ہے کہ جس کا کچھ کفارہ نہیں

اس جگہ کے لئے صرف اسی قدر کافی نہیں کہ ہم وہاں ارکان مذہبی بآزادی ادا کرتے ہیں بلکہ اس کو اس حیثیت میں ہونا چاہیئے کہ اگر بالفرض کوئی طاقت اُس مقام پر مانع و مزاحم بھی ہونا چاہے تو مزاحمت اُس کے حیطہ وسعت و امکان سے خارج ہو مرکزی مقام پر مسلمانوں کی ایسی قوت ہر وقت مجتمع و مہیا رہنا چاہیئے کہ دینی و مذہبی ارکان کی تعمیل بزور و قوت ہو نہ کہ کسی کی عنایت و رعایت کے طفیل میں گورنمنٹ کے سامنے اضطرار کی سچی اور صحیح تصویر پیش کرنے کے بعد مسلمانان ہند سے گزارش ہے

Marfat.com

کہ لفظ موالات کی تحقیق و تنقیح جو کچھ بیان کی گئی اُس سے ہر شخص بجائے خود فیصلہ کرے کہ وہ کون سے تعلقات و روابط ہیں جنھیں گورنمنٹ سے (جو علاوہ کافر ہونے کے فریق محارب بھی ہے) پیدا کرنا یا باقی رکھنا جائز ہے اور کون سے تعلقات کا قطع کرنا واجب۔

مقاطعہ کی تحقیق بھی گزر چکی بخاری و مسلم کی حدیث سے ثابت کر دیا گیا کہ مقاطعہ ہرگز داخل موالات نہیں ایسے فریق محارب کے ساتھ جو خانہ کعبہ پر متصرف تھے مسلمانوں کو عمرہ و حج ادا کرنے سے مانع آتے تھے بیت اللہ کو صنم خانہ بنائے ہوئے تھے جب کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقاطعہ جاری نہ رکھا اور عمل مقاطعہ سے اُن پر غلبہ پانے کی کوشش نہ فرمائی تو اب کسی کا یہ کہنا کہ یہ قرآن کا حکم ہے اور مقاطعہ فرض ہے کھلی بددینی ہے۔ مباح کا فرض ہو جانا کہا جاتا ہے کہ اس وقت جب کہ جہاد بالسیف کی طاقت مسلمانوں میں نہیں تو وہ چیز جو مسلمانوں کو دشمن اسلام پر غلبہ عطا کرے وہ قایم مقام جہاد کے ہوگی اور وہ نہیں ہے مگر خاموش مقابلہ دشمن سے مقابلہ کے وقت بہت سے مسائل کی صورت متغیر ہو جاتی ہے مثلاً جاسوسی اخلاقاً و شرعاً مذموم ہے لیکن فریق محارب کے مقابلہ میں جاسوس مقرر کرنا ان کے سرائر و مخفیات کا پتہ لگانا مستحسن و ضروریات جنگ میں سے ہے۔

فریق محارب پر بحالت محاصرہ یا مقابلہ غلہ اور پانی تک بند کر دینا جب کہ جائز ہے تو اس وقت انگریزوں سے مسلمانان ہند کا جو مقابلہ ہو گیا ہے اگر وہ چیزیں جو بحالت امن جائز تھیں اس مقاومت مجہول کی حالت میں جو قایم مقام جہاد ہے نا جائز سمجھی جائیں تو کیا محذور شرعی لازم آتا ہے علی الخصوص ایسی حالت میں جب کہ ہم حکومت سے دست و گریبان نہیں ہوتے بلکہ نہایت خاموشی و سکون سے اپنے ہر طرح کے تعلقات اُن سے منقطع کر لیتے ہیں

Marfat.com

اس انقطاع کا لازم نتیجہ یہ ہوگا کہ حکومت اپنے وطن کا رُخ کرے اور گھر پہونچکر خانہ نشین ہو جائے اُس وقت دو فائدے حاصل ہوں گے ایک تو حکومت ہند خود مختار ہو کر سوراج حاصل کرلے گی دوسرے مسلمانوں کا بڑا حریف دُنیا سے اگر دفع نہو گا تو کمزور ضرور ہو جائے گا لہذا مسلمانوں پر یہ فرض ہے کہ وہ انقطاع کلّی کریں۔

اس کے جواب میں فقیر نہایت ادب سے گزارش کرتا ہے کہ سوال جواز و عدم جواز کا نہیں گفتگو تو آپ کے اس ادعا میں ہے کہ آنجناب کی تحریکات کی تعمیل مسلمانان ہند پر فرض ہے اور جو شخص تامل و فکر کرے یا اصلاح و ترمیم پیش کرے وہ مرتکب حرام دائرۂ اسلام سے خارج اور سچّا منافق ہوگیا۔

لیڈران قوم بیشک یہ دین کا مسئلہ ہے کہ مسلمانوں کو یہ سزاوار نہیں جو وہ اپنی ہستی کو مضمحل و ناتواں بنا کر رکھیں بیشک اصول زندگی مسلمانوں کو ایسا قرار دینا چاہیئے کہ دیگر اقوام ان کی طرف محتاج ہوں نہ کہ یہ دوسروں کے دست نگر ہوں یہ ایسی بدیہی باتیں ہیں جن سے کسی کو کسی وقت انکار نہیں لیکن تقویۃ و حصول غلبہ کی جو صورتیں آپ پیش فرمارہے ہیں وہ مسئلہ شرعی نہیں ہے بلکہ وہ آپ کی رائے ہے۔

غایتہ مافی الباب یہ کہ لیجئے کہ آپ کی رائے ایک مسئلہ شرعی کی تائید میں ہے لیکن اپنی رائے کو شریعت کا فتویٰ اور قرآن کا حکم قرار نہ دیجئے اگر کوئی آپ کی تجویز سے اختلاف کرتا ہے تو اُسے فرض کا منکر نہ کہیئے فرائض تو وہی ہیں جنھیں حق سُبحانہٗ نے فرض کردیا۔ کیا آپ کی رائے اور حق سُبحانہٗ کا ارشاد ایک مرتبہ رکھتا ہے ایسا دعویٰ کرتے ہوئے کچھ تو حیا کیجئے۔

جنگ بدر کا موقع ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک مقام پر منزل قرار دیتے ہیں

Marfat.com

حضرت حباب ابن المنذر عرض کرتے ہیں کہ یا رسول اللہ اس مقام کو منزل گاہ آپ نے
بموجب حکم آلٰہی قرار دیا ہے یا موقع و تدبیر جنگ کا لحاظ ہے آپ نے فرمایا نہیں یہ رائے
اور جنگ ہی حضرت حباب عرض کرتے ہیں تو پھر یہ مقام مناسب نہیں بلکہ فلاں مقام
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حباب ابن المنذر کی رائے کو شرف قبول فرماتے ہیں۔
اس واقعہ سے یہ نتیجہ نکالئے کہ ایک امر مذہبی اور فرض دینی کے انصرام و انجام
کی جب کہ شریعت نے صورت متعین و متشخص نہ کردی ہو تو اختلاف رائے کی گنجایش
ہے اپنی رائے کو عین فرض اور امر دینی قرار دینا خلاف شرع ہے صحابہ رضی اللہ عنہم نے
بارہا اپنی رائیں رسول خدا کے حضور میں پیش کیں جو قبول سرکار رسالت ہوئیں لیکن آپ کا
آستانہ ایسا رفیع و بلند پایہ ہے جہاں اصلاح و ترمیم تو کجا عرض و معروض کی بھی مجال نہیں یہاں
جنبش لب پر تکفیر کا فتویٰ موجود ہے نہایت ادب سے چند امور گزارش خدمت ہیں خواہ آپ
قبول فرمائیں یا کافر و منافق کہیں اس کی پروا نہیں۔

**ترمیم کے پانچ وجوہ** اولاً یہ کہ آپ فرماتے ہیں کہ مقاطعہ اُس وقت فرض ہے دوسرا فریق عرض کرتا ہے
کہ اس طریق مقابلہ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منسوخ فرما دیا دلیل میں حضرت ثمامہ
بن اثال کا واقعہ پیش کرتا ہے لیکن آنجناب کے پاس بجز فرمان گاندھی اور کیا دلیل فرضیت ہے
مسلمانوں کو وہ طریقہ بتایئے کہ جس کے عمل کا نتیجہ مطلقاً کفار سے بے نیازی ہے۔
ثانیاً یہ گزارش ہے کہ مقاطعہ کا دائرہ جب تک اُس حد کے اندر ہے جس سے گورنمنٹ
کا کوئی نقصان متین نہیں اُس وقت تک تو آپ خاموش رہ سکتے ہیں لیکن جب اُس کے
حدود وسیع ہوں گے اور گورنمنٹ کے منافع سے آپ کی خاموشی کا تصادم ہوگا تو اس وقت
آپ ہزار چپ رہنا چاہیں لیکن یہ ٹکر تو مہر سکوت توڑ کر ہی رہیگی آخر اُس موقع کی بھی تو

Marfat.com

سبیل بتایئے ؎

اے حضرت مومن یہ مسلم ہے جو ارشاد — بھولے سے بھی اب ذکر بتوں کا نہ کریں گے
لیکن جو بتوں ہی نے کہیں آپ سے کی بات — پھر آپ ہی فرمائیں کہ کیا کیا نہ کریں گے

ثالثاً یہ عرض ہے کہ خاموش رہنا بھی ایک زبردست قوت کا خواہاں ہے ہندو بیشک اس قدر طاقت رکھتے ہیں کہ وہ اپنی خاموشی کو نباہ لے جائیں گے بلکہ اگر چاہیں گے تو اپنے مقابل کو خاموش بھی کردیں گے لیکن افسوس ہے کہ مسلمانوں میں کسی طرح کی طاقت کا نام ونشان بھی نہیں ہے ان میں نہ مالی طاقت ہے نہ اخلاقی نہ دینی قوت ہے نہ روحانی لیڈری کا غرور اگر آپ گرامی قدر حضرات کو ایک لمحہ کی فرصت عطا کرے تو اس حقیقت سے انکار نہ کیجئے پہلے اس امر کی کوشش فرمایئے کہ مسلمانوں میں قوت پیدا ہو پھر چاہے خاموش مقابلہ کیجئے یا ناطق وگویندہ مقابلہ سے پہلے استطاعت مقابلہ فرض ہے جس طرح نماز سے پہلے وضو۔

رابعاً یہ التماس ہے کہ اصلاح کا موقع ہنوز باقی ہے اگر خدمت اسلام واقعی آپ کا مقصد ہے تو وہ کام شروع کیجئے جس سے مسلمانوں میں طاقت و استقامت پیدا ہو اجتماع وجماعت کے آثار ان میں پائے جائیں دیکھئے انبوہ اور بھیڑ پر نازاں نہ ہوجئے ان سے خاموش مقابلہ کی بھی توقع نہ رکھئے ان کے لئے حکومت کی تھوڑی سی سختی بھی کفایت کرتی ہے خدانخواستہ اگر آپ اب بھی نہ سمجھے اور اس بھیڑ کو اسی حالت سے مقاومت مجہول اور خاموش مقابلہ کے سامنے پیش کردیا تو پھر یاد رکھئے کہ مہرِ خاموشی اس طرح ٹوٹے گی کہ گلے پھاڑ پھاڑ کر اس طرح چیخیں ماریں گے کہ برسوں تک اُس کی گونج فضا میں سے عبرت وبصارت کا سبق دیتی ہوگی۔

Marfat.com

خاصۂ یہ گزارش ہے کہ اگر آپ حضرات کو اپنے تجاویز پر یوں ہی اصرار ہے تو براہ کرم کتاب وسنت سے یہی بتا دیجئے کہ مسلمانوں کو یہ ہدایت دی گئی ہے کہ جب تم میں ضعف و ناتوانی ہو تو اُس وقت تم خاموش مقابلہ کرو اور فریق مقابل تمھیں قید کرے مارے بے حرمت کرے قتل کر ڈالے تو یہ سب برداشت کرلو اس لئے کہ جب تم فنا ہو جاؤ گے اور تمہاری ہستی ایک وجود موہوم کا مرتبہ پالے گی تو اُس وقت دشمن مغلوب و مفتوح ہو جائے گا اور تم غالب و فاتح -

اگر شریعت سے آپ اس کا جواب نہ دے سکیں تو پھر کسی قوم کی تاریخ سے ہی اس کا ثبوت دیجئے کہ مقاومت مجہول بغیر قوت واستطاعت کے عمل میں لائی گئی اور کامیاب ہوئی۔ اگر یہ بھی نہیں تو پھر اس درخواست کو قبول فرمایئے کہ یتعلم الحجامۃ علیٰ رؤس الیتمیٰ یعنی یتیموں کے سر پر حجامت کی مشاقی نہ کیجئے -

اس وقت آپ کی جملہ تحریکات پر تنقید مقصود نہیں بعض اُن میں سے یقیناً صدق و صلاح ملک کے لئے بہت ہی مفید ہیں مثلاً سُودیشی یا ترک قوم فروشی و انگریز پرستی وغیرہ لیکن آپ کی وہ تحریک جس سے مسلمانوں کی سخت تباہی ہے اور انگریزوں کا ذرہ برابر نقصان نہیں یعنی مسئلہ تعلیم اُس کے متعلق کچھ گزارش ہے شاید آپ حضرات میں سے کسی کی سمجھ میں آجائے -

مسئلہ تعلیم | علوم اسلامیہ کی حفاظت کے لئے جب اپنی سلطنت نہ رہی اور ہندوستان میں ایک اجنبی و بیگانہ قوم کی حکومت فرماں روائی و حکمرانی کرنے لگی تو علوم اسلامیہ کی تحصیل میں مسلمانوں کی سرگرمی سرد مہری سے بدلنے لگی -

اگرچہ زبان اجنبی محض بھی سیکھنے میں محنت شاقہ برداشت کرنی پڑتی تھی لیکن مجبوری

Marfat.com

یہ تھی کہ اجنبی زبان معاش کا ذریعہ تھی اوّلین ضرورت جس نے مسلمانوں کو انگریزی کی طرف مائل کیا وہی فکرِ معاش تھی۔

یہ مسئلہ محتاج بیان نہیں کہ مقاصد علوم تین ہیں تہذیب اخلاق، تزکیہ نفس اور تربیت دماغ بلا خوف تردید یہ کہا جا سکتا ہے کہ علوم کے ہر سہ مقاصد کا بدرجۂ تمام و کمال تکملہ علوم اسلامیہ سے ہوتا تھا۔

صدیوں تک مسلمانوں نے دنیا پر ایسی حکومت کی ہے جس کی نظیر نہ صفحات تاریخ میں ملتی ہے نہ آیندہ کسی دوسری قوم کی ایسی تاریخ لکھی جائیگی جہاں بانی و فرماں روائی کے ساتھ ہی ساتھ علم و فن کی بھی ایسی خدمت کی کہ بہت سے علوم انھیں کے اقلام سے ترقی پذیر ہوئے بہت سے علوم مسلمانوں نے خود ایجاد کئے کتنے مُردہ فنون میں جان ڈالی علوم عقلیہ اور فنون حکمیہ کے علاوہ خود ان کی مذہبی تعلیم کا ایسا بیکراں سرمایہ موجود ہے کہ ایک وہ شخص جو اپنے مذہب کو سمجھتا ہے اور اُس کے بتائے ہوئے اصول کو اپنی زندگی کا دستور العمل قرار دیتا ہے وہ اس سے بے نیاز ہے کہ اپنے دماغ کی تربیت اپنے اخلاق کی تہذیب اپنے نفس کا تزکیہ کسی غیر زبان یا غیر قوم کے علم و فن سے کرے لیکن جب اپنی سلطنت علوم اسلامیہ کی حمایت و حفاظت کے لئے نہ رہی تو ترقی کے سارے زینے ٹوٹ گئے اور علوم و فنون کی عمارت منہدم ہو گئی دوسری قومیں جو دنیا میں سریر آرائے سلطنت تھیں اُنھوں نے علم و فن کی بھی حکومت حاصل کر لی کسی قوم میں جب سلطنت آتی ہے تو اُسی کے ساتھ بہت سے محاسن و کمال بھی آجاتے ہیں لیکن جب سلطنت جاتی ہے تو محاسن و کمال صرف اُس قوم سے رخصت ہی نہیں ہو جاتے بلکہ ایک کافی مدّت کے لئے اُسے دام حیرت میں ایسا گرفتار کر جاتے ہیں کہ

Marfat.com

وہ قوم اس انقلاب کلی سے متاثر ہو کر عالم سراسیمگی میں ششدر و حیران ہوتی ہے اور کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔

ہندوستان سے مسلمانوں کی سلطنت جب زائل ہوئی اور ۱۸۵۷ء کے واقعہ نے ان کی آنکھیں کھولیں تو انھیں معلوم ہوا کہ سلطنت کے ساتھ کمالات و محاسن بھی ان سے رخصت ہو گئے یہ دوسری وجہ تھی جو علوم مغربیہ کی طرف انھیں مائل کرنے والی ہوئی اس وقت مغربی علم و فن کی ضرورت ثابت کرنے کی حاجت نہیں نہ اس پر دلیل لانا ضروری کہ آج مقابلہ محاربہ اور محافظت کا جو سامان سلاطین عالم کے پاس ہیں اگر ہندوستان اُنھیں اپنے لئے غیر ضروری سمجھتا ہے تو آزاد ہو کر دوبارہ گرفتاری و غلامی کی کسی غیر سلطنت کو دعوت دیتا ہے اس وقت مجھے صرف اس قدر گزارش کرنا ہے کہ جب تک ہندوستان میں حکومت برطانیہ باقی ہے اُس وقت تک وہ ضرورتیں بھی باقی ہیں جن کے زبردست مطالبات نے ہمیں انگریزی کی طرف مائل کیا۔

ایسی تعلیم گاہیں جن کی سند و تصدیق مصدقہ و مسلمہ گورنمنٹ ہوں اور ایسے اسناد جن سے ملازمت کا استحقاق ہو اُس وقت تک ضروری ہیں جب تک حکومت باقی ہے۔

ہندوستانیوں کا حکومت کے سارے شعبوں پر اس طرح حاوی ہو جانا کہ ہر رخنہ پر اُن کا ہاتھ پہونچ سکے فی الحقیقت سوراج کی تاسیس ہے آج پولیس اور فوج میں ہندوستانی چھوٹے عہدوں پر بکثرت ملازم ہیں اگرچہ عہدہ بہت ہی حقیر اور تنخواہ بہت ہی تھوڑی ہے لیکن اس وقت موجودہ تحریک نے جو فوج و پولیس میں بھی ایک تاثیر پیدا کر دی ہے اُس سے ہندوستانی ایک قوت محسوس کر رہے ہیں۔

ہمسایہ قوم ہنود کو دیکھئے ایک ادنیٰ ملازمت سے گورنری کے عہدہ تک یہ قوم پہنچی ہوئی

Marfat.com

ہی سارے دفاتر و آفس میں ہندو بھرے ہوئے ہیں پھر آج اُنھیں یہ زور بھی حاصل ہے لیڈران قوم اب بھی سمجھئے پہلے اس کی قوت پیدا کیجئے کہ آپ کی خاموشی و یکسوئی سے دشمن چیخ اُٹھے اور اُس کی جمعیت کا شیرازہ بکھر جائے پھر خاموش ہو جئے۔

فرض کیا کہ آپ میں طاقت خاموشی نہیں لیکن ہندؤں میں ہے پھر آپ دونوں مل کر دو دل یک شود بشکنند کوہ را کا نمونہ پیش کر دیں گے برس روز میں سواراج حاصل ہو جائے گا۔ لیکن اُس وقت جب کہ سواراج کا عمل ہوگا عہدہ و مناصب کے مستحق اور حکومت کے وہی شریک ہوں گے جن کے ہاتھوں میں علوم مغربیہ کی سندیں ہوں گی۔ انقلاب حکومت کے بعد جب تک جدید حکومت اپنے قوانین وضع نہ کرے علوم و فنون کا تعین و تشخص نہ کرے اُس وقت تک سواراج کا قانون یہی موجودہ قانون سلطنت ہوگا اور یہی مغربی علم کے جاننے والے اساتذہ ہوں گے اور اسی علم کی تعلیم درسگاہ سواراج میں دی جاتی ہوگی۔ غرض سواراج مل کر بھی اس نسل کے لئے موجودہ تعلیم مفید ہی رہیگی۔

رہا یہ اعتراض کہ موجودہ تعلیم میں نقائص ہیں ضروریات قومی کے لئے یہ تعلیم محض ناکافی ہے یہ بالکل بجا و درست لیکن یہ کوئی نیا خیال نہیں اس کی چارہ جوئی میں لیڈران قوم ایک مدت سے سرگرم ہیں اُن کے جد وجہد کی مختصر تفصیل یہ ہے۔

تعلیم انگریزی کا ہندوستان میں جب آغاز ہوا تو نصاب تعلیم اور اوقات تعلیم میں کچھ اس کا انتظام نہ تھا جس سے قومی و مذہبی معلومات پیدا ہوں ایسے اشخاص جن کا مطمع نظر قوم کو ایک زندہ قوم بنانا تھا اُنھوں نے اس نقص کو دیکھا اور قومی کالج کی بنیاد رکھی اس بنا پر ہی میں مسلمانوں نے سبقت کی تعلیم یونیورسٹی کے ساتھ جس قدر قومی و مذہبی تعلیم کا انتظام ہو سکتا تھا اپنی درسگاہوں میں اُسی قایم کیا لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ خود مسلمانوں نے

Marfat.com

اُس سے مستفید و مستفیض ہونے کی کوشش نہیں کی اس لئے ابتدائی انتظام جو کچھ ہو گیا تھا اُس کی نہ تو کسی طرح کی افزائش ہو سکی نہ اُس میں التزام و انضباط کی شان پیدا ہوئی ۔

مثلاً علی گڑھ کالج میں تعلیم دینیات کا جو انتظام رہا ہے مسلمانوں کی اولاد اگر اُس سے نفع حاصل کرنا چاہتی تو آج مذہب کے لئے اُن کا وجود اجنبی نہ ہوتا۔ منتظمین کالج میں بعض ایسے حضرات بھی برابر شریک رہے ہیں جن کی دلی تمنا یہ تھی کہ طلبہ میں ذوق مذہبی کم از کم اتنا تو ضرور پیدا ہو جائے جس کی چاشنی اُنھیں جہاں کہیں بھی رکھے اور جس ماحول میں رکھے خدمتِ اسلام سے غافل و بے پروانہ ہونے دے یہ کوشش اُن کی برابر مسلسل جاری رہی لیکن ملک و قوم میں مذہب سے بے پروائی کی جو آندھی چل رہی تھی اُس میں یہ سعی پراگندہ و مضطر ہو کر رہی۔

**معترضین کی فرض ناشناسی** | اس جگہ بغیر اس اظہار کے رہا نہیں جاتا کہ ٹرسٹیان کالج میں سے آج جس کے نام پر سب و شتم اور لعن و طعن کا بھیجنا قوم مسلم ثواب و عبادت سمجھ رہی ہے احاطۂ کالج میں دین کی خدمت اس وقت تک اُسی کی قسمت میں رہی وہ ٹرسٹی صاحبان جنھیں دعوتِ حق نے آج مخمور کر رکھا ہے ان کی تشریف آوری جب کبھی احاطۂ کالج میں ہوئی تو کرکیٹ کے میدان کی رونق ہو گئی یونین کلب میں گرمیِ سخن کی دھوم دھام رہی لیکن اسباق دینیات پر ہمیشہ اُوس ہی پڑی رہی ۔ جنوری سنہ ۱۹۳۰ء میں بھی تین دن تک کالج میں قیام رہا مدت قیام میں کرکیٹ فیلڈ اور یونین کی رونق خوب ہوئی لیکن درس تفسیر درس تجوید تین دن تک سونا اور خاموش ہی رہا کبھی ان میں سے ایک صاحب نے بھی نہ تو تجوید کلاس میں شرکت فرمائی نہ درس تفسیر میں بیٹھے نہ دینیات کے لکچر کو کالج کلاسوں میں جا کر معائنہ کیا نہ کبھی مدرسین دینیات سے کوئی مشورہ کیا نہ طلبہ میں ذوق مذہبی کسی وقت پیدا کرنے کی کوشش کی ہاں جب

Marfat.com

مسٹر گاندھی کا کلمہ پڑھتے ہوئے اُس کی اُمت میں داخل ہوئے تو اس تلقین کی تبلیغ شروع کی کہ نیشنل کالج بناؤ کتابیں طاقِ نسیان کے حوالہ کرو بارہ گھنٹے یومیہ چرخا چلاؤ سیاست سلطنت علم مذہب اور خلافت سب اس چرخے کی گردش و چکر سے تمہیں حاصل ہو جائے گا۔

اس وقت تک قومی اسکولوں اور قومی کالجوں نے جو کچھ خدمت ملک و قوم کی کی ہے وہ آج سامنے موجود ہے لیکن بلند ہمت فراخ حوصلہ ہمدردان قوم نے اسے بھی اپنے اغراض و مقاصد کے لئے محض ناکافی سمجھا اس لئے یونیورسٹی کے خواہاں ہوئے۔

قومی یونیورسٹی کا خیال بھی آج سے ۴۵ برس قبل جس کے دماغ میں آیا وہ اسی مصیبت زدہ قوم مسلم کا ایک فرد تھا اب کہ یونیورسٹیاں مل گئی ہیں اُن کی آزادی کا سوال درپیش ہے غرض تعلیم کے متعلق اس وقت جو کچھ کہا جا رہا ہے یہ وہی صدا ہے جس کی منادی تیس برس سے مسلمانوں میں پکاری جا رہی ہے افلاس بے پروائی اور برکات علمیہ سے ناآشنائی کا نتیجہ ہے جواب آکر مسلمانوں کی ایک یونیورسٹی ہوئی ہے جس کے انجام کا علم عالم الغیب کو ہے۔

ہاں جس آزاد یونیورسٹی کی آواز بندگان گاندھی نے اس وقت بلند کی ہے اس کا خصوصی امتیاز سب و شتم اور لعن و طعن البتہ ہے اس فتنہ انگیز اور دل آزار جز کو اگران کی تقریر و تحریر سے الگ کر لیا جائے تو یہ وہی دیرینہ سی سالہ تمنا ہے بلکہ اگر بہ نظر انصاف دیکھئے تو حامیان قوم نے اس سے بھی ایک قدم آگے بڑھایا ہے۔

ملک نے کامل غور کے بعد یہ طے کر لیا کہ مسلمانوں کو اگر کسی وقت آزاد یونیورسٹی مل بھی گئی تو علوم و فنون کا غیر زبان میں پڑھنا عمر کو برباد کرنا ہے کسی قوم کے لئے

Marfat.com

یہ بہت بڑی مصیبت ہی کہ علوم کو اپنی زبان میں حاصل کرے اس دشواری کو اُس ذات نے حل کیا جس کے جود و کرم کا شفیق و مہر پرور ہاتھ ہمیشہ مسلمانوں کی طرف دستگیری وتسکین کے لئے بڑھتا رہا ہے یعنی خسرو دکن شہنشاہ حیدرآباد نے ایک دارالترجمہ قایم کیا علوم وفنون کے تراجم اُردو زبان میں ہوئے اور ہو رہے ہیں ایک اُردو یونیورسٹی کی بنیاد قایم کر دی گئی جو ابھی اپنے عہد رضاعت میں ہی لیکن اپنی رونق و بہجت سے اپنے شباب کا خوش آیند نظارہ پیش کر رہی ہے بیشک اگر ہندوستان کو آزاد یونیورسٹی کی اجازت ہوگئی یا موقع مل گیا تو اُس وقت یہی اُردو یونیورسٹی آزاد تعلیم کی مربی ہوگی دو ستو ناقص کو کامل بنانا کامل کو کامل تر کی حیثیت تک پہنچانا ترقی و کمال پذیری ہے موالات وعدم موالات سے اس کا کیا تعلق اس وقت گفتگو مسئلہ موالات میں ہی نقص اور اُس کے دفاع کا مسئلہ درپیش نہیں نقص تعلیم ایک مسئلہ مسلّمہ ہے اور دفاع کی تجاویز بعض زیر عمل اور بعض زیر بحث۔

آپنے یہ کہا کہ ترک موالات اور نان کوآپریشن باہم مرادف ہیں مسٹر گاندھی نان کوآپریشن کے عدد دجو کچھ متعین فرمائیں اور جس طرح اس میں توسیع کرتے جائیں وہ سب ترک موالات میں داخل ہوتے جائیں گے۔

اسی بنا پر سب سے پہلے آپنے اسلامی تعلیم گاہوں کی طرف توجہ فرمائی مسئلہ الحاق اور امداد مالی ان دونوں کو آپنے فریق محارب سے امداد و استمداد قرار دیتے ہوئے ان پر خالص موالات کا حکم صادر فرمایا ایسی درسگاہیں جو گورنمنٹ سے امدادی روپیہ لیتی ہیں اُن میں پڑھنا پڑھانا یا کسی اور صیغہ میں اُس کے ملازم رہنا آپنے حرام اور کفر قرار دیا حالانکہ بحیثیت ٹرسٹی آپ خود اُس سے تعلق رکھتے تھے اور اس وقت تک بھی یہ علاقہ آپ کا

Marfat.com

باقی ہی شاید اس کی یہ وجہ ہو کہ آپ اس تعلق سے اصلاح چاہتے ہیں پس آپ کا یہ لاقہ نہ صرف جائز بلکہ ضروری ہی لیکن معلمین کا مقصود افساد مسلمین و تائید عیسائیت کے سوا کچھ اور ہو ہی نہیں سکتا اس لئے حرام و کفر جیسا کہ سنین ماضیہ میں دونوں کے آثار خدمت کا تجربہ ہو چکا ہی۔

بہر حال اس بحث کو چھوڑیئے اس لئے کہ اس وقت، دین مذہب ایمان اور اسلام صرف آپ کے اعمال و اقوال کا نام ہے سنہ ء ۔ سے اسلام و ایمان کی تعریف کچھ اور ہی ہو گئی ہے۔

تعلیمی امداد کا مسئلہ لیکن ادب سے یہ گزارش ہی کہ وہ اشخاص جو ابھی آپ کا وہ مرتبہ تسلیم نہیں کرتے جس منصب کا آپ کو ادعا ہے بلکہ وہ اسی واحد قہار کے ماننے والے ہیں جو آپ کا اور جملہ عالم کا خالق و رب ہی اور اسی نبی کو پیغمبر یقین کرتے ہیں جسے حق سبحانہ نے خاتم النبیین فرمایا ہی ایسے اشخاص کے لئے مجرد آپ کا فرمان اس وقت تک لاسود ہو گا جب تک آپ ان کے معبود احکم الحاکمین کا حکم یا ان کے پیغمبر صادق مصدوق کا ارشاد پیش نہ فرمائیں لہذا نہایت عاجزانہ آپ حضرات گرامی قدر سے فقیر اس مسئلہ کو سمجھنا چاہتا ہے کہ از روئے شریعت اسلام مالی امداد اور الحاق مدارس موالات کیوں کر ہے مالی معاونت کی حقیقت یہ ہی کہ گورنمنٹ ہم سے تعلیمی ٹکیس وصول کرتی ہے اس کا مالگذاری اراضی سے کوئی تعلق نہیں یہ تو وہ رقم ہے جسے علاوہ لگان ہم ہندوستانیوں سے وصول کیا جاتا ہے ہندوستانی اپنے کمائے ہوئے اور حاصل کئے ہوئے روپے میں سے ادا کرتے ہیں ٹیکس کے نام سے گورنمنٹ ہم سے لیتی ہی اور مدد کے نام سے ہمیں واپس دیتی ہی اس لین دین اور الٹ پھیر میں نہ عیسائیت کی مدد نہ نصرانیت کی معاونت اپنا ایسا دیا ہوا

Marfat.com

مال جو تعلیم ہی کے لئے ادا کیا گیا تھا جب اُس کی واپسی ہوئی تو یہ موالات کیوں کر ہوگیا۔

(۱) کیا کافر کے ہاتھ میں جب اپنا مال پہونچ جائے تو اُس کی واپسی موالات ہو جائے گی۔

(۲) کیا زبردست کافر جب کسی ناتواں سے کچھ چھین لے پھر اُسے واپس کرے اور واپس کرتے ہوئے اپنے احسان وامتنان کا اظہار کرے تو کیا وہ ضعیف جو اپنے مال کی طرف محتاج بھی ہے بایں خیال اُس کے لینے سے انکار کرے گا کہ اس طرح مال کی واپسی موالات ہے۔

(۳) خلافت کے متعلق سلطنت برطانیہ سے آج جو کچھ طلب کیا جا رہا ہے اگر برطانیہ یہ کہہ کر واپس کرنا چاہے کہ یہ میرا احسان وکرم ہے جو فتح کئے ہوئے ملک کو واپس کرتا ہوں ساتھ ہی ایک معاہدہ جس میں آیندہ کے لئے اپنے ساتھ عمل معروف کا خلافت سے مطالبہ ہو پیش کرے تو کیا مسلمان اپنے ملک کو واپس لینے سے اس بنا پر انکار کر دیں گے کہ یہ موالات ہے براہ کرم قرآن حدیث یا فقہ سے اس کا جواب دیجئے اور اسے ثابت کیجئے کہ اپنے مال کی واپسی کا فریا فریق محارب سے موالات ہے کفر ہے حرام ہے نفاق ہے۔

تغیر عالم کو دیکھتے ہوئے علماء کرام نے اپنے دل ودماغ کو سیاسیات کی فکر سے ایسا بے نیاز کر لیا تھا کہ علامہ ابن خلدون کو اس مقدس گروہ کے حق میں یہ فیصلہ دینا پڑا کہ ابعد الناس عن السیاسیۃ ھم العلماء یعنی علماء کا دماغ سیاست کے سمجھنے سے بہت ہی دُور ہے یہ فیصلہ کیوں جائز رکھا گیا اور اس کے اسباب وعلل کیا ہیں اس وقت اس سے بحث نہ کیجئے صرف اس قدر ملاحظہ فرمایئے کہ آج یہ فیصلہ صدق وحق کے معیار پر

Marfat.com

کیسا کھرا ثابت ہو رہا ہے۔

ہندوستان میں ریفارم اسکیم کا ملنا لفظ سوراج کا شاہی خاندان کے رُکن رکین کے زبان پر آنا کس کا نتیجہ ہے آیا مدارس عربیہ کے علما اور طلبہ کے فکر و عمل کا نتیجہ ہے یا تعلیم یافتگان علوم مغربیہ کے افہام و تفہیم اور جد و جہد کا ثمرہ ہے۔

علوم عربیہ کے جاننے والے اس وقت جس حال میں ہیں امور دنیاوی اور پولیٹکس حالیہ میں اُن کے دماغ کی بلندی حوصلہ و ہمت کا علو قوت فکریہ کی صحت جس درجہ پر ہے وہ محتاج بیان نہیں ہندوستان کے ہر باشندے کو اس دینی گروہ سے روزانہ سابقہ رہتا ہے۔ عیاں را چہ بیاں۔

علوم عربیہ جو جملہ مقاصد تعلیم کو علیٰ وجہ الکمال حاوی و محیط آج اُس کے جاننے والوں کی یہ حالت کیوں ہے اس کی تحقیق و تنقیح چھوڑیے حالات و واقعات ہند کو دیکھیے کہ کیوں کر ہوئے اور کس کے ہاتھوں سے ہوئے۔

**علوم مغربیہ اور مسلمان** انگریزی سلطنت جب اپنے ساتھ علوم مغربیہ ہندوستان میں لائی تو ہندوستانیوں نے دیکھا کہ اب بقا اور نمود کی زندگی بغیر علوم مغربی حاصل کیے ناممکن ہے تعلیم کا سلسلہ شروع ہوا اور ہندوؤں نے بڑھکر تعلیم انگریزی کا استقبال کیا خوش آمدید کا نعرہ بلند کیا جب اس قوم کے ایک خاص حلقہ میں یہ تعلیم پھیل گئی اور انگریزی کے واقف کار کچھ ہندوؤں میں تیار ہو گئے تو اُن میں احساس پیدا ہوا اور حکومت کے انداز فرماں روائی پر نکتہ چینی شروع کی اپنے حقوق کے باب میں صدائے احتجاج بلند کی ہوم رول سلف گورنمنٹ یا سوراج کا تخیل سب سے پہلے علم مغربی سے آشنا دماغ میں آیا حکومت خود مختاری کی صدا جس نے اپنے مُنہ سے نکالی اور ہندوستان کے رہنے والوں کو یہ سامعہ نواز نغمہ جس نے سُنایا وہ

Marfat.com

انگریزی داں ہندوستانی تھا۔ کانگریس جو سواراج کا سنگ بنیاد ہے اس کی تاسیس اور پھر اس عمارت کی تعمیر و تکمیل جن ہاتھوں نے کی ہے وہ سب انگریزی خواں اور انگریزی داں ہیں۔

مسلمانوں میں جب علوم مغربیہ کا آغاز ہوا اور پھر ان میں بھی ایک تعداد تعلیم یافتوں کی تیار ہوگئی تو احساس و تاثریاں بھی ظاہر ہونے لگے لیکن افسوس ع

ہم ابھرتے ہوئے جھونکے میں خزاں کے آئے

یہ واقعہ ہے حقیقت ہے اس سے انکار کرنا سورج کی روشنی سے انکار کرنا ہے کہ ہندوستانیوں کا حکومت کے سامنے آنا اپنے مطالبات کو موثر پیرایہ میں پیش کرنا ثبات و قرار سے اپنے حقوق کے طلب میں مسلسل سرگرم کار رہنا اور پھر اپنی کامیابی کے لیے ایثار و قربانی سے دریغ نہ کرنا یہ سب تعلیم انگریزی کا ثمرہ ہے۔

آئین سلطنت پر جنھوں نے نکتہ چینی کی ہے وہ انگریزی خواں ہیں حکومت خود اختیاری کا جنھوں نے نعرہ بلند کیا ہے وہ انگریزی خواں ہیں غلامی کی ذلتوں کا جس نے احساس پیدا کیا ہے وہ انگریزی خواں ہیں قید خانوں میں سب سے پہلا قدم جن کا پہنچا ہے وہ انگریزی خواں ہیں دار و رسن سے جن کے گلے پہلے آشنا ہوئے وہ انگریزی خواں ہیں۔ ایک گوشۂ ملک سے دوسرے گوشہ تک جنھوں نے ہلچل مچا رکھی ہے وہ انگریزی خواں ہیں طرفگی یہ کہ سارے انگریزی خواں انھیں کالجوں کے تعلیم یافتہ اور سند یاب ہیں جن کا الحاق گورنمنٹ کی یونیورسٹیوں سے ہے سرکاری کالج یا امدادی کالج میں تعلیم پانے سے اُن کے جذبات قومی نہ فنا ہوئے نہ مٹے الحاق نے امداد نے اگر ایسی غلامی ایسی محبت قلبی اور ایسی مزدوری کی تعلیم دی ہے جس کا نتیجہ ملک کے پیش نظر ہے تو کیا اچھا ہوتا

Marfat.com

کہ سارے مدارس عربیہ کو امداد ملتی اور ان کا الحاق بھی گورنمنٹ کی یونیورسیٹیوں سے ہوتا تاکہ آج مسلمانوں کے پاس بھی گروہ عربی خواں میں ایسی ہی آئین سلطنت کے غاشیہ بردار عشق و محبت انگریزمیں سرشار اور خدمت سلطنت کے لئے مزدور موجود ہوتے۔

اس وقت علمائ سیاسی میں جو خروش و جوش ہے وہ بھی نتیجہ انھیں انگریزی خوانوں کا ہے انھیں کے ہاتھوں نے انھیں جھنجوڑا جب ان کی آنکھیں کھلیں انھیں کے ہاتھوں نے سہارا دیا جب ان کے قدم اٹھے انھیں کی آوازوں نے ان کی زبانیں کھولیں جب یہ بولنے لگے ورنہ گروہ علمائے ربانیین کا وہ پہلے بھی عقلاء دنیا سے بے نیاز تھا اور آج بھی مستغنی ہی ہے

ملک کا جناح اُن کے زیر قدم ہے
عزیزوں کا قد سامنے اُن کے خم ہے

اس وقت بھی اگر انگریزی خواں جماعت ان تحریکات سے الگ ہو جائے تو سارے جمعیت العلماء کے فضلائے یگانہ اپنی اپنی درسگاہوں میں ہوں گے یا ممبر و محراب میں کسی یتیم خانہ یا مدرسہ یا مسجد یا انجمن اسلامیہ کا وعظ فرماکر آخر میں تحریک چندہ فرماتے ہونگے وزرائے انگلستان کے آرا پر تنقید اور سیاست ہند پر مباحثہ کسی کے وہم میں بھی نہ آئے گا ع گدائے گوشہ نشینی تو حافظا مخروش" فرماتے ہوئے سیاست کے سارے ابواب طی فرمادیں گے۔

اس حقیقت کو پیش نظر رکھتے ہوئے یہ فرمایئے کہ تعلیم انگریزی ہندوستانیوں کے احساس ناشر اور تقویہ کا واسطہ ہے یا فریق محارب کے لئے اجیر اور غلام وغیرہ بننے کا ذریعہ و واسطہ مسلمان اپنی ہستی قایم و باقی رکھنے کی غرض سے پڑھتے ہیں یا انگریزوں کی

Marfat.com

معاونت و امداد کے لئے تعلیم پاتے ہیں ۱۸۳۵ء میں مسلمانوں نے ایک میموریل گورنمنٹ میں بھیجی تھی جس پر آٹھ ہزار مسلمانوں کے دستخط تھے درخواست یہ تھی کہ انگریزی تعلیم پر کوئی رقم صرف نہ کی جائے۔ اسی رقم کو گورنمنٹ علوم مشرقیہ پر صرف کرے اگرچہ اسی سال راجہ رام موہن رائے کی بسرکردگی جو وفد ہندوؤں کے طرف سے پیش ہوا تھا اُس میں یہ استدعا تھی کہ گورنمنٹ بجائے علوم مشرقیہ کل رقم علوم مغربیہ پر صرف کرے۔

آج گورنمنٹ اُس وقت کو اور مسلمانوں کی میموریل کو یاد کرتی ہوگی کہ کاش مسلمانوں کی درخواست قبول کرلی جاتی تو گورنمنٹ کے سامنے ایسے ہی تعلیم یافتہ ہوتے جیسا کہ درسگاہ مشرقی نے تیار کئے ہیں۔ تار، ڈاکخانہ ریل وغیرہ اگر موالات کے قسم میں اس لئے داخل نہیں کہ اس سے مسلمانوں کا فائدہ ہے تو تعلیم انگریزی اور اسکول و کالج کا الحاق و مالی مدد بدرجۂ اولیٰ داخل موالات نہیں۔

مسئلہ موالات کے تحت میں یہ بحث اچھی طرح صاف و واضح کر دی گئی کہ کفر کی حمایت یا کفر کی طرف رجحان کا نام موالات ہے مالی امداد جب کہ اپنے ہی مال کی واپسی ہو تو اس میں کفر کی طرف یا کافر کی طرف رجحان کا کیا احتمال پھر جیسا رجحان ہوا وہ اس ہنگامہ سے عیاں ہے اس پر بھی الحاق یا امداد مالی کو اگر موالات کہا جائے تو یہ شرعی مسئلہ کا بیان اور احکام دین کی تبلیغ نہیں ہے یہ تو کھلی ہرزہ سرائی اور فحش گوئی کا ایک حیلہ پیدا کرنا ہے۔

تعلیمی تناسب کا اثر یہ مسئلہ بالکل بدیہی ہے کہ ملک موجودہ اصلاح پر کام کرے یا انقلاب کے بعد کوئی اور پہلو اختیار کرے پرسش جب کبھی اور جہاں کہیں بھی ہوگی جماعت تعلیم یافتوں ہی کی ہوگی جس گروہ میں تعلیم یافتہ زیادہ اسی گروہ کا حکومت میں حصہ اور اقتدار زیادہ عہد

Marfat.com

موجود میں ہندو تعلیم میں بہت آگے ہیں اسی سبب سے حکومت میں اُن کا حصہ بھی بہت ہی غالب ہے عملاً آدھی حکومت اگر اس وقت بھی ہندوؤں کی تسلیم کی جائے تو یہ حقیقت واقعی ثابت ہو گی۔ ہندوؤں نے اس قدر تعلیم حاصل کر لی ہے کہ اگر دس برس تک یکقلم تعلیم سے دست کش ہو جائیں اور مسلمان اس اثنا میں بڑی سرگرمی سے تعلیم حاصل کریں جب بھی ہندو تعلیم یافتوں کا شمار مسلمانوں سے المضاعف ہو گا۔

ہندوستان میں جس قدر کالج یا اسکول سرکاری ہیں اگرچہ نام و تنخواہ کا اُن کے تعلق سرکار سے ہے لیکن دراصل اُن کا فیض ہندوؤں کے لئے مخصوص ہو گیا ہے اختیارات وغیرہ کہیں بلاواسطہ اور کہیں بواسطہ چونکہ ہندوؤں ہی کے ہاتھوں میں ہیں اس لئے متعلقات بھی اسی قوم کے حصے میں ہیں سارے ہندوستان میں مسلمانوں کے صرف تین کالج ہیں علی گڑھ، لاہور اور پشاور۔

اس وقت ہندوستان میں مجموعی تعداد کالجوں کی ایک سو پچیس[۱۲۵] ہے تین مسلمانوں کے اور ایک سو بائیس[۱۲۲] ہندوؤں کے ان میں سے اگر سرکاری کالجوں کو جن کی تعداد کل چونتیس[۳۴] ہی الگ کر لیجئے جب بھی اٹھاسی کالج خاص ہندوؤں کے رہ جاتے ہیں ان میں بائیس[۲۲] کالج ایسے ہیں جس میں گورنمنٹ کی امداد قطعاً شامل نہیں اور چھیاسٹھ[۶۶] ایسے کالج ہیں جن میں گورنمنٹ کی امداد جاری ہے تین اور اٹھاسی کی نسبت ذرا غور سے ملاحظہ کیجئے پھر تعلیم کے ملیامیٹ کر دینے کا فیصلہ کیجئے سارے کالجوں میں مجموعی تعداد ہندوستانی طلبہ کی چھیالیس[۴۶] ہزار چار سو سینتیس[۳۷] (۴۶۴۳۷) ہے جن میں سے مسلمان طلبہ چار ہزار آٹھ سو پچھتر (۴۸۷۵) ہیں ہندو طلبہ کی تعداد اکتالیس[۴۱] ہزار پانچ سو باسٹھ[۶۲] (۴۱۵۶۲) ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ہندو چوبیس[۲۴] کروڑ اور مسلمان سات کروڑ ہیں اس تناسب سے جب کہ

Marfat.com

مسلمانوں کے تین کالج تھے ہندوؤں کے بارہ ہوتے۔

مسلمان طلبہ کی تعداد کالجوں میں چار ہزار تھی تو ہندو سولہ ہزار ہوتے لیکن جب کہ واقعہ نمونہ عبرت پیش کر رہا ہو تو سلسلہ تعلیم کو تہ و بالا کرنے میں کس کا نقصان ہے۔

جس قوم کی تعلیمی حالت یہ ہو کہ سات کروڑ میں سے صرف چار ہزار مشغول تعلیم ہوں اُس قوم کا یہ ادعا اور ہنگامہ کہ اب ہمیں تعلیم کی حاجت نہیں اگر خبط و سودا نہیں تو اور کیا ہے سعدی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں "رائے بے طاقت مکر و فسون ست و طاقت بے رائے جہل و جنوں"۔

**مشرقی تعلیم کی کس مپرسی** انگریزی تعلیم جس سے معاش وابستہ تھی اُس کا جب یہ حال ہے تو عربی تعلیم کا کیا انجام ہوا ہے شہدائے علوم مشرقیہ سے پوچھیے علم کی مندیں ویران ہو گئیں مدارس دینیہ سُونے پڑ گئے نہ پڑھنے والا ملتا ہے نہ پڑھانے والا۔

مدرس اوّل کی تلاش میں اعلیٰ مدارس سرگرداں ہیں جستجوئیں کرتے ہیں بیش قرار تنخواہیں دیتے ہیں لیکن مدرس ہی کہ نہیں ملتا سارے ہندوستان میں پھر آئے پانچ چھ عالموں کے سوا کوئی ساتواں اور آٹھواں نہ ملے گا۔ یہ تو آپ کے جمعیت العلما کے اولین برکات میں سے ہے جہاں ایک اعلان پر پانچسو عالم جمع ہو کر فتویٰ مرتب کر دیتے ہیں لیکن افسوس کہ وہ عالم اُن میں سے نہیں ہوتے جو اُن کا فیض ہم خاکیوں تک متعدی ہوتا۔

علوم عربیہ و دینیہ سے مسلمانوں کی لاپروائی و توحش کا اس سے اندازہ کیجئے کہ ندوۃ العلما کی اس وقت کیا حالت ہے۔

ندوۃ العلماء کی بنیاد جس اصول پر رکھی گئی تھی اُس سے مقاصد تعلیم زمانہ حال کے مطابق علیٰ وجہ الکمال پورے ہوتے تھے علماء اہل سنت کا اختلاف نظام تعلیم سے نہ تھا

Marfat.com

یہ مسئلہ تو متفق علیہ تھا۔

ندوہ نے تکملہ علوم عربیہ و دینیہ کے ساتھ تعلیم انگریزی بھی داخل نصاب کی تاکہ اس مدرسہ کا فارغ التحصیل طالب العلم اگر انگریزی تعلیم حاصل کیا چاہے تو پانچ برس میں گریجویٹ ہو جائے اور اگر مطالعہ و محنت سے کام لے تو اس قدر استعداد اس میں موجود ہے کہ بغیر داخلہ کالج قوت مطالعہ سے ہر طرح کا فائدہ کتب انگریزی سے حاصل کر سکے۔

ندوۃ العلماء کے سند یافتہ اس وقت ملک میں موجود ہیں ان کی لیاقت و فضل کا ثبوت ان کی مصنفہ کتابوں سے ملتا ہے قوم میں اگر علم کی تشنگی ہوتی تو اس وقت ندوۃ العلماء میں کم از کم دو ہزار طلبہ مشغول درس و تدریس ہوتے مالی حالت اس کی ایسی ہوتی کہ در بدر کاسۂ گدائی لے کر اسے پھرنا نہ پڑتا لیکن اس وقت جو خستہ و شکستہ حالت اس کی ہو رہی ہے وہ اہل بصیرت سے مخفی نہیں۔ رہے مدارس اہل سنت ان سے چشم پوشی کا یہ حال ہے کہ آج اس کی بھی خبر و تمیز نہیں کہ اہل سنت کے کیا معنی ہیں اور اس کی صحیح تعلیم کہاں مل سکتی ہے۔

دوستو جا بجا نیشنل کالج اور اسکول قایم کرنے سے تو یہ کہیں بہتر ہوتا کہ اوّلاً تم اپنی مجموعی قوت سے ندوۃ العلماء کی تائید و تقویۃ کرتے جو باکمال ہستیاں کہ اس وقت علوم عربیہ کی امین و خازن ہیں انھیں ندوۃ العلماء میں لا کر جمع کرتے اور اس اجتماع سے لایق ترین فضلا ایک کافی تعداد میں ملک و قوم کے لئے تم تیار کر لیتے۔

الحاق کا سوال تو ندوہ میں تھا ہی نہیں امداد لیتا تھا سو اس نے بند کر دی انگریزی تعلیم پہلے سے موجود ہے عربی و دینی علوم تو اس کا اصل جوہر ہے اس سے بہتر اور کیا نیشنل کا نمونہ تمہارے ذہن میں ہے ہاں چرخہ چلانا مسلمانوں کو کافر کہنا دین کسی کافر سے سیکھنا رامائن کی پوجا میں شریک ہونا بیشک وہاں کے نصاب سے خارج ہے۔

عزیزانِ وطن ایسے وقت میں جب کہ اسلام اپنے متبعین کو آخری پیغام بیداری کا دے رہا ہو کیا یہ اسی کا موقع تھا کہ مسلمانوں کی جماعت اس طرح پراگندہ کر دی جائے ان میں ایسا افتراق ڈالا جائے کہ گھر گھر نزاع قایم ہو جائے۔

کیا یہ اسی کا وقت تھا کہ مسلمانوں کے رہے سہے اخلاق بھی تباہ و برباد کر دیئے جائیں کیا یہ اسی کا محل تھا کہ ان کی بچی بچائی ہستی یوں کفار میں مدغم کر دی جائے۔

اسلامی تاریخ کا یہ مشہور واقعہ ہے کہ بعد شہادت شہزادۂ کونین حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ مختار بن ابی عبید ثقفی نے دعویٰ تو یہ بلند کیا کہ مظالم اہل بیت کا عوض لینا چاہتا ہوں لیکن جو خیال کہ اُس کے دل میں مکنون تھا بعد کامیابی اُس کا ظہور رہوا پھر جو نتیجہ مختار کا ہوا صفحات تاریخ میں وہ عبرت و بصارت کا سبق آج بھی موجود ہے۔

نوحہ خوانانِ خلافت اسلامیہ کی سوگواری مختار ثقفی کی رخنہ اندازی اور ذاتی جلوہ آرائی کی ہُو بہو تصویر ہے ان کی جبر دستی و خود نمائی ان کے مضمرات کا پردہ فاش کر رہی ہے لیکن اس وقت ان کے شرکِ تقویٰ نام کو تو حوالہ بخدا کرتا ہوں مکروا ومکراللہ واللہ خیر الماکرین ؕ

لیکن مسئلہ تعلیم جس پر ساری قومی ترقیوں کی بنیاد ہے اس کے متعلق ان بلند بانگ حضرات کے تباہ کن فرمانوں کی حقیقت کا اظہار منظور ہے۔

عزیزانِ وطن اگر ان حضرات کو خلافت کی ہمدردی ہوتی اور دل میں اسلام کا درد ہوتا تو خدمتگزاری دین کی وہ روش اختیار کرتے جو صلحائے اُمت کی سنت سنیہ ہے اقوام و امم کی تاریخ موجود ہے اُسے دیکھ لو۔

مصلحین اُمت نے اصول تدریج و آہستگی کو کبھی ہاتھ سے جانے نہیں دیا مصلح کی

Marfat.com

تقریر شفقت و ہمدردی سے لبریز ہوتی ہے وہ قوم کے ہاتھوں سے جفائیں اُٹھاتا ہی مصیبتیں جھیلتا ہے لیکن غمگساری و رافت کی روش سے متجاوز نہیں ہوتا اُس کے جلال میں ایک شان جمال ہوتی ہے اور اُس کے قہر میں رحمت کا جاں نواز پیام ہوتا ہی۔

اُس کی زندگی میں مظلومیت کے واقعات بکثرت ملتے ہیں لیکن ظالمانہ حرکات کا اُس کے اعمال میں نام ونشان بھی نہیں ہوتا قوم سے وہ فحش ودلخراش الفاظ سنتا ہی لیکن جواب میں قول معروف اُن کی زبان پر ہوتا ہے وہ اپنی ہستی مٹاتا ہے اور قوم کی اخلاقی ومذہبی ہستی قایم کرتا ہے اُس کی پاک وبے ریا زندگی منکرین ومعاندین کے گروہ کو بھی آخر کار راستی کا گرویدہ اور حق کا جویندہ بنا دیتی ہی ؎

سوختم خود را و طرز سوختن
شمع را پروانہ را آموختم

لیڈران قوم کی عجیب وغریب تحریکات پر نظر ڈالئے اُن کے تشکلات کی بوقلمونی دیکھئے پھر باوجود اس کورانہ لیڈری کے اُن کی اُس شدت وسختی کا لحاظ فرمائیے جسے مسلسل ہرکس وناکس کے ساتھ عمل میں لایا جارہا ہی اُس کے بعد یہ فیصلہ سہولت کرلیجئے کہ یہ مصلح ہیں یا مفسد واشرار۔

**قومی قوت کے ارکان** | قومی طاقت کا انحصار تین چیزوں میں ہی مادی اخلاقی اور روحانی اس وقت نہ صرف مسلمانانِ ہند بلکہ مسلمانانِ عالم ہر طرح کی طاقت اپنے ہاتھوں سے کھو چکے ہیں مادی قوت کا فقدان تو روز روشن سے بھی زیادہ واضح ہے رہی قوت اخلاقی و روحانی اُس کے متعلق شاید بعضوں کو یہ دھوکا ہو کہ مسلمانوں کے پاس ابھی یہ سرمایہ باقی ہی لیکن اگر آپ بچشم انصاف ملاحظہ فرمائیں گے تو خود معلوم ہو جائیگا کہ مسلمانوں کی

Marfat.com

یہ متاع بے بہا بہت پہلے لُوٹی جا چکی ہے ہاں کچھ دُھندلی سی نشانی رہ گئی تھی اس صدی میں مسلمانوں نے اُسے بھی اپنے ہی ہاتھوں مٹا دیا۔

میں اس کی تفصیل و تثبیت کرنا نہیں چاہتا کہ مسلمانوں کے اخلاق میں اس درجہ تنزل آگیا ہے کہ نہ صرف یہ کہ معیار اسلامی پر ان کے اخلاق کھرے ثابت نہیں ہوتے نہیں بلکہ دیگر غیر مسلم اقوام کے اخلاق سے بھی ان کا اخلاق کہیں فروتر ہو گیا ہے رہی روحانیت وہ عنقا کا دوسرا نام ہے۔

اگر کوئی مسلمانوں کی اخلاقی و روحانی کمزوری اس درجہ تسلیم نہیں کرتا تو اس سے میرا خطاب بھی نہیں ہے لیکن حقیقت بیں حضرات سے گزارش ہے کہ جس قوم کے پاس نہ دولت ہو نہ اخلاق نہ علم ہو نہ تدین ایسی گری ہوئی مُردہ قوم کے سامنے وہ پیش کرنا جو کسی زندہ قوم کے لئے سزاوار تھا خیر خواہی نہیں بلکہ بدخواہی ہے۔

کون نہیں جانتا کہ ایک طفل نوزائیدہ کو ایک وقت میں دودھ چھوڑنا پڑے گا اور غلہ کھانا ہو گا لیکن اگر کوئی بہ لحاظ آئندہ آج ہی اُسے روٹی کھلانی شروع کر دے اور دودھ چھوڑا دے پھر دلیل یہ لائے کہ جو غذا دو برس بعد اس کی ہو گی اُسے آج ہی اختیار کیا جائے۔

اور جو چیز دو برس بعد ضرور چھوڑنی ہو گی اُسے آج ہی ترک کیا جائے تو نی الحقیقت ایسا عمل کرنے والا اُس طفل نوزائیدہ کا خیر خواہ نہیں ہے بلکہ قاتل ہے اپنی بدنیتی کو اپنی سوفسطائیت سے مخفی رکھنا چاہتا ہے۔

امعان نظر سے کام لیجئے تو لیڈران موسمی کی تحریک کی سرتا سر سوفسطائیت معلوم ہو جائیگی وہ باتیں جو بعد قوت و طاقت کے کئے جانے اور کئے جانے کے قابل تھیں

Marfat.com

انھیں حالت ضعف میں اس شد و مد سے پیش کرنا فی الحقیقت ناتواں قوم کو مٹا دینا ہے۔
ہندوؤں کی تعلیم گاہوں کی خبر نہیں اس لئے اُن کے متعلق کوئی فیصلہ نہیں کیا جا سکتا کہ ان میں کس قدر طاقت ہے لیکن مسلمانوں کی تعلیم گاہوں کا ضعف و اضمحلال ہر پہلو سے واضح ہے باوجود اس جد و جہد کے جس میں تیس برس سے دردمندان قوم مسلسل مصروف ہیں مسلمانوں کے پورے ہندوستان میں تین کالج قایم ہو سکے یونیورسٹی کا غلغلہ جب اس زور شور کے ساتھ اُٹھا کہ خواندہ و ناخواندہ اور محتاج و امیر دونوں یکساں جوش سے لبریز معلوم ہو رہے تھے تو اُس وقت جو سرمایہ جمع ہو سکا اُس کی مقدار تیس لاکھ سے کچھ زیادہ ہے اُسی کے مقابلہ میں ہندو یونیورسٹی کو دیکھئے اس کے لیے جو سرمایہ فراہم ہوا ہے اُس کا اندازہ ہندو یونیورسٹی کو دیکھنے سے کیا جا سکتا ہے لیکن مثال کے لئے ایک واقعہ پر اکتفا کیجئے۔
انھیں ایام میں جب کہ کالجوں کے الحاق و ترک امداد مالی کا مسئلہ اُٹھایا گیا پنڈت مالویاجی ایک ہفتہ کے لئے بمبئی کا سفر کرتے ہیں اور سات دن میں اُس قدر روپیہ لے آتے ہیں جس قدر مسلمانوں کا کل سرمایۂ یونیورسٹی ہے۔
تعداد کالج اور تعداد طلبا مسلمین ابھی گزارش کر چکا ہوں مالی حالت کے لئے ایک واقعی مثال پیش کر دی گئی اگر اس سے زیادہ واضح بیان کروں تو اس کا خوف ہے کہ شاید مایوسی کوئی اور مضر نتیجہ پیدا کرے لہذا ناظرین سے یہ گزارش کہ وہ اپنی توجہ مسئلہ مدارس کی طرف مبذول فرمائیں۔
اسلامی درسگاہوں میں منتظمین کالج و اسکول نے ابتدا میں بعض ایسے امور اختیار کئے کہ جن سے اپنی تعلیم گاہ کو فروغ دینا اور طلبہ میں بلند حوصلگی کا پیدا کرنا منظور تھا مثلاً

Marfat.com

حکام سرکاری کا آنا تقسیم انعام میں شریک ہونا چائے کی دعوت میں مجتمع ہونا وغیرہ وغیرہ ان سب کی غایت یہ تھی کہ طلبہ سے جھجک دُور ہو اور استعجاب و استغراب مٹ جائے تاکہ آئندہ زندگی میں انھیں ہر طرح کی سہولت ہو سکے۔

لیکن افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ ان امور نے جو مقاصد کے لئے محض ذریعہ واسطہ تھے مسلمانوں کی پست ہمتی اور حوصلہ کی شکستگی سے خود مقصود بالذات کا مرتبہ حاصل کر لیا اس لئے بجائے منزل رساں ہونے کے پاؤں کی زنجیر ہو گئے۔ اس کی ایسی مثال ہوئی کہ ایک شخص کے دل میں یہ ذوق پیدا ہوا کہ اجرام فلکی میں صنعت خالق السماوات کا مطالعہ کرے اس مقصد کے لئے ایک دُوربین کی تیاری شروع کی لیکن اُس کے کل پرزے کے تزئین و تحسین میں ایسا مصروف و مشغول ہوا کہ عمر اُس کی تمام ہو گئی اور کبھی اُسے آسمان کی طرف نظر اُٹھا کر دیکھنا نصیب نہ ہوا دوستو جب کبھی واسطہ کو مقصود بالذات سمجھ لیا جائے گا تو اُس سے یہی محرومی حاصل ہو گی۔

ایسے دردمند مسلمان جنھیں یہ اچھی طرح معلوم ہے کہ مسلمانوں کو من حیث قوم مسلم اُسی وقت ترقی نصیب ہو گی جب کہ ان میں حقیقی معیار قومی پر تعلیم کا اجرا ہو گا انھیں حضرات سے فقیر بینوا کی یہ التماس ہے کہ یہ موقع ایک لمحہ تغافل کا بھی متحمل نہیں ضرورت ہے کہ جلد سے جلد تر باہمی مشورے سے تعلیم گاہوں کا ایک صحیح نصب العین قرار دیا جائے۔

پہلے واقعات و ماحول پر گہری نظر ڈالی جائے مسلمانوں کی موجودہ مادی اور مذہبی استطاعت کا صحیح اندازہ کیا جائے اُس کے بعد ایک ایسی شاہراہ کی طرف رہبری کی جائے جو فی الحقیقت منزل رساں ہو نیز اُس پر کثیر تعداد کا چلنا سہل و آساں بھی ہو

Marfat.com

اصول شریعت غراء و ملت بیضاء کو مدنظر رکھکر یہ گزارش ہے کہ طلبہ میں احساس و ایثار پیدا کیا جائے بظاہر یہ دونوں امور محض ہی خفیف معلوم ہوتے ہیں لیکن فی الحقیقت تمام ترقیوں کا راز انھیں دو باتوں میں مخفی ہے۔

موجودہ ہنگامہ آرائی کو دیکھتے ہوئے احساس کی تحریک اور بڑی نظروں سے گرجاتی ہے لیکن اس وقت فقیر کا خطاب لیڈر حضرات سے نہیں ہے بلکہ اُس گروہ سے خطاب ہے جو سچ مچ مذہب کا درد رکھتا ہے اور دین کی خدمت اپنی سعادت جانتا ہے ایسے نیک نیت مخلص بزرگوں سے مودبانہ التماس ہے کہ اس دور شور و فتن میں زبان درازی اور فحش گوئی جو مسلمانوں کے ورد زبان ہو رہی ہے اس تباہ کن حصہ کو علٰحدہ کر دیجئے پھر اُس سوز قلبی اور جوش دلی سے مقابلہ کیجئے جو موقع جنگ بلقان پر ہر قلب مسلم میں تھا تو چند ہی لمحات کے تفکر میں آپ کہہ اُٹھیں گے ع

اے طبل بلند بانگ در باطن ہیچ

اس بحث کو نہ چھیڑیئے کہ مسلمانوں کا موجودہ جوش مذہبی ہے یا سیاسی ملکی ہے یا دینی مصنوعی ہے یا فرضی واقعی ہے یا وہمی۔

اس وقت تو اس التماس کو قبول کیجئے کہ طلبہ میں احساس پیدا کرنے کی ضرورت ہے رہا یہ سوال کہ احساس کیونکر پیدا کیا جائے اور پھر اُس احساس سے کس طرح مفید نتائج پیدا کئے جائیں اسے اُس وقت تک ملتوی رکھئے جب کہ آپ حضرات کی منتخب جماعت اس فیصلہ کے لئے مجتمع ہو۔

رہا دوسرا امر یعنی ایثار اُس کا درسگاہوں میں ایسا فقدان ہے کہ عربی مدارس بھی اس سے محروم ہوگئے مدارس میں اولاً کس طرح کے ایثار کی حاجت ہے مختصر الفاظ میں آپ بھی

Marfat.com

گزارش کئے دیتا ہوں عموماً درسگاہ کے تین ارکان ہوا کرتے ہیں پہلا رکن منتظمین کی جماعت ہے دوسرا رکن جماعت معلّمین و اساتذہ ہے تیسرا رکن جماعت طلبہ و متعلمین ہے طالب العلموں کو یہ چاہیئے کہ تحصیل علم میں ہر وہ چیز جو سنگ راہ ہو اُسے بالکلیہ ترک کردیں وقت کی بربادی مطالعہ سے محرومی اکتساب تحصیل سے بے نصیبی جس معاشرت وعادت کا ثمرۂ تلخ ہے اُسے یکقلم محو و سہو کردینے کا عزم بالجزم کرلیں۔

اساتذہ کو بھی اس ایثار میں طلبہ کا شریک حال ہونا چاہیئے وہ وضع اور طرز زندگی جو منافی تعلیم ہے اُس سے دست بردار ہوں معلّم صرف اُسی وقت اُستاد و سبق آموز نہیں ہے جب کہ وہ مسند درس اور کرسی تعلیم پر جا کر بیٹھے بلکہ اُس کی پوری زندگی ایک خاموش درس اپنے تلامذہ کو ہر وقت دیا کرتی ہے نقوش و حروف کا درس دینا بہت آسان ہے لیکن اپنی عملی زندگی سے علمی و اخلاقی اسباق کی تعلیم حقیقی تعلیم ہے۔

منتظمین کی جماعت کو بھی اس قدر ایثار سے ضرور کام لینا ہوگا کہ وہ اساتذہ کو اپنا شریک عمل سمجھکر مساویانہ حیثیت سے تعلیم اور اُس کے متعلقات کی طرف مشغول رکھیں اُن کی افسری و حکمرانی میں بھی ایک شان برادرنوازی اور عزت افزائی کی ہو وہ صحبتیں اور ملاقاتیں جو ضابطہ و قانون سے ماورا ہیں اُن میں اخلاق و تواضع کا اور بھی دلگیر و جاذب قلوب نمونہ پیش کریں۔

اس وقت اس سے زیادہ تفصیل ایثار کی مقصود نہیں مصلحین قوم غور فرمائیں اور خود فیصلہ کرلیں کہ تعلیم گاہوں کے لئے کس طرح کے ایثار کی حاجت ہے آج جو نمونہ لیڈران موسمی ایثار کا پیش کر رہے ہیں اُس پر تو ہزار تن پروری و عشرت پرستی قربان ہے موٹا کپڑا پہن لینا بلا تنخواہ کسی کام کا ذمہ اپنے متعلق لے لینا نہایت سہل آسان ہے

Marfat.com

لیکن جس خدمت کا بار اپنے ذمہ لیا جائے اُسے خدمت سمجھکر صحیح اور سچی محویت سے انجام دینا نہایت ہی اہم و معرکتہ الآرا رہی۔

مسلمانان ہند کو یہ موقع ضائع نہ کرنا چاہیئے اگر اس وقت بھی اُنھوں نے اپنی تعلیم گاہوں کا صحیح نصب العین قرار نہ دیا تو پھر آیندہ کے لئے ذلت و خواری سے رستگاری کی کوئی سبیل نہیں بہت سی لایعنی و فضول باتیں بہ تقلید یورپ مدارس میں اس طرح داخل ہو گئی ہیں جو خصوصیت کے ساتھ مسلمانوں کے حق میں تباہ کن ہیں اس وقت ہمت دردمندی اور اخلاص کی سخت ضرورت ہی قدیم طرز کی گرویدگی اور یورپ کے ہر ادا پر شیفتگی سے اب کچھ حاصل نہیں۔

قطع نظر اُس تنبیہ و اعلام کے جو یورپ کے میدان جنگ سے ہولناک باز پرس الٰہی کی اطلاع مسلمانوں کو دے چکے خود لیڈران موسمی نے علما رسیاسی سے مل کر مسلمانان ہند کو ایسے کفر و شرک کے بھنور میں پھنسا رکھا ہے کہ دو ہی تین برس بعد ہندوؤں کی ایسی متعصبانہ حکومت ان پر شروع ہو جائے گی کہ فرار کی راہ بھی نہ مل سکیگی۔

اس لئے آخر میں پھر نہایت نیازمندانہ التماس ہے کہ تعلیم گاہوں کی طرف سے غفلت نہ کیجئے۔ الحاق و امداد مالی نے نہ مسلمانوں کو تباہ کیا ہے نہ آیندہ کی تباہی کا ان سے خطرہ بلکہ مقصد تعلیم و تعلم سے بے پروائی کا یہ نتیجہ ہے جو پیش نظر ہے۔

لیڈران موسمی جو ترک الحاق و امداد مالی پر اپنا زور صرف کر رہے ہیں اُس کی یہ علت نہیں کہ ان دونوں امور کو وہ سنگ راہ مقاصد تعلیم یقین کرتے ہیں بلکہ انھیں تو مسلمانوں کا گھر تباہ کر کے ہندوؤں سے خلعت تشریف پانا ہی۔

ان کی جاہ طلب نگاہوں نے جب یہ دیکھ لیا کہ سلطنت برطانیہ کی روز افزوں

Marfat.com

چشمِ عنایت نے ہندوؤں کو اس قابل بنا دیا کہ اب ہوم رول اور سوراج کا مطالبہ اُن کی زبان سے ایک صحیح اور سچی تمنا کا اظہار ہے تو وہ اشخاص جن کی طینت میں حکومت کی غاشیہ برداری خمیر تھی اُنھوں نے یہ فیصلہ کر لیا کہ وہ ساعت دُور نہیں جب کہ انگریز ہندوؤں کو اُن کا منہ مانگا سوراج دے کر خود اپنے ملک و وطن کو چلے جائیں اُس وقت ہندوؤں کی اطاعت و فرماں برداری اضطراری و بے اختیاری ہو گی جس کی آستانِ سوراج پر نہ کوئی قیمت ہو گی نہ کسی طرح کی قدر دانی۔

لہٰذا یہی مناسب ہے کہ قبل اس کے کہ ہندوؤں کو حکومت مل جائے اور انگریز حکومتِ ہند سے دست کش ہوں نئی ہونے والی حکومت کے ساتھ ابھی سے ارادت مندی و عقیدت کیشی کی سلسلہ جنبانی اُمید افزا ہے اسی ضمن میں انگریزوں سے بیزاری کا بھی اگر اظہار کر دیا جائے تو کچھ غیر مناسب نہ ہو گا۔

اسی نقطۂ خیال نے پرستارانِ حکومت کو غلامیِ ہنود پر مجبور کیا یہ خیال جس ہمت و جرأت کی تصویر پیش کر رہا ہے اور قوتِ ایمانی کی جیسی شکل دکھا رہا ہے اُسے چھوڑیے صرف از روئے دیانت و انصاف یہ فیصلہ کیجیے کہ اسلام و مسلمین کی اس میں کیا فلاح و بہبود ہے کہ آج انگریزوں کی حکومت ہے کل ہندوؤں کی ہو گی تبدیلی حکومت اور خیر خواہیِ ملت میں کیا علاقہ ہے اسے حضرات لیڈر ہی ارشاد فرمائیں۔


ہاں یہ کہا جاتا ہے کہ مسلمانوں کا سب سے بڑا دشمن اس وقت انگلینڈ ہے اور انگلستان کی قوت ہندوستان کی بدولت ہے جب انگریزوں کی حکومت ہندوستان میں نہ ہو گی تو اُس وقت مسلمانوں کا خلافت کا ترکوں کا سب سے بڑا دشمن کمزور ہو جائے گا یا عداوت کے قابل نہ رہیگا اس عجیب مغالطہ آمیز منطق کا جواب کیا دیا جائے۔

Marfat.com


اس موقع پر ایک نقشہ پیش کرتا ہوں جو عالی جناب پروفیسر قاضی جلال الدین صاحب مُرادآبادی کے قلم کا نتیجہ ہے اُسے ملاحظہ فرمائیے ۱۹۱۱ء کا نقشہ پہلے ملاحظہ ہو اُسی کے مقابل ۱۹۲۰ء کا نقشہ ہی اُسے دیکھئے جنگ طرابلس کا آغاز ۱۹۱۱ء میں ہوا ہی اور ۱۹۱۹ء میں جنگ یورپ کا خاتمہ ہے اسی آٹھ برس کی مدت میں ترکی سلطنت کیا سے کیا ہو گئی یورپین طاقتوں نے کس طرح اپنے حصّے بخرے کر لئے اسے نقشہ میں پھر ملاحظہ کریئے کرۂ ارضی کے وہ مقدس حصص جن پر صدیوں تک واحد قدوس کا نام لیا گیا تھا جہاں سے تکبیر و تہلیل کی صدا بلند ہو کر کفار کے دل کپکپا دیا کرتی تھی آج وہاں تثلیث کا علم بلند اور کفر کا بازار گرم ہے اس خاکدان عالم میں اسلام کو سلطنت کرتے ہوئے چودہ صدیاں گزر گئیں اس اثنا میں متعدد خاندان اسلامی کے ہاتھوں میں شمشیر اسلامی کا قبضہ رہا بہت سے ملک فتح ہوئے بہت سی قومیں اسلام کی اطاعت میں آئیں لیکن قلب یورپ کو جس کی برّش شمشیر نے صلیب پرستوں سے قطع کر کے خدا پرستوں کے مقبوضات سے واصل کر دیا وہ ترک ہیں۔

یہی وجہ ہے جو یورپ کا ہر عیسائی ترکوں کو دیکھکر اپنی انسانیت اپنی مدنیت اپنی شان علمی اور اپنی تہذیب بھول جاتا ہی ترکوں کی تاریخ جنھوں نے مطالعہ کی ہے اُن کے لئے یہ کوئی راز نہیں کہ یورپ میں جس سلطنت نے طاقت و قوت حاصل کی وہی سلطنت ترکوں کی سب سے بڑی دشمن رہی ہے ایک زمانہ روس کی عداوت و سبعیت کا تھا اب انگریزوں کا وقت آیا ہی ابھی تیس برس کا بھی زمانہ نہیں گزرا جو اٹلی کا وجود محض حقیر و کس مپرس سمجھا جاتا تھا لیکن جوں ہی کہ اُس نے قوت حاصل کی اپنی حوصلہ آزمائی کے لئے اُسے طرابلس کا میدان سب سے پہلے دکھائی دیا۔

Marfat.com


ایران
تہران
عراق
بغداد
کربلا
بصرہ
خلیج فارس
نجد
عرب
طائف
یمن
حضرموت

Marfat.com





مطبوعہ کریمی پریس عام علیگڑھ

۲۳ الجمعہ سہ پارہ دروں دوائش جو عروج و زوال سلطنت عثمانیہ کی بولتی تصویر ہے سہ تاریخی حاشیہ)
و سے بقیمت پانچ روپیہ سہ محصول مل سکتا ہے)

Marfat.com


روس
کوہ
جارجیا
مقبوضہ برطانیہ
مصر و فرانس
مقبوضہ یونان
طہران
ایران
موصل
عراق
صحرائے
خلیج فارس
نجد
مسقط
عمان
ربع الخالی
حضرموت
یمن
عدن

Marfat.com




مطبوعہ فیض عام علیگڑھ

Marfat.com

دوستو انصاف شرط ہی اس وقت زارِ روس کا نام و نشان بھی باقی نہ رہا روسی سلطنت ایک عجیب اُمید وبیم کے عالم میں ہی لیکن روس کی تباہی سے ترک کہاں سلامتی کے برکات پاسکے اسی طرح اگر انگریز تباہ ہو گئے تو اس سے یہ کہاں لازم آتا ہی کہ ترکی اقتدار قایم ہو جائے گا روسیوں کے بعد انگریز نمودار ہوئے تو ان کے بعد کوئی اور دوسرا حریف پیدا ہو جائے گا۔

اس حقیقت سے انکار کی تمھیں کیوں کر جرأت ہوتی ہی کہ قوم ہو یا شخص اپنی تاب و توانائی سے قایم و باقی رہ سکتا ہی نہ کہ دشمن کے ضعف و ہلاکت سے گیا ایک مریض و نحیف اُس وقت تندرست و قوی ہو جائے گا جب کہ اُسکے دشمنوں میں سے ایک قوی دشمن ہلاک ہو جائے اور اپنی نیابت اُس کے دوسرے دشمن کے سپرد کر جائے۔

عزیزان وطن! پاک مذہب اسلام جس کی ساری تعلیمات کا جوہر توحید و خدا پرستی ہو اُس کا دشمن تم صرف انگریزوں کو کیوں قرار دیتے ہو ہر وہ مذہب باطل جو دنیا میں موجود ہے یا کسی وقت اختراع کیا جا سکتا ہی وہ اس دین قویم اور صراط مستقیم کا دشمن جانی ہی کفر و اسلام میں جب کہ تضاد ذاتی ہے پس یہ محال عقلی ہے کہ کوئی مذہب کفر ٹھنڈی آنکھوں سے اسلام کو دیکھنا گوارا کرے ہاں مجبوری معذوری کی اور بات ہی قرآن کریم نے سیکڑوں جگہ اسی کی خبر دی ہے پس مسلمانوں کو خود اپنے آپ میں قوت پیدا کرنے کی ضرورت ہی نہ کہ غیر قوم میں جذب و مدغم ہونا۔ یہی شریعت کا فتویٰ ہی اور یہی عقل سلیم کا حکم ایک دشمن سے نجات پانے کی تدبیر میں رستگاری سے قبل دوسرے دشمن کے ہاتھوں میں گرفتار ہو جانا نہ عقل کا فتویٰ ہے نہ تعمیل حکم شریعت الٰہی ہی۔

تلخیص ابحاث دعایۃ الاسلام (۱) گرامی قدر حضرات شور و غوغا اور جنگ و جدال کا موقع نہیں انصاف کے ساتھ

Marfat.com

امر مابہ النزاع کو طے فرمایئے آپ نظام تعلیم میں تبدیلی چاہتے ہیں یہ کوئی نئی تمنا نہیں مدتوں سے اس کی سعی جاری ہے کلکتہ یونیورسٹی باوجود اُن تمام تعلقات کے جو گورنمنٹ سے اُسے حاصل ہیں باعتبار دیگر یونیورسٹیوں کی بہت زیادہ قوم اور ملک کے حق میں مفید ہوتی جاتی ہے سر آشوتوش مکرجی نے ریفارم اسکیم ملنے سے قبل اور اس سے پیشتر کہ صیغہ تعلیم کا منسٹر ہندوستانی ہو اپنے زبردست مدبرانہ تدابیر سے اس حد تک سہولت پیدا کر لی ہے کہ بقیہ چار یونیورسٹیوں کا نتیجہ ایک پلہ میں اور کلکتہ یونیورسٹی کا نتیجہ دوسرے پلہ میں رکھا جائے تو پھر بھی کلکتہ یونیورسٹی کا پلہ بھاری رہیگا۔

پس اگر آپ کا مقابل فریق یہ عرض کرتا ہے کہ موجودہ تعلیم گاہوں کو تباہ نہ کیجئے بلکہ اپنے زبردست دلائل اور قوی براہین سے انھیں بھی فائدہ بخش بنائیے چار ہزار طلبہ جو اس وقت مصروف تعلیم ہیں اُنھیں ترک تعلیم کا وعظ نہ فرمایئے۔ ہاں چھ کروڑ ننانوے لاکھ چھیانوے ہزار مسلمانوں کے لئے جیسی تعلیم گاہ آپ چاہیں قایم کریں پس یہ التماس کفر و حرام کس دلیل شرعی کی بنا پر ہے۔

(۲) انگریزی تعلیم یا انگریزی ملازمت یا ممبری کونسل مسلمانوں نے تائید حیثیت وابستگان حکومت انگریزی کے خیال سے نہ اختیار کی تھی نہ اس وقت اس خیال سے اس کی تائید کر رہے ہیں بلکہ مقصود اس سے اپنا اور اپنی قوم کا نفع اور قیام تھا ہندوؤں کا بھی یہی مقصد تھا لیکن مسلمان اپنی سہل انگاری و تن آسانی کی بدولت مقصد سے غافل ہو گئے اور ہندوؤں نے مطلب و غایت کو ایک آن بھی فراموش نہ ہونے دیا پس اس وقت مسلمانوں کو صحیح مقصد و مطلب کی طرف متوجہ کرنا مفید ہے یا ہر ایک امر کے ترک کی تلقین منفعت رساں ہے یہ التماس کفر و حرام کس دلیل شرعی کی بنا پر ہے۔

Marfat.com

(۳) آپ مسلمانانِ ہند کو ہر طرح کی قوت و طاقت سے بھرپور تسلیم کرتے ہیں دوسرا فریق اُن کے ضعف و ناتوانی کا یقین رکھتا ہے اس لئے اُس کی درخواست یہ ہے کہ پہلے قوت پیدا کیجئے پھر اُسی مقدار کی مناسبت سے انھیں عمل کا حکم دیجئے یہ التماس کفر و حرام کس دلیل شرعی کی بنا پر ہے۔

(۴) آپ اس پہلو کو بالکل نظر انداز فرماتے ہیں کہ مسلمانوں کے زوال و تباہی کی حقیقی علت کیا ہے اسی لئے اُس جانب سے چشم پوشی ہے لیکن آپ کا فریق مقابل یہ کہتا ہے کہ مسلمانوں کی بدعقیدگی توحید سے بے نصیبی عبادات سے بے تعلقی معاملات میں شریعت کی خلاف ورزی کا یہ نتیجہ ہے جو سامنے آیا ہے پس اصلاح مسلمین میں اس پہلو کو نظر انداز نہ فرمائیے یہ التماس کفر و حرام کس دلیل شرعی کی بنا پر ہے۔

(۵) آپ دین و مذہب کی حقیقت صرف اس قدر قرار دیتے ہیں کہ دنیا کمانے کا سب سے زیادہ موثر آلہ ہے انسان کو مطیع فرماں بردار بنانا اور اُنھیں جوش میں لانا مذہب کا نام لے کر بسہولت حاصل ہوتا ہے اسی غرض سے دانشمندوں نے مذہب کا ایجاد کیا لیکن آپ کا فریق مقابل یہ کہتا ہے کہ مذہب کے متعلق ایسا عقیدہ سخت الحاد و زندقہ ہے دنیا محض بے حقیقت شے ہے ہاں جب کبھی اہل حق کے پاس یہ آئی ہے تو اس کی متعلق دین کی خدمت گزاری ہوتی ہے خادم کو مخدوم سمجھنا نہ صرف نادانی ہے بلکہ جنون و دیوانگی ہے یہ التماس کفر و حرام کس دلیل شرعی کی بنا پر ہے۔

(۶) آپ یہ کہتے ہیں کہ دین و مذہب باقی رہے یا مٹ جائے لیکن دنیا کسی طرح ہاتھ آئے اُسی خیال سے آپ ایک ہندو کو امام مہدی علیہ السّلام کا رتبہ دیتے ہیں حدیث میں تحریف کرتے ہیں تفسیر کی ناتمام عبارت نقل فرماتے ہیں۔ لیکن آپ کا فریق مقابل یہ کہتا ہے،

Marfat.com

کہ ساری دنیا بھی اگر ایمان فروشی پر مل جائے تو وہ ملعون ہے ہاں دین کی شوکت و قوت کے لئے اگر دنیا شرعی طور پر حاصل کی جائے تو وہ دنیا نہیں بلکہ محافظِ دین ہے جس طرح رُوح جب تک کسی جسم میں باقی ہے تو اُس کے لئے ماکل و مشارب مساکن و ملابس و دیگر ضروریات زندگی کا سامان درکار ہوتا ہے لیکن ایک قالب بیجان سے جس رُوح نے مفارقت کرلی ہو تو اُس کے لئے صرف لحد کا گوشہ کافی ہے پس اگر مسلمانوں نے اپنی قومی رُوح یعنی مذہب ہی کھو دیا تو پھر اس مردلاش کے لئے پیوندخاک ہی ہونے کا فتوےٰ ہے یہ التماس کفر و حرام کس دلیلِ شرعی کی بنا پر ہے۔

لیڈروں کے جوش کی حقیقی علت

خیر اس تمام شدت واستبداد کا یہ عذر فرض کرلیا جاتا کہ اس وقت التہاب اندرونی نے گرامی قدر لیڈروں کو ایسا مضطرب کر دیا ہے کہ آنکھوں سے نیک و بد کی تمیز اُٹھ گئی ہے مضطرو بے قرار پر الزام کیا لیکن جب اس حقیقت پر نظر پڑتی ہے کہ یہ سارا جوش و خروش طرف اس لئے ہے کہ کفر کی گرم بازاری اور کفار کی چیرہ دستی ہو تو پھر سارا لفافہ کھل جاتا ہے اور آپ کے خود ساختہ مذہب کی حقیقت بالکل ہی بے نقاب ہوجاتی ہے۔

اہل بصیرت وارباب خبرت سے یہ راز مخفی نہیں کہ بلند بانگ لیڈر کے قلوب آج بھی یورپ وانگریزیت کے محبت سے لبریز و مالا مال ہیں لیکن باوجود اس کے جو انگریزوں کو اس پابندی والتزام سے ہر روز بُرا کہا جاتا ہے کہ نمازیں ادا ہوں یا قضا تلاوت کلام مجید سے آنکھیں سعادت اندوز ہوں یا بے نصیب ومحروم مگر یہ ورد قضا ہونے پائے اس کی علت نہ تو انگریزوں سے بیزاری نہ نفرت ہے نہ اسلام کی دردمندی و خیر خواہی بلکہ یہ بھی تقلید اہل ہنود وکفار میں ادا کی جا رہی ہے۔

ہندوؤں کو انگریزوں سے نفرت ہے بلند بانگ لیڈر بھی نفرت کا اظہار انگریزوں سے

Marfat.com

کرتے ہیں ہندوؤں کو سواراج چاہیئے بلند بانگ حضرات بھی سواراج کے لئے صدائے احتجاج بلند کرتے ہیں ہندوؤں کو انگریزوں سے عداوت ہے اور وہ ان کے درپے اخراج ہیں بلند بانگ لیڈر بھی اس کی نقل اُتارتے ہیں خلاصہ یہ کہ انھیں تو ہنود کی رضا وخوشنودی مطلوب ہے جو وہ کہیں گے یا کریں گے بلند بانگ لیڈر اُسی کی محاکات کردیں گے۔

صلح نامہ ترکی میں اگر تبدیلی نہ ہوئی تو ایشیا میں برٹش گورنمنٹ کا اقتدار خیال سواراج کو باطل کردے گا اس لئے ہندو بیتاب ہیں بلند بانگ لیڈر بھی باتباع ہنود مصروف مرثیہ خوانی ہیں۔

ہاں ایک پہلو یہ بھی ہے کہ محبوب کا ذکر ایجاباً وسلباً ہر طرح لذت بخش ہوتا ہے خاص کر شاعرانہ تخیل معشوق کو قاتل ظالم سفاک بیوفا اور بدعہد کہے بغیر حق عاشقی سے سُبکدوش ہی نہیں ہوتا اسی مناسبت سے اب سے قبل انگریزوں کے مناقب داوصاف سے زبان لطف لیتی رہی اب اُن کی ہجو وذم کی باری ہے۔ شاعرانہ مذاق پر انھیں کی یاد ہورہی ہے اور انھیں کے نام کا ورد ہے۔

**لیڈر کے اقسام** اس وقت خلع لیڈری پر جن کا وجود سب سے زیادہ نمایاں ہے وہ دو قسم کے اشخاص ہیں ایک تو وہ ہیں جن کی ہستی اور نمود کا مدار اسی لیڈری پر ہے مسلمانوں کے سامنے اشتعال انگیز تحریکیں یکے بعد دیگرے پیش کرتے رہنا اُن کی لیڈری کی جان ہے ایک امر تباہ کن کا سامنے لانا اور پھر قبل اس کے کہ مسلمان اُس تباہی سے باخبر ہوں دوسری تباہی اُن کے سروں پر لاکر ہیجان میں ڈال دینا ان کی لیڈری کا جوہر ہے اسی کے ساتھ جلب مال کا اصول کسی حال میں نہ بھولنا لیڈری کی روح رواں ہے۔

Marfat.com

دوسری قسم کے وہ اشخاص ہیں جن کی گورنمنٹ میں جب زیادہ قدردانی نہ ہوسکی دربار وغیرہ کے مواقع پر معمولی اشخاص کے ذیل میں ڈال دیئے گئے تو پھر مجبور ع

دیکھا کہ وہ ملتا ہی نہیں کعبہ کو ہو آئے

اس میں ایک سِر یہ بھی تھا کہ شاید حکومت پر ایسی دھمکی پڑجائے کہ جس سے خائف ہوکر تلافیٔ مافات کردے اسی کے ساتھ اگر دین پر بھی منت کرم داشتن کی رسم ادا ہوجائے تو کیا مضائقہ غرض نمایاں لیڈرہ کی حقیقت ان دو صورتوں سے خالی نہیں رہے ان حضرات سے ماورا اُن کے حسب حال غالب کا یہ مصرعہ۔ ع

مجھے تو خُو ہے کہ جو کچھ کہو بجا کہیئے

حضرات لیڈر انصاف شرط ہے موقع جنگ بلقان پر وفد طبیہ جانے کی تجویز ہوئی بلا اختلاف مسلمانان ہند نے اس تحریک پر لبیک کہا دل کھول کر چندہ سے وفد کی اعانت کی آپ اُس کا حساب نہ دیں لیکن اس قدر بتائیں کہ وفد طبیہ کے مصارف کا آپ کے اس وفد اپیل سے جو ابھی لائڈ جارج کی خدمت میں پیش ہوا تھا کیا مقابلہ ہے جب کہ مسلمان ایک موقع پر رقم خطیر خدمت خلافت کے لئے پیش کرچکے تھے جب کہ مسلمانوں کے روپئے سے مسجد کانپور کے متعلق آپ کو زیارت عروس البلاد لندن کا لطف مل چکا تھا تو پھر اس موقع پر بھی اگر اس خدمتِ دینی کی سعادت صرف مسلمانوں کے حصۃ میں مخصوص رکھی جاتی تو کیا کفر و حرام ہوتا اگر مسلمان کافی سرمایہ آپ کی عشرت پرستی کے لئے جمع نہ کرتے تو آپ ہی اپنے بعض لذتوں کو قربان کردیتے ارتکاب محرمات شرعیہ اور اسراف بیجا سے محفوظ بھی رہتے اور ہندوؤں کی استعانت بھی نہ ہوتی جو موالات حقیقی ہے۔

حضرات لیڈر اہلِ حق کی آپ سے اختلاف کی اصلی وجہ یہی ہے کہ آپ اہلِ ہنود سے

Marfat.com

وہ سارے تعلقات پیدا کر رہے ہیں جنہیں حق سبحانہ نے حرام فرمایا ہے۔ موالات، وداد اور رکون، یہ تین ایسے امور ہیں جنہیں ایک مومن کسی حال میں بھی کسی کافر کے ساتھ برتنے اور پیدا کرنے کا مجاز نہیں بنایا گیا آپ حضرات انھیں منہی عنہ امور کو نہ صرف جائز بلکہ واجب و فرض قرار دے رہے ہیں۔ بکمال غلو اور انتہائے انہماک سے کفر کی امداد اور مسلمانوں کے حقوق مذہبی کا اتلاف کر رہے ہیں اگر یہ نہ ہوتا تو آپ سے کچھ بھی اختلاف نہ تھا۔ آپ جائز تعلقات کو انگریزوں سے موالات کہتے تھے ضعف کو قوت سمجھتے تھے غفلت کو تیاری جانتے تھے اہل حق آپ کے ان خیالات کو جوش مفرط پر محمول کر لیتے پھر آپ سے مخلصانہ عرض کرتے کہ جائز امور کو موالات کہنا شارع علیہ السلام اور شریعت پہ الزام ہے۔ لفظ موالات کا استعمال نہ کیجئے ضعف کو قوت سمجھنے میں مسلمانوں کی تباہی ہے غفلت کو تیاری سمجھنا دشمن کے ہاتھوں میں گرفتار ہونا ہے اُمید تھی کہ آپ گرامی قدر حضرات بھی سمجھ جاتے اور باہمی مفاہمہ و تبادلہ خیال سے اصلاح مسلمین کی کوئی صورت پیدا ہو جاتی۔

لیکن ستم تو یہ ہے کہ آپ گاندھی کو اپنا امام بناتے ہیں اور مسلمانوں کو اُس کی اقتدار پر مجبور کرتے ہیں آپ کفر کی حمایت کرتے ہیں اور مسلمانوں پر اعانت کفر کے لئے زور ڈالتے ہیں۔ زبردستی کرتے ہیں اہل حق قرآن کریم کا فتویٰ سُناتے ہیں آیۃ کریمہ کی تلاوت کیجئے۔

| | |
|---|---|
| لا یتخذ المؤمنون الکافرین اولیاء من دون المؤمنین الخ | مسلمانوں کو نہیں ہو نچتا کہ وہ مومنین کے سوا کافروں کو اپنا دوست یا مددگار بنائیں۔ |

موالات کی تفسیر گزر چکی ہندوؤں کے کافر ہونے آپ کو بھی انکار نہیں پھر نہ صرف یہ کہ

Marfat.com

آپ اپنے دینی امور میں اُن سے مدد لے رہے ہیں بلکہ خود اُن کے دین کی آپ مدد کر رہے ہیں یہ موالات نہیں تو کیا ہے۔

ہندو گائے کی قربانی اُٹھانا چاہتے تھے حضرات لیڈر نے اس غلو کے ساتھ ہندوؤں کی تائید میں اپنی آواز بلند کی کہ حدیث شریف میں تحریف تک کر گزرے علماء سیاسی نے بھی اس تحریف سے چشم پوشی کی اور یہی فتویٰ دیا کہ مسلمان بکرے یا مینڈھے کی قربانی کریں گائے کی قربانی سے باز آئیں۔

رامائن کی پوجا میں مسلمان شریک ہوئے کالکا پر ریوڑیاں مسلمانوں نے پڑھائیں رام لچھمن کو تاج مسلمانوں نے پہنایا سنگم و پریاگ کو مقدس معبد مسلمانوں نے کہا یہ مذہب ہنود کی معاونت نہیں تو کیا بیخکنی ہے۔ تعجب یہ کہ جس نے ان اعمال خبیثہ سے منع کیا شریعت اسلام کا حکم سُنایا تو حضرات لیڈر نے اُس مخلص ناصح کو کافر، منافق، خیر خواہ انگریز، اور مذہب فروش کہا سچ ہے ہندو مسلمانوں کو ملیچھ جانتے ہیں اس لئے وہ فرقہ جو اب ہندوؤں میں شامل اور اُن کے دین میں داخل ہوا ہے اگر پکے اور سچے مسلمانوں کو کافر نہ کہے تو خود کافر ہو جائے۔

(۲) ہندوؤں سے آپ وداد رکھتے ہیں اور اسی کی تلقین مسلمانوں کو کرتے ہیں اہل حق وداد کفار کے ساتھ حرام بتاتے ہیں قرآن کریم کا فتویٰ پیش کرتے ہیں آیہ کریمہ کی تلاوت کیجئے۔

| | |
|---|---|
| لا تجد قوما یؤمنون باللہ | تو نہ پائے گا کسی قوم کو جو یقین رکھتی ہو اللہ |
| والیوم الآخر یوادون من | پر اور قیامت کے دن پر کہ وہ دوستی کرے |
| حاد اللہ ورسولہ ولو کانوا | اُن سے جنھوں نے مقابلہ کیا اللہ کا اور اُس کے |

Marfat.com

آبآءھم او ابناءھم او اخوانھم او عشیرتھم الخ — رسول کا اگرچہ وہ اُن کے باپ یا بیٹے یا بھائی یا رشتہ دار ہی کیوں نہوں۔

آیۂ کریمہ پکار پکار کر کہہ رہی ہے کہ مخالفین اسلام سے وداد شیوۂ اہل ایمان نہیں جس قلب میں اللہ اور اس کے رسول کی محبت ہو وہاں کسی کافر کی محبت کا ہونا محال ہے حضرات لیڈر! آپ نہ صرف گاندھی کے نشۂ اُلفت میں سرشار ہیں بلکہ اُس بادۂ عظمت سے آپ کے قلوب سیہ مست ہو رہے ہیں۔

حبیب کبریا خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے ارفع و اعلیٰ جناب میں کُھلی گالیاں دینے والا حق سبحانہٗ کی طرف کذب جیسے قبیح امر کا منسوب کرنے والا آپ کی آنکھوں کا نور اور دل کا سرور ہے لیکن اگر کوئی گاندھی کو کافر کہے جو محض واقعہ ہے تو آپ میں تاب سُننے کی نہیں رہتی۔

دُنیا دیکھ رہی ہے کہ اس وقت گاندھی کی عظمت و محبت لیڈر حضرات کس کس نوعیت سے مسلمانوں کے دل میں پیدا کر رہے ہیں یہ صریح خلاف ورزی حکم الٰہی نہیں تو کیا ہے۔

(۳) آپ حضرات نے ہندوؤں کا سہارا پکڑا ہے اہلِ حق اس سے منع کرتے ہیں اور قرآن کریم کا فتویٰ پیش کرتے ہیں۔ آیۂ کریمہ کی تلاوت کیجئے۔

ولا ترکنوا الی الذین ظلموا فتمسکم النار الخ — مسلمانوں ظالموں (کافروں) کی طرف نہ جھکو ورنہ تمھیں آگ پکڑے گی۔

امام راغب اصفہانی رکون کے معنی یہ بتاتے ہیں۔

رکن الشئ جانبہ الذی یسکن — کسی شے کا رکن اُسے کہیں گے جس کی طرف

Marfat.com

الیہ ویستعار للقوۃ ؂ شے آکر ٹھیرے اور مستعار معنی اُس کی قوت کے ہیں۔

آپ نے ہندوؤں کا سہارا پکڑا اُن کی قوت کو اپنی قوت سمجھا ابتدا میں جس قدر اعلان واشتہار شائع ہوئے اُن میں یہ ہوتا تھا کہ مولنا عبدالباری صاحب کا فتویٰ اور مہاتما گاندھی کا حکم لیکن اب تو صرف گاندھی صاحب کا حکم ہی حکم رہ گیا فرمان گاندھی نے اب ایسی قوت حاصل کرلی کہ اُس کی غاشیہ برداری کے لئے مولانا صاحب کے فتوے کی بھی حاجت نہ رہی اس وقت گاندھی نہ صرف آپ کا رکن ہے بلکہ مدار لیڈری ہے اگر گاندھی آپ کا ساتھ چھوڑدے تو آپ کی لیڈری کی عمارت دھم سے زمین پر آرہیگی۔

سچے مسلمانوں کے مزید اطمینان کی غرض سے چند احادیث شریفہ نقل کرتا ہوں تاکہ اُنھیں اچھی طرح معلوم ہوجائے کہ دینی امور میں جب کہ کفار سے مدد لینا مکروہ ہے تو دین کا فرکی مدد مسلمان کے لئے کب جائز ہوسکتی ہے۔

(۱) عن حبیب بن اساف قال اتیت انا ورجل من قومی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو یرید غزوا فقلت یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انا نستحی ان یشھد قومنا مشھدا لا نستعین معھم فقال اسلمتما فقلنا لا قال فانا لا نَستَعِین بالمشرکین قال فاسلمنا وشھدنا معہ الی آخر الحدیث رواہ الحاکم وصححہ ؂

حضرت حبیب ابن اساف کہتے ہیں کہ کسی غزوہ پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لئے جارہے تھے میں اور ایک شخص اور میری قوم کا حاضر خدمت ہوکر ملتمس ہوئے کہ ہمیں شرم آتی ہے کہ ہماری قوم ایک معرکہ پر جارہی ہو اور ہماری مدد اُس کے شامل نہ ہو۔ ارشاد ہوا کہ کیا تم دونوں اسلام لائے حبیب کہتے ہیں میں نے عرض کیا نہیں یا رسول اللہ ارشاد ہوا ہم مشرک کی مدد نہیں لیتے حبیب کہتے ہیں پھر ہم دونوں مسلمان ہوئے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شریک غزوہ ہوئے۔

Marfat.com

(۲) ان عبادة بن الصامت کان له حلفاء من الیهود فقال یوم الاحزاب یا رسول اللہ ان معی خمسمائة من الیهود وقد رایت ان استظهر بهم علی العدو فنزلت هذه الآیة لا یتخذ المومنون الکافرین اولیاء۔

عبادہ بن صامت کے حلیف یہودی تھے غزوۂ خندق کے موقع پر عبادہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ میرے ساتھ پانسو یہودی ہیں میری رائے ہے کہ دشمن کے مقابلہ پر اُن سے مدد لوں تو اُس وقت یہ آیۃ نازل ہوئی کہ مومنین کو یہ نہیں پہونچتا کہ وہ کافروں کو اپنا مددگار بنائیں۔

(۳) امام مسلم صحیح مسلم شریف میں ایک باب منعقد فرماتے ہیں باب کراہۃ الاستعانۃ فی الغزو بکافر یعنی اس باب کے تحت میں وہ حدیث بیان ہوگی جس سے یہ ثابت ہوگا کہ غزوات میں کافر سے مدد لینا مکروہ ہے۔

عن عائشة زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم انها قالت خرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبل بدر فلما کان بحرة الوبرة ادرکه رجل قد کان یذکر منه جرءة ونجدة ففرح اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حین راؤه فلما ادرکه قال لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ جئت لاتبعك واصیب معك قال له

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جنگ بدر کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے جب مقام حرۃ الوبرہ پر پہنچے تو ایک ایسا شخص حاضر ہوا جس کی بہادری مسلم تھی اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اُسے دیکھکر خوش ہوئے جب وہ رسول اللہ کے پاس پہونچا تو اُس نے حضور سے عرض کیا کہ میں اس غرض سے حاضر ہوا ہوں کہ اس کام میں آپ کی اتباع کروں اور آپ کے ہمراہ لڑوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس سے فرمایا کہ کیا اللہ اور اُس کے رسول پر تو ایمان لاتا ہے اُس نے کہا نہیں آپ نے ارشاد فرمایا کہ پلٹ جا میں ہرگز مشرک سے مدد نہ لوں گا۔ پھر جب ہم مقام شجرہ پر پہنچے تو اُس نے اپنی خدمت

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تومن باللہ ورسولہ قال لا قال فارجع فلن استعین بمشرک قالت ثم مضی حتی اذا کنا بالشجرۃ ادرکہ الرجل فقال لہٗ کما قال اول مرۃ فقال لہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کما قال اول مرۃ قال فارجع فلن استعین بمشرک قال ثم رجع فادرکہ بالبیداء فقال لہ کما قال اول مرۃ تومن باللہ ورسولہ قال نعم فقال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فانطلق (مسلم)

پیش کی اور دربار رسالت سے وہی پہلا جواب ملا کہ پلٹ جا میں ہرگز مشرک کی مدد نہ لوں گا۔ پھر ہم مقام بیدا پر پہونچے تو اُس نے پھر انھیں کلمات سابقہ کے ساتھ اپنے کو پیش کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر پوچھا کہ کیا اللہ اور اُس کے رسول پر تو ایمان لایا اب تیسری دفعہ اُس نے عرض کیا ہاں ایمان لایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر ساتھ چلو۔

امام فخرالدین رازی تفسیر کبیر میں تحت آیتہ کریمہ لا تتخذ والیہود والنصارٰے اولیاء لفظ اولیا ر کی تفسیر بایں الفاظ کرتے ہیں اَیْ لا تعتمد واعلی الاستنصار بہم ولا تتوددوا الیھم۔ یعنی اُن کے مدد کرنے پر اعتماد و بھروسہ نہ کرو اور اُن سے دوستی پیدا نہ کرو۔

فاروق اعظم کا ایک فتویٰ نقل فرماتے ہیں۔

اس موقع پر اُسے بھی سُن لیجئے بصرہ پر حکومت مسلمانوں کی قایم ہو چکی ہے ابوموسیٰ اشعری وہاں کے عامل یعنی گورنر ہیں۔ وہ اپنا دیوان جسے اُس وقت کاتب کے لقب سے خطاب کرتے تھے ایک نصرانی کو مقرر کرتے ہیں فاروق اعظم کو جب اس کی خبر ہوئی تو آپ نے ابوموسیٰ سے فرمایا کہ اُسے معزول کرکے کسی مسلمان کے سپرد یہ عہدہ کرو مسلمانوں کے کام میں

Marfat.com

ایک نصرانی سے اعانت نہ لینا چاہیئے۔ ابو موسیٰ نے کہا لہ دینہ ولی کتابتہ یعنی اُن کا مذہب اُسے مبارک ہو مجھے تو اُس کے فن سے مطلب وغرض ہے امیرالمومنین نے فرمایا لا اکرمھم اذا اھانھم اللہ ولا اعزھم اذ اذلھم اللہ ولا ادنیھم اذ ابعدھم اللہ یعنی میں اُس کی توقیر نہیں کرتا جس کی خدا نے توہین کی، ہو میں اُسے عزت نہیں دیتا جسے خدا نے ذلیل کیا ہو میں اُسے قریب نہیں کرتا جسے خدا نے دُور کیا ہو ابو موسیٰ کہتے ہیں مجبوری یہ ہے کہ مسلمانوں میں کوئی اس کام سے واقف نہیں بغیر اُس نصرانی کے بصرہ کا کام چل نہیں سکتا ابو موسیٰ کے خاص الفاظ یہ ہیں لا یتم امر البصرۃ الا بہ یعنی بصرہ کا کام نہیں پُورا ہوگا مگر اُسی نصرانی سے فاروق اعظم فرماتے ہیں مات النصرانی والسلام یعنی فرض کرلو کہ وہ نصرانی مرگیا اُس کے مرنے کے بعد آخر گورنری کے دفتر کا کچھ انتظام ہوگا وہی انتظام جو اُس وقت کیا جاتا اب کرلیا جائے۔

فاروق اعظم پر یہ امر تمام تھا کہ دفتر کے کام میں کوئی مسلمان ماہر نہیں نصرانی کی واقفیت و مہارت بھی معلوم تھی لیکن ایک کافر کا تسلط اسلامی گورنری میں غیرت فاروقی کے برداشت میں نہ تھا۔

نصرانی محکوم تھا مطیع اسلام تھا ابو موسیٰ کا ماتحت تھا لیکن دیوان ہو کر سارے دفتر پر حاوی ہوا جاتا تھا کافر کا ایسا معتمد علیہ ہونا فاروق اعظم کو گوارہ نہ تھا احتمال تھا کہ جب قلم اُس کے ہاتھ میں ہے تو اپنے فن کو اگر مضرت رسانی میں مسلمانوں کے استعمال کرے تو کچھ بعید نہیں۔

نصرانی کا کمال اور مسلمانوں کا اس فن سے ناآشنا ہونا ابو موسیٰ کو اس پر مائل کرتا

Marfat.com

تھا کہ نصرانی عہدہ کتابت پر بر قرار رہے امیر المومنین کو اسی وجہ سے اُس کے معزول کرنے پر اصرار تھا کہ ایسا کام جس پر مسلمانوں کو دسترس کامل نہیں اور کافر میں اُس کی صلاحیت کامل موجود ہی مسلمانوں کے ضرر و نقصان کا اندیشہ ہی۔

ابو موسیٰ اپنے خیال کی بنا پر کہتے تھے۔ لایتم امر البصرۃ الا بہ یعنی بصرہ کا کام بغیر اُس نصرانی کے پورا نہ ہوگا۔ فاروق اعظم نے اپنے خیال کی بنا پر فیصلہ صادر فرمایا مات النصرانی والسلام نصرانی مرگیا اور اُس کا کمال دفن ہوگیا۔

اس عمل فاروقی نے یہ نکتہ بھی حل کر دیا کہ جب تک اپنا کام آپ نہ سنبھالا جائے گا اُس وقت تک نہ تو کام کرنا آئے گا نہ تن آسانی چھوٹے گی دوسروں کی محنت پر بھروسہ کرنے کا ہی تو یہ نتیجہ ہے جو آج مسلمان ہر چیز میں محتاج اغیار ہیں انتہا یہ کہ دین بھی ایک کافر سے سیکھتے ہیں۔

(۱) فاروق اعظم کے فتوے نے یہ ثابت کیا کہ کافر اگر فریق محارب نہ ہو جب بھی اُس پر ایسا اعتماد نہ کیا جائے کہ مسلمانوں کے کاموں کی کفالت اُس کے سپرد کر دی جائے کیا گرامی قدر حضرات سنت فاروقی پر عمل آرا ہوں گے مات الکافر کہکر اپنی جمعیت العلما اور مجلس خلافت کو گاندھی سے پاک کریں گے۔

(۲) احادیث ثلٰثہ جنھیں فتویٰ فاروقی سے قبل لکھا گیا ہے اُن سے یہ معلوم ہوا کہ کافر کی مدد امور دینی خصوصاً جہاد میں قبول کرنے سے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے باصرار تمام انکار فرمایا ہے کیا گرامی قدر حضرات اپنے پیغمبر روحی فداہ کی سنت پر عمل آرا ہو کر یہ کہدیں گے لن نستعین بمشرك ہر گز مشرک سے مدد نہ لیں گے۔

(۳) آیات الٰہیہ نے صاف و صریح الفاظ میں ظاہر کر دیا کہ موالات، وداد، اور رکون

Marfat.com

مطلقاً کفار کے ساتھ حرام ہے خواہ لائڈ جارج ہو یا مسٹر گاندھی کیا گرامی قدر حضرات تعمیل حکم قرآن پر آمادہ ہیں۔

گرامی قدر حضرات بکفار سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی مدد قبول فرمائی ہے مثلاً جنگ حنین کے موقع پر صفوان بن اُمیہ سے مجاہدین کے لئے زرہیں عاریتہً لی گئی تھیں آپ کو بھی اختیار ہے کہ کفار سے اسلحہ وغیرہ عاریتہً لیجئے۔

یا جنگ خیبر میں یہودیان بنو قینقاع کو داخل لشکر فرمایا تھا بنو قینقاع کے یہودی اسلام سے مغلوب اور اُس کے محکوم ہو چکے تھے مسلمان ان پر غالب و مستولی تھے غدر کا اندیشہ نہ تھا آپ بھی کفار ہند پر غلبہ حاصل کیجئے پھر انہیں داخل لشکر کیجئے۔

فتح القدیر اور مبسوط علامہ سرخسی میں کتاب السیر ملاحظہ ہو نہایت صاف الفاظ میں یہ مسئلہ مسطور ہے اگر کافر اپنی رضا و رغبت سے داخل لشکر اسلام ہو اور مسلمانوں کا مقابلہ کفار سے ہو کافر عسکر اسلامی میں اپنا اختصاصی و امتیازی علم نہ رکھے بلکہ مسلمانوں کے جھنڈے کے نیچے رہ کر دشمنان اسلام سے مقابلہ کرے تو اس میں کوئی مضایقہ نہیں مال غنیمت میں کافر کا حصہ نہ ہوگا ہاں کچھ ہاتھ اُٹھا کر عطا کر دیا جائے تو اس کی اجازت ہے لیکن غالب گروہ کفار کو اپنی معیت میں اس طرح لینا کہ کفر کا علم بلند ہو اور مسلمان اُس کے تحت میں لڑ رہے ہوں یہ قطعی حرام ہے۔

نصوص صریحہ کے بعد کسی صاحب ایمان کے لئے مزید بحث و گفتگو کی حاجت نہیں رہتی اگر علماء سیاسی و جنٹلمین لیڈر کو دعوٰی ایمان ہے تو وہ کفار و مشرکین کی معیت امور دینیہ میں ترک کریں اور مذہب کفر کی اعانت و تائید سے جو صریح حرام ہے توبہ کریں۔

مسٹر گاندھی اور اُن کی پارٹی کے ساتھ مدارات، فعل معروف، اور رحم و شفقت

Marfat.com

کیجے ضروریات زندگی میں اُن کی مدد کیجے اگر اُن میں سے کوئی بیمار ہو تو بیمار پُرسی کیجئے دوا دعلاج سے ہمدردی فرمائیے حیات تمدنی اور معاملات دینوی میں خرید فروخت بیع و رہن اور اجارہ وغیرہ بے دغدغہ بشروطہا جاری رکھئے اس لئے کہ یہ امور نہ موالات ہیں نہ وداد و رکون بلکہ جائز و مرخص ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہ نفس نفیس ان امور کو عزت عمل عطا فرمائی ہے۔

لیکن خدا کے لئے یہ مصیبت مسلمانوں پر نہ لائیے کہ جلسہ جمعیۃ العلماء کا منعقد ہوا اور مسٹر گاندھی اُس میں خطیب و مذکر بن کر علماء اور عامہ مسلمین سے خطاب کرے جلسۂ خلافت و اماکن مقدسہ ہو اور مسٹر گاندھی اُس کی صدارت کریں علماء زیر صدارت گاندھی تحریک شرعی پیش کریں ہلّٰہ مسلمانوں کی دینی مجالس کو کفار و مشرکین سے پاک کیجئے۔

اس سے بڑھکر مصیبت عظمیٰ یہ ہے کہ آپ اسلامی خصائص مٹا رہے ہیں قشقہ پوجا حمل جنازۂ مشرک وغیرہ سے عوام بے علم بہت کچھ گمراہ ہو چکے اب بھی اُنھیں توبہ و انابت کی طرف متوجہ کیجئے میں ایک فقیر بے نوا ہوں کسی طرح کی بضاعت اپنے پاس نہیں رکھتا ایک گوشۂ تنہائی ہے اور محنت کی زندگانی نہ تو لیڈری کا سازو سامان رکھتا ہوں نہ رسمی پیری و مریدی کا ڈھب جانتا ہوں نہ مریدوں کی کوئی فرد اپنے پاس ہے نہ تلامذہ کی کوئی جماعت انگریزی مدارس میں اُستادی و شاگردی ع

ہے یہ وہ لفظ کہ شرمندۂ معنی نہ ہوا

پھر آپ جیسے گرامی قدر اشخاص کا کیا مقابلہ کر سکتا ہوں لیکن ہاں یہ التماس کر سکتا ہوں کہ حق و صداقت میرے ساتھ ہے لیڈری کا غرور اگر چند لمحات کی فرصت آپ حضرات کو عطا کرے تو فقیر کی معروضات پر توجہ فرمائیں۔

Marfat.com

آج سے دس برس قبل نفیر نے جو کچھ عرض کیا تھا آپ حضرات نے اُسے اُس وقت قبول نفرمایا لیکن بات حق تھی اور وہی راہ سیدھی تھی اب اگر آپ حضرات نے اُنھیں باتوں کو کہا اور اُنھیں کاموں کو کیا لیکن حمایت اسلام و خلیفۃ المسلمین کے لئے نہیں بلکہ سوراج اور گاندھی کے لئے پس اُن نیک کاموں کی بھی صورت آپ کے طرز عمل سے مسخ ہو گئی۔ انا للہ ثم انا للہ ؎

(۱) نفیر نے التماس کیا تھا کہ ہر مسلمان سالانہ اپنی آمدنی کا ایک سہل حصہ التزاماً خدمات اسلامیہ کے لئے نکالا کرے اور ایک جگہ تجویز کر لی جائے جہاں سب کے مرسلہ روپئے جمع ہوا کریں ایک صدر مجلس ہو جس کے تحت میں تمام قصبات و دیہات کی مجلسیں کام کرتی ہوں خرچ کے قواعد امینوں اور ارکانوں کے اختیار و خصوصیات مقرر کر لئے جائیں اُس روپئے میں سے ایک معینہ رقم سلطان کی خدمت میں مصارف حرمین کے لئے بھیجی جائے باقی دیگر ضروریات مذہبی کے لئے محفوظ رہے۔

کیا خلافت کمیٹی آج اپنا یہی مقصد نہیں بتاتی ہے لیکن افسوس آٹھ نو برس بعد قایم بھی ہوئی تو ہنود کی سرپرستی میں نہ خرچ کے قواعد نہ مصارف کا حساب اس بیدردی سے مسلمانوں کا روپیہ عیش پرستی اور ہوا و ہوس میں لیڈر حضرات اُڑا رہے ہیں کہ کسی کافر نے بھی مسلمانوں کا گھر لوٹ کر اس طرح دادِ عشرت نہ دی ہوگی۔

(۲) نفیر نے التماس کیا تھا کہ مصلحین اُمت میں سے بعض افراد بلاد عرب کا دَوْرہ فرمائیں امعان نظر سے یہ اندازہ کریں کہ کس خطۂ عرب میں کس طرح کی تعلیم مفید ہوگی بعد غور و فکر تعلیم گاہیں قایم کریں نیز عربوں کو اچھی طرح سمجھا دیں ؎

پائے در زنجیرِ پیشِ دوستاں + بہ کہ با بیگانگاں در بوستاں

Marfat.com

یہ تحریک بہت وسعت و وضاحت سے بیان کی گئی تھی اگر اس پر لیڈر حضرات غور فرماتے تو عربوں کا شیرازہ ترکوں سے جُدا ہو کر نہ بکھرتا نیز جس قسم کے ہندوستانی اہلِ صنعت و حرفت یا صاحب علم و فن کی حاجت دیارِ عرب میں ہوتی انھیں وہاں جانے کی ترغیب دی جاتی خطۂ عرب کو استوار کرنا اور پھر ہندی مسلمانوں کا بقدر حاجت و وسعت عربوں سے جا کر ملنا استوار بنیاد پر خدمت اسلام کا انجام پانا تھا۔

آٹھ نو برس بعد آپ نے اس التماس کو تسلیم کیا لیکن ہجرت کی نفیر عام پکار کر مسلمانوں کو تباہ اور ہندوؤں کو مالا مال کر دیا اب چندہ ہوتا ہے اور مہاجرین کو بھیجا جاتا ہے اس طرح ایک مستقل تحریک تحصیل زر کی تو بیشک قایم ہو گئی لیکن مسلمانوں کا ذرہ برابر بھی فائدہ نہوا۔

(۳) فقیر نے یہ التماس کیا تھا کہ علماء کا باہم ایک تعلق قایم ہونا چاہیئے جس طرح سلاطین کے سفرا ایک دوسرے کی سلطنتوں میں مقیم رہا کرتے ہیں اسی طرح چند علماء جو شیخ الاسلام کے نائب ہوں افغانستان و ہندوستان وغیرہ میں اقامت اختیار کریں باہمی جمعیت و مشورہ سے دینداری مسلمانوں میں پیدا کریں الخ اس گزارش کو بھی نہایت بسط و ایضاح سے عرض کیا تھا آٹھ نو برس بعد آپ نے اسے تسلیم فرمایا جمعیۃ العلما کی مجلس منعقد فرمائی لیکن وہاں مسٹر گاندھی تلقین و ہدایت کے لیئے بلائے گئے اُن کے مناقب کا خطبہ پڑھا گیا۔

مدینہ اخبار بجنور ۱۲ جنوری سنہ ۱۹۲۱ء میں مسٹر شوکت علی کی تقریر شایع ہوئی تھی اس کے دو فقرے نقل کرتا ہوں "زبانی جی پکارنے سے کچھ نہیں ہوتا بلکہ اگر تم ہندو بھائیوں کو راضی کر دگے تو خدا کو راضی کر دگے" "بھائیو خدا کی رسی کو مضبوط پکڑو اگر ہم اس رسی کو مضبوط پکڑ لیں گے تو چاہے دین ہمارے ہاتھ سے

Marfat.com

جاتا رہی مگر دنیا ہمیں ضرور ملے گی" یہ فقرات جہاں یہ بتا رہے ہیں کہ مطمع نظران حضرات کا کیا ہے مذہب کی حقیقت اور وقعت ان کے نزدیک کس قدر ہے دین و مذہب کا نام کیوں لیا جاتا ہے وہاں یہ بھی بتاتے ہیں کہ ہنود کے ساتھ انھیں کیسی عقیدت وارادت ہے۔ چنانچہ جلسہ جمعیۃ العلماء میں جس کا انعقاد بماہ نومبر دہلی میں ہوا مسٹر شوکت علی نے صاف الفاظ میں یہ کہا "اے اللہ ہم سے ایک نیک کام ہوگیا ہے کہ میں اور مہاتما گاندھی یقینی بھائی ہوگئے ہیں" (فتح دہلی ۲۴ رنومبر ۱۹۲۰ء) پھر ایک عالم نے یہ کہا "خدا نے اُن کو (گاندھی کو) ہمارے واسطے مذکر بنا کر بھیجا ہے قدرت نے اُن کو سبق پڑھانے والا مدبر بنا کر بھیجا ہے" (فتح دہلی ۲۴ رنومبر ۱۹۲۰ء) ایمان سے کہیئے یہ جمعیۃ العلماء ہے یا اُمت گاندھی کا حلقہ یہ اسلام اور شارع علیہ السلام کی طرف اللہ کے بندوں کو دعوت دے رہی ہے یا گاندھی کی نبوت تسلیم کرا رہی ہے یہ حضرات اسلام کی دردمندی میں انگریزوں سے لڑنا چاہتے ہیں یا دین گاندھی کے حمایت میں پھر اگر کسی نے ان کی بات نہ سنی تو کافر، منافق، یزیدی، ملعون، اور جہنمی کیوں کر ہوا۔

لیڈران قوم آج اخبار و جرائد تمہارے ہاتھوں میں ہیں جسے چاہو گالیاں دو کافر کہو حق کو باطل اور باطل کو حق کہو اور چھاپ کر شائع کرو اس وقت تو تمہاری بات بن آئی ہے مخلوق اندھی ہوگئی ہے لیکن ایک وقت آئیگا اور ساری حقیقت عریاں ہوجائے گی۔

میدان کربلا میں یزیدیوں نے بعد شہادت شہزادہ کونین سیدنا امام حسین علیہ السلام فتح کے نقارے بجائے دودمانِ نبوت کو جس طرح چاہا اسیر کیا لیکن آج دنیا دیکھ رہی ہے کہ یزیدیوں پر خدا نے ایسی لعنت بھیجی کہ آج تک اُس کا سلسلہ نہ منقطع ہوا نہ قیامت تک منقطع ہو

Marfat.com

اس وقت اہلِ حق کے مقابلہ میں تمھیں اپنے انبوہ پر ناز ہے جسے چاہتے ہو عوام سے فضیحت و رُسوا کراتے ہو اہلِ حق فصبر جمیل کہکر ضبط کر جاتے ہیں ۔

اہلِ حق کے مقابلہ میں مثل یزید دعویٰ اجماع پیش کرتے ہو صریح نص قرآن اور نص حدیث کی مخالفت اور پھر اجماع کا دعویٰ ؟ کیا احکام قرآن کا نسخ اجماع سے جائز ہے اور پھر اجماع بھی ایسے علماء کا جن کے پاس خدا نے گاندھی کو مذکر بنا کر بھیجا ہے جو علماء پر رو گاندھی ہیں جس طرح قرآن مجید توریت و انجیل کا ناسخ ہے اسی طرح گاندھی کا فرمان آیات الٰہیہ کا ناسخ ان مدعیان علم و اجتہاد کے عقیدہ میں ہے ۔

ایسے نجس و ناپاک عقیدہ کا اظہار کرتے ہوئے کچھ تو شرمایئے الحیاء شعبة من الایمان ۔

یزیدیوں نے جب یزید کی امامت و خلافت کا علم بلند کیا تو اہلِ حق کے مقابل میں اُنھوں نے یہی دلیل پیش کی تھی کہ سارے ملک نے یزید کی امامت تسلیم کر لی اجماع ہو گیا صرف چار شخص ہیں جو اُس کی امامت تسلیم نہیں کرتے یعنی عبد الرحمٰن بن ابی بکر، عبد اللہ ابن زبیر، عبد اللہ ابن عمر اور حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہم اجمعین ۔

دیکھتے ہو وہ اجماع جو یزید کی امامت پر ہوا تھا کیسا خائب و خاسر ہوا عبرت پکڑو اور اہلِ حق کو گالیاں دینے سے باز آؤ اُن کی تکلیف و اذیت رسانی سے اپنے ہاتھ اور زبان کو منع کرو تمہاری دشنام دہی کی یہ ہمہ گیری ہے کہ جہاں تم نے ایک رکنِ دین حامی شرعِ متین امام اہلِ سنت مجدد مائة حاضرہ مؤید ملة طاہرہ پر سب و شتم کیا وہاں اس فقیر بینوا کو بھی بار بار متعدد جرائد میں تم نے گالیاں سُنائیں میں نے تمہارا کیا بگاڑا تھا بیشک یہ قصور ہوا کہ جس وقت ساری زبانیں گنگ تھیں مجھ گنہگار کی زبان کلمۂ حق کہہ رہی

Marfat.com

تھی جس وقت سارے اقلام خشک تھے مجھ بے بضاعت کا قلم مصروف تحریر تھا جس وقت سارے پاؤں مفلوج تھے مجھ ضعیف کا پاؤں منزل رساں راستہ پر تھا انصاف کر و اس میں میری کیا خطا ہوئی یہ تو اللہ کا فضل تھا تم ہلال احمر کے نام سے چندہ تحصیل کرتے تھے اور داد عیش و نشاط دیتے تھے زر کشی کے لئے جس طرح کے مضامین ضروری تھے تم اُنھی کو لکھتے اُنھی کو کہتے تھے لیکن اس فقیر کو خلافت کی لو لگی تھی اس لئے ترکوں کی مختصر تاریخ پھر اُن کی خلافت اُن کی اطاعت اور اُن کے حقوق دلیل و بُرہان کے ساتھ گنہگار مسلمانوں کے سامنے پیش کر دئے (دیکھو فقیر کا رسالہ البلاغ)

تمھیں مسئلہ خلافت کی اب آ کر جو دھن بھی بندھی تو ایک کافر کے تذکیر و تلقین سے اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ خلافت کی جگہ سوا راج نے، خلیفۃ المسلمین سے کہیں ارفع و اعلیٰ مقام گاندھی نے اور شیخ الاسلام کا لقب شیخ الہند نے لے لیا۔

حقیقت یہ ہے کہ غرق ہو کر طوفان اور جہاز کے تباہی کا علم عامی و اعلیٰ سبھی کو ہوتا ہے لیکن جہاز کا ناخدا طوفان کو بہت پہلے اور بہت دُور سے دیکھ لیتا ہے جن کے دماغ اس علم و تجربہ سے خالی ہوتے ہیں وہ ناخدا کے تدابیر و اضطرار پر ہنستے ہیں لیکن وہی قہقہہ آخر کار نالہ و شیون ہو جاتا ہے۔

مولیٰ تبارک و تعالیٰ کا ہزار احسان اور اُس کے اس خاص کرم کا ہزار ہزار شکر کہ جس چیز کو آج آپ قوم کے سامنے پیش کر رہے ہیں فقیر کو دس برس قبل قوم کے سامنے پیش کرنے کی ہدایت فرمائی گئی۔

جس جگہ آج لیڈروں کے اقدام جانا چاہتے ہیں وہاں کی سیر برسوں قبل اس مسکین و عاجز کو دکھائی گئی جس راہ پر آپ لیڈروں کو کچھ دُور چل کر رجعت ہو گئی الحمدللہ کہ

Marfat.com

اُسی راہ سے منزلِ مقصد تک یہ بے بضاعت پہونچا اور استقامت کے لطائف سے سعادت اندوز ہوا۔

گرامی قدر حضرات اعمال نامہ آپ کے سامنے پیش نہ ہوگا نہ محاسبہ وفیصلہ آپ کے ہاتھوں میں ہوگا پھر اپنے رب کریم کے اُن احسانات وافضال کو کیوں پیش کروں جن کی بدولت توفیق خدمت دین وملّت کی پائی۔

گذشتہ سال بماہ دسمبر سندھ اور الہ آباد میں ایک عظیم الشان مجمع کو خطاب کرتے ہوئے جو کچھ کہا ہے اُسے الہ آباد کے اُنھیں اشخاص سے پوچھئے جو اس وقت خلافت کمیٹی کے سرگرم ارکان ہیں۔

مولوی بشیرالدین احمد صاحب اڈیٹر البشیر اٹاوہ سندھ کے جلسہ میں شریک تھے اُن سے دریافت کیجئے تو آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ دعوتِ حق کسے کہتے ہیں۔

اگرچہ مجھے اپنی سیہ کاریوں کا اعتراف ہے کوئی عمل شرکت نفس سے خالی نہیں کوئی فعل ریا وسمعہ سے صاف نہیں اپنے حسب حال یہ رُباعی ہے ؎

اے فسق وفجور کار ہر روزۂ ما　　　وے پر ز گناہ کاسہ وکوزۂ ما

می خندد روزگار میگرید عمر　　　بر طاعت وبر نماز وبر روزۂ ما

لیکن اسی کے ساتھ اس کا شکر کہاں ادا ہو سکتا ہے کہ حق سُبحانہٗ نے محض اپنے فضل عمیم سے بطفیل آقائے دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم دین فروشی وگمراہ سازی سے مصئون ومحفوظ رکھا اُسی اپنے مولیٰ تعالیٰ سے خواستگاری وتمنا کہ صدقہ تاجدار مدینہ کا عفو تقصیر اور مغفرت معاصی کے ساتھ اتنا اور کرم کہ اس رُوسیاہ کی زندگی کا باقی حصّہ غلامی واطاعت میں سرکار مدینہ کے بسر ہو جائے ؎

Marfat.com

دارم دلکے غمیں بیا مرزو مپرس　　صد واقعہ درکمین بیا مرزو مپرس

شرمندہ شوم اگر بہ پرسی عملم　　یا اکرم الاکرمیں بیا مرزو مپرس

حالات دائرہ کے متعلق فقیر کو جو کچھ عرض کرنا تھا بعونہ تعالےٰ اُس سے فارغ ہو چکا رہی مغوات حضرات لیڈر یا علمار سیاسی کے اُن کا کہاں تک جواب دیا جائے یہ سلسلہ تو غیر متناہی ہے مجھے اس قدر فرصت کہاں جو جواب و سوال کے پیچھے پڑوں لیکن تحریر کا خاتمہ اس پر کرتا ہوں کہ اگر فقیر کے جواب میں آپ نے اُسی رسم کہن دشنام کا اعادہ فرمایا تو فقیر کی طرف سے سکوت محض ہوگا ہاں جو امور مشورہ کے طور پر پیش کئے گئے ہیں اُن کا اگر آپ رد فرمائیں گے تو یہ فیصلہ ارباب حل وعقد پر موقوف کہ صحیح مشورہ کس کا ہے لیکن اگر مسائل شرعیہ میں آپنے کلام کیا تو اُس کا فیصلہ ابھی کئے دیتا ہوں عوام بھی سمجھ جائیں گے اور اُنھیں اس کی دُشواری پیش نہ آئے گی کہ کس کی سُنوں ہر ایک قرآن و حدیث ہی پیش کرتا ہے۔

(۱) میں نے یہ عرض کیا ہے کہ مطلقاً کفار و مشرکین سے موالات، وداد، اور رکون حرام ہے منہی عنہ ہے اور ہر ایک کا ثبوت کلام اللہ سے پیش کیا ہے آپ براہ کرم اُس آیۃ کی تلاوت فرمائیں جس میں حق سُبحانہ نے یہ حکم دیا ہو کہ ایسی حالت میں یا اس طرح کے کافروں کے ساتھ موالات یا وداد یا رکون کی مسلمانوں کو اجازت ہے اگر آپ نے آیۃ پیش فرمائی اور مسلمانوں نے دیکھ لیا کہ لفظ تولوھم یا تودوھم یا ترکنوا الیھم کا موجود ہے تو پھر میں بھی توبہ کرلوں گا اور اپنی جہالت کا اعتراف۔

(۲) میں نے عرض کیا ہے کہ کفار و مشرکین سے جہاد میں مدد لینا ممنوع و مکروہ ہے ہاں اگر کفار مسلمانوں سے مغلوب ہوں یا اُن کے محکوم ہوں تو اُن سے استعانت جائز ہے

Marfat.com

اس لئے کہ یہ استعانت فی الحقیقت استخدام و خدمت گزاری ہے یا محکوم تو ہوں لیکن مسلمانوں کے جھنڈے کے نیچے رہ کر دشمنان دین کا مقابلہ کریں علم مسلمانوں کا ہو اور لشکر پر حکومت مسلمانوں کی ہو تو ایسی صورت میں بھی کافر کا شریک کرنا جائز ہوگا اس دعوے کے ثبوت میں تین حدیثیں پیش کی ہیں فقہائے کرام کی تحقیق کا حوالہ دیا ہے۔

آپ کوئی حدیث ایسی لکھدیں جس میں یہ حکم ہو استعینوا بالکفار والمشرکین (یعنی کفار و مشرکین سے مدد لو) یا فقہائے کرام کا کوئی فتویٰ نقل فرمایئے جس میں یہ ہو کہ کافر کو علم بردار اسلام اور فوجی سپہ سالار بنا کر مسلمانوں کو جہاد لڑنا جائز ہے۔

(۳) میں نے یہ عرض کیا ہے کہ آیۃ لا ینھٰکم اللہ الخ کو قتادہ نے منسوخ فرمایا ہے اور یہی مذہب امام عطا ابن رباح کا ہے آپ کسی مفسر یا محدث یا فقیہ کا ایک قول بھی ایسا نقل فرما دیں جس میں یہ ہو کہ آیۃ لا ینھٰکم اللہ الخ اُن ساری آیتوں کی ناسخ ہے جن میں مطلقاً کفار سے موالات، وداد، اور رکون حرام فرمایا گیا ہے۔

(۴) میں نے یہ عرض کیا ہے کہ اگر آیۃ لا ینھٰکم اللہ الخ کو منسوخ نہ بھی مانیں جیسا کہ علامہ ابن جریر طبری کا مسلک ہے جب بھی ایسے کفار سے جو مسلمانوں سے دین کے معاملہ میں نہ قتال کریں نہ اُنھیں اُن کے گھروں سے نکالیں صرف بر و اقساط کی اجازت پائی جاتی ہے نہ کہ موالات اور وداد کی آپ کسی مفسر یا محدث یا فقیہ کا ایک قول ایسا نقل فرمائیں جس سے یہ ثابت ہوتا ہو کہ بر و اقساط مرادف موالات و وداد ہے یا بر و اقساط کی اجازت سے موالات وداد اور رکون کی بھی اجازت ہوگئی آپکا لکھنا اور فقیر کا تسلیم کرنا انشاء اللہ معاً علی الفور ہوگا۔ فان لم تفعلوا ولن تفعلوا

Marfat.com

فاتقوا النار التی وقودھا الناس والحجارۃ اعدت للکافرین. ہاں اس قدر اور عرض کر دوں کہ یہ تکلیف مستغنی عن الالقاب حکیم حافظ محمد اجمل خاں صاحب رئیس دہلی کو نہ دی جائے ورنہ حدیث وتفسیر دونوں سے ثبوت چشم زدن میں پیش کر دیا جائیگا. اس لئے کہ وہاں تصنیف کا دروازہ بہت وسیع وکشادہ ہی حالاں کہ بجھے نقل درکار ہے نہ عبارت مصنفہ۔

مسئلہ قربانی میں حکیم صاحب حدیث تصنیف فرما چکے تھے نومبر ۱۹۲۰ء میں جو جلسہ جمعیۃ العلماء کا دہلی میں منعقد ہوا وہاں بحیثیت صدر استقبالیہ کمیٹی آپ نے اپنا خطبۂ صدارت پڑھا تفسیر ابن جریر کی اس قدر عبارت پڑھکر کہ آیۃ لاینھکم اللہ الخ منسوخ نہیں ہے فوراً اس نتیجہ پر حکیم صاحب پہونچ گئے کہ ھندوؤں سے موالات جائز ہی طرفگی یہ کہ استخراج نتیجہ اس شان سے فرمایا جس سے یہ معلوم ہوا کہ یہ حکیم صاحب کا اجتھاد و استنباط نہیں ہی بلکہ ابن جریر کی تحقیق ہی۔

پھر ایک حدیث بیان کرنے کی بھی زحمت گوارہ فرمائیے اور حسب معمول تحریف و افترا کا ایک دوسرا نمونہ آپ نے پیش فرمایا ارشاد ہوتا ہی۔

"احد کی لڑائی میں قزمان جو ایک مشرک تھے رسول مقبول کی طرف سے لڑے اور انھوں نے بنی عبدالدار کے ان تین آدمیوں کو قتل کیا جو فریق مخالف کے علم بردار تھے یہاں تک کہ رسول مقبول نے خوش ہو کر فرمایا۔ ان اللہ لیائرید ھذا الدین بالرجل الفاجر" (بیشک اللہ اس دین کی مرد فاجر سے مدد کرتا ہے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس شخص کو فاجر فرمائیں حکیم صاحب مشرک کہیں کیا فاجر و مشرک دونوں الفاظ مرادف ہیں سب مسلمان جانتے ہیں کہ حدیث میں وارد ہی صلوا خلف کل بر و فاجر

Marfat.com

یعنی نیکوکار اور بدکار دونوں کے پیچھے نماز پڑھنے کی اجازت ہے پس اگر فاجر و مشرک باہم مرادف ہیں تو کل سے گاندھی کے پیچھے آپ نماز پڑھنے کا اجتہاد فرمائیں گے اور کیا عجب کہ آپ حضرات نے یہ سعادت حاصل کی ہو۔

کس دلیری سے حکیم صاحب یہ فرماتے ہیں کہ قزمان کے مقاتلہ سے خوش ہوکر آپ نے یہ فرمایا تھا کہ اللہ اس دین کی مرد فاجر سے مدد فرماتا ہے حکیم صاحب! یہی مصیبت کیا کم تھی کہ ہندوؤں کی محبت آپ کے دل میں جاگزیں ہوگئی اب حدیث صاحب لولاک میں افتراء و تحریف کی بلا کیوں اپنے سر لیتے ہیں۔

زیادہ بحث کی گنجائش و مہلت نہیں براہ کرم اس کا ثبوت پیش کیجئے کہ قزمان مشرک تھا اور قزمان سے خوش ہوکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا فرمایا تھا۔

حکیم صاحب! قزمان منافق تھا اور اس عیاری سے اپنے نفاق کو اُس نے مخفی رکھا تھا کہ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اُسے مومن صادق جانتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کے متعلق یہ پیشینگوئی فرمائی تھی کہ یہ دوزخی ہے صحابہ کرام متحیر تھے معرکہ قتال میں جب کہ اُس کے سرگرم مقابلہ و مقاتلہ کی خبر ہوئی اُس وقت بھی آپ نے یہی ارشاد فرمایا کہ دوزخی ہے۔

قزمان مجروح ہوا زخم کی تکلیف برداشت نہ کرسکا آخر اُس نے خودکشی کرلی اور اس طرح اپنے دوزخی ہونے کو سچ کر دکھایا اُس وقت جب کہ اُس کی

Marfat.com

خودکشی کی خبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کو پہونچی اور آقائے دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشین گوئی پوری ہوئی تب ارشاد ہوا کہ اللہ اپنے دین کی مدد مرد فاجر سے فرماتا ہے۔ دُنیا جانتی ہے کہ منافقین کے ساتھ برتاؤ مثل مُسلمین جاری تھا، وہ مسجد نبوی میں حاضر ہوتے تھے نمازیں پڑھتے تھے غزوات میں مسلمانوں کے ہمرکاب ہوتے تھے۔

اللہ اللہ کفر کے ساتھ کیسی شیفتگی و فریفتگی ہے کہ کذب و افترا کا ارتکاب ایسے سنجیدہ و متین اشخاص کس اطمینان و سکون سے کرتے ہیں۔

جمعیۃ العلماء کے پانسو فضلا کیسے متبحر و متدین عالم ہیں کہ تفسیر میں حدیث میں افترا ہوتا ہے لیکن اصلاح کی قسم ہے۔

مسلمانوں! آنکھیں کھولو علماء سیاسی یہ کہتے ہیں کہ "خدا نے گاندھی کو مذکر بنا کر بھیجا ہے"۔ "پس رو گاندھی صاحب کا ہوں"۔ علوم مشرقیہ کا فرد فرید اس طرح تحریف کرتا ہے جنٹلمین لیڈر یہ کہتا ہے کہ اگر "ہندو بھائیوں کو راضی کروگے تو خدا کو راضی کروگے"۔ عوام گاندھی کی جے پکارتے ہیں ع۔ تن ہمہ داغ داغ شد پنبہ کجا کجا نہم

جب دیانت و تقوے کا یہ حال ہو کفر کی اس بیباکی سے حمایت کی جارہی ہو تو پھر یہ خدمت خلافت ہے یا ہلاکت مسلمین ایسی مجلس میں شریک ہونا چندہ دینا ثواب ہے یا گناہ عظیم خدا مسلمانوں کو ہدایت فرمائے یہ فقیر گنہگار بھی دل سے اولاد مسلمین کے حق میں دعا و ہدایت کرتا ہے اور لیڈران قوم سے نہایت

Marfat.com

نیازمندانہ التماس پیش کرتا ہی کہ دروازہ توبہ کا ہنوز بند نہیں ہوا ہے پاک مذہب اسلام تم سے کہہ رہا ہی کہ ؎

بمژگانِ سیہ کردی ہزاراں رخنہ در دینم
بیا کز چشم بیمارت ہزاراں درد برچینم

وَاللّٰہُ یَھْدِیْ مَنْ یَّشَاءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَعَلَیْنَا مَعَھُمْ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۝

حررہ بقلمہ

فقیر محمد سلیمان اشرف عفی عنہٗ

محلہ میرداد


بہار شریف ضلع پٹنہ

Marfat.com

## لوحِ مزار

# حضرت پروفیسر سید محمد سلیمان اشرف قدس سرہٗ العزیز

صدر شعبۂ دینیات مسلم یونیورسٹی علی گڑھ




کھجور کا ایک قدیم درخت بصد احترام سایہ فگن ہے۔

ادارۂ پاکستان شناسی لاہور

Marfat.com